چالیس رات رہا+

باب ۲۵

صنُدوقِ شہادت

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے
۲ فرمایا ۝ بنی اِسرائیل کو حُکم دینا۔ کہ میرے لئے نذریں لائیں۔
ہر ایک آدمی سے اُس کے دِل کی رَغبت کے مُطابِق تُو میرے
۳ لئے نذر لے لے ۝ اَور نذریں جو تُم اُن سے لوگے وہ یہ ہَیں۔
۴ سونا، چاندی اَور پیتل ۝ اَور بنفشی اَور اَرغوانی اَور قِرمزی رنگ کا
۵ کپڑا اَور مہین کتان اَور بکری کی پشم ۝ اَور مینڈھوں کی سُرخ رنگی
۶ ہُوئی کھالیں اَور تخس کی کھالیں اَور سَنط کی لکڑی ۝ اَور شمع دان
۷ کے لئے تیل اَور مَسح کے تیل اَور بخُور کے لئے خُوشبُوئیاں ۝ اَور
۸ جزع اَور نگینے۔ اَفود اَور سِینہ پوش میں جڑنے کے لئے ۝ اَور
وہ میرے لئے مَقدِس بنائیں کہ مَیں اُن کے درمیان رہُوں ۝
۹ سب کُچھ مُطابق اُس مَسکن کی شکل اَور برتنوں کی شکل کے جو مَیں
تُجھے دِکھاؤں گا۔ تُو بنا ۝
۱۰ اَور وہ سَنط کی لکڑی کا ایک صنُدوق بنائیں۔ جس کی لمبائی
اَڑھائی ہاتھ اَور چوڑائی ڈیڑھ ہاتھ اَور اُونچائی ڈیڑھ ہاتھ ہو ۝
۱۱ اَور تُو اُسے اندر اَور باہر سے خالِص سونے سے مَڑھ۔ اَور سونے
۱۲ کا کلَس اِس کے گِرداگِرد بنا ۝ اَور تُو اُس کے لئے سونے کے چار
حلقے ڈھال کر چاروں کونوں پر لگا۔ دو حلقے ایک طرف اَور دو
۱۳ حلقے دُوسری طرف ۝ اَور تُو سَنط کی لکڑی کی دو چوبیں بنا اَور اُنہیں
۱۴ سونے سے مَڑھ ۝ اَور دونوں چوبیں صنُدوق کے ہر دو جانِب کے
۱۵ حلقوں میں ڈال تا کہ صنُدوق اُٹھایا جا سکے ۝ اَور دونوں چوبیں
حلقوں میں ہمیشہ رہیں۔ اَور کبھی اُن سے نِکالی نہ جائیں ۝
۱۶ اَور جو شہادت مَیں تُجھے دُوں گا۔ اُس صنُدوق میں رکھّ ۝

۱۷ اَور تُو خالِص سونے کا ایک رحم گاہ بنا۔ جس کی لمبائی اَڑھائی
۱۸ ہاتھ اَور چوڑائی ڈیڑھ ہاتھ ہو ۝ اَور تُو گھڑے ہُوئے سونے
۱۹ کے دو کرُّوبی رحم گاہ کے دونوں طرف بنا ۝ ایک کرُّوبی ایک
طرف اَور ایک کرُّوبی دُوسری طرف رحم گاہ کے بنا۔ اَور دونوں
۲۰ سِروں کے کرُّوبیوں کو ایک ہی ٹُکڑے سے بنا ۝ اَور دونوں
کرُّوبی اُوپر کی طرف پَر پھیلائے ہُوئے ہوں۔ کہ دونوں کے
پَروں سے رحم گاہ ڈھنپ جائے اَور دونوں آمنے سامنے ہو کر
۲۱ رحم گاہ کی طرف دیکھیں ۝ اَور وہ شہادت جو مَیں تُجھے دُوں گا۔
۲۲ صنُدوق میں رکھّ ۝ پس وہاں پر مَیں تُجھ سے مِلُوں گا اَور رحم گاہ
کے اُوپر سے کرُّوبیوں کے درمیان سے جو صنُدوقِ شہادت
کے اُوپر ہوں گے اُن سب حُکموں کی بابت جو بنی اِسرائیل کے
لئے ہوں گے۔ مَیں تُجھ سے بات چیت کرُوں گا ۝

نانِ ظہُور کی میز

۲۳ اَور تُو سَنط کی لکڑی کی ایک میز بنا۔ جس کی
لمبائی دو ہاتھ اَور چوڑائی ایک ہاتھ اَور اُونچائی ڈیڑھ ہاتھ ہو ۝
۲۴ اَور اُسے خالِص سونے سے مَڑھ اَور اُس کے گِرداگِرد سونے
۲۵ کا کلَس بنا ۝ اَور اُس پر چار اُنگل سونے کی کنگنی بنا۔ اَور کنگنی
۲۶ کے چاروں طرف سونے کا کلَس بنا ۝ اَور اُس کے لئے سونے
کے چار حلقے بنا۔ اَور وہ حلقے اُس کے چاروں کونوں میں چاروں
۲۷ پایوں کے اُوپر لگا ۝ حلقے کنگنی کے آگے ہوں۔ تا کہ چوبوں کے
۲۸ لئے جگہ ہو۔ جن سے وہ میز اُٹھائی جا سکے ۝ اور سَنط کی لکڑی
کی دو چوبیں بنا اَور اُنہیں سونے سے مَڑھ۔ پس اُن سے میز
۲۹ اُٹھائی جائے گی ۝ اَور تپاوَنوں کے اُنڈیلنے کے لئے خالِص سونے
۳۰ سے اُس کے خوِانچے اَور کٹورے اَور آفتابے اَور پیالے بنا ۝ اَور
میز پر تُو میرے سامنے حضُوری کی روٹیاں ہمیشہ رکھّ ۝

باب ۲۵:۵ ''سَنط کی لکڑی'' سَنط ایک درخت تھا۔ جو جنگل میں اُگتا تھا۔
اُس کی لکڑی کو کیڑا نہیں لگتا تھا+

باب ۲۵:۷ ''افود'' سردار کاہن کا سب سے اُوپر کا پیراہن تھا اَور سِینہ پوش
میں بارہ قیمتی پتّھر جڑے تھے+

باب ۲۵:۱۷ صنُدوقِ شہادت کے ڈھکنے کو رحم گاہ کہا گیا ہَے۔ کیونکہ خیال
کِیا جاتا تھا کہ خُداوند کرُّوبیوں کے بازُوؤں پر بیٹھا ہَے اَور صنُدوق اُس کے
پاؤں کی چوکی ہَے۔ جہاں سے وہ رحم کرتا تھا+

باب ۲۵:۲۳ اِس میز پر بارہ حضُوری کی روٹیاں رکھی جاتی تھیں۔ حضُوری کی
روٹی وہ اِس لئے کہلاتی تھی۔ گویا کہ ہیَکل میں وہ ہمیشہ خُدا کی حضُوری میں کھڑی
تھی اَور وہ اقدس یِسُوع مسیح کا نِشان تھی جو مسیح کی کلیسیا میں ہے+

۳۱ **شمع دان** اَور تُو ایک شمع دان خالِص سونے کا بنا۔ گھڑ کر تُو اُسے بنا۔ وہ اَور اُس کا تنہ اَور اُس کی شاخیں۔ اَور اُس کے ۳۲ پیالے اَور کلیاں اَور پھُول سب ایک ٹُکڑے کے ہوں۝ اُس کی دونوں اطراف سے چھ شاخیں نِکلی ہُوئی ہوں۔ تین ایک ۳۳ طرف سے اَور تین دُوسری طرف سے۝ اَور تین بادامی شکل کے پیالے مع اپنی کلیوں اَور پھُولوں کے ایک شاخ میں ہوں۔ اَور تین بادامی شکل کے پیالے مع اپنی کلیوں اَور پھُولوں کے دُوسری شاخ میں ہوں اَور اِسی طرح سے چھیوُں شاخوں میں ۳۴ جو شمع دان سے نِکلتی ہَیں، بنا۝ اَور شمع دان میں چار بادامی شکل کے ۳۵ پیالے مع اپنی کلیوں اَور پھُولوں کے ہوں۝ اَور اُس کی پہلی دو شاخوں کے نیچے ایک کلی ہو۔ اَور دُوسری دو شاخوں کے نیچے ایک کلی ہو اَور باقی دو شاخوں کی نیچے بھی ایک کلی ہو۔ ایسا ۳۶ چھیوُں شاخوں کے لئے جو شمع دان سے نِکلتی ہَیں، بنا۝ اُس کی کلیاں اَور سب شاخیں خالِص سونے کے ایک ہی ٹُکڑے کی گھڑی ۳۷ ہُوئی ہوں۝ اَور تُو اُس کے لئے سات چراغ بنا۔ اَور اُس پر رکھّ ۔ ۳۸ تاکہ وہ اُس کے سامنے کی طرف روشنی دیں۝ اَور تُو اُس کے ۳۹ گلگیر اَور اُس کی رِکابیاں خالِص سونے سے بنا۝ شمع دان مع ۴۰ اُس کے سب سامان کے ایک قنطار خالِص سونے کا ہو۝ ہوشیار ہو۔ اَور اُسے اُسی نمُونے کا بنا جو مَیں نے تُجھے پہاڑ پر دِکھایا+

باب ۲۶

۱ **مَسکن** اَور تُو مَسکن کے لئے دس پردے بارِیک کتے ہُوئے کتان کے بنا جو بنفشی اَور ارغوانی اَور قِرمزی رنگ کے ہوں۔ اَور اُن میں کرُّوبیوں کی صُورتیں مہارت سے بُنی ہُوئی ہوں۝ ۲ ایک پردہ کا طُول اَٹھائیس ہاتھ اَور عرض چار ہاتھ ہو۔ سب ۳ پردے ایک ہی ناپ کے ہوں۝ پانچ پردے ایک دُوسرے سے جوڑے جائیں۔ اَور باقی کے پانچ پردے بھی ایک دُوسرے سے جوڑے جائیں۝ ۴ اَور ایک پردہ کے حاشِیہ میں اُس طرف جو مِلنے والی ہَے بنفشی رنگ کے حلقے بنا اَور دُوسرے پردہ کے حاشِیہ میں اُس طرف میں جو مِلنے والی ہَے۔ ایسا ہی کر۝ ۵ تُو پچاس حلقے ایک پردہ میں اَور پچاس حلقے دُوسرے پردہ کے حاشِیہ میں بنا جو اِس کے ساتھ مِلایا جائے۔ اَور سب حلقے ایک دُوسرے کے مُقابِل ہوں۝ ۶ اَور تُو پچاس چھلّے سونے کے بنا۔ اَور دونوں بڑے پردوں کو ایک دُوسرے کے ساتھ چھلّوں سے جوڑ۔ تاکہ ایک مَسکن بن جائے۝

۷ اَور بکری کی پشم کے تُو اَور پردے بنا۔ جو مَسکن کو اُوپر سے ۸ ڈھانپیں۔ ایسے گیارہ پردے بنا۝ ایک پردہ کا طُول تیس ہاتھ اَور عرض چار ہاتھ ہو۔ گیارہ پردے ایک ہی ناپ کے ۹ ہوں۝ اَور پانچ پردے ایک جگہ اَور چھ پردے ایک جگہ آپس ۱۰ میں جوڑ۔ اَور چھٹے پردہ کو خَیمہ کے سامنے دُہرا۝ اَور ایک پردہ کے حاشِیے میں مِلنے والی طرف پر پچاس حلقے بنا اَور دُوسرے ۱۱ پردہ کے حاشِیہ میں مِلنے والی طرف پر بھی پچاس حلقے بنا۝ اَور پچاس چھلّے پیتل کے بنا۔ اَور چھلّوں کو حلقوں میں ڈال اَور ۱۲ خَیمہ کو جوڑ کہ وہ ایک ہو۝ اَور خَیمہ کے پردوں کا ایک پردہ جو ۱۳ بچ رہا ہَے اُس کا نِصف مَسکن کی پچھلی طرف لٹکا رہے۝ اَور ایک ہاتھ اِدھر سے اَور ایک ہاتھ اُدھر سے جو پردوں کی لمبائی سے بچ رہا ہے، مَسکن کی دونوں طرف اِدھر اَور اُدھر لٹکا رہے ۱۴ تاکہ وہ اُسے ڈھانپ لے۝ اَور خَیمہ کے اُوپر ڈالنے کے لئے ایک غِلاف مینڈھوں کی سُرخ رنگی ہُوئی کھالوں کا اَور ایک غِلاف تخس کی کھالوں کا بنا۝

۱۵ اَور سنط کی لکڑی کے تختے کھڑے کرنے کے لئے مَسکن کے ۱۶ واسطے بنا۝ ہر ایک تختہ دس ہاتھ لمبا اَور ڈیڑھ ہاتھ چوڑا ہو۝ ۱۷ اَور ایک تختہ کی دو چوبیں مُقابِل دُوسرے تختہ کی دو چوبوں کے ۱۸ ہوں۔ اَور ایسا ہی مَسکن کے سب تختوں میں کر۝ اَور تُو مَسکن ۱۹ کے لئے تختے بنا۔ بیس تختے جنُوب کی طرف۝ اَور چاندی کے چالیس پائے بیس تختوں کے نیچے کے لئے بنا کہ دو پائے ہر ایک

باب ۲۵: ۳۱ یہ شمع دان مع اُس کے سات چراغوں کے ہمیشہ خُدا کے گھر میں روشنی دیتے تھے۔ رُوحُ القُدس کی روشنی اَور اُس کی سات طرح کی بخششوں کا ایک نِشان تھا۔ جو مسیح کی کلیسیا میں ہمیشہ ہے+

۲۰ تختہ کی چوبوں کے نیچے ہوں○ اَور مَسکن کی دُوسری جانِب شِمال
۲۱ کی طرف بیس تختے بنا○ اَور چالیس پائے چاندی کے، دو پائے
۲۲ ہر تختہ کے نیچے○ اَور مَسکن کی پچھلی طرف مغرب کی جانِب چھ
۲۳ تختے بنا○ اَور دو تختے مَسکن کی پچھلی طرف اُس کے کونوں کے
۲۴ لئے بنا○ اَور دونوں نیچے سے اُوپر کو پہلے حلقہ تک برابر جُڑے
۲۵ ہُوئے ہوں۔ ایسے ہی دونوں کونوں کے لئے ہوں○ پس وہ
آٹھ تختے اَور سولہ پائے چاندی کے ہوں گے۔ دو دو پائے ہر
ایک تختہ کے نیچے○

۲۶ اَور سَنَط کی لکڑی کے پانچ بینڈے مَسکن کے ایک طرف
۲۷ کے تختوں کے لئے بنا○ اَور پانچ بینڈے مَسکن کی دُوسری طرف
کے تختوں کے لئے اَور پانچ بینڈے مَسکن کی پچھلی طرف غرب
۲۸ کی جانِب کے تختوں کے لئے○ اَور درمیانی بینڈا جو تختوں کے
۲۹ بیچ میں ایک سِرے سے دُوسرے سِرے تک پُہنچے○ اَور تختوں
کو سونے سے مَڑھ۔ اَور بینڈوں کے لئے سونے کے حلقے بنا
۳۰ اَور بینڈوں کو سونے سے مَڑھ○ اَور مَسکن کو اُس نمُونے کے
مُطابق جو مَیں نے تُجھے پہاڑ پر دِکھایا تھا کھڑا کر○

۳۱ اَور ایک پردہ بنفشی اَور ارغوانی اَور قرمزی رنگ کا باریک
کتے ہُوئے کتان سے بنا جس میں کرُّوبیوں کی صُورتیں مہارت سے
۳۲ بنی ہُوئی ہوں○ اَور اُسے سَنَط کے چار ستُونوں پر جو سونے سے
مَڑھے ہُوئے ہوں لٹکا۔ اُن کے سر سونے کے اَور پائے چاندی
۳۳ کے ہوں○ اَور پردے کو چھلّوں سے لٹکا۔ اَور پردے کے
اندر کی طرف صنُدوقِ شہادت رکھّ۔ پس یہ پردہ تُمہارے
۳۴ لئے قُدس اَور قُدس الاقداس کے مابین فرق کرے گا○ اَور
قُدس الاقداس میں صنُدوقِ شہادت کے اُوپر رحم گاہ رکھّ○
۳۵ اَور میز کو پردہ کے باہر رکھّ۔ اَور شمع دان اُس کے سامنے مَسکن
۳۶ کی جنُوبی طرف ہو۔ اَور میز شِمالی طرف رہے○ اَور خیمہ کے
دروازہ کے لئے ایک پردہ بنا۔ جو بنفشی اَور ارغوانی اَور قرمزی
رنگ کا مہین کتانی سُوت سے بنا ہُوا بُوٹی دار ہو○ اَور اس پردہ ۳۷
کے لئے پانچ ستُون سَنَط کے بنا۔ جو سونے سے مَڑھے ہُوئے
ہوں اَور اُن کے سر سونے کے ہوں۔ اَور پانچ پائے ڈھالے
ہُوئے پیتل کے ہوں+

باب ۲۷

قُربان گاہ اَور تُو سَنَط کی لکڑی کا مذبح بنا۔ طُول اُس کا ۱
پانچ ہاتھ اَور عرض پانچ ہاتھ۔ مذبح مُربّع ہو اَور بُلندی اُس کی
تین ہاتھ ہو○ اَور اُس کے چاروں کونوں پر تُو اُس کے سینگ ۲
بنا۔ سینگ اُس سے نِکلیں۔ اَور تُو اُسے پیتل سے مَڑھ○ اَور ۳
اُس کی راکھ اُٹھانے کے لئے پراتیں اَور بیلچے اَور پیالے اَور سیخیں
اَور انگیٹھیاں بنا۔ یہ سب برتن پیتل کے بنا○ اَور ایک آتش دان ۴
جالی دار اُس کے لئے پیتل کا بنا۔ اَور اُس جالی کے لئے پیتل
کے چار حلقے اُس کے چاروں کونوں میں بنا○ اَور اُسے مذبح ۵
کے آتش دان کے نیچے رکھّ۔ کہ نیچے سے مذبح کے نِصف
تک جالی کو جا ملے○ اَور دو چوبیں سَنَط کی لکڑی کی مذبح کے ۶
لئے بنا۔ اَور اُنہیں پیتل سے مَڑھ○ اَور چوبوں کو حلقوں ۷
میں داخل کر اَور وہ مذبح کے دونوں طرف ہوں۔ تا کہ وہ
اُٹھایا جا سکے○ تُو اُسے تختوں سے کھوکھلا بنا۔ جیسا مَیں نے تُجھے ۸
پہاڑ پر دِکھایا۔ ویسا ہی بنا○

صحنِ مَسکن اَور مَسکن کے لئے تُو صحن بنا۔ اُس کے جنُوب ۹
کی جانِب صحن کے پردے باریک کتی ہُوئی کتان کے ہوں
طُول اُس کا ایک سَو ہاتھ ایک طرف سے ہو○ اَور اُس کے ۱۰
ستُون بیس اَور اُس کے پائے بیس، پیتل کے ہوں۔ اَور
ستُونوں کے سر اَور اُن کے حلقے چاندی کے ہوں○ اَور ایسا ہی ۱۱
شِمال کی طرف بنا۔ پردوں کا طُول ایک سَو ہاتھ اَور بیس
ستُون اَور بیس اُس کے پائے پیتل کے اَور ستُونوں کے
سر اَور حلقے چاندی کے○ اَور مغرب کی جانِب صحن کے عرض ۱۲
میں پردوں کی لمبائی پچاس ہاتھ ہو۔ اَور دس ستُون اَور دس
پائے ہوں○ اَور مشرق کی جانِب صحن کا عرض پچاس ہاتھ ہو○ ۱۳

باب ۲۶: ۳۳ مَسکن کا وہ حِصّہ جو پردہ کے باہر تھا جس میں عام کاہن ہر روز داخل ہوتے تھے، قُدس کہلاتا تھا۔ اَور وہ حِصّہ جو پردہ کے اندر تھا۔ جس میں صِرف سردار کاہن سال میں ایک دفعہ داخل ہوتا تھا۔ قُدس الاقداس کہلاتا تھا+

۱۴ اور ایک طرف کے پردے پندرہ ہاتھ ہوں اُس کے تین ستُون
۱۵ اور تین پائے ہوں ○ اور دُوسری طرف پردوں کا طُول پندرہ
۱۶ ہاتھ اور تین ستُون اور تین پائے ہوں ○ اور صحن کے دروازہ پر
ایک پردہ بیس ہاتھ طُول میں ہو۔ بنفشی اور ارغوانی اور قرمزی
رنگ کا باریک کتے ہُوئے کتان کا اور بُوٹے دار ہو۔ اُس کے چار
۱۷ ستُون اور چار پائے ہوں ○ اور صحن کے سب ستُونوں کے گرد
چاندی کے حلقے ہوں۔ اور اُن کے سر چاندی کے اور پائے
۱۸ پیتل کے ○ صحن کی لمبائی سَو ہاتھ اور چوڑائی پچاس اور بُلندی
پانچ ہاتھ ہو باریک کتی ہُوئی کتان کا اور پائے اُس کے پیتل
۱۹ کے ہوں ○ اور مسکن کے سب برتن ہر ایک کام کے لئے اور
اُس کی سب میخیں اور صحن کی میخیں پیتل کی ہوں ○
۲۰ [شمع دان کا تیل] اور تُو بنی اسرائیل کو حکم کر۔ کہ تیرے پاس
کُوٹے ہُوئے زیتُون کا خالص تیل شمع دان کے لئے لائیں۔
۲۱ تاکہ اُس سے چراغ ہمیشہ جلیں ○ حضُوری کے خیمہ میں اُس
پردے کے باہر جو شہادت کے سامنے ہے۔ ہارُون اور اُس
کے بیٹے صُبح سے شام تک اُسے خُداوند کے سامنے آراستہ رکھیں۔
یہ بنی اسرائیل کے لئے پُشت در پُشت ابدی فرض ہوگا +

باب ۲۸

۱ [کاہنوں کے پاک لباس] اور تُو بنی اسرائیل میں سے اپنے
بھائی ہارُون کو اُس کے بیٹوں سمیت اپنے پاس بُلا۔ تاکہ
ہارُون اور ناداب اور ابیہُو اور الیعزر اور اِتمر ہارُون کے
۲ بیٹے میرے لئے کاہن ہوں ○ اور تُو اپنے بھائی ہارُون کی عزّت
۳ اور زینت کے لئے پاک لباس بنا ○ اور اُن میں سے جنہیں مَیں
نے رُوحِ حکمت سے بھرا ہے۔ سب کو جن کا دِل دانا ہے۔ تُو
کہہ۔ کہ ہارُون کے لئے لباس بنائیں۔ تاکہ وہ مخصُوص ہو کر
۴ میرا کاہن بنے ○ اور جو لباس وہ بنائیں گے۔ وہ یہ ہے۔
سینہ پوش اور افود اور جُبّہ اور منقّش کُرتہ اور عمامہ اور کمر بند۔
اور وہ تیرے بھائی ہارُون اور اُس کے بیٹوں کے لئے پاک
لباس بنائیں۔ تاکہ وہ میرے لئے کاہن ہوں ○ اور وہ سونا ۵
اور بنفشی اور ارغوانی اور قرمزی رنگ کے کپڑے اور باریک
کتان استعمال کریں ○
اور وہ سونے اور بنفشی اور ارغوانی اور قرمزی رنگوں کے ۶
کپڑے اور باریک کتی ہُوئی کتان کا کاریگری سے افود بنائیں ○
اُس کے دو تسمے دوش ہوں۔ جو اُس کے اُوپر کے سرے سے ۷
جُڑے ہُوئے ہوں ○ اور پٹکا جو افود کے اُوپر ہے جس سے ۸
وہ باندھا جائے گا۔ اُسی کپڑے کا اور ایسا ہی سونے اور بنفشی
اور ارغوانی اور قرمزی رنگ کے کپڑے اور باریک کتی ہُوئی
کتان کا ہو ○ اور تُو دو سنگِ جزع لے۔ اور اُن پر بنی اسرائیل ۹
کے نام کندہ کر ○ اِن میں سے چھ کے نام ایک پتھر پر اور ۱۰
باقیوں کے چھ نام دُوسرے پتھر پر۔ اُن کی پیدائش کی ترتیب
کے مُطابق ○ نقاش جوہری کی کاریگری سے خاتم کے نقش کی ۱۱
طرح بنی اسرائیل کے ناموں کے مُطابق دونوں پتھروں
کو کندہ کر اور اُن دونوں کے گرد سونے کے حلقے بنا ○ اور ۱۲
دونوں پتھروں کو بنی اسرائیل کی یاد کے لئے افود کے ہر دو
تسمۂ دوش پر لگا۔ اور ہارُون اُن کے ناموں کو اپنے کندھوں
پر خُداوند کے سامنے یاد کے لئے اُٹھائے گا ○ اور تُو سونے کے ۱۳
دو حلقے بنا ○ اور خالص سونے کی دو زنجیریں رسّی کی طرح ۱۴
گُندھی ہُوئی بنا۔ اور دونوں گُندھی ہُوئی زنجیروں کو دونوں
حلقوں سے لٹکا ○
اور قضا کا سینہ پوش بنا جو افود کی طرح کاریگری سے بنا [۱۵]
ہُوا ہو۔ اور سونے اور بنفشی اور ارغوانی اور قرمزی رنگ کے
کپڑے اور باریک کتی ہُوئی کتان کا بنا ○ اور وہ مُربّع اور دُہرا ۱۶
ہو۔ اُس کی لمبائی ایک بالشت اور چوڑائی ایک بالشت ہو ○
اور اُس میں جڑے ہُوئے نگینے لگا۔ نگینوں کی چار سطریں ۱۷
ہوں۔ پہلی سطر میں لعل اور یاقُوت زرد اور زمرّد ○ دُوسری سطر ۱۸

باب ۲۸:۱۵ کاہن کے اِس لباس قضا کے سینہ پوش سے یہ غرض تھی کہ
کاہن لوگوں کو خُدا کے فرائض یاد دِلائے۔ کیونکہ بنی اسرائیل کے قبائل کے
نام خُداوند کے حضُور اُس کی چھاتی پر ہوتے تھے +

۱۹ میں شبِ چراغ اَور نیلم اَور یشیم○ تیسری سطر میں فیروزہ اَور
۲۰ عقیق اَور یاقُوتِ ارغوانی○ اَور چوتھی سطر میں زَبَرجد اَور جزع
۲۱ اَور یَشب اَور اُن کے گِرد سونے کی جَڑائی ہو○ اَور نگینے اِسرائیل
کے ناموں کے مُطابِق بارہ ہوں گے۔ خاتم کے نقش کی طرح
نام ہوں گے۔ ہر ایک نگینہ پر ایک نام بارہ قبیلوں کے ناموں
۲۲ کے مُطابِق○ اَور سِینہ پوش کے لئے دو زنجیروں میں ڈوری کی
۲۳ طرح گُندھی ہُوئی خالِص سونے کی بنا○ اَور سِینہ پوش کے
لئے دو حلقے سونے کے بنا۔ اور حلقوں کو سِینہ پوش کے اُوپر کی
۲۴ دونوں طرف لگا○ اَور دونوں سونے کی زنجیریں اُن دونوں
حلقوں میں جو سِینہ پوش کے اُوپر کی دونوں طرف ہَیں لٹکا○
۲۵ اَور زنجیروں کے دُوسرے سِرے حلقوں سے لٹکا۔ اَور وہ دونوں
۲۶ اِفود کے کندھوں پر آگے کی طرف رہیں○ اَور دو اَور حلقے سونے
کے بنا اَور اُنہیں سِینہ پوش کے نیچے کی دونوں طرف اُس حاشِیہ
۲۷ میں لگا۔ جو اندر سے اِفود کی طرف ہے○ اَور سونے کے اَور دو
حلقے بنا۔ اَور اُنہیں اِفود کے کندھوں پر نیچے لگا۔ اُس کے اگلے
۲۸ حِصّہ میں جہاں وہ مِلنے والا ہَے۔ اِفود کے پٹکے کے اُوپر لگا○ اَور
سِینہ پوش کے حلقوں کو اِفود کے حلقے سے بنفشی رنگ کے فیتے
سے باندھ۔ تاکہ وہ اِفود کے پٹکے کے اُوپر مُستقِل رہے اَور
۲۹ سِینہ پوش اِفود سے نہ ہٹے○ اَور ہارُونؔ مَقدِس میں داخِل ہوتے
وقت بنی اِسرائیل کے نام قَضا کے سِینہ پوش پر اپنے قلب پر
۳۰ خُداوند کے رُوبرُو یاد کے لئے ہمیشہ اُٹھائے رہے○ اَور تُو قَضا
کے سِینہ پوش میں اُورِیم اَور تُمّیم رکھّ۔ تو خُداوند کے سامنے
داخِل ہوتے وقت وہ ہارُونؔ کے قلب پر ہوں۔ اَور ہارُونؔ
بنی اِسرائیل کی قَضا اپنے قلب پر ہمیشہ خُداوند کے سامنے
اُٹھائے رہے○

۳۱، ۳۲ اَور تُو اِفود کا جُبّہ بنا جو بِالکُل بنفشی رنگ کا ہو○ اَور سر کے
لئے گِریبان اُس کے درمیان میں ہو۔ اَور گِریبان کے لئے
زَرہ کے حاشِیہ کی مانند اچھّی کاریگری کا حاشِیہ ہو۔ تاکہ وہ جلد
۳۳ پھٹ نہ جائے○ اَور تُو اُس کے دامنوں کے گھیر میں بنفشی اَور
ارغوانی اَور قِرمزی رنگ کے انار بنا۔ اَور اُن کے درمیان گھیر
۳۴ میں سونے کی گھنٹیاں لگا○ یعنی ایک سونے کی گھنٹی اَور ایک انار
۳۵ اَور پھر ایک سونے کی گھنٹی اَور ایک انار○ پس ہارُونؔ اُسے
عِبادَت کے وقت پہنے۔ تاکہ ہارُونؔ کے خُداوند کے سامنے
مَقدِس میں داخِل ہوتے اَور باہر جاتے وقت اُس کی آواز
سُنائی دے۔ اَور کہ وہ ہلاک نہ ہو جائے○
۳۶ اَور ایک پتّر خالِص سونے کا بنا اَور اُس پر خاتم کے نقش کی
۳۷ طرح یہ کندہ کر "خُداوند کے لئے مخصُوص"○ اَور اُسے بنفشی
رنگ کے فِیتے سے باندھ۔ وہ عمامہ پر اُس کے سامنے ہو○
۳۸ اَور وہ ہارُونؔ کی پیشانی پر ہو۔ اَور ہارُونؔ اُن پاک چیزوں کی
غفلت کو جِنہیں بنی اِسرائیل اپنے سارے پاک ہدیوں کی نَذر
کے لئے مخصُوص کرتے ہَیں اُٹھائے گا اَور یہ اُس کی پیشانی پر
۳۹ ہمیشہ ہو۔ تاکہ خُداوند کے سامنے اُن سے خُوشنُودی ہو○ اَور
مُنقّش کُرتہ بارِیک کتان کا اَور عمامہ بارِیک کتان کا اَور مُنقّش
کَمر بند کاریگری سے بنا○
۴۰ اَور ہارُونؔ کے بیٹوں کے لئے کُرتے اَور کَمر بند بنا۔
اَور اُن کے لئے دَستاریں اُن کی عِزّت اَور زِینت کے لئے بنا○
۴۱ اَور یہ لباس تُو ہارُونؔ اپنے بھائی اَور اُس کے ساتھ اُس کے
بیٹوں کو پہنا۔ اُنہیں مَسح کر۔ اُن کے ہاتھوں کو پاک کر اَور اُنہیں
۴۲ مُقدّس کر۔ تاکہ وہ میرے لئے کاہِن ہوں○ اَور تُو اُن کے
لئے کتان کے پاجامے بنا۔ تاکہ اُن کے بدنوں کی برہنگی کو
۴۳ چُھپائیں وہ کَمر سے رانوں تک ہوں○ اَور ہارُونؔ اَور اُس کے
بیٹے جب حضُوری کے خَیمہ کے اندر مذَبح کے نزدِیک خدمت
کرنے کے لئے جائیں۔ تو اُنہیں پہنے ہُوئے ہوں۔ تا نہ ہو۔
کہ وہ گُنہگار ٹھہریں اَور ہلاک ہو جائیں۔ ہارُونؔ کے لئے اَور
اُس کے بعد اُس کی نسل کے لئے یہی اَبدی فرض ہوگا+

باب ۲۸: ۳۰ "اُورِیم اَور تُمّیم" اِن دونوں عبرانی اِلفاظ کے صحیح معنی۔ نیز
کون سی چیزوں کی طرف اِشارہ کرتے ہیں۔ ٹھیک معلُوم نہیں ہے۔ غالباً یہ
ایک قِسم کے قُرعہ تھے۔ جو کاہن کے ہاتھ سے ڈالے جاتے تھے۔ تاکہ
مشکوک مُعاملات میں خُداوند کی طرف سے جواب حاصِل ہو جائے۔ بدیں
وجہ وہ بٹوہ جس میں وہ رکھّے جاتے تھے۔ قَضا کا سِینہ پوش کہلاتا تھا+

باب ۲۹

۱ کاہِنوں کی مخصُوصیت اَور اُن کی تقدِیس کرنے کے لئے
کہ وہ میرے لئے کاہِن ہوں تُو یُوں کر۔ تُو ایک گائے کا بچھڑا
۲ اَور دو بے عیب مینڈھے لے ۝ اَور فطِیری روٹی اَور فطِیری
مٹھّیاں تیل میں مَلی ہُوئیں اَور فطِیری چپاتیاں تیل سے چُپڑی
۳ ہُوئی گیہُوں کے میدے کی بنا ۝ اَور اُنہیں ایک چنگیر میں رکھّ
۴ اَور اُنہیں چنگیر میں مع بچھڑے اَور مینڈھوں کے نذر کر ۝ اَور
ہارُونؔ اَور اُس کے بیٹوں کو حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ پر لا۔
۵ اَور اُنہیں غُسل دِلا ۝ اَور تُو کپڑے لا۔ اَور ہارُونؔ کو کُرتہ اَور
اِفود کا جُبّہ اَور اِفود اَور سِینہ پوش پہنا۔ اَور اُسے اِفود کے پٹکے
۶ سے باندھ ۝ اَور عمامہ اُس کے سر پر رکھّ۔ اَور طَبق پاک
۷ عمامہ پر لگا ۝ اَور مَسح کرنے کا تیل لے اَور اُس کے سر پر ڈال
۸ اَور اُسے مَسح کر ۝ پِھر اُس کے لڑکوں کو آگے لا اَور اُنہیں کُرتے
۹ پہنا ۝ اَور ہارُونؔ اَور اُس کے بیٹوں کو کمر بند باندھ۔ اَور اُنہیں
دَستاریں پہنا تا کہ کہانت اُن کا اَبدی حق ہو۔ اَور ہارُونؔ کے
ہاتھوں اَور اُس کے بیٹوں کے ہاتھوں کو پاک کر ۝
۱۰ اَور تُو بچھڑے کو حضُوری کے خَیمہ کے سامنے آگے لا۔ اَور
۱۱ ہارُونؔ اَور اُس کے بیٹے اپنے ہاتھ اُس کے سر پر رکھیں ۝ اَور
خُداوند کے سامنے حضُوری کے خَیمہ کے نزدِیک اُسے ذَبح کر ۝
۱۲ اَور بچھڑے کے خُون میں سے لے۔ اَور مَذبح کے سینگوں پر
۱۳ اپنی اُنگلی سے لگا۔ اَور سب خُون مَذبح کے سامنے ڈال ۝ اَور
سب چربی جو انتڑیوں کو اَور جِگر کی جِھلّی کو ڈھانپتی ہَے اَور
۱۴ گُردے اَور اُن پر کی چربی لے اَور اُسے مَذبح پر جَلا ۝ اَور
بچھڑے کا گوشت اَور اُس کی کھال اَور اُس کی آلائش خَیمہ گاہ
سے باہر آگ میں جَلا۔ کیونکہ یہ خطا کی قُربانی ہے ۝
۱۵ پِھر ایک مینڈھا لے۔ اَور ہارُونؔ اَور اُس کے بیٹے اُس
۱۶ کے سر پر ہاتھ رکھیں ۝ اَور تُو اُسے ذَبح کر۔ اَور اُس کا خُون
۱۷ لے کر مَذبح کے گِرداگِرد چِھڑک ۝ اَور تُو مینڈھے کو ٹُکڑے
ٹُکڑے کر۔ اَور اُس کی انتڑیاں اَور پاؤں دھو کر اُس کے دُوسرے
ٹُکڑوں پر اَور اُس کے سر پر رکھّ ۝ اَور سارے مینڈھے کو ۱۸
مَذبح پر جَلا۔ یہ خُداوند کے لئے سوختنی قُربانی، پسندیدہ خُوشبُو
اَور آتشین قُربانی خُداوند کے لئے ہَے ۝
تب دُوسرے مینڈھے کو لے۔ اَور ہارُونؔ اَور اُس کے بیٹے ۱۹
اُس کے سر پر ہاتھ رکھیں ۝ تب تُو اُسے ذَبح کر۔ اَور اُس کے ۲۰
خُون میں سے لے کر ہارُونؔ اَور اُس کے بیٹوں کے دہنے کانوں
کی لَو پر اَور اُن کے دہنے ہاتھوں کے اَنگوٹھوں پر اَور دہنے
پاؤں کے اَنگوٹھوں پر لگا۔ اَور خُون مَذبح کے گِرداگِرد چِھڑک ۝
تب اُس خُون سے جو مَذبح پر ہَے اَور مَسح کے تیل سے لے۔ ۲۱
اَور ہارُونؔ پر اَور ہارُونؔ کے کپڑوں پر اَور اُس کے بیٹوں پر اَور
اُن کے کپڑوں پر چِھڑک۔ اِسی طرح وہ اَور اُس کے کپڑے
اَور اُس کے بیٹے اَور اُن کے کپڑے مخصُوص کئے جائیں گے ۝
اَور تُو مینڈھے کی چربی اَور اُس کی پِیٹھ اَور چربی جو انتڑیوں ۲۲
اَور جِگر کی جِھلّی کو ڈھانپتی ہَے اَور گُردے اَور چربی جو اُن پر ہَے
اَور اُن کے علاوہ دہنی ران لے۔ کیونکہ یہ تخصِیص کا مینڈھا
ہَے ۝ اَور ایک گِردہ روٹی اَور ایک مٹّھی تیل میں مَلی ہُوئی اَور ۲۳
ایک فطِیری چپاتی اُس چنگیر میں سے لے جو خُداوند کے
سامنے ہَے ۝ اَور سب کُچھ ہارُونؔ کے ہاتھ اَور اُس کے بیٹوں ۲۴
کے ہاتھوں پر رکھّ۔ اَور وہ اُسے خُداوند کے سامنے ہِلائیں ۝
تب تُو اُنہیں اُن کے ہاتھوں سے لے۔ اَور اُنہیں مَذبح پر ۲۵
سوختنی قُربانی کے اُوپر جَلا۔ کہ پسندیدہ خُوشبُو خُداوند کے سامنے
ہو۔ یہ خُداوند کے لئے آتشین قُربانی ہے ۝
اَور ہارُونؔ کی تخصِیص کے مینڈھے کا سِینہ لے کر اُسے ۲۶
خُداوند کے حضُور ہِلا۔ تا کہ وہ ہِلانے کا ہدیہ ہو۔ تیرا حِصّہ یہ
ٹھہرے گا ۝ اَور تُو ہارُونؔ اَور اُس کے بیٹوں کی تخصِیص کے ۲۷
مینڈھے کے ہِلانے کے ہدیہ کے سِینہ کو جو ہِلایا جا چُکا ہَے۔
اَور اُٹھائے جانے کے ہدیہ کی ران جو اُٹھائی جا چُکی ہَے لے کر
اُن دونوں کو پاک ٹھہرا ۝ تا کہ یہ سب بنی اِسرائیل کی طرف ۲۸
سے ہمیشہ کے لئے ہارُونؔ اَور اُس کے بیٹوں کا حق ہو۔ کیونکہ

یہ اُٹھائے جانے کا ہدیہ ہے۔ لِہٰذا یہ بنی اِسرائیل کی طرف سے اُن کی سلامتی کے ذَبیحوں میں سے اُٹھائے جانے کا ہدیہ ہوگا ۲۹ جو اُن کی طرف سے خُداوند کے لئے اُٹھایا گیا ہے۝ اَور ہارُون کا پاک لباس اُس کے بعد اُس کے بیٹوں کے لئے ہوگا۔ کہ اُس میں اُنہیں مَسح کِیا جائے اَور اُن کے ہاتھ پاک کئے جائیں۝ ۳۰ اُس کے بعد اُس کے بیٹوں میں سے سات دِن تک وہ کاہِن اُسے پہنے گا جو حضُوری کے خَیمہ میں مَقدِس کے اندر عِبادَت کرنے کے لئے داخِل ہوگا۝

۳۱ اَور تخصِیص کا مینڈھا لے اَور اُس کا گوشت کِسی پاک مقام ۳۲ میں پکا۝ تب ہارُون اَور اُس کے بیٹے مینڈھے کا گوشت اَور روٹی جو چنگیر میں ہَے۔ حضُوری کے خَیمہ کے پاس کھائیں۝ ۳۳ اَور اُن چیزوں کو جِن سے کَفّارہ ہُوا ہَے کہ اُن کے ہاتھ پاک ہوں اَور اُن کی تخصِیص ہو، کھائیں۔ اَور کوئی غیر شخص اُن میں ۳۴ سے نہ کھائے۔ کیونکہ وہ مُقدّس ہَیں۝ اَور اگر مُقدّس گوشت یا روٹی میں سے صُبح تک کُچھ بچ رہے۔ تو وہ آگ سے جَلا یا جائے۔ وہ کھایا نہ جائے کیونکہ مُقدّس ہے۝

۳۵ اَور جو کُچھ مَیں نے تُجھے حُکم دِیا ہَے اُس کے مُطابِق تُو ہارُون اَور اُس کے بیٹوں سے کر۔ سات دِن تک تُو اُن کے ۳۶ ہاتھوں کو پاک کر۝ اَور ہر روز اپنے کَفّارہ کے لئے ایک خطا کی قُربانی کا بچھڑا گُزران۔ اَور تیرے کَفّارہ کے لئے وہ پاک ہوں۔ اَور ۳۷ اُسے مَسح کرتا کہ وہ مخصُوص ہو۝ سات دِن تک تُو مَذبح کے لئے کَفّارہ دے اَور اُسے پاک کر۔ تو پاک چیزوں کا مَذبح پاک ہوگا۔ جو کوئی مَذبح کو چُھوئے گا۔ پاک ہو جائے گا۝

روزمرّہ قُربانیاں

۳۸ اَور مَذبح پر تُو یہ چڑھائے گا۔ ہمیشہ ۳۹ کے لئے ہر روز ایک ایک برس کے دو برّے۝ اُن میں سے ۴۰ ایک صُبح کو اَور دُوسرا شام کے وقت چڑھا۝ اَور ایک برّے کے ساتھ ایفہ کا دسواں حِصّہ بھر میدہ جو چوتھائی ہِین زیتُون کے تیل سے مِلا ہُوا ہو اَور چوتھائی ہِین مَے کا بہا دینے ۴۱ کے لئے چڑھا۝ اَور دُوسرا برّہ شام کے وقت صُبح کی قُربانی اَور اُس کے تپاوَن کی طرح چڑھا۔ کہ وہ خُداوند کے لئے پسندیدہ آتشین قُربانی ہو۝ یہ سوختنی قُربانی ہمیشہ کے لئے تُمہاری ۴۲ پُشت در پُشت حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ کے پاس خُداوند کے سامنے ہوگی۔ جہاں پر مَیں تُم سے مِلُوں گا۔ تا کہ تیرے ساتھ ۴۳ باتیں کرُوں۝ وہاں پر مَیں بنی اِسرائیل سے مِلُوں گا اَور وہ میرے ۴۴ جلال سے مُقدّس ہوں گے۝ اَور مَیں حضُوری کے خَیمہ اَور مَذبح کو مُقدّس کرُوں گا۔ اَور مَیں ہارُون اَور اُس کے بیٹوں کو ۴۵ مُقدّس کرُوں گا۔ تا کہ وہ میرے لئے کہانت کا کام کریں۝ اَور مَیں بنی اِسرائیل کے درمیان سکُونت کرُوں گا۔ اَور مَیں اُن کا ۴۶ خُدا ہُوں گا۝ تب وہ جانیں گے کہ مَیں خُداوند اُن کا خُدا ہوں۔ جو اُنہیں مُلکِ مِصر سے باہر نِکال لایا۔ تا کہ مَیں اُن کے درمیان سکُونت کرُوں۔ مَیں خُداوند اُن کا خُدا ہُوں+

باب ۳۰

بخُور کی قُربان گاہ

۱ اَور بخُور جلانے کے واسطے تُو ایک ۲ قُربان گاہ بنا۔ سَنط کی لکڑی سے تُو اُسے بنا۝ طُول اُس کا ایک ہاتھ اَور عرض اُس کا ایک ہاتھ وہ مُربّع ہو۔ بُلندی اُس کی دو ۳ ہاتھ۔ اَور اُسی میں سے اُس کے سِینگ نِکلیں۝ اَور اُسے خالِص سونے سے مَڑھ۔ اُس کی چھت اَور گِرد کی دِیواروں اَور اُس کے سِینگوں کو۔ اَور اُس کے گِرداگِرد سونے کی کنگنی ۴ بنا۝ اَور سونے کے دو حلقے کنگنی کے نِیچے اُس کے دونوں کونوں کے پاس اُس کے دونوں طرف بنا۔ تا کہ وہ چوبوں کے لئے ۵ جگہ ہو جس سے وہ اُٹھایا جائے۝ اَور سَنط کی لکڑی کی دو چوبیں ۶ بنا اَور اُنہیں سونے سے مَڑھ۝ اَور تُو اُسے صندُوقِ شہادت کے پردہ کے آگے رکھّ۔ رحم گاہ کے سامنے جو شہادت کے اُوپر ۷ ہے۔ جہاں پر کہ مَیں تُجھ سے مِلُوں گا۝ اَور اُس پر ہر صُبح کو ہارُون خُوشبُو کے لئے بخُور جلائے۔ جب وہ چراغوں کو دُرست کرے تو ۸ اُسے جَلائے۝ اَور شام کے وقت جب وہ چراغ رکھّے۔ تو ہمیشہ ۹ کے لئے پُشت در پُشت خُداوند کے سامنے بخُور جَلائے۝ اَور تُم اُس پر اَور طرح کا بخُور نہ چڑھانا۔ نہ سوختنی قُربانی اَور نہ ہدیہ اَور

۱۰ نہ تپاوَن اُس پر گُزراناO اَور برس میں ایک دفعہ ہارُون اُس کے سینگوں پر کفّارہ دے۔ گُناہ کی قُربانی کے خُون سے جو کفّارہ کے لئے ہَے۔ برس میں ایک دفعہ پُشت در پُشت وہ اُس پر کفّارہ دے۔ کیونکہ یہ خُداوند کے لئے پاک چیزوں کا پاک ہَےO

۱۱،۱۲ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایاO جب تُو بنی اِسرائیل کی اُن کے شُمار کے مُطابِق گنتی کرے۔ تو ہر ایک مَرد اپنی جان کے لئے خُداوند کو فِدیہ دے۔ تا کہ اُن کے ۱۳ شُمار کرنے کے بعد اُن پر کوئی وَبا نہ آپڑےO اَور جو جائزِ شُمار میں آجائے۔ وہ آدھا مِثقال مَقدِس کے مِثقال کے حِساب سے دے۔ ایک مِثقال کے بیس جیرہ ہَیں۔ تو آدھا مِثقال ۱۴ خُداوند کے لئے نَذر ہےO ہر ایک جو شُمار میں آجائے۔ بیس برس یا اِس سے زیادہ کا تو وہ خُداوند کے لئے نَذر لائےO ۱۵ اپنی جانوں کے کفّارہ کے لئے جب وہ خُداوند کے سامنے نَذر ۱۶ لائیں۔ تو امیر زیادہ نہ دے اَور غریب کم نہ دےO اَور تُو بنی اِسرائیل سے کفّارہ کی چاندی لے۔ اَور اُسے حضُوری کے خَیمہ کی خدمت میں خرچ کر۔ تو یہ بنی اِسرائیل کے لئے خُداوند کے سامنے یادگار اَور اُن کی جانوں کا کفّارہ ہوگاO

۱۷،۱۸ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایاO کہ تُو وُضُو کے لئے ایک حوض پیتل کا اَور اُس کی چوکی پیتل کی بنا۔ اَور اُس کو حضُوری کے خَیمہ اَور مذبح کے مابین رکھّ اَور اُس میں پانی ۱۹ ڈالO تو ہارُون اَور اُس کے بیٹے اُس سے اپنے ہاتھ اَور اپنے ۲۰ پاؤں دھوئیںO جب وہ حضُوری کے خَیمہ میں داخِل ہوں۔ تو پانی سے وُضُو کریں۔ تا کہ ہلاک نہ ہوں۔ اَور جب وہ مذبح کے نزدیک خدمت کرنے کے لئے آئیں۔ اَور آتشین قُربانی ۲۱ خُداوند کے لئے جلائیںO تو اپنے ہاتھ اَور اپنے پاؤں دھوئیں تا کہ ہلاک نہ ہوں۔ اَور یہ اُن کے لئے اَور اُن کی نسل کے لئے پُشت در پُشت اَبدی فرض ہوگاO

۲۲،۲۳ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایاO کہ تُو اپنے واسطے عُمدہ مصالحہ جات لے۔ خالِص مُر پانچ سَو مِثقال اَور اُس کا آدھا ۲۴ اڑھائی سَو مِثقال عُمدہ دارچینی اَور عُود اڑھائی سَو مِثقالO اَور تج پانچ سَو مِثقال مَقدِس کے مِثقال سے اَور زیتُون کے تیل سے ایک ہِینO ۲۵ اَور تُو ان سے مَسح کرنے کا تیل عُمدہ خُوشبُودار عطّار کی کاریگری کے مُوافِق بنا۔ تو یہ مُقدّس مَسح کا تیل ہوگاO ۲۶ اَور اُس سے تُو حضُوری کے خَیمہ اَور صندُوقِ شہادت کو مَسح کرO ۲۷ اَور میز کو مع اُس کے برتنوں کے اَور شمع دان کو مع اُس کے برتنوں کے اَور بخُور کی قُربان گاہ کوO ۲۸ اَور سوختنی قُربانی کے مذبح کو مع اُس کے سب سامان کے۔ اَور حوض کو اَور اُس کی کھڑونچی کوO ۲۹ اَور تُو اُنہیں پاک کر تو وہ نہایت مُقدّس ہو جائیں گے۔ جو کوئی اُنہیں چُھوئے گا۔ پاک ہو جائے گاO ۳۰ اَور ہارُون اَور اُس کے بیٹوں کو مَسح کر۔ اَور اُنہیں مُقدّس کر۔ تا کہ وہ میرے لئے کہانت کا کام کریںO ۳۱ اَور بنی اِسرائیل سے کہہ۔ کہ تُمہاری پُشت در پُشت میرے لئے مُقدّس مَسح کے واسطے یہی تیل ہوگاO ۳۲ وہ کسی اِنسان کے بدن کو چُپڑا نہ جائے گا۔ اَور اُس کی مانند اُسی ترکیب کا تُم مت بناؤ۔ کیونکہ وہ مُقدّس ہے۔ سو وہ تُمہارے لئے مُقدّس ہوگاO ۳۳ اگر کوئی شخص ویسا بنائے۔ یا اُس میں سے کسی غیر شخص پر لگائے۔ تو وہ اپنی قوم میں سے خارِج کیا جائے گاO

۳۴ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے فرمایا۔ کہ تُو اپنے لئے خُوشبُودار گوندیں اَور مصطکی اَور خُوشبُودار قِنہ اَور خالِص لوبان مساوی وزن کی لےO ۳۵ اَور اُن سے عطّار کی کاریگری کے مُطابِق خُوشبُودار بخُور خوب مِلی ہُوئی پاک اَور مُقدّس بناO ۳۶ اَور اُس میں سے کُچھ کُوٹ کے بارِیک کر اَور اُسے حضُوری کے خَیمہ میں شہادت کے آگے رکھّ۔ جہاں پر مَیں تُجھ سے مِلُوں گا۔ یہ تُمہارے لئے نہایت مُقدّس ہوگاO ۳۷ اَور بخُور جو تُو بنائے گا۔ اُسی ترکیب کا بخُور اپنے لئے مت بناؤ وہ تُمہارے لئے خُداوند کے واسطے مُقدّس ہوگاO ۳۸ اگر کوئی شخص اپنے سونگھنے کے لئے ویسا بنائے۔ تو وہ اپنی قوم میں سے خارِج کیا جائے گا+

باب ۳۱

کاریگروں کا اِنتخاب

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے

۲ فرمایا۝ دیکھ۔ مَیں نے یہُوداؔہ کے قبیلہ میں سے بضلؔ ایل بِن
۳ اُوری بِن حُوؔر کا نام لے کر بُلایا ہے ۝ اَور رُوحِ خُدا سے یعنی
۴ حِکمَت اَور فہم۔ ہُنر اَور مہارت سے اُسے بھر دِیا ہے ۝ تا کہ
۵ سونے اَور چاندی اَور پیتل کا جو کام ہوگا، ایجاد کرے ۝ اَور
جواہرات کو جڑنے کے لئے رگڑے۔ اَور لکڑی تراشے۔ پس
۶ ہر طرح کی کاریگری کا کام کرے ۝ اَور مَیں نے داؔن کے قبیلہ
میں سے اُہلی آؔب بِن اَخیؔ ساماک کو اُس کا ساتھی کر دِیا ہے۔
اور تمام کاریگروں کے دِل میں مَیں نے ہُنر ڈال دِیا ہے۔ تا کہ
۷ سب کُچھ جس کا مَیں نے تُجھے حُکم دِیا ہے، بنائیں ۝ حضُوری کا
خَیمہ، صندُوقِ شہادت اَور رحم گاہ جو اُس پر ہے۔ اَور خَیمہ کا سب
۸ سامان ۝ اَور میز اَور اُس کا سامان اَور سونے کا پاک شمع دان اَور
۹ اُس کے برتن اَور بخُور کی قُربان گاہ ۝ اَور سوختنی قُربانی کا مَذبح
۱۰ اَور اُس کے سب برتن اَور حوض اَور اُس کی چوکی ۝ اَور خدمت
کے ملبُوسات ہارُوؔن کے لئے اَور اُس کے بیٹوں کے لئے کہانت
۱۱ کا مُقدّس لباس ۝ اَور مَسح کا تیل اَور مَقدِس کے لئے خُوشبُو دار
بخُور جیسا کہ مَیں نے تُجھے حُکم دِیا ہے ویسا ہی وہ بنائیں گے ۝

۱۲ **شرعِ سبت کی تجدید** اَور خُداوند نے مُوسیٰؔ سے کلام کر کے
۱۳ فرمایا ۝ کہ تُو بنی اِسرائیل کو حُکم کر اَور کہہ۔ کہ میرے سبت کو مانا
کریں۔ کیونکہ میرے اَور تُمہارے درمیان پُشت در پُشت یہ
ایک علامت ہوگی۔ تا کہ تُم جانو۔ کہ مَیں خُداوند تُمہارا مُقدّس
۱۴ کرنے والا ہُوں ۝ پس تُم سبت کو مانو۔ کیونکہ وہ تُمہارے لئے
مُقدّس ہَے۔ اَور جو کوئی اُسے توڑے۔ ضرُور قتل کِیا جائے۔
اَور جو کوئی اُس میں کُچھ کام کرے تو وہ شخص اپنی قوم سے خارِج
۱۵ کِیا جائے ۝ چھ دِن تُم اپنا کام کاج کرو۔ اَور ساتواں دِن آرام
کا سبت خُدا کے لئے مُقدّس ہے۔ جو کوئی سبت کے دِن میں
۱۶ کام کرے وہ ضرُور قتل کِیا جائے ۝ پس بنی اِسرائیل سبت کو مانیں
۱۷ اَور پُشت در پُشت اُسے جاری رکھیں۔ یہ اَبدی عہد ہَے ۝ وہ
میرے اَور بنی اِسرائیل کے درمیان ہمیشہ کے لئے علامت
ہوگی۔ کیونکہ چھ دِن میں خُداوند نے آسمان اَور زمین بنائے اَور
ساتویں دِن آرام کر کے سبت کِیا ۝

۱۸ اَور جب خُداوند کوہِ سِیناؔ پر مُوسیٰؔ سے کلام کر کے فارِغ ہُوا
تو اُسے شہادت کی دو لوحیں دیں۔ پتّھر کی وہ لوحیں جو خُدا کی
اُنگلی سے لِکھی گئی تھیں +

باب ۳۲

۱ **لوگوں کی بُت پرستی** اَور لوگوں نے دیکھا۔ کہ مُوسیٰؔ نے
پہاڑ سے اُترنے میں دیر لگائی۔ تو وہ ہارُوؔن کے پاس جمع
ہُوئے اَور کہا کہ اُٹھ ہمارے لئے مَعبُود بنا جو ہمارے آگے
آگے چلے کیونکہ یہ مَرد مُوسیٰؔ جو ہمیں سَر زمینِ مِصؔر سے باہر
۲ نِکال لایا۔ ہم نہیں جانتے۔ کہ اُسے کیا ہُوا ۝ ہارُوؔن نے اُن
سے کہا۔ کہ اپنی بیویوں اَور اپنے بیٹوں اَور اپنی بیٹیوں کے کانوں
۳ کی سونے کی بالیاں اُتارو اَور اُنہیں میرے پاس لاؤ ۝ تو سب
بنی اِسرائیل نے سونے کی بالیاں جو اُن کے کانوں میں تھیں
۴ اُتاریں۔ اَور ہارُوؔن کے پاس لے آئے ۝ تو اُس نے اُنہیں
اُن کے ہاتھوں سے لِیا۔ اَور سانچے میں ڈال کر ایک ڈھالا
ہُوا بچھڑا بنایا۔ تو اِنہوں نے کہا۔ اَے اِسرائیؔل! یہ تیرا مَعبُود
۵ ہے۔ جو مُلکِ مِصؔر سے تُجھے باہر نِکال لایا ۝ اَور ہارُوؔن نے
جب یہ دیکھا۔ تو اُس کے آگے ایک قُربان گاہ بنائی اَور ہارُوؔن
۶ نے مُنادی کر کے کہا۔ کہ کَل خُداوند کے لئے عید ہَے ۝ اَور وہ
اگلے دِن سویرے اُٹھے۔ اَور سوختنی قُربانیاں چڑھائیں۔ اَور
سلامتی کے ذَبیحے گُزرانے اَور لوگ کھانے اَور پِینے کو بیٹھے۔
تب کھیلنے کو اُٹھے ۝

۷ تب خُداوند نے مُوسیٰؔ سے کہا۔ جا نیچے اُتر۔ کیونکہ تیرے
۸ لوگ جنہیں تُو مِصؔر سے باہر نِکال لایا بِگڑ گئے ہَیں ۝ اُس راہ
پر سے جس پر چلنے کا مَیں نے اُنہیں حُکم دِیا۔ وہ جلد پھر گئے
ہیں اَور اپنے لئے ایک ڈھالا ہُوا بچھڑا بنایا۔ اُس کے آگے سجدَہ
کِیا۔ اَور قُربانی چڑھائی۔ اَور کہا کہ اَے اِسرائیؔل یہ تیرا مَعبُود
۹ ہَے۔ جو مُلکِ مِصؔر سے تُجھے باہر نِکال لایا ۝ اَور خُداوند نے
مُوسیٰؔ سے کہا۔ مَیں نے اِن لوگوں کو دیکھا۔ یہ سخت گردن لوگ

١٠ ہَیں○ اَب مُجھے چھوڑ۔ کہ میرا غضب اُن پر بھڑکے۔ کہ مَیں
١١ اُنہیں فنا کرُوں۔ اَور تُجھ ہی کو ایک بڑی قوم بناؤں گا○ تب
مُوسیٰ نے خُداوند اپنے خُدا سے مِنّت کر کے کہا۔ اَے خُداوند!
اِن لوگوں پر تیرا غضب نہ بھڑکے۔ جنہیں تُو مُلکِ مِصر سے اپنی
١٢ بڑی قُوّت اَور طاقتور ہاتھ سے نِکال لایا○ کِس واسطے مِصری
کہیں کہ وہ فریب سے اُنہیں یہاں سے نِکال لے گیا۔ تا کہ
اُنہیں پہاڑوں میں ہلاک کرے۔ اَور رُوئے زمین سے اُنہیں
فنا کرے۔ اپنے غضب کی شِدّت سے پھر اَور اپنی قوم سے یہ
١٣ بدسلُوکی دُور کر○ اَور اپنے بندوں اِبراہِیم اَور اِسحاق اَور یعقُوب کو
یاد کر۔ جن سے تُونے اپنی ذات کی قسم کھا کر کہا۔ کہ مَیں تُمہاری
نسل کو آسمان کے سِتاروں کی طرح بڑھاؤں گا۔ اَور سب زمین
جس کی بابت مَیں نے کہا۔ تُمہاری نسل کو عطا کرُوں گا۔ سو وہ
١٤ اَبد تک اُس کے وارِث ہوں گے○ سو خُداوند اُس بدسلُوکی
سے جو اُس نے کہا۔ کہ مَیں اپنی قوم سے کرُوں گا۔ رُک گیا○
١٥ **مُوسیٰ کا قہر** تب مُوسیٰ پھرا اَور پہاڑ سے اُترا اَور شہادت کی
دو لوحیں اُس کے ہاتھ میں تھیں۔ دونوں لوحیں۔ اِس طرف
١٦ اَور اُس طرف اپنی دونوں جانِب لکھی ہُوئی تھیں○ اَور دونوں
لوحیں خُدا کی بنائی ہُوئی تھیں اَور اُن پر کی لکھائی جو تھی وہ خُدا
١٧ کی لکھائی اُن کے دونوں طرف کُھدی تھی○ اَور یشُوعؔ نے لوگوں
کے شور کرنے کی آواز سُنی تو مُوسیٰ سے کہا۔ کہ خیمہ گاہ میں لڑائی
١٨ کی آواز ہے○ تو اُس نے کہا۔ کہ یہ فتح کا شور نہیں اَور نہ شِکست
١٩ کا ہَے۔ بلکہ مَیں گانے کی آواز سُنتا ہُوں○ جب وہ خیمہ گاہ کے
نزدِیک پُہنچا تو بچھڑا اَور ناچ دیکھا۔ اَور مُوسیٰ کا غُصّہ بھڑکا۔ تو
اُس نے اپنے ہاتھوں سے دونوں لوحیں پھینک دِیں۔ اَور اُنہیں
٢٠ پہاڑ کے نیچے توڑ ڈالا○ تب اُس نے بچھڑے کو جو اُنہوں نے
بنایا تھا لِیا۔ اَور اُسے آگ میں جلایا اَور پِیس کر خاک کر دِیا۔ اَور
اُسے پانی میں ڈالا اَور پانی بنی اِسرائیل کو پِلایا○
٢١ اَور مُوسیٰ نے ہارُون سے کہا۔ کہ اِن لوگوں نے تیرے
٢٢ ساتھ کیا کِیا۔ کہ تُو نے اِنہیں ایسا بڑا گُناہ کرنے دِیا○ ہارُون
نے کہا۔ میرے آقا کا غُصّہ نہ بھڑکے۔ تُو لوگوں سے واقِف
ہَے۔ کہ یہ شریر ہَیں○ ٢٣ تو اُنہوں نے مُجھ سے کہا۔ کہ ہمارے
لئے معبُود بنا جو ہمارے آگے چلیں۔ کیونکہ یہ مَرد مُوسیٰ جو ہمیں
مُلکِ مِصر سے باہر نِکال لایا ہم نہیں جانتے۔ کہ اُسے کیا ہُؤا؟○
٢٤ تو مَیں نے اُن سے کہا۔ کہ کِس کے پاس سونا ہَے؟ لہٰذا اُنہوں نے
اُسے لیا اَور میرے پاس لائے۔ تو مَیں نے اُسے آگ میں ڈالا۔
اَور یہ بچھڑا نِکل آیا○ ٢٥ اَور جب مُوسیٰ نے دیکھا کہ لوگ قابُو سے
باہر ہو گئے ہَیں۔ کیونکہ ہارُون نے اُنہیں بے لگام چھوڑ کر
اُنہیں اُن کے دُشمنوں کے درمیان ذلیل کر دِیا○ ٢٦ تب وہ خیمہ گاہ
کے دروازہ پر کھڑا ہُؤا۔ اَور کہا۔ کہ جو کوئی خُداوند کی طرف ہَے
میرے پاس آ جائے۔ تو سب بنی لاوی اُس کے پاس جمع ہُوئے○
٢٧ تب اُس نے اُن سے کہا کہ خُداوند اِسرائیل کے خُدا نے یُوں
فرمایا ہَے۔ کہ ہر ایک اپنی تلوار ران پر لٹکائے اَور جائے اَور
خیمہ گاہ میں ایک دروازہ سے دُوسرے دروازہ تک آگے پیچھے
چلے اَور ہر ایک اپنے بھائی کو اَور اپنے دوست کو اَور اپنے ہمسایہ
کو قتل کرے○ ٢٨ تب بنی لاوی نے مُوسیٰ کے حُکم کے مُطابق کِیا۔
تو لوگوں میں سے اُس روز قریباً تین ہزار مَرد مارے گئے○ ٢٩ اَور
مُوسیٰ نے کہا۔ کہ تُم نے آج اپنے آپ کو خُداوند کے لئے مخصُوص
کر دِیا۔ ہاں اپنے بیٹے اور بھائی کے خلاف ہوتے ہُوئے۔
کہ آج وہ تُمہیں برکت دے○
٣٠ **مُوسیٰ کی سِفارِش** اَور جب دُوسرا دِن ہُؤا۔ تو مُوسیٰ نے
لوگوں سے کہا۔ کہ تُم نے بڑا بھاری گُناہ کِیا ہے۔ اَور اَب مَیں
خُداوند کے پاس اُوپر جاتا ہُوں۔ تا کہ اگر ہو سکے تو تُمہارے
گُناہ کے لئے کفّارہ کرُوں○ ٣١ اَور مُوسیٰ خُداوند کے پاس لَوٹ
گیا اَور کہا۔ اَے خُداوند اِن لوگوں نے بھاری گُناہ کِیا ہَے۔
کہ اپنے لئے سونے کے معبُود بنائے○ ٣٢ اَور اَب یہ گُناہ اُنہیں
مُعاف کر۔ ورنہ مُجھے اپنی کِتاب سے جو تُو نے لکھی ہَے مِٹا

باب ٣٢:٣٢ ''اپنی کِتاب سے... مِٹا دے'' اِس محاورہ کا مطلب صرف یہ ہَے کہ مُجھے فراموش کر۔ اَور تُو جو زندگی اَور مَوت کا مالِک ہَے۔ مُجھے زِندوں کی فہرست سے خارج کر۔ اِسی طرح مُقدّس پَولُس بھی چاہتا تھا کہ اپنے بھائیوں کی مُحبّت کی خاطر مسِیح سے محرُوم ہو جائے۔ (رومیوں ٩:٣)+

۳۳ دے۝ تب خُداوند نے مُوسیٰؔ سے کہا۔ کہ جس نے میرا گُناہ کیا
۳۴ ہے۔ اُسی کو اپنی کِتاب سے مِٹا دُوں گا۝ اور اَب تُو جا۔ اور
لوگوں کو جہاں مَیں نے تُجھے کہا ہَے، لے چل۔ دیکھ میرا فرِشتہ
تیرے آگے آگے چلے گا اور اِنتقام کے دِن مَیں اُن سے اُن کے
۳۵ گُناہ کا مُطالبہ کرُوں گا۝ اور خُداوند نے لوگوں کو اُس بچھڑے کی
تقصِیر کے سبب سے مارا جو اُنہوں نے ہارُونؔ سے بنوایا تھا+

باب ۳۳

۱ **لوگوں کا پچھتاوا** اور خُداوند نے مُوسیٰؔ سے کہا۔ روانہ
ہو۔ اور تُو اور لوگ جِنہیں تُو مُلکِ مِصرؔ سے نِکال لایا۔
اُس مُلک کی طرف چل پڑو۔ جس کی بابت مَیں نے اِبرہامؔ اور
۲ اِضحاقؔ اور یعقُوبؔ سے قسم کھا کر کہا کہ تیری نسل کو دُوں گا۝ اور
مَیں تیرے آگے ایک فرِشتہ بھیجُوں گا۔ اور کنعانیوں اور اموریوں
اور حِتّیوں اور فرِزّیوں اور حوِیّوں اور یبُوسیوں کو نِکال دُوں گا۝
۳ تاکہ اُس مُلک میں جس میں دُودھ اور شہد بہتا ہَے تُو داخِل ہو
سکے۔ لیکن مَیں تُمہارے درمیان میں نہ جاؤں گا۔ کیونکہ تُم سخت
گردن لوگ ہو۔ تا نہ ہو کہ مَیں تُمہیں راہ ہی میں فنا کر ڈالُوں۝
۴ جب لوگوں نے یہ بات سُنی۔ تو پشیمان ہُوئے۔ اور کِسی نے اپنے
۵ آپ کو نہ سنوارا۝ اور خُداوند نے مُوسیٰؔ سے فرمایا بنی اِسرائیل
سے کہہ۔ کہ تُم سخت گردن لوگ ہو۔ اور اگر ایک لحظہ بھی مَیں
تُمہارے درمیان چلُوں۔ تو تُمہیں فنا کرُوں گا۔ اور اَب تُم اپنے
۶ زیور اُتارو۔ تو مُجھے معلُوم ہو جائے گا۔ کہ تُم سے کیا کرُوں۝ تب
بنی اِسرائیل نے کوہِ حورِیبؔ کے پاس اپنے زیور اُتارے۝
۷ **خیمۂ اِجتماع** اور مُوسیٰؔ نے خیمہ کو لیا اور خیمہ گاہ سے باہر
دُور اُسے کھڑا کر دِیا۔ اور اُس کا نام خیمۂ اِجتماع رکھّا۔ تو ایسا
ہُوا۔ کہ جو کوئی خُداوند سے کُچھ پُوچھنا چاہتا۔ وہ خیمۂ اِجتماع کو
جو خیمہ گاہ سے باہر تھا، جاتا۝ اور ایسا ہوتا تھا کہ جب مُوسیٰؔ خیمہ ۸
کی طرف جاتا۔ تو تمام لوگ اُٹھتے اور ہر ایک اپنے خیمہ کے
دروازہ پر کھڑا ہو جاتا اور مُوسیٰؔ کے پیچھے دیکھتا رہتا جب تک کہ
وہ خیمہ میں داخِل نہ ہو جاتا۝ اور یُوں ہوتا کہ جب مُوسیٰؔ خیمہ ۹
میں داخِل ہوتا تو بادل کا سُتُون نیچے اُترتا اور خیمہ کے دروازہ
پر ٹھہرا رہتا۔ اور خُداوند مُوسیٰؔ سے باتیں کرنے لگتا۝ اور یُوں ۱۰
ہوتا تھا کہ جب تمام لوگ بادل کا سُتُون خیمہ کے دروازہ پر ٹھہرا
ہُوا دیکھتے۔ تو سب اُٹھ کر اپنے اپنے خیمہ کے دروازہ پر سجدہ
کرتے تھے۝ اور خُداوند مُوسیٰؔ سے رُوبرُو گُفتگُو کرتا تھا۔ جیسے ۱۱
کوئی شخص اپنے رفِیق سے گُفتگُو کرتا ہَے۔ اور جب وہ خیمہ گاہ میں
لَوٹ آتا تھا۔ اُس کا خادِم یشُوعؔ بن نُونؔ خیمہ سے جُدا نہ ہوتا تھا۝
اور مُوسیٰؔ نے خُداوند سے کہا۔ دیکھ تُو نے مُجھ سے کہا۔ کہ ۱۲
اِس قوم کو لے چل اور مُجھے نہیں بتایا۔ کہ کسے میرے ساتھ بھیجے
گا۔ اور تُو نے کہا کہ مَیں تُجھے بنام جانتا ہُوں۔ اور تُو نے میرے
سامنے مقبُولیّت پائی۝ پس اَب اگر مَیں تیری نظر میں مقبُول ۱۳
ہُوں۔ تو مُجھے اپنی راہ بتا۔ تاکہ مَیں جانُوں کہ مَیں نے تیری نظر
میں مقبُولیّت پائی اور یہ خیال رکھّ کہ یہ قوم تیری اُمّت ہَے۝ تو ۱۴
اُس نے کہا۔ میری حضُوری تیرے آگے جائے گی۔ اور مَیں تُجھے
آرام دُوں گا۝ اُس نے کہا کہ اگر تیری حضُوری ساتھ نہ جائے۔ ۱۵
تو ہمیں یہاں سے مت لے چل۝ کیونکہ کِس طرح معلُوم ہو گا۔ ۱۶
کہ مُجھ پر اور تیری قوم پر تیری نظرِ مقبُولیّت ہَے۔ کیا اِس سے
نہیں کہ تُو ہمارے ساتھ چلے اور کہ تیری قوم رُوئے زمین کی
تمام اقوام سے مُمتاز ٹھہرے؟۝

باب ۳۳:۷ ''خیمۂ اِجتماع'' ایک چھوٹا خیمہ تھا جس میں مُوسیٰؔ خُدا سے ہم کلام ہوتا تھا۔ اور جس کے سامنے لوگ اِکٹھے ہوتے تھے۔ تاکہ خُدا کی قضائیں معلُوم کریں۔ اِسرائیل کے گُناہ کے سبب سے خُدا نے حُکم دِیا کہ اِسے خیمہ گاہ سے باہر رکھا جائے+

باب ۳۳:۱۱ ''رُوبرُو'' اس کا مطلب یہ نہیں کہ مُوسیٰؔ خُدا کا چہرہ دیکھتا۔ مگر کہ وہ خُدا کے ساتھ بےتکلفی سے کلام کرتا تھا+

باب ۳۳:۱۲ ''مَیں تُجھے جانتا ہُوں'' کلامِ مُقدّس میں خُدا کے جاننے سے یہ مطلب ہَے کہ خُدا اُسے پسند کرتا ہَے اور پیار کرتا ہَے۔ اور ''بنام جاننے'' سے یہ مطلب ہے کہ خُدا اس پر خاص طور پر اور بڑی عجیب طرح سے مہربانی کرتا ہَے۔ جیسے وہ اپنے بندے مُوسیٰؔ پر کرتا ہَے+

۱۷ خُداوند نے مُوسیٰؔ سے کہا۔ یہ بھی جو تُو نے مانگا ہَے۔ مَیں کرُوں گا۔ کیونکہ تُو میرا منظُورِ نظر ہَے۔ اَور مَیں تُجھے پہچانتا ہُوں ○ ۱۸، ۱۹ اُس نے کہا۔ مُجھے اپنا جلال دِکھا ○ اُس نے کہا۔ مَیں اپنی ساری عظمت کو تیرے آگے سے گُزارُوں گا۔ اَور تیرے ہی سامنے اپنا نام ''خُداوند'' لُوں گا۔ اَور جس پر مَیں رحیم ہونا چاہُوں اُس پر رحیم ہُوں۔ اَور جس پر مَیں مہربان ہونا چاہُوں ۲۰ اُس پر مہربان ہُوں ○ اَور فرمایا۔ کہ تُو میرا چہرہ نہیں دیکھ سکتا۔ ۲۱ کیونکہ کوئی اِنسان نہیں جو مُجھے دیکھے اَور زِندہ رہے ○ اَور خُداوند نے کہا۔ دیکھ میرے نزدِیک ایک جگہ ہَے۔ تُو اِس چٹان پر کھڑا ۲۲ رہ ○ اَور ایسا ہوگا کہ جب میری عظمت کا گُزران ہوگا۔ تو مَیں تُجھے چٹان کی دَراڑ میں رکھُوں گا۔ اَور جب تک گُزر نہ جاؤں۔ ۲۳ اپنے ہاتھ سے تُجھے چُھپاؤں گا ○ تب اپنا ہاتھ اُٹھا لُوں گا۔ تو تُو میرا پیچھا دیکھے گا۔ کیونکہ میرا چہرہ کوئی دیکھ نہیں سکتا +

باب ۳۴

شہادت کی نئی لوحیں

۱ پھر خُداوند نے مُوسیٰؔ سے کہا۔ کہ اپنے لئے پہلی لوحوں کی طرح دو لوحیں پتّھر کی تراش۔ تو مَیں اُن پر وہ کلام لِکھُوں گا۔ جو پہلی لوحوں پر تھا۔ جنہیں تُو نے ۲ توڑ دِیا ○ اَور صُبح کے لئے تیّار ہو جا۔ اَور کوہِ سِیناؔ پر صُبح کو چڑھ۔ ۳ اَور وہاں پر میرے آگے پہاڑ کی چوٹی پر ٹھہرا رہ ○ اَور تیرے ساتھ کوئی اَور اُوپر نہ چڑھے۔ اَور سارے پہاڑ میں کوئی نظر نہ آئے۔ یہاں تک کہ کوئی بھیڑ بکری یا گائے بَیل اُس کے سامنے ۴ چرنے نہ پائے ○ تب اُس نے پہلی لوحوں کے مُطابق پتّھر کی دو لوحیں تراشیں۔ اَور جیسا خُداوند نے اُسے فرمایا تھا۔ مُوسیٰؔ صُبح سویرے اُٹھ کر دونوں پتّھر کی لوحیں اپنے ساتھ لے کر کوہِ سِیناؔ ۵ پر چڑھا ○ تب خُداوند بادل میں نیچے اُترا، تو مُوسیٰؔ اُس کے پاس وہاں کھڑا ہُوا۔ اَور اُس نے نام سے پُکارا۔ ''خُداوند''! ○ ۶ اَور خُداوند اُس کے آگے سے گُزرا۔ اَور خُداوند نے پُکارا۔ خُداوند خُدائے رحیم و مہربان بڑے تحمُّل والا بڑی رحمتوں اَور ۷ وفاداری والا ○ ہزاروں پر مہربانی رکھنے والا۔ بَدی اَور خطا اَور گُناہ کا بخشنے والا۔ کوئی خطاکار اُس کے سامنے بَری نہ ہوگا۔ وہ باپ دادا کے گُناہ کا بدلہ لڑکوں کو اَور لڑکوں کے لڑکوں کو تیسری ۸ اَور چوتھی پُشت تک دیتا ہَے ○ تب مُوسیٰؔ نے جلدی کی اَور ۹ زمین پر گر کر سجدَہ کِیا ○ اَور کہا۔ اَے خُداوند! اگر مَیں تیری نظر میں مقبُول ہُوں۔ تو خُداوند ہمارے بِیچ میں چلے۔ کیونکہ یہ لوگ سخت گردن ہَیں۔ اَور ہمارے گُناہ اَور خطائیں مُعاف کر اَور ہمیں اپنی مِیراث بنا ○

۱۰ اُس نے کہا۔ دیکھ مَیں تیرے سب لوگوں کے آگے عہد کرتا ہُوں۔ مَیں ایسے مُعجزے کرُوں گا۔ کہ ساری دُنیا میں کِسی قوم میں ویسے کبھی نہیں کئے گئے۔ اَور تمام قومیں جِن کے درمیان تُو ہَے خُداوند کا کام دیکھیں گی۔ کیونکہ ہیبت انگیز وہ کام ہَیں ۱۱ جو مَیں تیرے لئے کرُوں گا ○ جو کُچھ آج کے دِن مَیں تُجھے حُکم دیتا ہُوں اُسے بجالا۔ دیکھ مَیں تیرے سامنے سے اَموریوں اَور کِنعانیوں اَور حِتّیوں اَور فِرزیوں اَور حِوّیوں اَور یبُوسیوں کو نِکال ۱۲ دُوں گا ○ پس تُو خبردار رہ کہ اُس مُلک کے باشِندوں کے ساتھ جس کی طرف تُو جاتا ہَے۔ عہد مت باندھنا۔ تاکہ وہ تُمہارے ۱۳ درمیان پھندا نہ ہوں ○ بلکہ اُن کی قُربان گاہوں کو ڈھا دے۔ ۱۴ اُن کے ستُونوں کو توڑ اَور اُن کے کھمبوں کو کاٹ ڈال ○ تُو کِسی دُوسرے خُدا کو سجدَہ نہ کرنا۔ اِس لئے کہ خُداوند جس کا نام غیُّور ۱۵ ہَے وہ غیُّور خُدا ہَے ○ خبردار۔ اُس مُلک کے باشِندوں کے ساتھ عہد نہ باندھنا۔ کیونکہ جب وہ اپنے مَعبُودوں کی پیروی میں بَدکاری کرتے اَور اپنے مَعبُودوں کے لئے قُربانی کرتے ہَیں ۱۶ تو تُجھے بُلائیں۔ اَور تُو اُن کی قُربانی میں سے کھائے ○ اَور تُو اُن کی بیٹیاں اپنے بیٹوں کے لئے لے۔ اَور اُن کی بیٹیاں اپنے

باب ۳۳: ۲۳ ''تُو میرا پیچھا دیکھے گا'' خُداوند اپنے فرِشتہ کے ذریعہ بادل میں مُوسیٰؔ کے ساتھ کلام کرتا تھا اَور مُوسیٰؔ اس کا جلال دیکھ نہ سکتا تھا مگر اِس رویا میں اس نے خُداوند کو مادی شکل میں دیکھا۔ تاہم اس کا چہرہ نہیں دیکھا۔ جس کی جلالی شعاعیں فانی آنکھوں کی برداشت سے باہر ہیں۔ اُس نے اُس کا پیچھا دیکھا جس وقت کہ گویا خُدا کا چہرہ اُس کے سامنے سے مُڑا ہُوا تھا+

مَعبُودوں کی پیروی میں بدکاری کریں۔اَور تیرے بیٹوں سے
۱۷ اپنے مَعبُودوں کی پیروی میں بدکاری کروائیں ○ تُو اپنے لئے
۱۸ ڈھالے ہُوئے مَعبُود نہ بنانا ○ اَور تُو فطِیر کی عید کِیا کرنا۔جیسا کہ
مَیں نے تُجھے حُکم دِیا۔ابِیب مہینے کے مُقرّرہ وقت پر تُو چھ دِن
فطِیر کھانا۔کیونکہ ابِیب کے مہینے میں تو مُلکِ مصر سے نِکلا ○
۱۹ سب جو رِحم کو کھولے میرا ہے۔اَور مواشی میں سے گائے اَور
۲۰ بھیڑ کے سب پہلے نَر میرے ہَیں ○ اَور گدھے کے پہلے بچّے کا
فِدیہ تُو ایک برّہ دینا۔اَور اگر اُس کا فِدیہ نہ دے تو اُسے مار
ڈالنا۔تُو اپنے سب پہلوٹھے بیٹوں کا فِدیہ دینا۔اَور تُم میرے
سامنے خالی ہاتھ حاضِر نہ ہونا ○
۲۱ چھ دِن تُو اپنا کاروبار کر۔اَور ساتویں دِن میں آرام کر۔
۲۲ اَور ہَل جوتنے اَور فصل کاٹنے سے باز رہ ○ اَور ہفتوں کی عید
گیہوں کے پہلے پھل کاٹنے کے وقت اَور برس کے آخر میں
۲۳ غلّہ جمع کرنے کی عید منا ○ سال میں تین مرتبہ تیرے سب مَرد
۲۴ خُداوند اِسرائیل کے خُدا کے سامنے حاضِر ہوں ○ اَور مَیں
قوموں کو تیرے آگے سے باہر نِکال لُوں گا۔اَور تیری حُدُود
وسیع کرُوں گا۔اَور جب تُو سال میں تین دفعہ اپنے خُداوند خُدا
کے سامنے حاضِر ہونے کے لئے جائے گا۔تو کوئی شخص تیری
۲۵ زمین کا لالچ نہ کرے گا ○ تُو میرے ذَبیحہ کا خُون خمیر کے ساتھ
۲۶ نہ گُزراننا۔اَور عیدِ فسح کے ذَبیحہ سے صُبح تک کُچھ باقی نہ رکھنا ○ تُو
اپنی زمین کے پھلوں کا پہلا پھل خُداوند اپنے خُدا کے گھر
لانا۔اَور حلوان کو اُس کی ماں کے دُودھ میں مت پکانا ○
۲۷ اَور خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمایا۔کہ اِن باتوں کو تُو اپنے لئے
لِکھ کیونکہ اِن کے مُوافِق مَیں نے تیرے اَور اِسرائیل کے
۲۸ ساتھ عہد باندھا ہے ○ اَور مُوسیٰ خُداوند کے پاس چالیس دِن
اَور چالیس رات رہا۔نہ روٹی کھائی اَور نہ پانی پِیا۔اَور اُس
نے عہد کا کلام یعنی دس اَحکام، دو لوحوں پر لِکھے ○
۲۹ اَور ایسا ہُوا۔کہ جب مُوسیٰ کوہِ سینا سے نیچے اُترا۔اَور
شہادت کی لوحیں پہاڑ سے اُترتے وقت مُوسیٰ کے ہاتھ میں
تھیں۔تو مُوسیٰ نہیں جانتا تھا۔کہ خُداوند کے ساتھ باتیں کرتے

ہُوئے اُس کا چہرہ چمکدار ہو گیا ہے ○ اَور ہارُون اَور سب ۳۰
بنی اِسرائیل نے مُوسیٰ کی طرف نِگاہ کی۔اَور دیکھو اُس کے
چہرہ کی جِلد چمکتی تھی۔تب وہ اُس کے نزدِیک آنے سے
ڈرے ○ تب مُوسیٰ نے اُنہیں بُلایا۔تو ہارُون اَور جماعت کے ۳۱
سب سردار اُس کے پاس واپس آئے۔تب مُوسیٰ اُن سے
باتیں کرنے لگا ○ بعد اُس کے تمام بنی اِسرائیل اُس کے ۳۲
نزدِیک آئے۔تو اُس نے اُنہیں اُن سب باتوں کا حُکم دِیا۔جو
خُداوند نے کوہِ سینا پر اُسے فرمائی تھیں ○ اَور جب مُوسیٰ اُن ۳۳
کے ساتھ باتیں کرنے سے فارِغ ہُوا۔تو اُس نے اپنے مُنہ پر
نِقاب ڈالا ○ اَور جب مُوسیٰ خُداوند کے سامنے بات کرنے ۳۴
کے لئے اندر جاتا تو نِقاب اُٹھاتا تھا۔جب تک کہ باہر نہ آتا۔
اَور جو کُچھ حُکم ہوتا۔بنی اِسرائیل سے کہتا تھا ○ اَور بنی اِسرائیل ۳۵
دیکھتے تھے۔کہ مُوسیٰ کے چہرہ کی جِلد چمکتی ہے۔تب اُس نے
نِقاب اپنے مُنہ پر ڈالا۔جب تک کہ وہ خُداوند کے ساتھ
باتیں کرنے کے لئے اندر داخِل نہ ہُوا +

باب ۳۵

سبت کی شریعت

تب مُوسیٰ نے بنی اِسرائیل کی تمام جماعت ۱
کو اِکٹھا کِیا۔اَور اُن سے کہا۔وہ باتیں جن کے کرنے کا خُداوند
نے حُکم دِیا ہے۔یہ ہَیں ○ چھ دِن تُو اپنا کام کاج کر۔ساتواں ۲
دِن تُمہارے لئے مُقدّس ہو گا۔خُداوند کے لئے آرام کا سبت۔
جو کوئی اُس میں کُچھ کام کرے گا۔قتل کِیا جائے گا ○ تُم اپنے ۳
سب مکانوں میں سبت کے دِن آگ مت جلاؤ ○

مَسکن کے لئے نذرانے اَور کاریگروں کا تقرّر

اَور مُوسیٰ نے ۴
بنی اِسرائیل کی ساری جماعت سے کہا۔کہ خُدا کا فرمان جس

باب ۳۴: ۳۳ ''اپنے مُنہ پر نِقاب ڈالا'' مُقدّس پولُس بیان کرتا ہے کہ یہ
نِقاب یہُودیوں کے اُس اندھاپن کی علامت ہے جس کے سبب سے اُنہوں نے
مَوعُود مسیح کو نہیں پہچانا۔مُوسیٰ اَور انبیاء کی تصانیف کے رُوحانی معنی اَب تک
یہُودیوں سے پوشیدہ رہتے ہیں۔(۲-قرنتیوں ۳: ۷-۱۸) +

۵ کے بجالانے کا اُس نے حُکم دِیا یہ ہَے۔ ۞ کہ تم اپنے پاس
سے خُداوند کے لئے نَذرانہ لاؤ ہر ایک اپنے دِل کی رَغبت کے
مُطابِق۔ خُداوند کے لئے سونا اَور چاندی اَور پیتل نذرانہ لائے ۞
۶ اَور بنفشی رنگ اَور ارغوانی رنگ اَور قِرمزی رنگ کا کپڑا اَور مہین
۷ کتان اَور بکریوں کی پشم ۞ اَور مینڈھوں کی سُرخ رنگی ہُوئی
۸ کھالیں اَور تخس کی کھالیں اَور سنط کی لکڑی ۞ اَور شمع دان کا تیل
۹ اَور مَسح کے تیل اَور بخُور کے لئے خُوشبُوئیاں ۞ اَور سنگ جزع اَور
۱۰ نگینے اِفود پر جڑنے کے لئے اَور سینہ پوش کے لئے ۞ اَور تُم
میں سے سب جو عقلمند ہَیں، آئیں۔ اَور جو کُچھ خُدا نے فرمایا
۱۱ ہَے، بنائیں ۞ مَسکن اَور اُس کا خیمہ اَور اُس کا غِلاف اَور اُس
کے حلقے اَور اُس کے تختے اَور اُس کے بینڈے۔ اُس کے ستُون
۱۲ اَور اُس کے پائے ۞ اَور صندُوق اَور اُس کی چوبیں اَور رحم گاہ
۱۳ اَور پردہ ۞ اَور میز اَور اُس کی چوبیں اَور اُس کے سب برتن اَور
۱۴ حضُوری کی روٹیاں ۞ اَور روشنی کے لئے شمع دان اَور اُس کے
۱۵ برتن اَور چراغ اَور شمع دان کا تیل ۞ اَور بخُور کی قُربان گاہ اَور
اُس کی چوبیں اَور مَسح کرنے کا تیل اَور خُوشبُودار بخُور اَور مَسکن
۱۶ میں داخِل ہونے کے دروازہ کا پردہ ۞ اَور سوختنی قُربانی کا مذبح
اَور اُس کے لئے پیتل کا آتش دان اَور اُس کی چوبیں اَور اُس
۱۷ کے سب برتن اَور حوض اَور اُس کی چوکی ۞ اَور صحن کے پردے
اَور اُس کے ستُون اَور اُس کے پائے اَور صحن کے دروازہ کا
۱۸ پردہ ۞ اَور مَسکن اَور صحن کی میخیں اَور اُن دونوں کی رسّیاں ۞
۱۹ اَور خدمت کا لباس مَقدِس میں خدمت کرنے کے لئے اَور
ہارُون کاہن کے لئے مُقدّس لباس اَور اُس کے بیٹوں کے لئے
کہانت کا لباس ۞

۲۰،۲۱ تب ساری جماعت مُوسیٰ کے سامنے سے چلی گئی ۞ اَور وہ
آئے۔ ہر ایک، جس کی رُوح کی خُوشی ہُوئی اَور جس کے دِل
نے اُسے ترغیب دی خُداوند کے لئے حضُوری کے خیمہ کے واسطے
اَور اُس کی سب خدمت کے واسطے اَور مُقدّس لباس کے
۲۲ واسطے، نذرانہ لایا ۞ اَور مرد اَور عورتیں جن کے دِل کی خُوشی
ہُوئی، آئے۔ اَور کنگن اَور بالیاں اَور انگوٹھیاں اَور حمائلیں
سب سونے کے زیور لائے اَور سب جو آئے خُداوند کے لئے
سونے کا نذرانہ لائے ۞ اَور ہر ایک جس کے پاس بنفشی رنگ ۲۳
اَور ارغوانی رنگ اَور قِرمزی رنگ کا کپڑا اَور مہین کتان اَور بکری
کی پشم اَور مینڈھوں کی سُرخ رنگی ہُوئی کھالیں اَور تخس کی کھالیں
تھیں سب لے آئے ۞ اَور ہر ایک جس کے پاس چاندی اَور ۲۴
پیتل نذر کے لئے تھا۔ خُداوند کے لئے نذرانہ لایا۔ اَور ہر ایک
جس کے پاس سنط کی لکڑی کام میں آنے کے لائق تھی اُسے لایا ۞
اَور جتنی عورتیں محنتی تھیں۔ وہ اپنے ہاتھوں سے کات کات کر ۲۵
بنفشی اَور ارغوانی اَور قِرمزی رنگ کا سُوت اَور مہین کتان لائیں ۞
اَور جتنی عورتیں نیک نہاد اَور ماہر تھیں اُنہوں نے بکریوں کی پشم ۲۶
کاتی ۞ اَور جو رئیس تھے وہ سنگِ جزع اَور نگینے اِفود پر جڑنے ۲۷
کے لئے اَور سینہ پوش کے لئے ۞ اَور شمع دان اَور مَسح کے تیل ۲۸
اَور بخُور کے لئے خُوشبُوئیاں اَور تیل لائے ۞ اَور بنی اِسرائیل میں ۲۹
سے سب مرد یا عورتیں جن کے دِلوں نے اُنہیں اُبھارا کہ اِس
سب کام کے لئے چیزیں لائیں جن کی بابت خُداوند نے حُکم
دِیا تھا۔ کہ مُوسیٰ کے ہاتھ سے بنایا جائے، خُداوند کے لئے خُوشی
سے لائے ۞

اَور مُوسیٰ نے بنی اِسرائیل سے کہا۔ دیکھو! کہ خُداوند نے ۳۰
یہُوداہ کے قبیلہ میں سے بضلی ایل بن اُوری بن حُور کا نام لے
کر بُلایا ہَے ۞ اَور رُوحِ خُدا سے یعنی حِکمت اَور فہم۔ ہُنر اَور ۳۱
مہارت سے اُسے بھر دِیا ۞ تاکہ سونے اَور چاندی اَور پیتل ۳۲
کے کاموں کی تجاویز اِیجاد کرے ۞ اَور جواہرات کو جڑنے کے ۳۳
لئے رگڑے اَور لکڑی تراشے پس ہر طرح کی کاریگری میں نادِر
کام کرے ۞ اَور اُس کے دِل میں ڈال دِیا ہَے۔ کہ وہ اَور دان ۳۴
کے قبیلہ میں سے اُہلی آب بن اَخی سامک سکھائیں ۞ اَور ۳۵
اُن دونوں کے دِلوں میں حِکمت بھر دی ہَے۔ تاکہ وہ دونوں
سب کام کروائیں۔ نجّار کا۔ عاقِل مُصوّر کا اَور نقّاش کا جو بنفشی
اَور ارغوانی اَور قِرمزی رنگ کے کپڑوں اَور مہین کتان کا کام
کرتا ہَے اَور سب کام جُولاہے کا۔ پس وہ سب کام کاریگری
سے کروائیں اَور نئی چیزیں اِختراع کریں+

باب ۳۶

۱ پس بَضلی ایل اور اُہلی آب اور کُل مرد صاحبِ حِکمت جن کے دِلوں میں خُداوند نے حِکمت اور فہم بخشا۔ کہ وہ مَقدِس کے کام کی سب کاریگری کو سمجھیں۔ خُداوند کے حُکم کے مُطابق کام ۲ کرنے لگے ○ اور مُوسیٰ نے بَضلی ایل اور اُہلی آب اور تمام صاحبِ حِکمت مَردوں کو بُلایا جن کے دِلوں میں خُداوند نے حِکمت ڈالی۔ اور سب کو، جن کے دِلوں نے اُنہیں ترغیب دی۔ ۳ کہ کام کرنے کے لئے سامنے آئیں ○ تب اُنہوں نے سب نَذر کی چیزیں جو بنی اِسرائیل مَقدِس کی خدمت کے کاموں کے لئے لائے تھے۔ مُوسیٰ کے ہاتھ سے لیں۔ اور ہر صُبح کے وقت لوگ ہر ایک چیز جو اُن کے دِل میں آتا تھا لاتے تھے ○ ۴ تب سب عقلمند کاریگر جو مَقدِس کے سب کام کرتے تھے ہر ایک ۵ اپنے کام سے جو کرتا تھا، آئے ○ اور اُنہوں نے مُوسیٰ سے کہا۔ کہ اُس کام کے تمام کرنے کے لئے جس کا خُدا نے حُکم دِیا ۶ ہے۔ لوگ ضرُورت سے زیادہ چیزیں لاتے ہیں ○ تب مُوسیٰ نے حُکم دِیا۔ کہ خیمہ گاہ میں مُنادی کی جائے اور کہا جائے کہ اَب سے کوئی مَرد یا عورت مَقدِس کی نَذر کے واسطے کُچھ نہ ۷ لائے۔ تب لوگ نَذر لانے سے رُکے ○ کیونکہ جو کُچھ لایا گیا تھا۔ وہ سب کام بنانے کے لئے کافی بلکہ زیادہ تھا ○

۸ **مَسکن کے پردے۔ غلاف اور تختے** اور کام کرنے والوں میں سے جو صاحبِ حِکمت تھے مَسکن بنانے لگے۔ اُنہوں نے دس پردے مہین کتی ہُوئی کتان کے بنفشی اور اَرغوانی اور قِرمزی رنگ کے اور اُن پر مہارت سے کرُّوبیوں کی بنی ہُوئی صُورتیں ۹ بنائیں ○ ہر ایک پردہ کا طُول اُٹھائیس ہاتھ اور عرض چار ہاتھ۔ ۱۰ سب پردے اِسی ناپ کے تھے ○ اور پانچ پردے ایک دُوسرے کے ساتھ جوڑے۔ اور باقی پانچ پردے بھی ایک دُوسرے کے ۱۱ ساتھ جوڑے ○ اور ایک پردہ کے حاشِیہ میں مِلانے والی طرف میں بنفشی رنگ کے حلقے بنائے۔ اور ایسا ہی دُوسرے پردہ کے مِلانے والی طرف میں بنائے ○ ۱۲ اُنہوں نے پچاس حلقے ایک پردہ کے حاشِیہ میں اور پچاس حلقے دُوسرے پردہ کی مِلنے والی طرف میں بنائے ○ ۱۳ اور اُنہوں نے پچاس چھلّے سونے کے بنائے۔ اور چھلّوں سے پردوں کو ایک دُوسرے کے ساتھ جوڑ دِیا۔ تو ایک مَسکن بن گیا ○

۱۴ اور اُنہوں نے بکری کی پشم کے گیارہ پردے مَسکن کے اُوپر کے خیمہ کے لئے بنائے ○ ۱۵ ہر ایک پردہ کا طُول تیس ہاتھ اور عرض چار ہاتھ۔ گیارہ پردے ایک ہی ناپ کے تھے ○ ۱۶ اور پانچ پردے ایک دُوسرے کے ساتھ اور چھ پردے ایک دُوسرے کے ساتھ جوڑے ○ ۱۷ اور ایک پردہ کے حاشِیہ میں مِلانے والی طرف پچاس حلقے اور دُوسرے پردہ کے حاشِیہ میں مِلنے والی طرف پچاس حلقے بنائے ○ ۱۸ اور پیتل کے پچاس چھلّے جوڑنے کے لئے بنائے تو ایک خیمہ گاہ بن گیا ○ ۱۹ اور خیمہ کے اُوپر کے لئے ایک غِلاف مینڈھوں کی سُرخ رنگی ہُوئی کھالوں کا اور ایک غِلاف تخس کی کھالوں کا بنایا ○

۲۰ اور اُنہوں نے سَنط کی لکڑی کے کھڑے تختے مَسکن کے لئے بنائے ○ ۲۱ ہر ایک تختہ کا طُول دس ہاتھ اور عرض ڈیڑھ ہاتھ ○ ۲۲ اور ہر ایک تختہ کی دو چُولیں باہم مُقابِل دُوسرے کے ساتھ جوڑنے کے لئے بنائیں۔ مَسکن کے سب تختوں میں ایسا ہی بنایا ○ ۲۳ اور مَسکن کے جنُوبی طرف کے لئے بیس تختے بنائے ○ ۲۴ اور چالیس پائے چاندی کے بیس تختوں کے نیچے رکھنے کے لئے بنائے۔ دو پائے ہر ایک تختہ کی چُولوں کے لئے ○ ۲۵ اور مَسکن کی دُوسری جانِب شِمال کی طرف بیس تختے بنائے ○ ۲۶ اور چالیس پائے چاندی کے۔ ہر ایک تختہ کے لئے دو دو ○ ۲۷ مَسکن کی پِچھلی طرف مغرب کی جانِب چھ تختے بنائے ○ ۲۸ اور مَسکن کی پِچھلی طرف ہر ایک کونے میں دو تختے بنائے ○ ۲۹ اور دونوں نیچے سے برابر اُوپر کو پہلے حلقے تک جُڑے ہُوئے تھے۔ ایسا ہی دونوں کونوں میں تھا ○ ۳۰ پس وہاں آٹھ تختے اور اُن کے سولہ پائے چاندی کے تھے۔ ہر ایک تختہ کے نیچے دو دو پائے ○

۳۱ اور مَسکن کی ایک جانِب کے تختوں کے لئے سَنط کی لکڑی

۳۲ کے پانچ بینڈے بنائے○ اَور مَسکن کی دُوسری جانب کے تختوں کے لئے پانچ بینڈے۔ اَور پچھلی طرف مغرب کی جانب کے
۳۳ مَسکن کے تختوں کے لئے پانچ بینڈے○ اَور تختوں کے بیچ ایک درمیانی بینڈا بنایا۔ جو ایک سِرے سے دُوسرے سِرے تک
۳۴ پُہنچتا تھا○ اَور تختوں کو سونے سے مَڑھا۔ اَور بینڈوں کی جگہ کے لئے اُنہوں نے سونے کے حلقے بنائے۔ اَور بینڈوں کو سونے
۳۵ سے مَڑھا○ اَور بنفشی اَور ارغوانی اَور قِرمزی رنگ کے کپڑے اَور مہین کتی ہُوئی کتان کا ایک مُنقش پردہ اَور ہُنرمند کاریگری کی
۳۶ حِکمت سے کرُّوبیوں کی صُورتیں بنائیں○ اَور چار ستُون سَنَط کے بنائے اَور اُنہیں سونے سے مَڑھا اُن کے سر سونے کے تھے۔ اَور
۳۷ اُس کے لئے چار پائے چاندی کے ڈھالے○ اَور خَیمہ کے دروازہ کا پردہ بنفشی اَور ارغوانی اَور قِرمزی رنگ کے کپڑے اَور مہین
۳۸ کتی ہُوئی کتان کا مُنقش کاریگری سے بنایا○ اَور اُس کے پانچ ستُون اَور اُن کے سر بنائے۔ اَور اُن کے سروں اَور الگنیوں کو سونے سے مَڑھا۔ اَور اُن کے پانچ پائے پیتل کے بنائے+

باب ۳۷

صندُوقِ شہادت اَور اُس کی آرائش

۱ اَور بصل ایل نے سَنَط کی لکڑی کا صندُوق بنایا۔ اُس کا طُول اَڑھائی ہاتھ۔ عرض
۲ ڈیڑھ ہاتھ اَور بُلندی ڈیڑھ ہاتھ تھی○ اَور اندر اَور باہر اُسے خالِص سونے سے مَڑھا۔ اَور اُس کے گِرداگِرد سونے کا کلَس
۳ بنایا○ اَور اُس کے چار کونوں کے لئے چار حلقے سونے کے
۴ ڈھالے۔ دو حلقے ایک طرف اَور دو حلقے دُوسری طرف○ اَور سَنَط کی لکڑی کی دو چوبیں بنائیں۔ اَور اُنہیں سونے سے مَڑھا○
۵ اَور چوبوں کو صندُوق کے دونوں طرف کے حلقوں میں ڈالا۔
۶ تاکہ اُن سے اُٹھایا جائے○ اَور رحم گاہ خالِص سونے کی بنائی
۷ اُس کا طُول اَڑھائی ہاتھ اَور عرض ڈیڑھ ہاتھ○ اَور دو کرُّوبی
۸ سونے کے گھڑ کر رحم گاہ کی دونوں طرف بنائے○ ایک کرُّوبی ایک طرف اَور دُوسرا کرُّوبی دُوسری طرف رحم گاہ کی دونوں
۹ طرف دو کرُّوبی بنائے○ اَور کرُّوبی اُوپر کی طرف اپنے پروں کو پھیلائے ہُوئے رحم گاہ کو اپنے پَروں سے ڈھانپتے تھے۔ اَور دونوں آمنے سامنے ہوکر رحم گاہ کی طرف دیکھتے تھے○
۱۰ اَور میز سَنَط کی لکڑی کی بنائی۔ اُس کا طُول دو ہاتھ اَور عرض
۱۱ ایک ہاتھ اَور بُلندی ڈیڑھ ہاتھ○ اَور اُسے خالِص سونے سے
۱۲ مَڑھا۔ اَور اُس کے گِرداگِرد سونے کا کلَس بنایا○ اَور اُس پر چار اُنگل اُونچی ایک کنگنی اِردگِرد بنائی اَور اُس کنگنی پر گِرداگِرد
۱۳ ایک کلَس سونے کا بنایا○ اَور اُس نے اُس کے لئے چار حلقے سونے کے گھڑے۔ اَور اُنہیں چاروں پاؤں کے چاروں کونوں میں
۱۴ لگایا○ اَور یہ حلقے کنگنی کے سامنے دو چوبوں کے لئے تھے۔ تاکہ میز
۱۵ اُٹھائی جائے○ اَور دو چوبیں سَنَط کی لکڑی کی بنائیں اَور اُنہیں
۱۶ سونے سے مَڑھا۔ تاکہ اُن سے میز اُٹھائی جائے○ اَور اُس نے میز کے برتن یعنی تپاوَنوں کے اُنڈیلنے کے لئے خوانچے اَور کٹورے اَور آفتابے اَور پیالے خالِص سونے کے بنائے○
۱۷ اَور شمع دان خالِص سونے کا بنایا۔ اُسے گھڑ کر بنایا۔ اَور اُس کے پائے اَور اُس کی شاخیں۔ اَور اُس کے پیالے اَور
۱۸ کلیاں اَور پھُول۔ سب ایک ٹکُڑے کے○ اَور اُس کی دونوں اطراف سے چھ شاخیں نِکلتی تھیں۔ تین شاخیں ایک جانب
۱۹ اَور تین شاخیں دُوسری جانب○ ایک شاخ میں تین بادامی شکل کے پیالے مع اپنی کلیوں اَور پھُولوں کے تھے۔ اَور دُوسری شاخ میں تین بادامی شکل کے پیالے مع اپنی کلیوں اَور پھُولوں کے تھے۔ اَور ایسا ہی چھیُوں شاخوں میں جو شمع دان سے نِکلتی تھیں○
۲۰ اَور شمع دان میں چار پیالے بادامی شکل کے مع اپنی کلیوں اَور
۲۱ پھُولوں کے تھے○ اَور پہلی دو شاخوں کے نیچے ایک کلی تھی۔ اَور دُوسری دو شاخوں کے نیچے ایک کلی تھی۔ اَور باقی دو شاخوں کے نیچے ایک کلی تھی۔ چھیُوں شاخوں کے لئے جو اُس سے نِکلتی
۲۲ تھیں○ اُس کی کلیاں اَور شاخیں ایک ٹکُڑے کی تھیں۔ سب
۲۳ خالِص سونے کے ایک ٹکُڑے سے گھڑی ہُوئی تھیں○ اَور اُس کے لئے سات چراغ اَور اُس کے گُلگیر اَور اُس کی رِکابیاں خالِص
۲۴ سونے کی بنائیں○ اُسے مع اُس کے برتنوں کے ایک قنطار خالِص

سونے سے بنایا۝
۲۵ اَور بخُور کی قُربان گاہ سَنط کی لکڑی کی بنائی۔ اُس کا طُول
ایک ہاتھ اَور عرض ایک ہاتھ مُربّع۔ اَور اُس کی بُلندی دو
۲۶ ہاتھ۔ اَور اُس کے سِینگ اُس میں سے نِکلتے تھے۝ اَور خالِص
سونے سے اُسے مَڑھا۔ اُس کی جھنجری کی اَور اُس کی گِرد کی
دِیواروں کو اَور اُس کے سِینگوں کو اَور اُس کے لئے سونے کا
۲۷ کلس اُس کے گِرداگِرد بنایا۝ اَور اُس کے کلَس کے نِیچے دونوں
طرف سونے کے دو حلقے چوبیں ڈالنے کے لئے بنائے۔ تاکہ وہ
۲۸ اُن سے اُٹھایا جائے۝ اَور دو چوبیں سَنط کی لکڑی کی بنائیں اَور
۲۹ اُنہیں سونے سے مَڑھا۝ اَور مَسح کرنے کا پاک تیل اَور خُوشبُوئیوں
کا بخُور عطار کے ہُنر کے مُطابق بنایا+

باب ۳۸

۱ مَسکَن کی باقی آرائش
اَور اُس نے سوختنی قُربانی کا مَذبح
سَنط کی لکڑی سے بنایا۔ اُس کا طُول پانچ ہاتھ عرض پانچ ہاتھ
۲ مُربّع اَور اُس کی بُلندی تین ہاتھ۝ اَور اُس کے چاروں کونوں
پر سِینگ بنائے۔ سِینگ اُس میں سے نِکلتے تھے۔ اَور اُنہیں
۳ پِیتل سے مَڑھا۝ اَور مَذبح کے سب ظُرُوف بنائے۔ دیگیں اَور
پھاوَڑیاں اَور پیالے اَور سیخیں اَور انگیٹھیاں یہ سب ظُرُوف
۴ پِیتل کے بنائے۝ اَور مَذبح کا آتِش دان جالی دار پِیتل کا
۵ بنایا۔ جو کناروں سے نِیچے آدھی دُور تک تھا۝ اَور پِیتل کے
آتِش دان کے چاروں کونوں میں چار حلقے چوبوں کے لئے
۶ گھڑ کر بنائے۝ اَور سَنط کی لکڑی کی دو چوبیں بنائیں اَور اُنہیں
۷ سونے سے مَڑھا۝ اَور مَذبح کی دونوں طرف کے حلقوں میں
چوبیں ڈالیں۔ تاکہ اُن سے اُٹھایا جائے اَور وہ تختوں سے
۸ کھوکھلا بنا ہُوا تھا۝ اَور حوض اَور اُس کی چوکی پِیتل کی بنائی۔ اُن
عورتوں کے آئینوں سے جو حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ پر
خدمت کرتی تھیں۝
۹ اَور اُس نے صحن بنایا۔ اُس کے پردے جنُوب کی جانِب
مہین کتی ہُوئی کتان کے ایک سَو ہاتھ کے تھے۝ اَور اُس کے ۱۰
بیس ستُون اَور بیس پائے پِیتل کے تھے۔ اَور ستُونوں کے سر
اَور اَلگنیاں چاندی کی تھیں۝ اَور شِمال کی جانِب ایک سَو ۱۱
ہاتھ۔ اُس کے بیس ستُون اَور بیس پائے پِیتل کے۔ اَور
ستُونوں کے سر اَور اَلگنیاں چاندی کی۝ اَور مغرب کی جانِب ۱۲
کے پردے پچاس ہاتھ۔ اُس کے دس ستُون اَور دس پائے اَور
ستُونوں کے سر اَور اَلگنیاں چاندی کی۝ اَور مشرق کی جانِب ۱۳
پچاس ہاتھ۝ اُس کی ایک طرف کے پردے پندرہ ہاتھ کے۔ ۱۴
اُس کے تین ستُون اَور اُس کے تین پائے۝ اَور دُوسری طرف ۱۵
صحن کے دروازہ کے اِدھر اُدھر پندرہ ہاتھ کے پردے تھے۔
اُس کے تین ستُون اَور تین پائے۝ اَور صحن کے گِرداگِرد کے ۱۶
سب پردے باریک کتی ہُوئی کتان کے تھے۝ اَور ستُونوں کے ۱۷
پائے پِیتل کے اَور ستُونوں کی اَنکڑیاں اَور اَلگنیاں چاندی کی اَور اُن
کے سِرے چاندی سے مَڑھے ہُوئے۔ اَور صحن کے سب ستُون
چاندی کی اَلگنیوں سے مِلے تھے۝ اَور صحن کے دروازے کا ۱۸
پردہ بنفشی رنگ اَور اَرغوانی رنگ اَور قِرمزی رنگ کے کپڑے
اَور بارِیک کتی ہُوئی کتان کا مُنقش تھا۔ اُس کا طُول بیس ہاتھ
اَور اُونچائی پانچ ہاتھ صحن کے پردوں کے ناپ کے مُطابق تھی۝
اَور اُس کے چار ستُون اَور چار پائے پِیتل کے تھے۔ اَور اُن کی ۱۹
اَنکڑیاں چاندی کی، اَور اُن کے سِرے اَور اَلگنیاں چاندی سے
مَڑھی ہُوئی تھیں۝ اَور مَسکَن کی اَور صحن کے گِرداگِرد کی سب ۲۰
سیخیں پِیتل کی تھیں۝
یہ ہَے اُن چیزوں کا شُمار جو مَسکَن شہادت کے لئے اِستعمال کی ۲۱
گئیں۔ اِتامار بِن ہارُون کاہِن کی ہدایت سے مُوسیٰ کے حُکم
کے مُطابق لاویوں نے بنائیں۝ اَور یہُوداہ کے قبیلہ میں سے ۲۲
بضلی ایل بِن اُوری بِن حُور نے وہ سب کُچھ جو خُدا نے مُوسیٰ
کو حُکم دِیا، بنایا۝ اَور اُس کے ساتھ دان کے قبیلہ میں سے ۲۳
اُہلی آب بِن اخی سامک تھا۔ جو ترکھان اَور قابِل کندہ کار اَور
بنفشی اَور اَرغوانی اَور قِرمزی رنگ کے کپڑے اَور مہین کتان کا
نقّاش تھا۝ اَور سب سونا جو مَقدِس کے سب کام میں خرچ ہُوا، ۲۴

نذرانہ کا سونا تھا۔ اَور وہ اُنتیس قنطار اَور سات سَو تیس مِثقال
۲۵ مَقدِس کے مِثقال کے مُطابِق تھا۝ اَور اُن کی چاندی جِن کا
جماعت میں سے شُمار کیا گیا تھا۔ ایک سَو قنطار اَور ایک ہزار
۲۶ سات سَو پچھتر مِثقال مَقدِس کے مِثقال کے مُطابِق تھی۝ اَور
ہر مَرد کا حِصّہ ایک بِیکا یعنی مَقدِس کے حِساب کے مُطابِق آدھا
مِثقال تھا۔ یعنی ہر ایک آدمی کا جو مردم شُماری میں گِنا گیا بیس
برس اَور اِس سے زیادہ کا۔ کُل چھ لاکھ تین ہزار ساڑھے پانچ
۲۷ سَو مَرد۝ پس چاندی جس سے مَقدِس کے پائے اَور پردے
کے پائے ڈھالے گئے سَو قنطار تھی۔ اَور سَو پائے تھے۔ چُنانچہ
۲۸ ایک قنطار سے ایک پایہ تھا۝ اَور ایک ہزار سات سَو پچھتر مِثقال
سے اُس نے سُتُونوں کے سر بنائے اَور اُن کے سروں اَور اُنگنیوں
۲۹ کو مڑھا۝ اَور نذرانے کا پِیتل ستّر قنطار اَور دو ہزار چار سَو
۳۰ مِثقال ہُوا۝ اَور اُس نے اُس سے حضُوری کے خیمہ کے دروازہ
کے پائے اَور پِیتل کا مذبح اَور اُس کا پِیتل کا آتش دان اَور مذبح
۳۱ کے سب ظرُوف۝ اَور صحن کے گرداگرد کے پائے اَور صحن کے
دروازہ کے پائے اَور مَسکن کی سب میخیں اَور صحن کے گرداگرد
کی میخیں بنائیں+

باب ۳۹

۱ کاہنوں کے لباس اَور اُنہوں نے مَقدِس کی خدمت کے
لئے خدمت کا لباس بنفشی اَور ارغوانی اَور قِرمزی رنگ کا بنایا۔
اَور جیسا خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا تھا، مُقدّس لباس ہارُون
۲ کے لئے بنایا۝ اَور اُنہوں نے بنفشی اَور ارغوانی اَور قِرمزی رنگ کے
۳ کپڑے اَور بارِیک کتی ہُوئی کتان سے اِفود بنایا۝ اَور اُنہوں نے
سونے کے بارِیک بارِیک پتّر بنائے اَور اُن سے تاریں کاٹیں۔
تا کہ اُنہیں بنفشی اَور ارغوانی اَور قِرمزی رنگ کے کپڑے اَور بارِیک
۴ کتان کے ساتھ کاریگری سے بُنیں۝ اَور اُس کے لئے دونوں
۵ طرف دو کندھے مِلے ہُوئے بنائے کہ وہ مِلے رہیں۝ اَور اِفود
پر کا پٹکا، جس سے وہ باندھا جاتا تھا ایک ٹُکڑے کا تھا۔ اَور سونے
اَور بنفشی اَور ارغوانی اَور قِرمزی رنگ کے کپڑے اَور مہین کتان
۶ کا تھا۔ جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم فرمایا تھا۝ اَور جزع کے
نگینے تیّار کئے جو سونے کے خانوں میں جڑے گئے۔ اَور اُن
پر خاتم کے نقش کی طرح بنی اِسرائیل کے نام کندہ کئے گئے۝
۷ اَور اُنہیں اِفود کے ہر دو تسمۂ دوش پر لگایا۔ کہ بنی اِسرائیل کے
لئے یاقُوتِ یادگار ہوں۔ جیسا خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمایا تھا۝
۸ اَور سینہ پوش جو عاقِل کاریگر کا کام تھا اِفود کے کام کی طرح
سونے اَور بنفشی اَور ارغوانی اَور قِرمزی رنگ اَور مہین کتی ہُوئی
۹ کتان کا بنایا۝ اُنہیں اُنہوں نے مُربّع دوہرا بنایا۔ اُس کا طُول
۱۰ ایک بالِشت اَور عرض ایک بالِشت دوہرا۝ اَور اُس میں چار
سطریں نگینوں کی جڑیں۔ پہلی سطر میں لعل اَور یاقُوتِ زرد اَور
۱۱،۱۲ زُمُرّد۝ دُوسری سطر میں شبِ چراغ نیلم اَور یشم۝ تیسری سطر میں
۱۳ فیرُوزہ اَور عقیق اَور یاقُوتِ ارغوانی۝ چوتھی سطر میں زبرجد اَور
۱۴ جزع اَور یشب۔ اَور جڑنے میں سونا اُن کے گرد لگایا گیا۝ اَور
یہ نگینے بنی اِسرائیل کے ناموں کے مُطابِق تھے۔ اُن کے مُطابِق
وہ بارہ تھے اَور خاتم کے نقش کی طرح ایک ایک نگینہ پر ایک
۱۵ ایک قبیلہ کا نام کندہ تھا۝ اَور سینہ پوش کے لئے سونے کی
۱۶ زنجیریں رسّی کی طرح گُندھی ہُوئی بنائیں۝ اَور دو حلقے سونے
کے بنائے۔ اَور حلقے سینہ پوش کے اُوپر کی دونوں طرف لگائے۝
۱۷ اَور سونے کی زنجیریں سینہ پوش کے اُوپر کی طرف کے حلقوں
۱۸ سے لٹکائیں۝ اَور زنجیروں کے دُوسرے کنارے دونوں خانوں
سے لٹکائے۔ اَور اُنہیں اِفود کے ہر دو تسمۂ دوش پر آگے کی
۱۹ طرف رکھا۝ اَور دو حلقے سونے کے بنائے۔ اَور اُنہیں سینہ
پوش کے نیچے کی دونوں طرف اُس حاشیہ میں جو اندر سے اِفود
۲۰ کی جانِب تھا لگایا۝ پھر دو اَور حلقے سونے کے بنائے۔ اَور اُنہیں
اِفود کے کندھوں پر نیچے سے آگے اُن کے جوڑ کے مُقابِل اِفود
۲۱ کے پٹکے کے اُوپر لگایا۝ اَور سینہ پوش کو اُس کے دونوں حلقوں
سے اِفود کے حلقوں کی طرف بنفشی رنگ کے فیتے سے لٹکایا۔
تا کہ اِفود کے پٹکے کے اُوپر رہے اَور سینہ پوش اِفود سے نہ ہٹے۔
جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم فرمایا تھا۝

۲۴،۲۲ اَور اِفود کا جُبّہ بُن کر پُورا بنفشی رنگ کا بنایا○ اَور سر کا
گِریبان زِرہ کے گِریبان کی طرح اُس کے درمیان میں تھا۔
۲۴ اَور گِریبان کے گِرد حاشِیہ تھا، تاکہ نہ پھٹے○ اَور اُس کے
دامنوں کے لئے بنفشی اَور اَرغوانی اَور قِرمزی رنگ کے کپڑے
۲۵ اَور مہین کتی ہُوئی کتان سے انار بنائے○ اَور خالِص سونے
کی گھنٹیاں بنائیں اَور جُبّہ کے گھیر میں اُس کے دامنوں میں
۲۶ اناروں کے درمیان گھنٹیاں لگائیں○ جُبّہ کے گھیر کے دامنوں
میں جو خدمت کے لئے تھا۔ ایک گھنٹی اَور ایک انار پھر ایک گھنٹی
اَور ایک انار لگایا۔ جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰؔ کو حُکم دِیا تھا○
۲۷ اَور مہین کتان کے بُنے ہُوئے کُرتے ہارُونؔ اَور اُس کے
۲۸ بیٹوں کے لئے بنائے○ اَور عمامہ مہین کتان سے اَور آراستہ
دستاریں مہین کتان سے اَور سفید پاجامے بارِیک کتی ہُوئی
۲۹ کتان کے بنائے○ اَور کمر بند مہین کتی ہُوئی کتان کا اَور بنفشی
اَور اَرغوانی اَور قِرمزی رنگ کا مُنقّش بنایا۔ جیسا کہ خُداوند نے
مُوسیٰؔ کو حُکم دِیا تھا○
۳۰ اَور طَبقِ مُقدّس کا پتّر خالِص سونے سے بنایا۔ اَور اُس پر
خاتم کے نقش کے طور پر یہ کندہ کِیا۔ ”خُداوند کے لئے مخصُوص“○
۳۱ اَور اُس پر بنفشی رنگ کا فیتا لگایا۔ تاکہ عمامہ کے اُوپر رہے۔
جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰؔ کو حُکم دِیا تھا○
۳۲ پس حضُوری کے خَیمہ کے مَسکِن کا سب کام مُکمل ہُوا۔ اَور
سب کُچھ جو خُداوند نے مُوسیٰؔ کو حُکم دِیا تھا۔ کہ یُوں بنانا،
۳۳ بنی اِسرائیل نے بنایا○ اَور وہ مَسکِن کو مُوسیٰؔ کے پاس لائے۔
خَیمہ اَور سب ظُرُوف۔ اُس کے اَنکڑے اَور تختے اَور بینڈے
۳۴ اَور ستُون اَور پائے○ اَور مینڈھوں کی سُرخ رنگی ہُوئی کھالوں
۳۵ کا غِلاف اَور تخس کی کھالوں کا غِلاف اَور پردہ○ اَور صندُوقِ شہادت
۳۶ اَور اُس کی چوبیں اَور رحم گاہ○ اَور میز اَور اُس کے سب برتن
۳۷ اَور حضُوری کی روٹی○ اَور پاک شمعدان اَور اُس کے چراغ۔
چراغ اُس پر رکھّے ہُوئے اَور اُس کے سب برتن اَور شمعدان
۳۸ کے لئے تیل○ اَور سونے کی قُربان گاہ اَور مَسح کرنے کا تیل اَور
۳۹ خُوشبُودار بخُور اَور خَیمہ کے دروازہ کا پردہ○ اَور پیتل کا مذبح
اَور اُس کا پیتل کا آتِش دان اَور اُس کی چوبیں اَور اُس کے
۴۰ سب برتن اَور حوض اَور اُس کی چوکی○ اَور صحن کے پردے اَور
اُس کے ستُون اَور اُس کے پائے اَور اُس کے دروازہ کا پردہ
اَور اُس کی رَسیاں اَور میخیں اَور حضُوری کے خَیمہ کے لئے مَسکِن
۴۱ بنانے کا کُل سامان○ اَور خدمت کا لباس، مَقدِس کی خدمت
کرنے کے لئے اَور ہارُونؔ کاہِن کا پاک لباس اَور کہانت
۴۲ کے لئے اُس کے بیٹوں کا لباس○ جیسا خُداوند نے مُوسیٰؔ کو حُکم
۴۳ دِیا تھا۔ بنی اِسرائیل نے سب کام اُس کے مُطابِق بنایا○ اَور
مُوسیٰؔ نے سب کام پر نظر کی اَور دیکھا۔ کہ اُنہوں نے سب کُچھ
خُداوند کے حُکم کے مُطابِق بنایا ہے۔ تب مُوسیٰؔ نے اُنہیں
برکت دی+

باب ۴۰

قیامِ مَسکِن

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰؔ سے کلام کر کے فرمایا○
۲ کہ پہلے مہینے کی پہلی تارِیخ کو حضُوری کے خَیمہ کا مَسکِن کھڑا
۳ کر○ اَور اُس کے اندر صندُوقِ شہادت رکھّ۔ اَور صندُوق پر
۴ پردہ چھوڑ دے○ اَور میز اُس کے اندر رکھّ اَور اُس پر اُس کا سامان
ترتیب وار رکھّ۔ اَور شمعدان اندر رکھّ اَور چراغ اُس پر لگا○
۵ اَور بخُور جلانے کے لئے سونے کی قُربان گاہ صندُوقِ شہادت
۶ کے سامنے رکھّ اَور مَسکِن کے دروازہ کا پردہ لگا○ اَور حضُوری
کے خَیمہ کے مَسکِن کے دروازہ کے آگے سوختنی قُربانی کا مذبح
۷ رکھّ○ اَور حوض کو حضُوری کے خَیمہ اَور مذبح کے درمیان رکھ
۸ اَور اُس میں پانی ڈال○ اَور صحن کو گِرداگِرد کھڑا کر اَور صحن کے
۹ دروازہ پر پردہ لگا○ تب مَسح کا تیل لے اَور مَسکِن کو اَور سب کُچھ
کو، جو اُس کے اندر ہے مَسح کر اَور اُسے اَور اُس کے سارے ظُرُوف
۱۰ کو پاک کر۔ کہ وہ مُقدّس ہو جائے○ اَور سوختنی قُربانی کے مذبح
کو اَور اُس کے سب برتنوں کو مَسح کر۔ اَور مذبح کو پاک کر۔ تو
۱۱ وہ نہایت مُقدّس ہوگا○ اَور حوض اَور اُس کی چوکی کو مَسح کر اَور
۱۲ اُسے پاک کر○ تب ہارُونؔ اَور اُس کے بیٹوں کو حضُوری کے

۱۳ خیمہ کے دروازہ کے آگے لا۔ اَور اُنہیں غُسل دِلا○ اَور ہارُون
کو مُقدّس لباس پہنا اَور اُسے مَسح کر اَور پاک کر۔ تاکہ میرے
۱۴ لئے کہانت کا کام کرے○ اَور اُس کے بیٹوں کو آگے لا۔ اَور
۱۵ اُنہیں کُرتے پہنا○ اَور جیسا تُو نے اُن کے باپ کو مَسح کِیا۔
ویسا ہی اُنہیں بھی مَسح کر۔ تاکہ وہ میرے کاہن ہوں اَور اُن کا
۱۶ مَسح اُن کے لئے پُشت در پُشت ہمیشہ کی کہانت ہوگا○ تب
مُوسیٰ نے سب کُچھ جو خُدا نے اُسے فرمایا تھا ویسا ہی کِیا○
۱۷ اَور یُوں ہُؤا۔ کہ دُوسرے سال کے پہلے مہینے کی پہلی
۱۸ تاریخ کو مَسکِن کھڑا کِیا گیا○ مُوسیٰ نے اُسے کھڑا کِیا۔ اُس کے
پائے لگائے اَور اُن پر اُس کے تختے رکھّے اَور اُس کے بینڈے لگائے
۱۹ اَور ستُون کھڑے کئے○ تب اُس نے مَسکِن کے اُوپر خیمہ کھینچا
اَور اُوپر اُس پر غلاف ڈالا۔ جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمایا
۲۰ تھا○ تب اُس نے شہادت کو لیا اَور صندُوق کے اندر رکھّا۔ اَور
۲۱ اُس پر چوبیں لگائیں۔ اَور اُوپر صندُوق پر رحم گاہ رکھّی○ تب
صندُوق کو مَسکِن کے اندر لے گیا۔ اَور پردہ چھوڑ دِیا اَور صندُوقِ
شہادت کو نظر سے چُھپایا۔ جیسا کہ خُداوند نے اُسے فرمایا تھا○
۲۲ اَور حضُوری کے خیمہ میں مَسکِن کے شِمال کی جانِب پردہ سے
۲۳ باہر میز رکھّی○ اَور اُس پر روٹیوں کو ترتیب سے خُداوند کے
۲۴ سامنے رکھّا جیسا خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا تھا○ اَور حضُوری کے
خیمہ کے اندر شمعدان کو مَسکِن کی جنُوبی جانِب میز کے مُقابل
۲۵ رکھّا○ اَور خُداوند کے سامنے چراغ روشن کئے۔ جیسا خُداوند
۲۶ نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا تھا○ تب سونے کی قُربان گاہ حضُوری کے
۲۷ خیمہ کے اندر پردہ کے آگے رکھّی○ اَور اُس پر خُوشبُودار بخُور
۲۸ جلایا۔ جیسا کہ خُداوند نے اُسے فرمایا تھا○ تب اُس نے مَسکِن
۲۹ کے دروازہ کا پردہ لگایا○ اَور سوختنی قُربانی کا مَذبح حضُوری کے
خیمہ کے دروازہ کے قریب رکھّا اَور اُس پر سوختنی قُربانی اَور
۳۰ نذر چڑھائی۔ جیسا کہ خُداوند نے اُسے حُکم دِیا تھا○ اَور حوض کو
حضُوری کے خیمہ اَور مَذبح کے مابین رکھّا۔ اَور اُس میں پانی
۳۱ ڈالا○ اُس سے مُوسیٰ اَور ہارُون اَور اُس کے بیٹوں نے اپنے
۳۲ ہاتھ اَور اپنے پاؤں دھوئے○ تب وہ حضُوری کے خیمہ کے اندر
اَور مَذبح کے آگے گئے۔ جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا
۳۳ تھا○ پھر مَسکِن اَور مَذبح کے گِرد صحن کھڑا کِیا۔ اَور صحن کے
دروازہ پر پردہ لگایا۔ اَور مُوسیٰ نے کام تمام کِیا○
۳۴ تب بادل حضُوری کے خیمہ پر چھا گیا۔ اَور مَسکِن خُداوند
۳۵ کے جلال سے معمُور ہُؤا○ اَور مُوسیٰ حضُوری کے خیمہ میں داخِل
نہ ہو سکا۔ کیونکہ بادل اُس پر ٹھہرا ہُؤا تھا۔ اَور خُداوند کے جلال
۳۶ سے مَسکِن معمُور تھا○ اَور ایسا ہُؤا۔ کہ جب بادل مَسکِن پر سے
اُٹھ جاتا تو بنی اِسرائیل اپنی سب منزلوں میں روانہ ہو پڑتے○
۳۷ اَور اگر وہ نہ اُٹھتا۔ تو وہ روانہ نہ ہوتے جب تک کہ وہ اُٹھ نہ
۳۸ جاتا○ کیونکہ دِن کے وقت خُداوند کا بادل مَسکِن پر رہتا۔ اَور
رات کے وقت بادل میں آگ ہوتی۔ تمام بنی اِسرائیل کی نظر
میں اُن کی سب منزلوں میں یُوں ہی تھا+

اَحبار

اَحبار کی کتاب میں الٰہی پرستِش کی رسُومات، قوانین، کہانت، عیدیں، قُربانیوں اور عبادات کے دستُور درج ہیں۔ خُدا پاک ہے اور اپنے اِیمانداروں کو اپنی مانند پاکیزگی کی دعوت دیتا اور تقاضا کرتا ہے۔ کتاب کے دو بڑے حصے ہیں۔

ابواب ۱-۱۰ قُربانیاں اور کہانت	ابواب ۱۱-۲۷ پاکیزگی کے ضابطے

باب ۱

۱ **سوختنی قُربانی** اَور خُداوند نے مُوسیٰؑ کو بُلایا۔ اَور حضُوری کے ۲ خَیمہ سے اُس سے کہا ○ کہ بنی اِسرائیل سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ کہ ہر شخص جو تُم میں سے خُدا کے لئے چوپایوں میں سے ۳ قُربانی لائے۔ تو گائے بَیل یا بھیڑ بکری کی قُربانی لائے ○ اگر اُس کی گائے بَیل کی قُربانی سوختنی ہو۔ تو بے عیب نَر ہو۔ اُسے حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ کے پاس لائے۔ تاکہ خُداوند کے ۴ آگے منظُورِ نظر ہو ○ اَور سوختنی قُربانی کے سر پر اپنا ہاتھ رکھّے۔ ۵ اَور اُس سے وہ کفّارہ کے لئے مقبُول کی جائے گی ○ بعد ازاں وہ خُدا کے سامنے اُس بچھڑے کو ذَبح کرے۔ اَور ہارُونؔ کے بیٹے جو کاہِن ہیں خُون کو لیں اَور اُسے مذبح پر جو حضُوری کے خَیمہ کے پاس ہے گِرداگِرد چھِڑکیں ○ ۶ اَور وہ سوختنی قُربانی کی کھال کھینچے اَور اُس کے جوڑوں کے ٹُکڑے ٹُکڑے کرے ○ ۷ اَور ہارُونؔ کے بیٹے جو کاہِن ہیں مذبح پر آگ رکھیں اَور اُس پر لکڑی ترتیب سے چُنیں ○ ۸ اَور ہارُونؔ کے بیٹے جو کاہِن ہیں اُس کے کٹے ہوئے ٹُکڑوں کو اَور سر کو اَور چربی کو آگ پر جو مذبح پر ہے ترتیب سے رکھّ دیں ○ ۹ اَور اُس کی اَنتڑیاں اَور اُس کے پاؤں پانی سے دھوئے جائیں۔ اَور کاہِن سب کُچھ مذبح پر جلائے۔ کہ یہ سوختنی قُربانی اَور خُداوند کی خُوشنُودی کے لئے آتشین خُوشبُو دار قُربانی ہوگی ○

۱۰ اَور اگر اُس کی قُربانی بھیڑ یا بکری کے گلّے سے سوختنی قُربانی ہو۔ تو وہ بے عیب نَر لائے ○ ۱۱ اَور اُسے مذبح کے شِمال کی طرف خُداوند کے آگے ذَبح کرے اَور ہارُونؔ کے بیٹے جو کاہِن ہیں اُس کے خُون کو مذبح پر اُس کے گِرداگِرد چھِڑکیں ○ ۱۲ اَور وہ اُس کے جوڑوں کے ٹُکڑے ٹُکڑے کرے اَور اُس کا سر اَور چربی الگ کرے۔ اَور کاہِن اُنہیں مذبح کی آگ پر کی ترتیب سے چُنی ہوئی لکڑیوں پر رکھیں ○ ۱۳ اَور وہ اُس کی اَنتڑیاں اَور اُس کے پاؤں پانی سے دھوئے۔ اَور کاہِن اِن سب کو چڑھائے۔ اَور مذبح پر جلائے۔ کہ یہ سوختنی قُربانی اَور خُداوند کی خُوشنُودی کے لئے آتشین خُوشبُو دار قُربانی ہوگی ○

۱۴ اَور اگر اُس کی قُربانی خُداوند کے لئے سوختنی قُربانی پرندوں سے ہو۔ تو اُس کی قُربانی قُمریوں یا کبُوتر کے بچّوں

باب ۱:۱ عہدِ عتیق میں حسب ذیل قُربانیاں چڑھائی جاتی تھیں۔
(الف) سوختنی قُربانی جس میں ذَبیحہ آگ میں جلایا جاتا تھا۔
(ب) سلامتی کی قُربانی
(ج) تقصیر کی قُربانی
(د) خطا کی قُربانی
عہدِ عتیق کی سب قُربانیاں خُداوند یسُوع مسیح کی قُربانی کی پیشِ نِشان تھیں۔ (عبرانیوں باب ۹-۱۰) +

باب ۱:۳ ”سوختنی قُربانی وہ تھی جس میں سارا جانور آگ میں جلایا جاتا تھا۔ یعنی خُدا کے سامنے وہ اِس طرح گزرانا جاتا تھا کہ خُدا کی عِزّت اَور جلال کیلئے وہ سارے کا سارا اَبخرات بن کر اُوپر کو اُڑ جاتا تھا۔ اَور اِنسان کیلئے اِس میں سے کُچھ نہ بچتا تھا+

۱۵ کی ہوگی۝ تو کاہن اُسے مذبح پر چڑھائے۔ اَور اُس کا سر مروڑ دے۔ تب اُسے مذبح پر جلائے اَور اُس کا خُون مذبح ۱۶ کے کِنارے پر نچوڑے۝ اَور اُس کے پوٹے کو آلائش سمیت نِکال کر مذبح کے مشرق کی طرف راکھ کی جگہ پر ڈال دے۝ ۱۷ اَور اُس کے دونوں بازُوؤں کو چیرے۔ مگر الگ نہ کرے۔ اَور کاہن اُسے مذبح پر لکڑیوں کے اُوپر آگ پر جَلائے۔ کہ یہ سوختنی قُربانی اَور خُداوند کی خُوشنُودی کے لئے آتشین خوشبُودار قُربانی ہوگی+

باب ۲

۱ **طَعام کی قُربانی** اگر کوئی شخص نَذر کی قُربانی خُداوند کے لئے لائے تو اُس کی قُربانی میدہ کی ہو۔ تو اُس پر وہ تیل ڈالے ۲ اَور اُس کے اُوپر لُوبان رکھّے۝ اَور اُسے ہارُونؔ کے بیٹوں کے پاس جو کاہن ہَیں لائے۔ تو اُن میں سے ایک میدہ اَور تیل میں سے مع سب لُوبان کے مُٹھی بھر لے۔ اَور اُس کی یادگار کے لئے مذبح پر جلائے۔ کہ خُوشبُودار آتشین قُربانی ۳ خُداوند کے لئے ہو۝ اَور جو نَذر میں سے باقی رہے۔ وہ ہارُونؔ اَور اُس کے بیٹوں کا ہوگا۔ کیونکہ یہ خُداوند کی آتشین قُربانیوں کا پاک ترین حِصّہ ہے ۝

۴ اَور اگر تُو نَذر کی قُربانی تنُور کی پکی ہوئی چیز لائے تو تیل میں مَلے ہُوئے میدے کے فطِیری کُلچے اَور فطیری چپاتیاں ۵ تیل سے چُپڑی ہُوئی ہوں گی۝ اگر تیری نَذر کی قُربانی توے ۶ پر کی چیز ہو۔ تو وہ تیل میں مَلے ہُوئے فطِیری میدہ کی ہوگی ۝ تُو اُسے ٹُکڑوں میں توڑنا اَور اُس پر تیل ڈالنا۔ کیونکہ یہ نَذر کی قُربانی ہے۝ اگر تیری نَذر کی قُربانی کڑاہی کی چیز ہو۔ تو تیل میں ۷ مَلے ہُوئے میدہ کی بنائی جائے۝ اَور قُربانی جو تُو نے اِس طرح ۸ بنائی ہے۔ خُداوند کے لئے لا۔ اَور کاہن کے آگے رکھّ دے وہ اُسے لے کر مذبح پر چڑھائے۝ اَور کاہن اِس قُربانی میں ۹ سے کُچھ اُس کی یادگار کے لئے لے اَور اُسے مذبح پر جلائے۔ کہ خُوشبُودار آتشین قُربانی خُداوند کے لئے ہَے۝ اَور جو کُچھ ۱۰ قُربانی سے بچ رہے وہ ہارُونؔ اَور اُس کے بیٹوں کا ہوگا۔ کیونکہ وہ خُداوند کی آتشین قُربانیوں میں سے نہایت مُقدّس ہے۝

کوئی نَذر کی قُربانی جو تُم خُداوند کے لئے لاؤ، خمیر سے نہ ۱۱ بنائی گئی ہو۔ کیونکہ خمیر اَور شہد خُداوند کی آتشین قُربانی کے لئے جَلایا نہ جائے گا۝ تُم اُنہیں پہلے پھلوں کی قُربانیوں کی ۱۲ طرح لا سکتے ہو۔ پر وہ خُوشبُوئی کے لئے مذبح پر چڑھائی نہ جائیں۝ اَور تُو اپنی نَذر کی قُربانیوں کو نمک سے نمکین کرے گا۔ ۱۳ اَور تُو اپنی نَذر کی قُربانی کو نمک سے جو تیرے خُدا کا عہد ہے۔ خالی نہ رہنے دے گا۔ اپنی سب قُربانیوں کے ساتھ تُو نمک سامنے لائے گا۝

اگر تُو پہلے پھلوں میں سے خُداوند کے لئے نَذر کی قُربانی ۱۴ لائے تو اناج کی ہری بالیں آگ سے بُھونی ہُوئی اَور اُس کے کُوٹے ہُوئے دانے پہلے پھلوں کی قُربانی کی طرح لائے گا۝ اَور تُو اُس پر تیل ڈالے گا۔ اَور اُس پر لُوبان رکھّے گا کیونکہ وہ نَذر ۱۵ کی قُربانی ہے۝ تب کاہن اُس کی یادگار کے لئے دانوں میں سے ۱۶ اَور تیل میں سے کُچھ مع تمام لُوبان کے خُداوند کی آتشین قُربانی کے لئے جلائے گا+

باب ۳

۱ **سلامتی کی قُربانی** اگر اُس کی قُربانی سلامتی کا ذَبیحہ گائے

باب۲:۱ ''نَذر کی قُربانی'' عِبرانی زبان میں ''مِنحہ'' یعنی نَذرانہ۔ مِنحہ اُس نَذرانہ کی طرف اِشارہ کرتا ہے۔ جو کسی کی عِزّت میں پیش کیا جاتا ہے۔ (تکوین ۳۲:۱۸، ۴۳:۱۱) مُوسوی شریعت میں ''مِنحہ'' خاص گندم کی طرف اِشارہ کرتا ہے۔ جو آدمی کی خُوراک میں کام آتی ہے اَور بےخُون طور پر خُدا کی نَذر کیا جاتا ہے+

باب ۲:۱۳ ''نمک سے نمکین'' نمک وفاداری اور ثابت قدمی کی علامت ہے۔ اَور قُربانیوں پر اِس لئے ڈالا جاتا تھا کہ خُدا اور بنی اسرائیل کا باہمی عہد اَبد تک قائم رہے۔ (عدد ۱۸:۱۹، مرقس ۹:۴۹، کُلسیوں ۴:۶)+

باب ۳:۱ کا حاشیہ اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

بَیل میں سے ہوتو بے عیب نَر یا مادہ خُداوند کے آگے لائے ○
۲ اَور اپنا ہاتھ اپنے ذَبیحہ کے سر پر رکھّے۔ اَور حضُوری کے خَیمہ
کے دروازہ کے پاس اُسے ذَبح کرے اَور ہارُونؔ کے بیٹے جو
کاہِن ہیں اُس کے خُون کو مذبح پر اُس کے گِرداگِرد چِھڑکیں ○
۳ اَور سلامتی کے ذَبیحہ میں سے خُداوند کی آتِشین قُربانی کے لئے
یہ چیزیں لائے۔ چربی جو اَنتڑیوں کو ڈھانپتی ہے۔ اَور تمام
۴ چربی جو اَنتڑیوں پر ہے ○ اَور دونوں گُردے اَور چربی جو اُن
پر دونوں پہلوؤں میں ہے۔ اَور کلیجہ کی جِھلّی مع دونوں گُردوں
۵ کے جُدا کرے ○ اَور ہارُونؔ کے بیٹے اُنہیں مَذبح پر سوختنی قُربانی
پر لکڑیوں کے اُوپر جو آگ پر ہیں۔ جَلائیں کہ خُداوند کے لئے
خُوشبُودار آتِشین قُربانی ہو ○
۶ اَور اگر اُس کی قُربانی بھیڑ بکری میں سے خُداوند کے
۷ لئے سلامتی کا ذَبیحہ ہو۔ تو بے عیب نَر یا مادہ لائے ○ اَور اگر
۸ اُس کی قُربانی برّہ ہو۔ تو اُسے خُداوند کے سامنے لائے ○ اَور
اپنا ہاتھ ذَبیحہ کے سر پر رکھّے۔ اَور حضُوری کے خَیمہ کے سامنے
اُسے ذَبح کرے۔ اَور ہارُونؔ کے بیٹے اُس کا خُون مَذبح پر
۹ اُس کے گِرداگِرد چِھڑکیں ○ اَور سلامتی کے ذَبیحہ میں سے خُداوند
کی آتِشین قُربانی کے لئے یہ چیزیں لائے۔ اُس کی پُوری چربی
بھری دُم جِسے رِیڑھ سے جُدا کرے۔ اَور چربی جو اَنتڑیوں کو
۱۰ ڈھانپتی ہَے اَور تمام چربی جو اَنتڑیوں پر ہَے ○ اَور دونوں گُردے
اَور چربی جو اُن پر دونوں پہلوؤں میں ہَے۔ اَور کلیجہ کی جِھلّی کو
۱۱ مع دونوں گُردوں کے علیٰحدہ کرے ○ اَور کاہن اُنہیں مَذبح پر
جَلائے۔ کہ خُداوند کے لئے آتِشین قُربانی کا کھانا ہَے ○
۱۲ اَور اگر اُس کی قُربانی بکری ہو۔ تو اُسے خُداوند کے آگے
۱۳ لائے ○ اَور اُس کے سر پر اپنا ہاتھ رکھّے۔ اَور حضُوری کے خَیمہ
کے سامنے اُسے ذَبح کرے۔ اَور ہارُونؔ کے بیٹے اُس کے خُون
۱۴ کو مَذبح پر اُس کے گِرداگِرد چِھڑکیں ○ اَور اُس میں سے خُداوند
کی آتِشین قُربانی کے لئے لائے۔ چربی جو اَنتڑیوں کو ڈھانپتی
۱۵ ہَے۔ اَور تمام چربی جو اَنتڑیوں پر ہَے ○ اَور دونوں گُردے
اَور چربی جو اُن پر دونوں پہلوؤں میں ہَے اَور کلیجہ کی جِھلّی کو مع
۱۶ دونوں گُردوں کے جُدا کرے ○ اَور کاہِن اُنہیں مَذبح پر
جَلائے یہ آتِشین قُربانی کا کھانا خُوشبُو کے لئے ہَے۔ تمام چربی
۱۷ خُداوند کی ہے ○ تمہارے سب مَسکنوں میں تُمہاری پُشتوں کے
دوران میں یہ دائمی فرض ہوگا۔ کہ چربی اَور خُون تُم مت کھاؤ +

باب ۴

سہو کی قُربانی

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰؔ سے کلام کر کے فرمایا ○
۲ کہ بنی اِسرائیلؔ سے کہہ۔ کہ اگر کوئی شخص لاعِلمی سے کِسی ایسے
کام کے مُتعلق خطا کرے۔ جس کے نہ کرنے کا خُداوند نے
۳ حُکم دِیا ہے اَور وہ اُسے کر بیٹھے ○ اگر مَسح شُدہ کاہِن خطا کرے
اَور لوگ اُس کے سبب سے خطا کریں تو وہ اپنی خطا کے لئے جو
اُس نے کی ایک بے عیب بچھڑا خُداوند کے لئے خطا کی قُربانی
۴ کے طور پر پیش کرے ○ اُس بچھڑے کو خُداوند کے سامنے حضُوری
کے خَیمہ کے پاس لائے۔ اَور اُس کے سر پر اپنا ہاتھ رکھّے اَور
۵ خُداوند کے سامنے اُسے ذَبح کرے ○ اَور ممسُوح کاہِن بچھڑے
کے خُون میں سے کُچھ لے۔ اَور حضُوری کے خَیمہ میں آئے ○
۶ اَور کاہِن اُس میں اپنی اُنگلی ڈبوئے۔ اَور خُداوند کے سامنے
مَقدِس کے پردہ کے آگے سات دفعہ اُس میں سے چِھڑکے ○
۷ اَور کاہِن خُون میں سے خُوشبُودار بخُور کی قُربان گاہ کے سِینگوں

باب ۳:۱ ”سلامتی کا ذَبیحہ“ شُکرانے میں یا دُعا کی قبُولیت کے لئے گُزرانے جاتے تھے اُن کے بعض حِصّے آگ میں جَلائے جاتے تھے بعض حِصّے کاہِن اَور قُربانی گُزارننے والے اشخاص کھاتے تھے +

باب ۳:۱۷ ”چربی“ اِس سے وہ چربی مُراد ہَے۔ جو شریعت کے حکم سے مَذبح پر خُدا کے سامنے نَذر گُزرانی جاتی تھی۔ اَور نہ وہ چربی جو گوشت میں ہوتی تھی۔ اَور جِسے ہم عمُوماً کھاتے ہیں +

باب ۴:۲ ”لاعِلمی“ جس بات کو جاننا ہمارا فرض ہَے۔ اِس کی لاعِلمی گُناہ ہے۔ اَور ایسی قابلِ گرفت لاعِلمی کے لئے یہ قُربانیاں مُقرّر کی گئیں۔ جو اِس اَور آئندہ باب میں مذکُور رہَیں +

باب ۴:۵ یہ لہو مسیح کے خُون کا نمُونہ تھا۔ جو ہمارے گُناہوں کے لئے بہایا گیا اَور جس کو وہ خُود لے کر آسمان کے مَقدِس میں چڑھ گیا۔ (عبرانیوں ۹:۱۲) +

پر جوحضُوری کے خَیمہ میں ہیں خُداوند کے سامنے لگائے۔اَور بچھڑے کا باقی خُون سوختنی قُربانی کے مذبح کے پائے کے قریب جوحضُوری کے خَیمہ کے دروازے کے پاس ہَے۔اُنڈیل
۸ دے○اَورخطا کے بچھڑے کی یہ چیزیں اُس سے جُدا کرے۔ ساری چربی جو اَنتڑیوں کو ڈھانپتی ہَے۔اَور ساری چربی جو
۹ اُن پر ہے○ اَور دونوں گُردے اَور اُن پر کی چربی جو دونوں پہلُوؤں میں ہَے۔اَور کلیجہ کی جِھلّی کو مع دونوں گُردوں کے
۱۰ الگ کرے○جس طرح سے کہ سلامتی کے ذَبیحہ کے بَیل سے جُدا کی جاتی ہَے۔اَور کاہِن سے سوختنی قُربانی کے مذبح پر
۱۱ جَلائے○اَور بچھڑے کی کھال اَور اُس کا سب گوشت مع اُس کے سر اَور اُس کے کھُروں اَور اَنتڑیوں اَور اُس کی آلائش
۱۲ کے○اَور بچھڑے کا باقی سب کُچھ خَیمہ گاہ کے باہر پاک جگہ میں جہاں راکھ ڈالی جاتی ہَے لے جائے۔اَور لکڑیوں پر آگ سے جَلائے۔راکھ ڈالنے کی جگہ پر وہ جَلایا جائے○
۱۳ اگر بنی اِسرائیل کی تمام جماعت نے لاعِلمی سے خطا کی ہو۔اَور یہ جماعت کی آنکھوں سے چُھپی رہی کہ جماعت نے ایک ایسا کام کِیا جس کا کرنا خُدا نے منع کِیا ہَے۔تو وہ قصُور وار
۱۴ ٹھہرے گی○اَور جب یہ خطا جو اُنہوں نے کی ہَے۔اُنہیں معلُوم ہو جائے۔تو تمام جماعت خطا کے ذَبیحہ کے لئے ایک بچھڑا پیش کرے۔اَور اُسے حضُوری کے خَیمہ کے سامنے لائیں○
۱۵ اَور جماعت کے بزُرگ خُداوند کے سامنے اُس بچھڑے کے سر پر اپنے ہاتھ رکھیں اَور خُداوند کے آگے بچھڑا ذَبح کِیا
۱۶ جائے○اَور ممسُوح کاہِن بچھڑے کے خُون میں سے کُچھ حضُوری
۱۷ کے خَیمہ میں لائے○اَور کاہِن اپنی اُنگلی اُس میں ڈبوئے اَور
۱۸ خُداوند کے سامنے پردہ کے آگے سات دفعہ چِھڑکے○اَور اُس میں سے مذبح کے سِینگوں پر جو حضُوری کے خَیمہ میں ہیں۔ خُداوند کے سامنے لگائے۔اَور باقی ماندہ خُون سوختنی قُربانی
کے مذبح کے پائے کے قریب جو حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ
۱۹ کے پاس ہَے اُنڈیل دے○اَور اُس کی سب چربی اُس سے
۲۰ جُدا کرے اَور مذبح پر جَلائے○اَور جیسا خطا کی قُربانی کے بچھڑے سے کِیا تھا۔ویسا ہی اِس کے ساتھ کرے اَور کاہِن
۲۱ اُن کے لئے کَفّارہ دے گا۔تو اُنہیں بخشا جائے گا○اَور بچھڑے کو خَیمہ گاہ سے باہر لے جائے اَور جیسے پہلے بچھڑے کو جَلایا تھا ویسا ہی اُسے جلائے کیونکہ یہ جماعت کی خطا کی قُربانی ہَے○
۲۲ اَور اگر کوئی سردار خطا کرے۔کہ لاعِلمی سے ایک ایسا کام کرے
۲۳ جس کا کرنا خُداوند خُدا نے منع کیا ہَے۔اَور گُنہگار ٹھہرے○تو جب وہ خطا جو اُس نے کی ہَے۔اُسے معلُوم ہو جائے۔تب وہ
۲۴ ایک بکری کا بے عیب نَر بچّہ اپنی قُربانی کے لئے لائے○اَور اپنا ہاتھ اُس کے سر پر رکھّے۔اَور اُسے خُداوند کے سامنے سوختنی قُربانی کے ذَبح کرنے کی جگہ میں ذَبح کرے۔کیونکہ یہ خطا کی
۲۵ قُربانی ہَے○تب کاہِن خطا کی قُربانی کے خُون میں سے کُچھ اپنی اُنگلی سے لے اَور سوختنی قُربانی کے مذبح کے سِینگوں پر لگائے۔اَور سوختنی قُربانی کے مذبح کے پائے کے پاس خُون
۲۶ اُنڈیل دے○اَور اُس کی سب چربی سلامتی کے ذَبیحہ کی چربی کی طرح مذبح پر جَلائے۔اَور اُس کے لئے کاہِن اُس کی خطا کا کَفّارہ دے گا۔تو اُسے بخشا جائے گا○
۲۷ اَور اگر سَرزمین کے عام لوگوں میں سے کوئی لاعِلمی سے خطا کرے اَور ایک ایسا کام کرے جس کا کرنا خُداوند نے منع کیا ہَے
۲۸ اَور مُجرم ٹھہرے○ پِھر جب وہ خطا جو اُس نے کی ہَے۔اُسے معلُوم ہو جائے تب وہ اپنی قُربانی کے لئے بے عیب بکریوں میں سے
۲۹ ایک بکری اپنی خطا کے لئے جو اُس نے کی ہے لائے○اَور خطا کی قُربانی کے سر پر اپنا ہاتھ رکھّے۔اَور سوختنی قُربانی کی جگہ
۳۰ میں خطا کی قُربانی کو ذَبح کرے○تب کاہِن اُس کے خُون میں سے کُچھ اپنی اُنگلی سے لے اَور سوختنی قُربانی کے مذبح کے سِینگوں پر لگائے اَور اُس کا باقی ماندہ خُون مذبح کے پائے کے پاس
۳۱ اُنڈیل دے○اَور اُس کی سب چربی جیسے کہ سلامتی کے ذَبیحہ کی چربی جُدا کی جاتی ہَے۔اُس سے جُدا کرے اَور کاہِن اُسے

باب ۴:۱۲ مُقدّس پولُوس اِس قُربانی کو خُداوند یسُوع مسیح کی قُربانی سے تشبیہہ دیتا ہے۔جس نے مُقدّس شہر کے پھاٹک سے باہر دُکھ اُٹھایا۔(عِبرانیوں ۱۳:۱۲)+
باب ۴:۱۶ ''ممسُوح کاہِن'' یا مَسح شُدہ کاہِن سے عموماً سردار کاہِن مُراد ہَے+

مذبح پر خُداوند کے واسطے عُمدہ خُوشبُو کے لئے جلائے اَور اُس کے لئے کاہِن کفّارہ دے گا تو اُسے بخشا جائے گا۞

۳۲ اَور اگر وہ اپنی قُربانی کے لئے خطا کی قُربانی بھیڑ پیش ۳۳ کرے تو بے عیب مادہ لائے۞ اور خطا کی قُربانی کے سر پر اپنا ہاتھ رکھّے اَور خطا کے لئے اُسے اُس جگہ میں ذبح کرے جہاں ۳۴ کہ سوختنی قُربانی ذبح کی جاتی ہے۞ تب کاہِن خطا کی قُربانی کے خُون سے کُچھ اپنی اُنگلی سے لے اَور سوختنی قُربانی کے مذبح کے سینگوں پر لگائے اَور مذبح کے پائے کے پاس اُس کا باقی ۳۵ ماندہ خُون اُنڈیل دے۞ اَور اُس کی سب چربی اُس سے جُدا کرے جیسے کہ سلامتی کے ذبیحہ کے برّہ کی چربی جُدا کی جاتی ہے۔ اَور کاہِن اُسے مذبح پر خُداوند کی آتشین قُربانیوں پر جلائے۔ اَور کاہِن اُس خطا کا جو اُس نے کی ہے کفّارہ دے گا۔ تو اُسے بخشا جائے گا+

باب ۵

۱ خطا کی قُربانی اَور اگر کوئی یہ خطا کرے کہ وہ گواہ ہو۔ اَور اُسے قسم دی جائے۔ کہ کیا تُو نے کُچھ دیکھا یا سُنا۔ اَور وہ نہ ۲ بتائے۔ تو گُناہ اُس کے سر پر ہوگا۞ اگر کوئی کِسی ناپاک چیز جیسے کہ مَرا ہُوا ناپاک جنگلی جانور یا مَرے ہوئے ناپاک چوپائے یا مَرے ہُوئے ناپاک رینگنے والے جاندار کو چھُوئے۔ اَور اُس ۳ سے یہ بات پوشیدہ ہو تو وہ خطا میں مُبتلا ہُوا۞ یا اگر کِسی نے انسان کی سب نجاستوں میں سے کِسی نجاست کو جِس سے وہ ناپاک ہوتا ہے چھُوا۔ اَور یہ بات اُس سے پوشیدہ ہے۔ تو جب اُسے ۴ معلُوم ہو جائے۔ وہ مُجرم ٹھہرا۞ اگر کِسی نے قسم کھائی اَور اپنے ہونٹوں سے اِنسان بِلا تامّل قسم کھا کے کہتا ہے۔ اَور یہ بات اُس سے پوشیدہ ہے۔ تو جب اُسے معلُوم ہو۔ تو وہ ایسی بات کا ۵ مُجرم ٹھہرے گا۞ اِس لئے جب وہ ان میں سے کِسی خطا میں مُبتلا ۶ ہُوا۔ تو جو گُناہ اُس نے کِیا ہے۔ وہ اُس کا اِقرار کرے۞ اَور اُس خطا کے لئے جو اُس نے کی ہے خُداوند کے واسطے خطا کی قُربانی کے لئے بھیڑوں یا بکریوں میں سے ایک مادہ لائے۔ تب کاہِن اُس کی خطا کا کفّارہ دے گا۞

۷ اَور اگر اُسے بھیڑ بکری لانے کا مقدُور نہ ہو۔ تو اپنی خطا کی قُربانی کے لئے جِس کا وہ خطا کار ہُوا۔ دو قُمریاں یا کبُوتر کے دو بچّے لائے۔ ایک خطا کی قُربانی کے لئے اَور دوسرا سوختنی ۸ قُربانی کے لئے۞ اُن دونوں کو کاہِن کے پاس لائے۔ اَور پہلے اُسے جو خطا کی قُربانی ہے گُزرانے۔ اَور اُس کا سر گردن کے ۹ پاس سے مروڑ ڈالے پر جُدا نہ کرے۞ اَور خطا کی قُربانی کے خُون میں سے مذبح کی دِیوار پر چھِڑکے۔ اَور باقی ماندہ خُون مذبح کے پائے کے پاس ڈالا جائے۔ کیونکہ یہ خطا کی قُربانی ۱۰ ہے۞ اَور دوسرے کو سوختنی قُربانی چڑھائے۔ اَور کاہِن اُس خطا کا جو اُس نے کی ہے کفّارہ دے گا۔ تو اُسے بخشا جائے گا۞

۱۱ اَور اگر دو قُمریاں یا دو کبُوتر کے بچّے لانے کا اُسے مقدُور نہ ہو۔ تو خطا کے لئے جو اُس نے کی ہے۔ ایفہ کا دسواں حِصّہ بھر میدہ خطا کی قُربانی کے لئے لائے۔ اُس پر تیل نہ ڈالے نہ ۱۲ اُس پر لُوبان رکھّے۔ کیونکہ یہ خطا کی قُربانی ہے۞ اُسے کاہِن کے پاس لائے تو کاہِن اُس میں سے مُٹھّی بھر اُس کی یادگار کے لئے لے۔ اَور اُسے مذبح پر خُداوند کی آتشین قُربانیوں ۱۳ پر جلائے۔ کیونکہ یہ خطا کی قُربانی ہے۞ اَور کاہِن اُس خطا کے لئے جو اُس نے اِن باتوں میں سے کِسی کے بارے میں کی ہے کفّارہ دے۔ تو اُسے بخشا جائے گا۔ اَور باقی نذر کی قُربانی کی طرح کاہِن کا ہوگا۞

۱۴ تقصیر کی قُربانی اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا۞ ۱۵ اگر کوئی شخص قصُور کرے اَور غلطی سے خُداوند کی پاک چیزوں میں خطا کار ہو۔ تو خُداوند کے واسطے اپنی تقصیر کی قُربانی کے لئے گلّے میں سے ایک بے عیب مینڈھا چاندی کے مِثقالوں میں ۱۶ ٹھہرائی قیمت کا لائے۞ اَور جِس نے مَقدِس کی چیزوں میں سے خطا کی۔ اُس کا عوض دے اَور اُس پر پانچواں حِصّہ بڑھائے۔ اَور کاہِن کے حوالے کرے۔ تو کاہِن تقصیر کے مینڈھے سے کفّارہ دے۔ تو اُسے بخشا جائے گا۞ ۱۷ اَور اگر کوئی

اِنسان خطا کرے۔ اَور ایسی بات کرے۔ جس کا کرنا خُداوند نے منع کِیا ہَے۔ اَور نہ جانا۔ تو وہ خطا کا مُجرم ہَے اَور گُناہ اُس کے ۱۸ سر پر ہوگا○ وہ کاہِن کے پاس گلّے میں سے ایک بے عیب مینڈھا گُناہ کی مِقدار کی ٹھہری ٹھہرائی قیمت کا لائے۔ اَور کاہِن اُس کی سہو کے لئے جو اُس نے کی اَور اُسے نہ جانا۔ کفّارہ دے۔ ۱۹ تو اُسے بخشا جائے گا○ یہ خطا کے لئے ہَے اِس لئے کہ وہ خُداوند کا گُنہگار ٹھہرا ہُؤا ہَے +

باب ۶

[۱] ۲ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا○ جو کوئی شخص خطا کرے اَور خُداوند سے بے وفائی کرے۔ کہ اپنے ہمسایہ کی امانت یا رکھّی ہُوئی یا لُوٹی ہُوئی چیز کا اِنکار کرے یا کوئی چیز جبراً ۳ چھِین لے○ یا اُس کی کھوئی ہوئی چیز پائے اَور اُس کا اِنکار کرے اَور سب باتوں میں جو اِنسان کرتا ہَے کسی میں جُھوٹی ۴ قسم کھائے تو وہ اُس سے مُجرم ٹھہرے گا○ اِس لئے جب اُس نے خطا کی تو گُناہ اُس کے سر پر آیا۔ تو وہ لُوٹی ہُوئی چیز کو یا بے اِنصافی سے لی ہُوئی یا امانت رکھّی ہُوئی چیز کو یا کھوئی ہُوئی ۵ چیز کو جو اُس نے پائی واپس کرے○ یا سب کُچھ جس کی بابت اُس نے جُھوٹی قسم کھائی۔ پُورا پُورا واپس کرے اَور پانچواں حِصّہ اُس پر بڑھائے۔ اَور اُسے جس کی وہ ہَے۔ اپنی تقصیر کی ۶ قُربانی کے گُزراننے کے دن دے دے○ اَور اپنی تقصیر کے لئے خُداوند کے واسطے قُربانی کاہِن کے پاس لائے۔ یعنی گلّے میں سے ایک بے عیب مینڈھا جس کی قیمت بمقدار خطا کے ٹھہرائی ۷ گئی ہَے○ اَور کاہِن خُداوند کے سامنے اُس کا کفّارہ دے۔ تو اُسے سب کُچھ جس کے کرنے سے وہ مُجرم ٹھہرا بخشا جائے گا○

۸ **دائمی آگ کی شریعت** اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے ۹ فرمایا○ ہارُون اَور اُس کے بیٹوں کو حُکم کر اَور کہہ دے کہ سوختنی قُربانی کی یہ شریعت ہَے۔ کہ سوختنی قُربانی مذبح کے آتشدان پر ساری رات صُبح تک رہے اَور مذبح پر آگ جلتی رہے اَور وہ کبھی بُجھنے نہ پائے○ ۱۰ اَور کاہِن اپنا کتان کا کُرتہ اَور کتان کا پاجامہ پہنے۔ اَور سوختنی قُربانی کی راکھ کو جو مذبح پر آگ نے جلا دی ہَے اُٹھائے اَور اُسے مذبح کے ایک طرف ڈالے○ ۱۱ تب وہ اپنے کپڑے اُتارے اَور دُوسرے کپڑے پہنے۔ اَور راکھ کو خیمہ گاہ سے باہر پاک جگہ میں لے جائے○ ۱۲ اَور مذبح پر آگ جلتی رہے اَور وہ کبھی بُجھنے نہ پائے اَور کاہِن ہر صُبح کو اُس پر لکڑیاں ڈالے۔ اَور اُس پر سوختنی قُربانی رکھّے۔ اَور سلامتی کی قُربانیوں کی چربی اُس پر جلائے○ ۱۳ مذبح پر آگ ہمیشہ جلتی رہے اَور وہ کبھی بُجھنے نہ پائے○

۱۴ **نذر کی قُربانی کی شریعت** اَور نذر کی قُربانی کی یہ شریعت ہَے کہ اُسے ہارُون کے بیٹے مذبح کے سامنے خُداوند کے آگے لائیں○ ۱۵ اَور اُس میں سے مُٹھّی بھر میدہ اَور تیل اَور سب لُوبان جو اُس پر ہَے لیں۔ اَور مذبح پر اُس کی یادگار کے لئے عُمدہ خُوشبُو خُداوند کے واسطے جلائیں○ ۱۶ اَور جو بچ رہے اُسے ہارُون اَور اُس کے بیٹے فطیری ہی کھائیں۔ مُقدّس جگہ میں حضُوری کے خیمہ کے صحن میں اُسے کھائیں○ ۱۷ وہ خمیری نہ پکائی جائے۔ کیونکہ مَیں نے اُسے اپنی آتشین قُربانیوں میں سے حِصّہ دِیا ہَے۔ وہ خطا اَور تقصیر کی قُربانیوں کی طرح نہایت مُقدّس ہَے○ ۱۸ ہارُون کی اولاد میں سے فقط مَرد اُسے کھائیں۔ خُداوند کی آتشین قُربانیوں کے لئے یہی اَبدی فرض پُشت در پُشت ہوگا۔ جو اُسے چُھوئے۔ پاک ہو جائے گا○

۱۹، ۲۰ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے کہا○ کہ ہارُون اَور اُس کے بیٹوں کی قُربانی جو وہ اپنے مسح کے دِن خُداوند کے لئے لائیں یہ ہَے۔ میدہ ایفہ کا دسواں حِصّہ۔ آدھا صُبح کو اَور آدھا شام کو دائمی نذر کی قُربانی کے لئے لائیں○ ۲۱ وہ تیل میں توے پر پکایا جائے اَور پکا ہُؤا لایا جائے۔ نذر کی قُربانی کے پکّے ہُوئے ٹُکڑے تُو خُداوند کی عُمدہ خُوشبُو کے لئے گُزران○ ۲۲ اَور اُس کے بیٹوں میں سے ممسُوح کاہِن اُسے گُزرانے۔ خُداوند کا یہ اَبدی فرض ہَے۔ وہ تمام جلایا جائے○ ۲۳ کاہِن کی ہر

باب ۶: ۱-۷ عِبرانی متن میں باب ۶ کی یہ سات آیات باب ۵ میں شامل ہیں +

ایک نَذَر کی قُربانی تمام جَلائی جائے۔وہ کھائی نہ جائے○

۲۴،۲۵ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا○ہارُون اَور اُس کے بیٹوں سے کہہ۔کہ خطا کی قُربانی کی یہ شریعت ہے کہ جس جگہ سوختنی قُربانی ذَبح کی جاتی ہے وَہیں خطا کی قُربانی بھی خُداوند کے آگے ذَبح کی جائے کیونکہ وہ نہایت مُقدّس ۲۶ ہے○اَور جو کاہِن خطا کے لئے اُسے گزرانتا ہے۔اُسے پاک جگہ میں کھائے حضُوری کے خَیمہ کے صحن میں وہ کھائی جائے○ ۲۷ جو اُس کے گوشت کو چُھوئے۔پاک ہوجائے گا۔اگر کِسی کپڑے پر اُس کا خُون پڑے۔تو جو پڑا ہے۔وہ پاک جگہ میں دھویا جائے○ ۲۸ اَور مِٹّی کا برتن جس میں وہ پکایا گیا توڑا جائے۔اگر وہ پِیتل کے برتن میں پکایا گیا تو وہ مانجھا جائے اَور پانی سے دھویا جائے○ ۲۹ طبقۂ کہانت کے سب مَرد اُس میں سے کھائیں۔کیونکہ یہ نہایت ۳۰ مُقدّس ہے○اَور کوئی خطا کی قُربانی جس کے خُون میں سے کُچھ حضُوری کے خَیمہ کے اندر داخِل کِیا گیا۔تاکہ اُس سے مَقدِس میں کفّارہ دِیا جائے۔نہ کھائی جائے۔بلکہ آگ میں جلائی جائے+

باب ۷

تقصِیر اَور سلامتی کی قُربانیاں

۱ اَور تقصِیر کی قُربانی کی یہ ۲ شریعت ہے۔وہ نہایت مُقدّس ہے○تقصِیر کی قُربانی سوختنی قُربانی کی جگہ میں ذَبح کی جائے اَور اُس کا خُون مذبح پر اُس ۳ کے گِرداگِرد چِھڑکا جائے○اَور وہ اُس کی دُم کی سب چربی ۴ اَور چربی جو اَنتڑیوں کو ڈھانپتی ہے۔چڑھائے○اَور دونوں گُردے اَور اُن پر کی چربی جو دونوں پہلُوؤں میں ہے۔اَور ۵ کلیجہ کی جِھلّی مع دونوں گُردوں کے جُدا کرے○اَور کاہِن اُنہیں مذبح پر جَلائے کہ خُداوند کے لئے آتشین قُربانی ہو۔ ۶ کیونکہ یہ تقصِیر کی قُربانی ہے○طبقۂ کہانت کا ہر ایک مَرد اُسے کھائے۔پاک جگہ میں وہ کھائی جائے۔کیونکہ وہ نہایت ۷ مُقدّس ہے○تقصِیر کی قُربانی خطا کی قُربانی کی طرح ہے۔دونوں کے لئے ایک ہی شریعت ہے۔جو کاہِن اُس سے کفّارہ دیتا ہے ۸ وہ اُسی کی ہوگی○اَور جو کاہِن کِسی شخص کی سوختنی قُربانی گزرانتا ۹ ہے۔گزراننے کے بعد کھال اُس کی ہوگی○اَور ہر ایک نَذَر کی قُربانی جو تنُور میں پکائی گئی یا ہانڈی میں یا توے پر بنائی گئی اُس ۱۰ کاہِن کی ہوگی جو اُسے گزرانتا ہے○اَور ہر ایک نَذَر کی قُربانی تیل میں مَلی ہوئی یا خُشک ہارُون کے سب بیٹوں کی ہوگی۔ہر ایک اپنے بھائی کے برابر○

۱۱ اَور سلامتی کے ذَبیحہ کی جو خُداوند کے لئے گزرانا جائے یہ ۱۲ شریعت ہے○اگر شُکرانہ کے لئے گزرانا جائے تو وہ شُکرانہ کے ذَبیحہ کے ساتھ فطِیری روغنی کُلچے اَور فطِیری تیل سے چُپڑی ہُوئی ۱۳ چپاتیاں اَور تیل میں پکّے ہُوئے میدہ کے کُلچے گزرانے○خمِیری روٹی کے کُلچوں کے ساتھ وہ اپنی قُربانی مع شُکرانے کے ذَبیحہ ۱۴ کے جو سلامتی کا ہے گزرانے○اَور اِس ساری قُربانی میں سے ایک خُداوند کے رُوبرُو اُٹھانے کی نَذَر کے لئے گزرانے۔وہ اُس کاہِن کا ہوگا جو سلامتی کے ذَبیحہ کا خُون چِھڑکتا ہے○

۱۵ اَور سلامتی کے شُکرانے کے ذَبیحہ کا گوشت قُربانی کے دِن ہی کھایا جائے۔اُس میں سے کُچھ اگلے دِن تک نہ چھوڑا ۱۶ جائے○اَور اگر اُس کی قُربانی کا ذَبیحہ مَنّت کا یا اپنی خُوشی کا ہو تو وہ اُس کے گزراننے کے دِن میں کھایا جائے اَور جو بچ رہے وہ ۱۷ اگلے دِن کھایا جائے○لیکن ذَبیحہ کے گوشت میں سے جو تیسرے ۱۸ دِن تک بچ رہے۔وہ آگ میں جَلایا جائے○اَور اگر سلامتی کے ذَبیحہ کے گوشت میں سے تیسرے دِن کُچھ کھایا جائے تو وہ نامقبُول ہوگا۔اَور گزراننے والے کا گِنا نہ جائے گا۔بلکہ وہ مکرُوہ ہوگا اَور جو شخص اُس میں سے کھائے گُناہ اُس کے سر پر ہوگا○

۱۹ اَور جو گوشت کِسی ناپاک چیز کو چھُوئے تو وہ کھایا نہ جائے بلکہ آگ میں جَلایا جائے۔ہر ایک جو پاک ہے۔اِس سلامتی ۲۰ کی قُربانی کا گوشت کھائے○اگر کوئی شخص جبکہ اُس پر نجاست ہے۔سلامتی کے ذَبیحہ کا جو خُداوند کے لئے گزرانا گیا گوشت ۲۱ کھائے۔تو وہ شخص اپنے لوگوں میں سے خارِج کِیا جائے گا○اگر کوئی شخص نجِس چیز کو چھُوئے۔اِنسان کی یا ناپاک چوپائے کی نجاست کو یا پلید کو جو ناپاک کرتی ہے۔اَور سلامتی کے ذَبیحہ میں سے جو خُداوند کے لئے گزرانا گیا ہے کھائے تو وہ شخص

اپنے لوگوں میں سے خارِج کِیا جائے گا۝
۲۳،۲۲ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا۝ بنی اِسرائیل
سے کلام کر اَور اُن سے کہہ دے کہ سب چربی بَیل کی یا بھیڑ کی
۲۴ یا بکری کی وہ نہ کھائیں ۝ اَور خُود بخُود مرے ہُوئے اَور دَرِندوں
کے پھاڑے حیوان کی چربی ہر کام میں اِستعمال کی جائے۔ پر
۲۵ تُم اُسے نہ کھاؤ۝ جو کوئی ایسے چوپائے کی چربی کھائے کہ جس
سے خُداوند کے لئے آتشین قُربانی گُزرانی جاتی ہے۔ وہ اپنے
۲۶ لوگوں میں سے خارِج کِیا جائے گا۝ اَور تُم اپنے مسکنوں میں
۲۷ نہ پرندہ اَور نہ چوپایہ کا خُون کھاؤ۝ اَور جس شخص نے خُون میں
سے کُچھ کھایا وہ شخص اپنے لوگوں میں سے خارِج کِیا جائے گا۝
۲۹،۲۸ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا۝ بنی اِسرائیل سے
خطاب کر اَور کہہ۔ کہ جو کوئی سلامتی کا ذَبیحہ خُداوند کے لئے
گُزرانے۔ تو اپنے سلامتی کے ذَبیحہ میں سے خُداوند کے لئے
۳۰ خُود قُربانی لائے۝ وہ خُداوند کی آتشین قُربانیوں کو اپنے ہاتھوں
سے اُٹھائے۔ اَور چربی مع سِینہ کے لائے۔ کہ سِینہ ہِلانے کی
۳۱ قُربانی کے لئے خُداوند کے سامنے ہِلایا جائے۝ اَور کاہن چربی
کو مذبح پر جلائے اَور سِینہ ہارُون اَور اُس کے بیٹوں کا ہوگا۝
۳۲ اَور اپنے سلامتی کے ذَبیحوں میں سے تُم دہنا شانہ کاہن کو اُٹھانے
۳۳ کی قُربانی کے لئے دو۝ ہارُون کے بیٹوں میں سے جو سلامتی کے
۳۴ ذَبیحہ کا خُون اَور چربی گُزرانتا ہے۔ دہنا شانہ اُس کا ہوگا ۝ کیونکہ
بنی اِسرائیل کی سلامتی کے ذَبیحوں میں سے مَیں نے ہِلائے جانے
کا سِینہ اَور اُٹھائے جانے کا شانہ لِیا ہے۔ اَور ہارُون اَور اُس
۳۵ کے بیٹوں کو دِیا ہے۔ یہ اَبدی فرض بنی اِسرائیل میں ہوگا۝ یہ
خُداوند کی آتشین قُربانیوں میں سے ہارُون اَور اُس کے بیٹوں
کا حِصّہ ہے۔ جس روز وہ نذر کئے گئے تا کہ خُداوند کے کاہن
۳۶ بنیں۝ اَور جس کا خُداوند نے حُکم کِیا کہ اُن کے مسح کے دِن
بنی اِسرائیل میں سے اُنہیں دِیا جائے۔ اُن کی پُشتوں کے
۳۷ دوران میں یہ اَبدی فرض ہے۝ سوختنی قُربانی اَور نذر کی قُربانی
اَور خطا کی قُربانی اَور تقصیر کی قُربانی اَور تقدِیس اَور سلامتی
۳۸ کے ذَبیحہ کی یہی شریعت ہے ۝ جس کا خُداوند نے مُوسیٰ کو کوہِ سِینا
پر حُکم دِیا۔ جس روز کہ اُس نے بنی اِسرائیل کو فرمایا۔ کہ
بیابانِ سِینا میں خُداوند کے لئے اپنی قُربانیاں گُزرانیں+

باب ۸

کاہنوں کی تقدِیس

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے
۲ فرمایا۝ کہ ہارُون اَور اُس کے ساتھ اُس کے بیٹوں کو۔ اَور
اُن کا لباس اَور مسح کا تیل اَور خطا کے لئے بچھڑا اَور دو مینڈھے
۳ اَور فطیری روٹیوں کی چنگیر لے۝ اَور ساری جماعت کو حضُوری
۴ کے خیمہ کے دروازہ کے پاس اِکٹھا کر۝ تب مُوسیٰ نے جیسا
خُداوند نے فرمایا کِیا۔ اَور جماعت حضُوری کے خیمہ کے دروازہ
۵ کے پاس جمع ہُوئی۝ تب مُوسیٰ نے کہا کہ یہ وہ بات ہے جس کے
کرنے کا خُداوند نے حُکم دِیا ہے۝
۶ اَور مُوسیٰ ہارُون اَور اُس کے بیٹوں کو آگے لایا اَور اُنہیں
۷ پانی سے وُضُو کرایا۝ پھر اُسے کُرتہ پہنایا اَور اُس پر کمربند باندھا
اَور اُسے جُبّہ پہنایا۔ اَور اُس پر اِفود پہنایا۔ اَور اِفود کا پٹکا لپیٹا۔
۸ اَور اُس سے اُسے باندھا۝ اَور اُس پر سِینہ پوش لگایا۔ جس
۹ میں اُوریم اَور تُمّیم تھا۝ اَور اُس کے سر پر عمامہ رکھا اَور اُس پر
پیشانی کے اُوپر سونے کا طَبق مُقدّس رکھا۔ جیسا کہ خُداوند
۱۰ نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا تھا۝ اَور مُوسیٰ نے مسح کا تیل لِیا۔ اَور مسکن اور
اُس کے اَندر کے سب سامان کو مسح کِیا۔ اَور اُنہیں پاک کِیا۝
۱۱ اَور اُس میں سے مذبح پر سات بار چھِڑکا اَور مذبح اَور سب
برتنوں اَور حوض اَور اُس کی چوکی کو مسح کِیا۔ تا کہ وہ پاک ہوں۝
۱۲ اَور مسح کے تیل میں سے ہارُون کے سر پر ڈالا اَور اُس کی تقدِیس
۱۳ کے لئے اُسے مسح کِیا۝ تب مُوسیٰ ہارُون کے بیٹوں کو آگے لایا اَور
اُنہیں کُرتے پہنائے۔ اَور اُنہیں کمر بند باندھے۔ اَور اُنہیں
دستاریں پہنائیں۔ جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا تھا۝
۱۴ تب وہ خطا کے لئے بچھڑا آگے لایا اَور ہارُون اَور اُس
۱۵ کے بیٹوں نے اپنے ہاتھ خطا کے بچھڑے کے سر پر رکھے۝ اَور
مُوسیٰ نے اُسے ذبح کِیا۔ اَور اُس کا خُون لِیا اَور مذبح کے سینگوں

پر سب طرف اپنی اُنگلی سے لگایا۔ اَور مذبح کو پاک کِیا اَور اُس
کے پائے کے پاس باقی خُون اُنڈیلا اَور اُسے پاک کِیا تاکہ
۱۶ اُس پر کفّارہ دِیا جائے۝ اَور مُوسیٰ نے سب چربی جو انتڑیوں
پر تھی اَور کلیجہ کی جھلّی اَور دونوں گُردے اَور اُن کی چربی لی۔ اَور
۱۷ اُنہیں مذبح پر جلایا۝ اَور بچھڑے کو مع اُس کی کھال اَور گوشت
اَور آلایش کے خیمہ گاہ سے باہر آگ سے جلایا۔ جیسا کہ خُداوند
نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا تھا۝

۱۸ پھر وہ سوختنی قُربانی کے مینڈھے کو آگے لایا اَور ہارُون
۱۹ اَور اُس کے بیٹوں نے اپنے ہاتھ اُس کے سر پر رکھّے۝ اَور
مُوسیٰ نے اُسے ذبح کِیا اَور اُس کا خُون مذبح پر سب طرف
۲۰ چھڑکا۝ اَور مُوسیٰ نے مینڈھے کو کاٹ کر ٹکڑے کئے۔ اَور سر
۲۱ اَور ٹکڑوں اَور چربی کو جلایا۝ اَور انتڑیاں اَور پائے پانی سے
دھوئے اَور مُوسیٰ نے مینڈھے کا سب کُچھ مذبح پر جلایا۔ یہ
سوختنی قُربانی عُمدہ خُوشبُو خُداوند کے لئے آتشین قُربانی تھی۔
جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم فرمایا تھا۝

۲۲ تب وہ دُوسرے مینڈھے یعنی کاہنوں کی تقدیس کے
مینڈھے کو نزدیک لایا۔ اَور ہارُون اَور اُس کے بیٹوں نے اپنے
۲۳ ہاتھ اُس کے سر پر رکھّے۝ اَور مُوسیٰ نے اُسے ذبح کِیا۔ اَور
خُون میں سے کُچھ لِیا۔ اَور ہارُون کے دہنے کان کی نوک پر اَور
اُس کے دہنے ہاتھ کے انگُوٹھے پر اَور دہنے پاؤں کے انگُوٹھے
۲۴ پر لگایا۝ تب وہ ہارُون کے بیٹوں کو آگے لایا۔ اَور خُون میں سے
کُچھ اُن کے دہنے کانوں کی نوک پر اَور اُن کے دہنے ہاتھوں
کے انگُوٹھوں پر اَور اُن کے دہنے پاؤں کے انگُوٹھوں پر لگایا۔
۲۵ اَور مُوسیٰ نے باقی ماندہ خُون مذبح پر سب طرف چھڑکا۝ اَور
چربی اَور دُم اَور سب چربی جو انتڑیوں پر تھی اَور کلیجہ کی جھلّی
۲۶ اَور دونوں گُردے اَور اُن کی چربی اَور دہنے شانہ کو لِیا۝ اَور
فطیری روٹیوں کی چنگیر میں سے جو خُداوند کے سامنے تھی ایک
فطیری کُلچہ اَور ایک روغنی کُلچہ اَور ایک چپاتی لی۔ اَور اُنہیں
۲۷ چربی اَور دہنے شانہ کے اُوپر رکھّا۝ اَور سب کو ہارُون اَور اُس
کے بیٹوں کی ہتھیلیوں پر رکھّا۔ اَور اُنہیں خُداوند کے سامنے ہِلانے
کی قُربانی کے لئے ہِلایا۝ پھر مُوسیٰ نے اُنہیں اُن کی ہتھیلیوں ۲۸
سے لِیا اَور مذبح پر سوختنی قُربانی کے اُوپر جلایا۔ کیونکہ یہ تقدیس
کی قُربانی خُداوند کے لئے عُمدہ خُوشبُودار آتشین قُربانی تھی۝
پھر مُوسیٰ نے سینہ کو لِیا اَور خُداوند کے سامنے ہِلانے کی قُربانی ۲۹
کے لئے ہِلایا۔ اَور یہ تقدیس کے مینڈھے میں سے مُوسیٰ کا حِصّہ
ہُوا جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمایا تھا۝ تب مُوسیٰ نے مسح کے ۳۰
تیل میں سے اَور خُون میں سے جو مذبح پر تھا لِیا۔ اَور ہارُون
پر اَور اُس کے کپڑوں پر اَور اُس کے بیٹوں پر اَور اُن کے کپڑوں
پر چھڑکا اَور ہارُون کو اَور اُس کے کپڑوں کو اَور اُس کے بیٹوں کو
اَور اُن کے کپڑوں کو پاک کِیا۝

اَور مُوسیٰ نے ہارُون اَور اُس کے بیٹوں سے کہا۔ کہ ۳۱
حضُوری کے خیمہ کے دروازہ کے پاس یہ گوشت پکاؤ۔ اَور اُسے
وہیں تقدیس کی ہوئی روٹی کے ساتھ جو چنگیر میں ہے کھاؤ۔
جیسے خُداوند نے مُجھے حُکم دے کر کہا۔ کہ ہارُون اَور اُس کے
بیٹے اُسے کھائیں۝ اَور جو کُچھ گوشت اَور روٹی سے بچ رہے۔ ۳۲
اُسے آگ میں جلاؤ۝ اَور حضُوری کے خیمہ کے دروازہ کے ۳۳
نزدیک سے سات دِن باہر نہ جاؤ۔ جب تک کہ تُمہاری تقدیس
کے دِن پُورے نہ ہوں کیونکہ سات دِن میں تُمہاری تقدیس
تمام ہوگی۝ جیسا کہ آج تُمہارے ساتھ کِیا گیا ہے۔ خُداوند ۳۴
نے حُکم دِیا کہ تُمہارے کفّارہ دینے کے لئے ویسا ہی کِیا جائے۝
اَور تُم حضُوری کے دروازہ کے پاس دِن اَور رات سات روز تک ۳۵
خدمت کرتے ہوئے ٹھہرے رہو۔ تاکہ تُم مر نہ جاؤ۔ کیونکہ ایسا ہی
مُجھے حُکم دِیا گیا ہے۝ تب ہارُون اَور اُس کے بیٹوں نے اُن ۳۶
سب حُکموں کے مُطابق جو خُداوند نے اُنہیں مُوسیٰ کی زُبان
سے فرمائے تھے عمل کِیا+

باب ۹

ہارُون کی پہلی قُربانی جب آٹھواں دِن ہُوا تو مُوسیٰ نے ۱
ہارُون اَور اُس کے بیٹوں اَور اِسرائیل کے بزُرگوں کو بُلایا۝

۲ اَور اُس نے ہارُونؔ سے کہا۔ کہ تُو ایک بچھڑا خطا کی قُربانی کے لئے اَور ایک مینڈھا سوختنی قُربانی کے لئے لے۔ دونوں ۳ بے عیب ہوں۔ اَور اُنہیں خُداوند کے آگے گُزران٥ اَور بنی اِسرائیل سے خطاب کر کے کہہ۔ کہ ایک بکرا خطا کی قُربانی کے لئے اَور ایک بچھڑا اَور ایک برّہ۔ دونوں یک سالہ اَور ۴ بے عیب۔ سوختنی قُربانی کے لئے لیں٥ اَور ایک بَیل اَور ایک مینڈھا سلامتی کی قُربانی کے لئے خُداوند کے سامنے ذَبح کئے جائیں اَور نذر کی قُربانی تیل سے مَلی ہُوئی ہو۔ کیونکہ آج کے ۵ دن خُداوند تُم پر ظاہر ہوگا٥ تب وہ جو کُچھ مُوسیٰؔ نے حُکم کِیا حضُوری کے خیمہ کے سامنے لائے اور ساری جماعت نزدِیک آئی اَور ۶ خُداوند کے آگے کھڑی ہُوئی٥ مُوسیٰؔ نے کہا۔ یہ وہ کام ہَے جس کے کرنے کا تُمہیں خُداوند نے حُکم دِیا ہَے۔ اَور خُداوند کا جلال ۷ تُم پر ظاہر ہوگا٥ اَور مُوسیٰؔ نے ہارُونؔ سے کہا کہ مذبح کے نزدِیک جا اَور اپنی خطا کی قُربانی اَور اپنی سوختنی قُربانی گُزران اَور اپنے لئے اَور قوم کے لئے کفّارہ دے۔ اَور قوم کی قُربانی گُزران اَور اُن کے لئے کفّارہ دے۔ جیسا کہ خُداوند نے حُکم ۸ کِیا ہَے٥ تب ہارُونؔ مذبح کے نزدِیک گیا۔ اَور اپنی خطا کی ۹ قُربانی کا بچھڑا ذَبح کِیا٥ اَور ہارُونؔ کے بیٹے خُون اُس کے پاس لائے۔ تو اُس نے اپنی اُنگلی اُس میں ڈبوئی اَور مذبح کے سینگوں پر لگایا اَور باقی ماندہ خُون مذبح کے پائے کے پاس ۱۰ اُنڈیلا٥ اَور چربی اَور دونوں گُردے اَور کلیجہ کی جھلّی خطا کی قُربانی میں سے مذبح پر جلائے۔ جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰؔ کو ۱۱ حُکم دِیا تھا٥ اَور گوشت اَور کھال کو خیمہ گاہ سے باہر آگ سے ۱۲ جلایا٥ پھر سوختنی قُربانی کو ذَبح کِیا اَور ہارُونؔ کے بیٹوں نے خُون اُسے دِیا۔ تو اُس نے مذبح پر اُس کے گرداگرد چھڑکا٥ ۱۳ پھر سوختنی قُربانی کے ٹکڑے مع اُس کے سر کے اُسے دیئے۔ تو ۱۴ اُس نے اُنہیں مذبح پر جلایا٥ اَور انتڑیاں اَور پائے دھوئے اَور اُنہیں مذبح پر سوختنی قُربانی کے اُوپر جلایا٥

۱۵ پھر وہ لوگوں کی قُربانی آگے لایا۔ اَور خطا کی قُربانی کا بکرا لیا جو لوگوں کے لئے تھا۔ اَور اُسے پہلی قُربانی کے طور پر چڑھایا٥ تب سوختنی قُربانی کو آگے لایا اَور حُکم کے مُوافِق اُسے ۱۶ چڑھایا٥ پھر نذر کی قُربانی آگے لایا اَور اُس سے ایک مُٹھی ۱۷ بھری اَور اُسے مذبح پر صُبح کی سوختنی قُربانی کے علاوہ جلایا٥ اَور بَیل اَور مینڈھے کو لوگوں کی سلامتی کی قُربانی کے لئے ذَبح ۱۸ کِیا۔ اَور ہارُونؔ کے بیٹوں نے خُون اُسے دِیا۔ تو اُس نے مذبح پر اُس کے گرداگرد چھڑکا٥ اَور بَیل کی چربی اَور مینڈھے ۱۹ کی موٹی دُم اَور اُس چربی کو جس سے انتڑیاں ڈھنپی رہتی ہَیں اَور دونوں گُردے اَور کلیجہ کی جھلّی٥ اَور چربی کو مع سینوں کے ۲۰ لِیا تب چربی مذبح پر جلائی٥ اَور دونوں سینوں اَور دہنے شانہ کو ۲۱ ہارُونؔ نے خُداوند کے آگے ہِلانے کی قُربانی کے لئے ہِلایا۔ جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰؔ کو حُکم دِیا تھا٥

تب ہارُونؔ نے اپنے ہاتھ لوگوں کی طرف اُٹھائے اَور ۲۲ اُنہیں برکت دِی۔ اَور خطا کی قُربانی اَور سوختنی قُربانی اَور سلامتی کی قُربانی گُزراننے کے بعد وہ نیچے اُتر آیا٥ اَور مُوسیٰؔ ۲۳ اَور ہارُونؔ حضُوری کے خیمہ میں داخل ہُوئے۔ پھر باہر نِکلے اَور لوگوں کو برکت دی۔ تب تمام لوگوں پر خُداوند کا جلال ظاہر ہُوا٥ اَور خُداوند کے حضُور سے آگ نِکلی۔ اَور سوختنی قُربانی ۲۴ اَور چربی کو جو مذبح پر تھی کھا گئی۔ اَور سب لوگوں نے دیکھا۔ اَور للکار کر خُداوند کی حمد کی اَور مُنہ کے بَل گرے+

باب ۱۰

سزائے بے اَدبی

پھر ہارُونؔ کے بیٹوں ندابؔ اَور ابیہُوؔ ۱ نے اپنا اپنا بخُور سوز لِیا اَور اُن میں آگ ڈالی اَور اُس پر بخُور رکھّا اَور خُداوند کے سامنے غیر شرعی آگ گُزرانی جس کا خُداوند نے حُکم نہیں دِیا تھا٥ تب خُداوند کے حضُور سے آگ ۲ نِکلی اَور دونوں کو کھا گئی۔ اَور وہ خُداوند کے سامنے مَر گئے٥ تب مُوسیٰؔ نے ہارُونؔ سے کہا کہ خُداوند نے جو فرمایا تھا سو یہ ۳ ہَے۔ کہ جو میرے قریب ہیں اُن سے میری تقدِیس ہو۔ اَور تمام لوگوں کے رُوبرُو میری تمجید ہو۔ اَور ہارُونؔ خاموش

۴ رہاo پھر مُوسیٰ نے ہارُون کے چچّا عُزّی ایل کے بیٹوں میشا ایل اَور اِلیصافان کو بُلایا۔ اَور کہا کہ آگے جاؤ۔ اَور اپنے دونوں بھائیوں کو مَقدِس کے سامنے سے خیمہ گاہ سے باہر ۵ اُٹھالے جاؤo تب وہ آگے گئے۔ اَور اُنہیں اُن کے کُرتوں میں اُٹھا کر مُوسیٰ کے حُکم کے مُوافق خیمہ گاہ سے باہر لے گئےo

۶ اَور مُوسیٰ نے ہارُون اَور اُس کے بیٹوں الی عازار اَور اِیتامار سے کہا۔ اپنے سر ننگے نہ کرو اَور اپنے کپڑے نہ پھاڑو۔ ورنہ تُم مَر جاؤ گے اَور ساری جماعت پر خُداوند کا غضب نازِل ہوگا۔ پر تُمہارے بھائی اِسرائیل کا سب گھرانہ جلے ہُوؤں پر ۷ جنہیں خُداوند نے جَلایا روئیں o مگر تُم حضُوری کے خیمہ کے دروازہ کے پاس سے باہر نہ جاؤ۔ ورنہ تُم ہلاک ہوگے۔ اِس لئے کہ خُداوند کے مسح کا تیل تُم پر ہے۔ سو جیسا مُوسیٰ نے کہا۔ اُنہوں نے کِیا o

۸ [نشہ ممنوع] اَور خُداوند نے ہارُون سے کلام کرکے فرمایاo ۹ کہ تُو اَور تیرے بیٹے جس وقت حضُوری کے خیمہ میں جانے کو ہوں تو مَے یا کوئی نشہ آور چیز نہ پیئیں۔ ورنہ تُم ہلاک ہوگے۔ ۱۰ یہ تُمہاری پُشتوں کے دوران میں اَبدی فرض ہوگاo اِسی طرح تُم ۱۱ مخصُوص اَور غیر مخصُوص۔ اَور پاک اَور ناپاک میں تمیز کروo اَور بنی اِسرائیل کو سب فرائض سِکھاؤ۔ جن کا خُداوند نے مُوسیٰ کے ذریعہ حُکم دِیاo

۱۲ اَور مُوسیٰ نے ہارُون اَور الی عازار اَور اِیتامار اَور باقیوں کو جو پاس تھے کہا۔ کہ خُداوند کی آتشین قُربانیوں میں سے جو نذر کی قُربانی بچ رہی ہے لو اَور اُسے مذبح کے پاس فطیری ۱۳ کھاؤ۔ کیونکہ یہ پاک چیزوں میں پاک ہےo تُم اُسے مُقدّس جگہ میں کھاؤ کیونکہ خُداوند کی آتشین قُربانیوں میں سے یہ تیرا حِصّہ اَور تیرے بیٹوں کا حِصّہ ہے۔ کیونکہ ایسا ہی مُجھے حُکم دِیا گیا ۱۴ ہےo لیکن ہِلانے کا سینہ اَور اُٹھانے کا شانہ جو ہے۔ اُنہیں کِسی پاک جگہ میں کھاؤ۔ تُو اَور تیرے بیٹے اَور تیری بیٹیاں تیرے ساتھ۔ کیونکہ بنی اِسرائیل کی سلامتی کی قُربانیوں میں ۱۵ سے یہ تیرا حِصّہ اَور تیرے بیٹوں کا حِصّہ ہےo اُٹھانے کا شانہ اَور ہِلانے کا سینہ مع جَلانے کی چربی کے جو لایا جائے گا۔ تاکہ خُداوند کے سامنے ہِلانے کی قُربانی کے لئے ہِلایا جائے۔ وہ دونوں تیرے اَور تیرے بیٹوں کے ہوں گے۔ خُداوند کے حُکم کے مُطابق یہ اَبدی فرض ہوگاo

۱۶ اَور مُوسیٰ نے خطا کے بکرے کی دریافت کی۔ تو معلُوم ہُوا کہ وہ جَلایا گیا تھا۔ تب وہ الی عازار اَور اِیتامار ہارُون کے بیٹوں سے جو باقی تھے ناراض ہُوا اَور کہاo ۱۷ کہ تُم نے خطا کی قُربانی مُقدّس جگہ میں کیوں نہ کھائی وہ پاک چیزوں میں پاک ہے۔ اَور خُداوند نے تُمہیں دی۔ تاکہ تُم جماعت کے گُناہ اُٹھا کر خُداوند کے سامنے اُن کا کفّارہ دوo ۱۸ دیکھو اُس کا خُون مَقدِس میں داخِل نہ کِیا گیا۔ اَور واجب تھا کہ تُم اُسے مُقدّس جگہ میں کھاتے۔ جیسا مَیں نے حُکم دِیا تھاo ۱۹ تب ہارُون نے مُوسیٰ سے کہا۔ کہ آج ہی اُنہوں نے اپنی خطا کی قُربانیاں اَور سوختنی قُربانیاں خُدا کے سامنے گُزرانیں اَور مُجھ پر اِس طرح کے حادِثے واقع ہُوئے۔ پس اگر مَیں آج ہی خطا کی قُربانی کھالیتا تو کیا یہ خُداوند کی نِگاہ میں اچھّا ہوتا؟o ۲۰ مُوسیٰ نے جب یہ سُنا تو اِسے معقُول سمجھا+

باب ۱۱

۱ [پاک وناپاک حیوانات کی تمیز] اَور خُداوند نے مُوسیٰ اَور ہارُون سے کلام کرکے فرمایا o ۲ کہ بنی اِسرائیل سے کلام کرکے کہو۔ کہ زمین کے سب چوپایوں میں سے یہ حیوان ہیں جنہیں

باب ۲:۱۱ اِتنے حیوانوں اَور پرندوں اَور مچھلیوں کا کھانا شریعت میں اِس واسطے منع کِیا گیا تھا۔ اوّل۔ تاکہ لوگ تابِعداری کرنا اور اعتدال سِیکھیں دوئم۔ تاکہ وہ گُناہوں کے کرنے سے باز رہیں۔ جِن کے یہ حیوانات نمُونہ ہیں۔ سوئم۔ کیونکہ ممنُوعہ حیوانات کھانے میں کراہت آمیز اَور مُضِر صحت ہیں۔ چہارم۔ تاکہ خُدا کے لوگ جب جِسمانی ناپاک چیزوں سے پرہیز کرنا سِیکھیں گے تو رُوحانی پاکِیزگی کی تلاش کرنے کے لئے تیّار ہوں گے یہ شریعت عہدِ جدید میں منسُوخ کی گئی (اعمال ۱۵:۲۸-۲۹) +

[۳] تُم کھا سکتے ہو۞سب چوپائے جن کے کُھر چِرے ہُوئے ہوں
۴ اَور وہ جُگالی کرتے ہوں۔تُم کھاؤ۞لیکن اُن میں سے جو جُگالی
کرتے ہیں اَور جن کے کُھر ہوتے ہیں تُم یہ نہ کھاؤ۔اُونٹ کیونکہ
اگرچہ وہ جُگالی کرتا ہے مگر اُس کے کُھر چِرے ہُوئے نہیں۔سو
۵ وہ تُمہارے لئے ناپاک ہے۞اَور وَبر کو وہ جُگالی کرتا ہے۔مگر
اُس کے کُھر چِرے ہُوئے نہیں۔وہ تُمہارے لئے ناپاک ہے۞
۶ اَور خرگوش جو جُگالی تو کرتا ہے مگر اُس کے کُھر چِرے ہُوئے نہیں۔
۷ لِہٰذا وہ تُمہارے لئے ناپاک ہے۞اَور خنزیر کہ اُس کے کُھر چِرے
ہُوئے تو ہیں۔مگر وہ جُگالی نہیں کرتا۔اِس لئے وہ تُمہارے لئے
۸ ناپاک ہے ۞تُم اُن کے گوشت میں سے کُچھ نہ کھاؤ اَور اُن کی
لاشوں کو نہ چھُوؤ۔کیونکہ وہ تُمہارے لئے ناپاک ہیں۞
۹ اَور پانی کے تمام جانداروں میں سے تُم یہ کھاؤ۔سمُندروں
اَور دریاؤں اَور تالابوں میں سب جن کے پَر اَور چھِلکے ہوں۔
۱۰ پس اُنہیں تُم کھاؤ۞اَور سمُندروں اَور دریاؤں میں سب جن
کے پَر اَور چھِلکے نہ ہوں۔سب جو پانی میں رِینگتے ہیں اَور سب
۱۱ حیوان جو اُس میں رہتے ہیں۔تُمہارے لئے ناپاک ہیں۞وہ
تُمہارے لئے ناپاک ہیں۔اُن کے گوشت میں سے نہ کھاؤ۔
۱۲ اَور اُن کی لاشوں سے نفرت کرو۞وہ سب پانی میں رہنے والے
جن کے پَر اَور چھِلکے نہ ہوں تُمہارے لئے ناپاک ہیں۞
۱۳ اَور پرندوں میں جن سے تُم نفرت کرو۔اَور نہ کھاؤ۔وہ یہ
۱۴ ہیں۔نَسر اَور ہُما اَور عُقاب۞چیل اَور جرّہ اَور سب اُن کی
۱۵،۱۶ اَقسام۞اَور سب غُراب اَور اُن کی اَقسام۞اَور شُتر مُرغ اَور
۱۷ ابابیل اَور حواصل اَور شِکرہ اَور سب اُن کی اَقسام۞اَور چُغد
۱۸،۱۹ اَور ماہی گیر اَور اُلّو۞اَور بُوم شب اَور بگلا اَور گِدھ ۞اَور لقلق
۲۰ اَور بُوتیمار اُن کی اَقسام اَور ہُد ہُد اَور چمگادڑ۞اَور تمام رِینگنے
والے پَر دار جاندار جو چار پاؤں پر چلتے ہیں تُمہارے لئے ناپاک
ہیں۞لیکن رِینگنے والے پَر دار جانداروں میں سے جو چار پاؤں ۲۱
پر چلتے ہیں تُم یہ کھاؤ جن کی ٹانگیں ہاتھوں سے زیادہ لمبی اَور اُن
سے وہ زمین پر کُودتے ہیں۞جنہیں تُم کھاؤ وہ یہ ہیں۔ٹِڈّی ۲۲
اَور اُس کی سب اَقسام گنجی ٹِڈّی اَور اُس کی اَقسام اَور جھینگر اَور
اُس کی اَقسام اَور گھاس کا ٹِڈّا اَور اُس کی اَقسام۞مگر تمام پَر دار ۲۳
رِینگنے والے جانور جن کے چار پاؤں ہیں تُمہارے لئے ناپاک
ہیں۞اِن سے تُم ناپاک ہوگے اَور جو کوئی اُن کی لاشوں کو چھُوئے ۲۴
گا۔وہ شام تک ناپاک رہے گا۞اَور جو کوئی اُن کی لاشوں کو ۲۵
اُٹھائے وہ اپنے کپڑے دھوئے اَور شام تک ناپاک رہے گا۞
سب حیوان جن کے کُھر چِرے ہُوئے نہیں اَور سب جو جُگالی ۲۶
نہیں کرتے تُمہارے لئے ناپاک ہیں۔جو کوئی اُنہیں چھُوئے
ناپاک ہوگا۞اَور سب چار پاؤں پر چلنے والوں میں سے وہ جو ۲۷
اپنے پنجوں کے بَل چلتے ہیں تُمہارے لئے ناپاک ہیں۔جو کوئی
اُن کی لاش کو چھُوئے۔شام تک ناپاک رہے گا۞اَور جو کوئی ۲۸
اُن کی لاش اُٹھائے۔اپنے کپڑے دھوئے اَور شام تک ناپاک
رہے گا۔کیونکہ وہ تُمہارے لئے ناپاک ہیں۞
اَور رِینگنے والے جانداروں میں سے جو زمین پر رِینگتے ۲۹
ہیں تُمہارے لئے یہ ناپاک ہیں۔نیولا اَور چُوہا اَور گوہ اَور اُن
کی سب اَقسام۞حِرذَون اَور وَرل اَور چھپکلی اَور سانڈا اَور ۳۰
گِرگٹ۞رِینگنے والوں میں سے یہ تُمہارے لئے ناپاک ہیں۔ ۳۱
جو کوئی اُن میں سے مَرے ہُوئے کو چھُوئے گا۔شام تک
ناپاک رہے گا۞اَور جس پر اُن میں سے کوئی مَرا ہُؤا گرے۔ ۳۲
وہ ناپاک ہوگا۔لکڑی کے سب برتن اَور کپڑے اَور چمڑا اَور
ٹاٹ اَور ہر ایک برتن جو کام میں آتا ہے وہ پانی میں ڈالا جائے
اَور شام تک ناپاک ہوگا۔پھر پاک ہو جائے گا۞اَور ہر ایک ۳۳
مِٹّی کا برتن جس کے اندر اُن میں سے کوئی چیز پڑ جائے۔تو جو
کُچھ اُس کے اندر ہے ناپاک ہوگا۔اَور وہ برتن توڑا جائے۞
سب خُوراک جو کھائی جاتی ہے۔اگر اُس پر اِس برتن کا پانی ۳۴
پڑے تو ناپاک ہوگی اَور ہر ایک پینے کی چیز جو اُس میں پی

باب۱۱:۳ کُھروں کے چِرے ہونے اَور جُگالی کرنے سے رُوحانی مطلب
نیکی اَور بدی کے درمیان اِمتیاز اَور خُدا کی شریعت پر غور کرنا ہے۔اگر یہ دونوں
باتیں اِنسان میں موجود نہ ہوں۔تو وہ ناپاک ہے۔اِسی طرح سے دریائی جانور
جن کے پَر اَور چھِلکے نہیں ناپاک کہے گئے۔یعنی جو اِنسان دُعا کے ذریعہ سے
اُوپر کو نہیں اُٹھتا اَور نیکی کے لباس سے برہنہ ہے وہ ناپاک ہے+

۳۵ جائے ناپاک ہوگی ○ اَور سب کُچھ جس پر اُن کی لاشوں سے
کُچھ پڑے ناپاک ہوگا۔ تنُور ہو یا چولھا۔ اُسے تُم توڑ ڈالو۔
۳۶ کیونکہ وہ ناپاک ہے۔ اَور وہ تُمہارے لئے ناپاک ہوگا ○ لیکن
چشمہ اَور کُنواں اَور تمام جمع شُدہ پانی پاک ہوگا۔ لیکن جو کُچھ
۳۷ اُس میں اُن کی لاش سے چھُو جائے وہ ناپاک ہوگا ○ اَور اگر
اُن کی لاش میں سے کُچھ کِسی بیج پر جو بویا جاتا ہے پڑے۔ تو وہ
۳۸ پاک رہے گا ○ اگر بیج کو پانی لگ گیا ہُوا ہے اَور اُس پر اُن کی
۳۹ لاش میں سے کُچھ گِرے۔ تو وہ تُمہارے لئے ناپاک ہوگا ○ اگر
کوئی حیوان جِسے تُم کھا سکتے ہو۔ مَر جائے تو جو کوئی اُس کی لاش
۴۰ کو چھُوئے شام تک ناپاک ہوگا ○ اَور جو کوئی اُس کی لاش میں
سے کھائے وہ اپنے کپڑے دھوئے اَور شام تک ناپاک رہے گا
اَور جو کوئی اُس کی لاش کو اُٹھائے اپنے کپڑے دھوئے اَور شام
تک ناپاک رہے گا ○

۴۱ اَور سب رِینگنے والے جاندار جو زمین پر رِینگتے ہیں۔
۴۲ وہ ناپاک ہَیں۔ اُنہیں نہ کھاؤ ○ اَور سب جو اپنے سِینہ پر چلتے
اَور جو چار پاؤں پر چلتے ہیں اَور بہت پاؤں والے سب رِینگنے
والوں میں سے جو زمین پر رِینگتے ہیں۔ اُنہیں نہ کھاؤ۔ کیونکہ
۴۳ وہ ناپاک ہَیں ○ اَور تُم رِینگنے والے جاندار کی جو زمین پر رِینگتا
ہَے۔ کِسی چیز سے اپنے آپ کو داغ نہ لگاؤ۔ اَور نہ اپنے آپ
۴۴ کو اُن سے ناپاک کرو۔ کہ تُم ناپاک ہو جاؤ گے ○ کیونکہ مَیں
خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں۔ تُم اپنے آپ کو پاک کرو اَور پاک
ہو جاؤ۔ اِس لئے کہ مَیں پاک ہُوں۔ اَور رِینگنے والے جاندار
کی کِسی چیز سے جو زمین پر حرکت کرتا ہَے۔ اپنے آپ کو
۴۵ ناپاک نہ کر ○ کیونکہ مَیں خُداوند ہُوں جو تُمہیں مُلکِ مِصؔر سے
باہر نِکال لایا۔ تا کہ تُمہارا خُدا ہُوؤں۔ پس تُم پاک ہو۔
۴۶ کیونکہ مَیں پاک ہُوں ○ چوپائے اَور پرندے اَور سب جاندار
جو پانی میں چلتے ہیں اَور سب جو زمین پر رِینگتے ہیں۔ اُن
۴۷ کی بابت یہی شریعت ہَے ○ تا کہ پاک اَور ناپاک میں اَور
اُن حیوانوں میں جو کھائے جاتے ہیں اَور جو کھائے نہیں
جاتے تُم تمیز کرو +

باب ۱۲

وِلادت کی ناپاکی اَور طہارت

۱ پھِر خُداوند نے مُوسؔیٰ سے
۲ کلام کر کے فرمایا ○ کہ بنی اِسرؔائیل سے کلام کر اَور کہہ۔ کہ جو
عورت حامِلہ ہو اَور لڑکا جَنے تو وہ اُس کے حَیض کی ناپاکی کے
۳ دِنوں کی مانند سات دِن تک ناپاک ہوگی ○ اَور آٹھویں دِن
۴ لڑکے کا ختنہ کِیا جائے ○ اَور وہ تینتیس دِن تک اپنی طہارت
کے خُون میں رہے۔ کِسی پاک چیز کو نہ چھُوئے اَور نہ مَقدِس
میں داخِل ہو۔ جب تک کہ اُس کی طہارت کے ایّام پُورے
۵ نہ ہو جائیں ○ اَور اگر وہ لڑکی جَنے تو وہ دو ہفتہ جیسے حَیض کے
ایّام میں رہتی ہے ناپاک رہے گی۔ اَور چھیاسٹھ دِن تک اپنی
۶ طہارت کے خُون میں رہے گی ○ اَور جب اُس کی طہارت
کے دِن لڑکے یا لڑکی کے لئے پُورے ہوں۔ تب وہ یک سالہ
برّہ سوختنی قُربانی کے لئے اَور کبُوتر کا ایک بچّہ یا ایک قُمرِی
خطا کی قُربانی کے لئے حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ پر کاہِن
۷ کے پاس لائے ○ تو وہ اُنہیں خُداوند کے سامنے گُزرانے اَور
اُس کے لئے کَفّارہ دے۔ تب وہ اپنے سَیلانِ خُون سے
۸ پاک ہوگی۔ لڑکے اَور لڑکی کی پیدائش کی یہ شریعت ہَے ○ اگر
اُس کے پاس برّے کی قیمت نہیں۔ تو وہ دو قُمرِیاں یا کبُوتر کے
دو بچّے لائے۔ ایک سوختنی قُربانی کے لئے اَور دُوسرا خطا کی
قُربانی کے لئے۔ تب کاہِن اُس کا کَفّارہ دے۔ اَور وہ پاک
ہو جائے گی +

باب ۱۳

بَرص کی ناپاکی

۱ اَور خُداوند نے مُوسؔیٰ اَور ہارُوؔن سے کلام

باب ۱۲: ۸ خُداوند یسُوؔع مسیح کی پیدائش کے چالیس روز بعد۔ اُس کی کُنواری ماں نے غریبوں کا نذرانہ پیش کِیا (لوقا ۲: ۲۲-۲۴) گو اُس کے لئے ضرُورت نہیں تھی کیونکہ خُداوند یسُوع مسیح اِس سے مُعجزانہ طور پر پیدا ہُوا تھا +

۲ کر کے فرمایا○ کہ اگر کسی اِنسان کے بدن کے چمڑے میں
وَرم یا آبلہ یا سفید چمکتا ہُوا داغ ہو۔اَور اِسی طرح اُس کے
بدن کے چمڑے میں بَرَص کی بَلا ہو۔تو وہ ہارُونؔ کاہن یا اُس
کے بیٹوں میں سے ایک کے پاس جو کاہن ہے لایا جائے○
۳ تب وہ کاہن اُس کے بدن کے چمڑے کے مرض پر نظر کرے۔
اگر مرض کی جگہ کے بال سفید ہو گئے ہوں۔اَور مرض کی جگہ
چمڑے سے گہری ہو تو یہ کوڑھ کی بَلا ہے۔جب کاہن اُسے ایسا
۴ دیکھے تو اُسے ناپاک قرار دے○ اگر وہ چمکتا ہُوا داغ اُس کے
بدن کے چمڑے میں سفید ہو مگر اُس کی جگہ چمڑے سے گہری
نہیں اَور بال بھی سفید نہیں۔تو کاہن اُسے سات دِن تک نظر
۵ بند کرے○ پھر ساتویں دِن اُس کا مُلاحظہ کرے۔اَور اگر وہ
بَلا قائم ہے۔اَور جلد میں پھیلی نہیں۔تو کاہن اُسے سات دِن
۶ اَور نظر بند رکھّے○ پھر ساتویں دِن اُس کا دُوسری بار مُلاحظہ
کرے۔تب اگر مرض کا رنگ سیاہی مائل ہو گیا ہو اَور وہ جِلد
میں نہیں پھیلا۔تو کاہن اُسے پاک قرار دے کہ یہ قُوبا ہے۔سو
۷ وہ اپنے کپڑے دھوئے اَور پاک ہوگا○ اَور اگر اُس کے پاک
قرار دینے کے لئے کاہن کے مُلاحظہ کے بعد قُوبا اُس کی جِلد
۸ میں پھیل گیا ہو تو وہ کاہن کو پھر دکھایا جائے○ تو اگر کاہن دیکھے
کہ قُوبا چمڑے میں پھیل گیا ہے تو وہ اُسے ناپاک قرار دے کہ
یہ بَرَص ہے○

۹ اگر کسی شخص کو بَرَص کا مرض ہو۔تو وہ کاہن کے پاس
۱۰ لایا جائے○ تو کاہن اُس کا مُلاحظہ کرے اَور جب چمڑے میں
سفید وَرم ہو۔اَور اُس سے بال سفید ہو گئے ہوں۔اَور وَرم کی
۱۱ جگہ میں زِندہ گوشت ہو○ تو یہ اُس کے بدن کے چمڑے میں
پُرانا بَرَص ہے۔تب کاہن اُسے ناپاک قرار دے اَور اُسے نظر
۱۲ بند نہ کرے۔کیونکہ وہ ناپاک ہے○ اَور اگر بَرَص جِلد پر نمُودار
ہو اَور مریض کے بدن کو سر سے لیکر پاؤں تک سب جو کاہن
۱۳ کی نظر میں آتا ہے۔چھُپائے○ تو کاہن اُس کا مُلاحظہ کرے
اَور اگر بَرَص نے اُس کے سارے بدن کو چھُپایا ہے تو وہ مریض کو
پاک قرار دے۔کیونکہ وہ سارا سفید ہو گیا ہے۔تو وہ پاک
ہے○ لیکن جس روز اُس میں زِندہ گوشت ظاہر ہو۔وہ ناپاک ۱۴
ہوگا○ جب کاہن زِندہ گوشت دیکھے تو اُسے ناپاک قرار دے۔ ۱۵
کیونکہ زِندہ گوشت ناپاک ہے اَور یہ بَرَص ہے○ اَور اگر زِندہ ۱۶
گوشت پھر کر سفید ہو جائے تو وہ کاہن کے پاس آئے○ پس ۱۷
اگر کاہن دیکھے کہ مرض کی جگہ سفید ہو گئی ہے۔تو مریض کو پاک
قرار دے۔کیونکہ وہ پاک ہے○

اَور اگر کسی کے بدن کے چمڑے پر پھوڑا تھا اَور وہ ۱۸
اچھّا ہو گیا○ اَور پھوڑا کی جگہ میں سفید اُبھری ہُوئی جگہ یا ۱۹
چمکتا ہُوا داغ سُرخی مائل ہو تو وہ کاہن کو دِکھایا جائے○ پس اگر ۲۰
کاہن دیکھے کہ وہ جگہ چمڑے سے نیچی ہے۔اَور اُس کے بال
سفید ہو گئے ہیں۔تو کاہن اُسے ناپاک قرار دے۔کیونکہ یہ
بَرَص کی بَلا ہے۔جو کہ پھوڑا میں پیدا ہُوئی○ اَور اگر کاہن ۲۱
دیکھے۔کہ اُس کے بال سفید نہیں ہُوئے اَور وہ چمڑے سے
نیچی نہیں اَور اُس کا سیاہ سا رنگ ہے تو کاہن اُسے سات دِن
تک نظر بند رکھّے○ تب اگر وہ چمڑے پر پھیل گیا ہو۔تو کاہن ۲۲
اُسے ناپاک قرار دے کہ یہ بَرَص ہے○ اگر وہ چمکتا ہُوا داغ ۲۳
اپنی جگہ پر ٹھہرا ہو۔اَور نہیں پھیلا۔تو یہ پھوڑے کا داغ ہے۔
کاہن اُسے پاک کہے○

اگر کسی کے بدن کا چمڑا آگ سے جَل گیا ہو اَور جلنے کا ۲۴
داغ چمکتا ہُوا سفیدی مائل بہ سُرخی یا سفیدی ہو○ تو کاہن اُسے ۲۵
مُلاحظہ کرے۔اگر چمکتے ہُوئے داغ میں بال سفید ہو گئے
ہوں۔اَور وہ دیکھنے میں جِلد سے نیچا معلُوم ہو۔تو یہ بَرَص
ہے۔جو داغ میں پیدا ہُوا۔تو کاہن اُسے ناپاک قرار دے۔
کیونکہ یہ بَرَص کی بَلا ہے○ لیکن اگر کاہن دیکھے کہ چمکتے ہُوئے ۲۶
داغ میں بال سفید نہیں اَور وہ جِلد سے نیچے نہیں۔اَور اُس کا
رنگ سیاہ سا ہے تو کاہن اُسے سات دِن تک نظر بند رکھّے○
اَور ساتویں دِن کاہن اُس کا پھر مُلاحظہ کرے۔اگر وہ جِلد ۲۷
میں پھیل گیا ہے تو اُسے ناپاک کہے۔کہ یہ بَرَص کی بَلا ہے○
اَور اگر وہ چمکتا ہُوا داغ اپنی جگہ پر ہی ٹھہرا ہو۔اَور چمڑے میں ۲۸
نہیں پھیلا اَور اُس کا رنگ سیاہ سا ہو تو یہ جلنے کا وَرم ہے۔

کاہن اُسے پاک قرار دے کیونکہ یہ جلنے کا داغ ہے۝
۲۹ اگر کسی مرد یا عورت کے سر میں یا داڑھی میں داغ ہو۝
۳۰ تو کاہن اُس داغ کا مُلاحظہ کرے۔ اگر وہ دیکھنے میں جِلد سے
نیچا ہو اَور اُس میں کوئی زرد باریک بال ہو تو کاہن اُسے ناپاک
۳۱ قرار دے۔ کیونکہ یہ قَرع سر یا داڑھی کا بَرص ہے۝ اگر وہ دیکھے
کہ وہ جِلد سے نیچا نہیں مگر اُس کے بال بھی سیاہ نہیں رہے
۳۲ تو کاہن قَرع کے مریض کو سات دِن تک نظر بند رکھّے۝ اَور
ساتویں دِن پھر اُس کا مُلاحظہ کرے تو اگر قَرع پھیلا نہیں۔
اَور اُس میں کوئی زرد بال نہیں۔ اَور قَرع دیکھنے میں جِلد سے
۳۳ نیچا نہیں۝ تو اُس کے بال مُونڈے جائیں۔ مگر قَرع کی جگہ
کے بال نہ مُونڈے جائیں اَور کاہن اُسے اَور سات دِن تک
۳۴ نظر بند رکھّے۝ تو ساتویں دِن کاہن قَرع والے کا مُلاحظہ
کرے۔ تو اگر قَرع جِلد میں پھیلا نہیں اَور وہ دیکھنے میں چمڑے
سے نیچا نہیں تو کاہن اُسے پاک قرار دے۔ تب وہ اپنے کپڑے
۳۵ دھوئے اَور وہ پاک ہو گا۝ لیکن اگر اُس کے پاک قرار دیئے جانے
۳۶ کے بعد قَرع چمڑے میں پھیل جائے۝ تب کاہن اُس کا مُلاحظہ
کرے اگر قَرع چمڑے میں پھیل گیا ہے۔ تو کاہن زرد بال
۳۷ نہ ڈھونڈے کیونکہ وہ ناپاک ہے۝ اگر اُس نے دیکھا کہ قَرع
ٹھہر گیا ہے اَور اُس میں کالے بال اُگ آئیں تو وہ قَرع سے
اچھّا ہو گیا۔ وہ پاک ہے کاہن اُسے پاک قرار دے۝
۳۸ اگر کسی مرد یا عورت کے بدن کے چمڑے میں چمکتا
۳۹ ہُوا داغ یا سفید داغ ہو۝ تو کاہن اُس کا مُلاحظہ کرے۔ اگر
اُس کے بدن کے چمڑے میں چمکتا ہُوا سفید داغ سیاہ سا ہو تو
۴۰ یہ بُہق ہے جو چمڑے میں نِکلا ہے۔ تو وہ پاک ہے۝ اَور اگر کسی
اِنسان کے سر کے بال گر گئے ہوں تو وہ گنجا ہے۔ مگر وہ پاک
۴۱ ہے۝ اگر اُس کی پیشانی پر سے بال گر گئے ہوں تو وہ ماتھے کا
۴۲ گنجا ہے مگر پاک ہے۝ پر اگر گنجے سر یا گنجے ماتھے پر سفید داغ
مائل بہ سُرخی ہو تو یہ بَرص ہے۔ جو گنجے سر یا گنجے ماتھے پر پیدا
۴۳ ہُوا ہے۝ تو کاہن اُس کا مُلاحظہ کرے۔ تو اگر مرض کا داغ گنجے
سر پر یا گنجے ماتھے پر سفید مائل بہ سُرخی ہو۔ جیسے کہ بدن کے
۴۴ چمڑے کا بَرص دِکھائی دیتا ہے۝ تو وہ آدمی کوڑھی ہے اَور
ناپاک ہے۔ کاہن اُسے ناپاک قرار دے۔ کیونکہ مرض اُس
کے سر میں ہے۝
۴۵ اَور کوڑھی جسے مرض ہے اُس کے کپڑے ڈِھیلے۔ لٹکتے
ہوں گے۔ اُس کا سر ننگا ہو گا اَور اُس کا مُنہ کپڑے سے ڈھنپا
۴۶ ہو گا اَور وہ چلّا کر کہے گا۔ ناپاک ناپاک۝ جب تک اُسے بیماری
رہے وہ ناپاک یقیناً ناپاک ہے۔ وہ اکیلا رہے۔ اَور خیمہ گاہ
سے باہر اُس کا مکان ہو گا۝
۴۷ اگر کسی اُونی یا کَتانی کپڑے میں بَرص کا داغ ہو۝
۴۸ یا کَتانی کپڑے کے تانے میں یا بانے میں یا اُون میں یا چمڑے
۴۹ میں یا کسی چیز میں جو چمڑے سے بنائی گئی ہے۝ اگر وہ داغ
سبزی مائل یا سُرخی مائل کپڑے میں ہو یا چمڑے میں تانے میں
ہو یا بانے میں یا چمڑے کے سامان میں سے کسی چیز میں ہو۔
۵۰ تو وہ بَرص کی بَلا ہے۔ وہ کاہن کو دِکھایا جائے۝ اَور کاہن اُس
داغ کا مُلاحظہ کرے اَور جس پر وہ داغ ہے اُسے سات دِن تک
۵۱ نظر بند رکھّے۝ پھر ساتویں دِن اُس کا مُلاحظہ کرے۔ اَور اگر
وہ داغ کپڑے میں پھیل گیا ہو تانے میں یا بانے میں یا چمڑے
میں۔ خواہ کسی چیز میں جو چمڑے سے بنائی گئی ہو۔ تو یہ داغ
۵۲ خراب بَرص ہے اَور وہ ناپاک ہے۝ تو وہ اُس کپڑے کو اُونی
ہو یا کَتانی کا جس کے تانے یا بانے میں داغ ہے یا چمڑے کی
چیز کو جس میں وہ داغ ہے جَلا دے۔ کیونکہ یہ خراب بَرص ہے
وہ آگ سے جَلایا جائے۝
۵۳ اَور اگر کاہن دیکھے کہ وہ داغ کپڑے میں تانے میں
۵۴ یا بانے میں یا چمڑے کی کسی چیز میں پھیل نہیں گیا۝ تو کاہن
اُسے دھو ڈالنے کا حُکم دے۔ تب سات دِن اَور اُسے نظر بند
۵۵ رکھّے۝ اَور کاہن پھر اُس دھوئے ہُوئے کا مُلاحظہ کرے۔
اگر دیکھے کہ داغ کا رنگ نہیں بدلا۔ اگرچہ وہ نہیں پھیلا۔ تو وہ
ناپاک ہے۔ وہ آگ سے جَلایا جائے۔ کیونکہ بَرص اُس کے
۵۶ باہر وار یا اندر وار ہے۝ اگر وہ دیکھے کہ دھونے کے بعد وہ مائل
بہ سیاہی ہو گیا تو وہ اُس کپڑے سے یا تانے سے یا بانے سے یا

۵۷ چمڑے سے داغ بھر کاٹ ڈالے۝ اگر وہ کپڑے میں تانے
میں یا بانے میں یا کِسی چمڑے کی چیز میں پھر ظاہر ہو۔ تو یہ
پھیلنے والا بَرص ہے۔ جس پر وہ ہے۔ اُسے آگ سے جَلایا جائے۝
۵۸ اَور کپڑا یا تانا یا بانا یا چمڑے کی کوئی چیز جس کے دھونے سے داغ
۵۹ جاتا رہے دوبارہ دھویا جائے اَور وہ پاک ہوگا۝ یہ بَرص کے داغ
کی شریعت ہے۔ جو اُون کے کپڑے میں یا کتان میں یا تانے
میں یا بانے میں یا چمڑے کی کِسی چیز میں ہو۔ جس کے مُطابِق
اُسے پاک یا ناپاک قرار دِیا جائے+

باب ۱۴

۱ بَرص کی طہارت — اَور خُداوند نے مُوسیٰؔ سے کلام کر کے
۲ فرمایا۝ کہ مَبرُوص کے لئے اُس کی طہارت کے دِن کی یہ شریعت
۳ ہے۔ وہ کاہِن کے پاس لایا جائے۝ تب کاہِن خیمہ گاہ سے
باہر جائے اَور جب وہ دیکھے کہ مَبرُوص درحقیقت بَرص کی
۴ بیماری سے اچھّا ہوگیا ہے۝ تو کاہِن حُکم کرے کہ جس کی طہارت
ہونے پر ہے۔ اُس کے لئے دو زِندہ پاک چِڑیاں اَور دیودار کی
۵ لکڑی اَور قرمز اَور زُوفا لائیں۝ اَور کاہِن حُکم کرے کہ ایک چِڑیا
۶ مٹّی کے برتن میں زِندہ پانی پر ذَبح کی جائے۝ اَور وہ زِندہ چِڑیا اَور
دیودار کی لکڑی اَور قرمز اَور زُوفا کو لے۔ اَور اُنہیں مع زِندہ چِڑیا کے
۷ اُس چِڑیا کے خُون میں جو زِندہ پانی پر ذَبح کی گئی ڈبوئے۝ اَور جس
کی بَرص سے طہارت ہونے کو ہے۔ سات دفعہ چھِڑکے اَور اُسے
۸ پاک کرے۔ اَور زِندہ چِڑیا کو میدان کی طرف چھوڑ دے۝ تب
وہ جس کی طہارت کی جاتی ہے۔ اپنے کپڑے دھوئے اَور اپنے بدن
کے سب بال مُنڈوائے اَور پانی سے غُسل کرے تو وہ پاک ہوگا
بعد ازاں وہ خیمہ گاہ میں آئے لیکن سات دِن تک اپنے خیمہ سے
۹ باہر رہے۝ اَور ساتویں روز اپنے سر کے سب بال اَور اپنی داڑھی
اَور بھنویں اَور اپنے سارے بدن کے بال مُنڈوائے اَور اپنے
کپڑے دھوئے اَور اپنا بدن بھی پانی سے دھوئے۔ تو وہ پاک ہو
۱۰ جائے گا۝ اَور آٹھویں دِن وہ دو بے عیب نَر برّے اَور ایک مادہ

برّہ یک سالہ بے عیب۔ اَور نذر کی قُربانی کے لئے ایفہ کے تین
دسویں حِصّے میدہ تیل میں مَلا ہُوا اَور ایک پیمانہ تیل لائے۝ ۱۱ اَور
پاک کرنے والا کاہِن۔ اُس شخص کو جس کی طہارت کی جاتی
ہے۔ خُداوند کے سامنے حضُوری کے خیمہ کے دروازہ کے پاس
حاضر کرے۝ ۱۲ اَور کاہِن ایک نَر برّہ تقصیر کی قُربانی کے لئے مع
تیل کے پیمانہ کے چڑھائے۔ اَور اُنہیں ہِلانے کی قُربانی کے
لئے خُداوند کے سامنے ہِلائے۝ ۱۳ اَور اُس برّے کو مُقدّس مقام
میں جہاں کہ خطا کی قُربانی اَور سوختنی قُربانی ذَبح کی جاتی ہے ذَبح
کرے۔ کیونکہ یہ تقصیر کی قُربانی خطا کی قُربانی کی طرح کاہِن
کی ہے یہ نہایت پاک ہے۝ ۱۴ تب تقصیر کی قُربانی کے خُون میں
سے کُچھ لے اَور اُس شخص کے جس کی طہارت کی جاتی ہے۔
دہنے کان کی نوک پر اَور دہنے ہاتھ کے انگُوٹھے پر اَور دہنے
پاؤں کے انگُوٹھے پر لگائے۝ ۱۵ اَور کاہِن تیل کے پیمانہ میں سے
کُچھ لے۔ اَور اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر ڈالے۝ ۱۶ تب وہ اُس
تیل میں جو اُس کی بائیں ہتھیلی پر ہے اپنی دہنی اُنگلی ڈبوئے
اَور اُس میں سے خُداوند کے آگے سات دفعہ اپنی اُنگلی سے
چھِڑکے۝ ۱۷ تب باقی تیل کو جو اُس کی ہتھیلی پر ہے لے اَور اُس
شخص کے جس کی طہارت کی جاتی ہے دہنے کان کی نوک پر
اَور اُس کے دہنے ہاتھ کے انگُوٹھے پر اَور اُس کے دہنے پاؤں
کے انگُوٹھے پر تقصیر کی قُربانی کے خُون پر لگائے ۝ ۱۸ اَور باقی
تیل جو کاہِن کی ہتھیلی پر ہے طہارت کئے جانے والے شخص
کے سر پر ڈال دے۔ اَور خُداوند کے سامنے اُس کا کفّارہ
دے۝ ۱۹ تب کاہِن خطا کی قُربانی چڑھائے۔ اَور اُس کی ناپاکی
کے لئے جس کی طہارت کی جاتی ہے کفّارہ دے۔ تب سوختنی
قُربانی کو ذَبح کرے۝ ۲۰ اَور کاہِن سوختنی قُربانی اَور نذر کی قُربانی
مذبح پر چڑھائے۔ اَور کاہِن اُس کے لئے کفّارہ دے۔ تب
وہ پاک ہو جائے گا۝

۲۱ اَور اگر وہ غریب ہو اَور اِتنی توفیق نہ رکھتا ہو۔ تو وہ
ایک برّہ تقصیر کی قُربانی کا ہِلانے کے واسطے لائے تاکہ اُس کا
کفّارہ دِیا جائے۔ اَور نذر کی قُربانی کے لئے ایفہ کا دسواں

۲۲ حِصّہ میدہ کا تیل میں مَلا ہُوا اَور ایک پیمانہ تیل ۝ اَور دو
قُمریاں یا کبُوتر کے دو بچّے اپنے مَقدُور کے مُوافِق لے۔ایک
اُن میں سے خطا کی قُربانی کے لئے اَور دُوسرا سوختنی قُربانی
۲۳ کے لئے ۝ اُنہیں اپنی طہارت کے آٹھویں روز کاہِن کے پاس
۲۴ حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ پر خُداوند کے سامنے لائے تب
کاہِن تقصِیر کی قُربانی کا برّہ اَور پیمانہ تیل کا لے اَور کاہِن اُن
دونوں کو ہِلانے کی قُربانی کے لئے خُداوند کے سامنے ہِلائے ۝
۲۵ پِھر وہ تقصِیر کی قُربانی کے برّے کو ذَبح کرے۔اَور اُس کے
خُون میں سے لے کر اُس شخص کے جس کی طہارت کی جاتی ہَے۔
دہنے کان کی نوک پر اَور دہنے ہاتھ کے انگُوٹھے پر اَور دہنے
۲۶ پاؤں کے انگُوٹھے پر لگائے ۝ اَور کاہِن اُس تیل میں سے کُچھ
۲۷ اپنی بائیں ہتھیلی پر ڈالے ۝ اَور اُس تیل میں سے جو اُس کی
بائیں ہتھیلی پر ہَے وہ اپنی دہنی اُنگلی سے سات دفعہ خُداوند کے
۲۸ سامنے چھِڑکے ۝ اَور اُس تیل میں سے جو اُس کی ہتھیلی پر باقی
ہَے طہارت کئے جانے والے شخص کے دہنے کان کی نوک پر
اَور اُس کے دہنے ہاتھ کے انگُوٹھے پر اَور اُس کے دہنے پاؤں
۲۹ کے انگُوٹھے پر تقصِیر کی قُربانی کے خُون پر لگائے ۝ اَور باقی تیل
جو کاہِن کی ہتھیلی میں ہَے طہارت کئے جانے والے شخص کے
سر پر ڈالے۔تا کہ اُس کے لئے خُداوند کے سامنے کفّارہ دے ۝
۳۰ تب وہ قُمریوں میں سے ایک یا کبُوتر کے بچّوں میں سے ایک
۳۱ جس کا اُسے مَقدُور ہو گُزرانے ۝ وُہی جس کا اُسے مَقدُور ہُوا
ہو نَذر کی قُربانی سمیت ایک خطا کی قُربانی کے لئے اَور دُوسرا
سوختنی قُربانی کے لئے ہوگا۔اَور کاہِن طہارت کئے جانے
۳۲ والے شخص کا خُداوند کے سامنے کفّارہ دے ۝ یہ شریعت اُس
کے لئے ہَے۔جِسے بَرص کی بیماری ہو اَور جِسے طہارت کے لوازمات
کا مَقدُور نہیں ۝

۳۳ اَور خُداوند نے مُوسیٰ اَور ہارُون سے کلام کر کے فرمایا ۝
۳۴ جب تُم کِنعان کے مُلک میں جو مَیں تُمہیں مِلکیّت کے لئے
دُوں گا داخِل ہو اَور مَیں تُمہاری مِلکیّت کے کِسی گھر پر بَرص کی
۳۵ بَلا لاؤُں ۝ تو جس کا گھر ہَے وہ کاہِن کے پاس آ کر خبر دے
اَور کہے کہ مُجھے ایسا معلُوم ہوتا ہَے کہ گھر میں کُچھ بَلا سی ہَے ۝
تب کاہِن حُکم کرے کہ اُس گھر کو پیشتر اِس کے کہ وہ بَلا کے ۳۶
مُلاحَظہ کے لئے اُس میں داخِل ہو خالی کریں تا کہ سب سامان
جو گھر میں ہَے ناپاک نہ ہو جائے اَور بعد اُس کے وہ گھر کے
مُلاحَظہ کے لئے اُس میں داخِل ہو ۝ اَور وہ بَلا پر نظر کرے۔اگر ۳۷
گھر کی دِیواروں پر اُس بَلا کے چھوٹے چھوٹے نُقطے سبزی یا سُرخی
مائل دیکھنے میں دِیوار پر گہرے معلُوم پڑیں ۝ تو کاہِن گھر کے ۳۸
دروازہ سے باہر نِکلے۔اَور سات دِن تک اُسے قُفل لگائے ۝
ساتویں دِن پھِر آئے اَور مُلاحَظہ کرے تو اگر وہ بَلا گھر کی دِیواروں ۳۹
پر پھیل گئی ہو ۝ تب وہ حُکم کرے کہ وہ پتّھر جِن پر وہ بَلا ہَے ۴۰
نِکالے جائیں۔اَور شہر سے باہر ناپاک جگہ میں پھینکے جائیں ۝
اَور کہ وہ گھر اندر سے چاروں طرف کھُرچا جائے اَور کھُرچی ۴۱
ہُوئی مِٹّی شہر سے باہر ناپاک جگہ میں پھینکی جائے ۝ اَور کہ اُن ۴۲
پتّھروں کی جگہ دُوسرے پتّھر لگائے جائیں۔اَور دُوسری مِٹّی
لی جائے اَور گھر کو لیپا جائے ۝ اگر پتّھروں کے نِکالے جانے ۴۳
اَور گھر کے کھُرچے جانے اَور اُس کے لیپے جانے کے بعد پھِر
وہ بَلا گھر میں ظاہر ہو پڑے ۝ تب کاہِن اندر جا کر مُلاحَظہ ۴۴
کرے۔اگر وہ بَلا گھر میں پھیل گئی ہو تو یہ گھر میں خراب بَرص
ہَے۔اَور وہ ناپاک ہَے ۝ تب وہ گھر کو اُس کے پتّھروں اَور ۴۵
لکڑیوں اَور سب کو گِروا دے اَور اُنہیں شہر سے باہر ناپاک جگہ
میں پھینکوا دے ۝ اَور جو کوئی اُس گھر میں اُس کے قُفل لگائے ۴۶
جانے کے دِنوں میں داخِل ہُوا وہ شام تک ناپاک رہے ۝ اَور ۴۷
جو کوئی اُس گھر میں سویا وہ اپنے کپڑے دھوئے۔اَور جس کِسی
نے اُس کے اندر کُچھ کھایا۔وہ اپنے کپڑے دھوئے ۝ اَور اگر ۴۸
کاہِن نے داخِل ہو کر دیکھا۔کہ اِس گھر کے لیپے جانے کے
بعد وہ بَلا نہیں پھیلی۔تو وہ اُسے پاک قرار دے۔کیونکہ وہ بَلا
دُور ہو گئی ۝ تب وہ اُس گھر کی طہارت کے لئے دو چِڑیاں اَور ۴۹
دیودار کی لکڑی اَور قِرمِز اَور زُوفا لے ۝ اَور ایک چِڑیا کو مِٹّی ۵۰
کے برتن میں زِندہ پانی پر ذَبح کرے ۝ اَور دیودار کی لکڑی اَور ۵۱
زُوفا اَور قِرمِز اَور زِندہ چِڑیا کو لے کر ذَبح کی ہُوئی چِڑیا کے خُون

میں اَور زِندہ پانی میں ڈبوئے۔ اور اُسے سات دفعہ گھر پر چھڑکے○
۵۲ اَور چِڑیا کے خُون اَور زِندہ پانی اَور زِندہ چِڑیا اَور دیودار کی لکڑی
۵۳ اَور زُوفا اَور قِرمِز سے اُس گھر کو پاک کرے○ تب زِندہ چِڑیا
کو شہر سے باہر میدان کی طرف چھوڑ دے۔ اَور اُس گھر کے
۵۴ لئے کفّارہ دے تو وہ پاک ہو جائے گا○ یہ شریعت ہَے بَرص کی
۵۵ سب اَقسام کے لئے اَور قَرع کے لئے○ اَور کپڑوں اَور گھر کے
۵۶ بَرص کے لئے○ اَور وَرم اَور آبلے اَور چمکتے ہُوئے داغ کے لئے○
۵۷ تا کہ معلُوم ہو جائے کہ کوئی چیز کب پاک یا ناپاک ہَے۔ بَرص
کی شریعت یہی ہَے +

باب ۱۵

۱ **دیگر شرعی ناپاکِیاں** اَور خُداوند نے مُوسیٰؔ اَور ہارُونؔ سے
۲ کلام کر کے فرمایا○ بنی اِسرؔائیل سے کلام کر کے کہو کہ ہر ایک
مَرد جس کے جِسم میں جریان کا مرض ہو وہ اُسی کے سبب سے
۳ ناپاک ہَے○ اَور جریان کی ناپاکی یُوں ہوگی۔ کہ اُس کے جِسم
۴ سے بِیج بہَے یا نہ بہَے دونوں میں اُس کی ناپاکی ہَے○ جس بِستر
پر وہ سوئے وہ ناپاک ہوگا۔ اَور جس چیز پر وہ بیٹھے وہ ناپاک
۵ ہوگی○ اَور جو اِنسان اُس کے بِستر کو چھُوئے وہ اپنے کپڑے
دھوئے اَور پانی سے غُسل کرے اَور وہ شام تک ناپاک رہے
۶ گا○ جو کوئی اُس چیز پر بیٹھے جس پر کہ جریان والا بیٹھا تھا تو وہ
اپنے کپڑے دھوئے اَور پانی سے غُسل کرے اَور وہ شام تک
۷ ناپاک ہوگا○ اَور جو کوئی جریان والے کے بدن کو چھُوئے وہ
اپنے کپڑے دھوئے اَور پانی سے غُسل کرے اَور شام تک ناپاک
۸ ہوگا○ اگر جریان والا کِسی چیز پر جو پاک ہے تھُوک دے تو وہ
اپنے کپڑے دھوئے اَور پانی سے غُسل کرے اَور شام تک وہ
۹ ناپاک ہوگا○ اَور ہر وہ زِین جس پر جریان والا سوار ہو ناپاک
۱۰ ہوگی○ اگر کوئی کِسی چیز کو جو جریان والے کے نیچے تھی چھُوئے۔
تو وہ شام تک ناپاک ہوگا۔ اَور اگر کوئی ایسی چیز کو اُٹھائے۔ تو
اپنے کپڑے دھوئے۔ اَور پانی سے غُسل کرے اَور شام تک
۱۱ ناپاک ہوگا○ اگر جریان والا کِسی کو ہاتھ دھوئے بغیر چھُوئے تو
وہ اپنے کپڑے دھوئے اَور پانی سے غُسل کرے اَور شام تک
۱۲ ناپاک ہوگا○ اگر جریان والا کِسی مِٹّی کے برتن کو چھُوئے۔ تو
وہ توڑا جائے اَور اگر لکڑی کا برتن ہو تو وہ پانی سے دھویا جائے○
۱۳ اَور جب جریان والا اچھّا ہو جائے تو اُس کے اچھّے
ہونے سے سات دِن گِنے جائیں۔ وہ اپنے کپڑے دھوئے
۱۴ اَور زِندہ پانی سے غُسل کرے تو وہ پاک ہوگا○ اَور آٹھویں روز
دو قُمریاں یا کبُوتر کے دو بچّے لے کر حضُوری کے خیمہ کے دروازہ
پر خُداوند کے سامنے آئے اَور اُنہیں کاہِن کے حوالے کرے○
۱۵ تو کاہِن اُن میں سے ایک کو خطا کی قُربانی اَور دُوسرے کو
سوختنی قُربانی کرے اَور خُداوند کے سامنے اُس کے لئے اُس
کے جریان کا کفّارہ دے○
۱۶ اگر کِسی مَرد کا بِیج خارِج ہو تو وہ اپنا سارا بدن پانی سے
۱۷ دھوئے اَور شام تک ناپاک رہے گا○ اَور جس کپڑے یا چمڑے
پر اُس میں سے کُچھ لگ جائے۔ تو وہ پانی سے دھویا جائے اَور
۱۸ شام تک ناپاک رہے○ اگر کوئی مَرد کِسی عورت سے ہم بِستر ہُوا
اَور مُنزل ہُوا۔ تو اُس کی مانند پانی سے غُسل کرے اَور دونوں
۱۹ شام تک ناپاک ہوں گے○ جب ماہواری وقت پر عورت کے
جِسم سے خُون بہَے۔ تو وہ سات دِن تک اپنے حَیض میں جُدا کی
۲۰ جائے۔ اَور جو کوئی اُسے چھُوئے شام تک ناپاک رہے○ اَور
سب کُچھ جس پر وہ اپنے حَیض میں سوئے ناپاک ہوگا اَور سب
۲۱ کُچھ جس پر وہ بیٹھے ناپاک ہوگا○ اَور جو کوئی اُس کے بِستر کو
چھُوئے اپنے کپڑے دھوئے اَور پانی سے غُسل کرے اَور شام
۲۲ تک ناپاک رہے○ اَور جو کوئی کِسی ایسی چیز کو چھُوئے جس پر
وہ بیٹھی تھی اپنے کپڑے دھوئے اَور پانی سے غُسل کرے اَور
۲۳ شام تک ناپاک رہے○ اگر اُس کے بِستر پر جس پر وہ بیٹھی
ہَے۔ کوئی اَور چیز پڑی ہو۔ تو جو اُسے چھُوئے۔ شام تک
۲۴ ناپاک رہے گا○ اگر کوئی مَرد اُس کے ساتھ ہم بِستر ہو۔ جب کہ
اُسے حَیض آ رہا ہَے۔ تو وہ سات دِن تک ناپاک رہے گا۔ اَور
ہر بِستر جس پر وہ سوئے ناپاک ہوگا○

۲۵ اگر کسی عورت کو اُس کے حَیض کے وقت کے علاوہ بہُت دِن خُون آئے یا اُس کے بعد آئے تو وہ اپنی نجاست کے جاری رہنے کے سب دِنوں میں اپنے حَیض کے دِنوں کی طرح ۲۶ ہوگی۔ وہ ناپاک ہوگی۝ اَور ہر بِستر جِس پر وہ اپنے سیلان کے دِنوں میں سوئے۔ اُس کے حَیض کے بِستر کی طرح ہوگا اَور جِس پر وہ بیٹھے۔ اُس کے حَیض کی نجاست کی طرح ناپاک ۲۷ ہوگا۝ اَور جو کوئی اُس میں سے کِسی چیز کو چھُوئے ناپاک ہوگا۔ تو وہ اپنے کپڑے دھوئے اَور پانی سے نہائے اَور شام تک ناپاک ۲۸ رہیگا۝ اَور جب وہ اپنے سیلان سے پاک ہو تو اپنے لئے سات ۲۹ دِن گِنے۔ بعد اُس کے وہ پاک ہوگی۝ اَور آٹھویں روز وہ دو قُمریاں یا کبُوتر کے دو بچّے لے اَور اُنہیں کاہِن کے پاس حضُوری ۳۰ کے خَیمہ کے دروازہ پر لائے۝ تو کاہِن اُن میں سے ایک کو خطا کی قُربانی اَور دُوسرے کو سوختنی قُربانی کرے۔ اَور کاہِن اُس کے سیلان کی نجاست کا کفّارہ خُداوند کے سامنے دے۝

۳۱ پس تُم بنی اِسرائیل کو اُن کی نجاست سے پرہیز کراؤ۔ تاکہ وہ اپنی نجاست میں ہلاک نہ ہوں۔ جِس وقت کہ وہ ۳۲ میرے مَسکَن کو جو اُن کے درمیان ہے ناپاک کریں۝ یہی شریعت اُس کے لئے ہے۔ جِسے جریان ہو۔ اَور جِس کا بیج خارِج ہو اِن ۳۳ دونوں سے وہ ناپاک ہوتا ہے۝ اَور اُس عورت کے لئے جو حَیض سے ہو اَور مَرد یا عورت کے لئے جِسے سیلان ہو۔ اَور اُس مَرد کے لئے جو ناپاک عورت سے ہم بِستر ہوتا ہے+

باب ۱۶

۱ **یومِ کفّارہ** اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کیا بعد اُس کے کہ ہارُون کے دو بیٹے خُداوند کے سامنے نذر لائے اَور مَر ۲ گئے۝ تو خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمایا کہ اپنے بھائی ہارُون سے کہہ کہ ہر وقت پاک ترین جگہ میں پردہ کے اندر رحم گاہ کے پاس جو صندُوق پر ہے نہ آئے تاکہ مَر نہ جائے۔ کیونکہ مَیں بادل ۳ میں رحم گاہ کے اُوپر ظاہر ہُوں گا۝ ہارُون پاک ترین جگہ کے اندر یُوں آئے کہ پہلے ایک بچھڑا خطا کی قُربانی کے لئے اَور ۴ ایک مینڈھا سوختنی قُربانی کے لئے گُزرانے۝ وہ پاک کتان کا کُرتہ پہنے اَور اُس کے بدن پر کتان کا پاجامہ ہو۔ اَور کتان کے کمر بند سے اُس کی کمر بندھی ہو۔ اَور سر پر کتانی عمامہ باندھے۔ یہ مُقدّس کپڑے ہیں۔ وہ اپنا بدن پانی سے دھوئے ۵ اَور اُنہیں پہنے۝ اَور بنی اِسرائیل کی جماعت سے دو بکرے خطا کی قُربانی کے لئے اَور ایک مینڈھا سوختنی قُربانی کے لئے لے۝ ۶ تب ہارُون خطا کا بچھڑا جو اُس کے اپنے لئے ہے چڑھائے۔ ۷ اَور اپنے لئے اَور اپنے گھر کے لئے کفّارہ دے۝ تب دونوں بکروں کو لے اَور اُنہیں حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ پر خُداوند ۸ کے سامنے کھڑا کرے۝ اَور ہارُون اُن دونوں پر قُرعہ ڈالے ایک خُداوند کے لئے اَور دُوسرا عزازیل کے لئے۝ ۹ تو جِس بکرے پر خُداوند کے لئے قُرعہ پڑا ہارُون اُسے خطا کی قُربانی کے طور ۱۰ پر چڑھائے۝ اَور جِس بکرے پر عزازیل کا قُرعہ پڑا۔ اُسے خُداوند کے سامنے زندہ کھڑا کرے تاکہ اُس سے کفّارہ دِیا جائے۔ اَور اُسے عزازیل کے لئے بیابان میں بھیج دے۝

۱۱ اَور ہارُون خطا کے بچھڑے کو جو اُس کے اپنے واسطے ہے چڑھائے۔ اَور اپنے لئے اَور اپنے گھر کے لئے کفّارہ دے ۱۲ اَور خطا کے اپنے بچھڑے کو ذبح کرے۝ تب ایک بخُورسوز لے کر اُسے اُس آگ کے انگاروں سے بھرے جو خُداوند کے سامنے مذبح پر ہے اَور اپنی دونوں مُٹھیاں خُوشبُودار کُوٹے ہُوئے ۱۳ بخُور سے بھر لے۔ اَور پردہ کے اندر داخل ہو۝ اَور وہ بخُور خُداوند کے سامنے آگ پر ڈالے۔ یہاں تک کہ بخُور کا دُھواں رحم گاہ کو جو صندُوقِ شہادت کے اُوپر ہے چھپا دے تاکہ نہ مَرے۝ ۱۴ تب بچھڑے کے خُون میں سے لے۔ اَور اپنی اُنگلی سے رحم گاہ

باب ۲:۱۶ کوئی شخص پاک ترین مکان کے اندر نہ جاتا تھا۔ مگر سردار کاہِن اَور وہ بھی سال میں صرف ایک دفعہ۔ یعنی یُومِ کفّارہ۔ عبرانیوں کے خط میں باب ۹: ۳-۲۱ یہ رسم خُداوند یسُوع مسیح کے واحد عملِ تخلیص کو منسُوب کی گئی جِس کے ذریعہ وہ ہمارا دائمی کفّارہ ہُؤا+

باب ۸:۱۶ عزازیل اِس لفظ کے اصلی معنی معلُوم نہیں ہَیں۔ شاید وہ ایک باغی فرِشتہ کا نام ہے۔ قدیمی مُترجمین کے نزدیک اِس سے "چھلاوے کا حلوان" مُراد ہے+

پر مشرق کی طرف چھڑکے۔ اَور خُون میں سے سات دفعہ اپنی
اُنگلی سے رحم گاہ کے آگے چھڑکے ۝

۱۵ تب خطا کے بکرے کو جو قوم کے لئے ہے ذبح کرے
اَور اُس کا خُون لے کر پردہ کے اندر داخِل ہو۔ اَور اُس سے
ایسا کرے جیسا بچھڑے کے لئے کیا تھا۔ اُسے رحم گاہ پر اَور
۱۶ اُس کے آگے چھڑکے ۝ اَور وہ مَقدِس کے لئے بنی اِسرائیل
کی نجاستوں اَور اُن کے قصُوروں اَور اُن کے گُناہوں کے
باعِث کفّارہ دے۔ اَور حضُوری کے خیمہ کے لئے بھی جو اُن کی
نجاستوں کے درمیان اُن کے بیچ میں قائم کیا گیا ہے ایسا ہی
۱۷ کرے ۝ اَور حضُوری کے خیمہ کے اندر کوئی نہ ہو۔ جس وقت
سے کہ وہ داخِل ہو۔ کہ مَقدِس میں کفّارہ دے۔ اُس وقت
تک کہ وہ باہر نہ نِکلے۔ کہ اپنے لئے اَور اپنے گھر کے لئے اَور
۱۸ اِسرائیل کی ساری جماعت کے لئے کفّارہ دے ۝ تب وہ نِکل
کر مذبح کے پاس جو خُداوند کے آگے ہے آئے۔ اَور اُس کے
لئے کفّارہ دے۔ اَور بچھڑے کے خُون اَور بکرے کے خُون
میں سے لے کر مذبح کے سینگوں پر چاروں طرف لگائے ۝
۱۹ اَور اپنی اُنگلی سے اُس پر سات دفعہ خُون چھڑکے اَور اُسے پاک
کرے۔ اَور بنی اِسرائیل کی نجاست سے اُسے مُقدّس کرے ۝

۲۰ اَور جب وہ مَقدِس اَور حضُوری کے خیمہ اَور مذبح کا
۲۱ کفّارہ دے چکے تو زِندہ بکرے کو نزدِیک لائے ۝ اَور ہارُون
اُس کے سر پر اپنے دونوں ہاتھ رکھّے اَور بنی اِسرائیل کے
سب گُناہوں اَور تقصِیروں اَور خطاؤں کا اُس پر اقرار کرے۔
اَور بکرے کے سر پر اُنہیں رکھّے۔ تب اُسے ایک مُقرّر شُدہ
۲۲ مَرد کے ہاتھ بیابان میں بھیج دے ۝ اَور بکرا اُس کے سارے
گُناہ اُٹھا کر وِیران زمین کو لے جائے گا۔ تب وہ بکرے کو
بیابان میں چھوڑ دے ۝

۲۳ تب ہارُون حضُوری کے خیمہ کے اندر آئے۔ اَور
کتانی کپڑے جو اُس نے مَقدِس میں داخِل ہوتے وقت پہنے
۲۴ تھے اُتارے۔ اَور اُنہیں وہاں چھوڑے ۝ تب پاک جگہ میں
اپنا بدن پانی سے دھوئے اَور اپنے کپڑے پہنے اَور باہر نِکلے۔
تب اپنی سوختنی قُربانی اَور قوم کی سوختنی قُربانی گُزرانے اَور
اپنے لئے اَور قوم کے لئے کفّارہ دے ۝ اَور خطا کی چربی مذبح پر ۲۵
جلائے ۝ اَور وہ جس نے عزازیل کا بکرا چھوڑا۔ وہ اپنے کپڑے ۲۶
دھوئے اَور پانی سے غُسل کرے۔ اَور بعد اُسکے خیمہ گاہ میں داخِل
ہو ۝ اَور خطا کا بچھڑا اَور خطا کا بکرا جن کا خُون کفّارہ کے لئے ۲۷
مَقدِس میں داخِل کیا گیا۔ اُنہیں خیمہ گاہ سے باہر لے جائیں۔
اَور اُن کی کھالیں اَور اُن کا گوشت اَور اُن کی آلائش آگ سے
جلائی جائے ۝ اَور وہ جس نے اُنہیں جلایا اپنے کپڑے دھوئے ۲۸
اَور اپنا بدن پانی سے دھوئے اَور اُس کے بعد خیمہ گاہ میں
داخِل ہو ۝

یہ تُمہارے لئے اَبدی فرض ہوگا کہ ساتویں مہینے کی ۲۹
دسویں تارِیخ کو تُم میں سے ہر ایک کیا دیسی کیا پردیسی نفس کُشی
کرے اَور کوئی کام نہ کرو ۝ کیونکہ اُس روز تُمہاری پاکیزگی ۳۰
کے لئے تُمہارے واسطے کفّارہ دیا جائے گا۔ تب تُم اپنے سارے
گُناہوں سے خُداوند کے آگے پاک ہو جاؤ گے ۝ یہ تُمہارے ۳۱
لئے تعطیل کا سبت ہوگا۔ اِس دِن تُم نفس کُشی کرو یہ اَبدی فرض
ہوگا ۝ اَور کاہن جو ممسُوح ہے اَور جس کے ہاتھوں کی تقدِیس ۳۲
کی گئی ہے کہ اپنے باپ کی جگہ کہانت کا کام کرے۔ کفّارہ
دے گا اَور کتانی کپڑے یعنی مُقدّس کپڑے پہنے گا ۝ اَور وہ ۳۳
مَقدِس کے لئے اَور حضُوری کے خیمہ کے لئے اَور مذبح کے لئے
اَور کاہن کے لئے اَور ساری قوم کے لئے کفّارہ دے گا ۝ یہ ۳۴
تُمہارے لئے اَبدی فرض ہوگا کہ بنی اِسرائیل کے سب گُناہوں
کے لئے سال میں ایک دفعہ کفّارہ دِیا جائے۔ سو جیسا خُداوند
نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا۔ اُس نے کِیا +

باب ۱۷

ذبح کی شریعت

اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے ۱
فرمایا ۝ کہ ہارُون اَور اُس کے بیٹوں اَور تمام بنی اِسرائیل ۲
سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ۔ کہ خُداوند نے یہ فرمایا ہے ۝

۳ کہ اگر کوئی شخص اِسرائیل کے خاندان میں سے بَیل یا بھیڑ یا ۴ بکری خَیمہ گاہ میں یا خَیمہ گاہ سے باہر ذَبح کرےo اَور اُسے حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ پر خُداوند کی قُربانی گُزراننے کے لئے اُس کے مَسکِن کے آگے نہ لائے۔ تو اُس پر خُون کا اِلزام ہوگا۔ کہ اُس نے خُون بہایا۔ تو وہ شخص اپنے لوگوں میں سے ۵ خارِج کِیا جائے گاo تا کہ بنی اِسرائیل اپنی قُربانیاں جِنہیں وہ میدان میں ذَبح کرتے ہیں۔ کاہِن کے پاس لائیں اَور اُنہیں خُداوند کے لئے حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ پر گُزرانیں اَور ۶ خُداوند کے لئے سلامتی کی قُربانیاں ذَبح کریںo تو کاہِن اُن کا خُون حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ کے پاس خُداوند کے مَذبح پر چھِڑکے۔ اَور اُس کی چربی کو خُداوند کی عُمدہ خُوشبُو ۷ کے لئے جَلائےo اَور آگے کو وہ شیاطِین کے لئے جِن کے پَیرو ہوکر اُنہوں نے بَدکاری کی اپنی قُربانیاں ذَبح نہ کریں گے۔ یہ ۸ اُن کے لئے اَبدی فرض پُشت در پُشت ہوگاo اَور تُو اُن سے کہہ کہ جو کوئی شخص اِسرائیل کے خاندان میں سے یا پردیسیوں میں سے جو اُن کے درمیان ہَے۔ اپنی سوختنی قُربانی یا ذَبیحہ چڑھائےo ۹ اَور اُسے حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ پر خُداوند کے لئے چڑھانے کو نہ لائے۔ وہ شخص اپنے لوگوں میں سے خارِج کِیا جائے گاo

خُون خوری ممنُوع

۱۰ اگر کوئی شخص اِسرائیل کے خاندان میں سے یا پردیسیوں میں سے جو اُن کے درمیان ہیں خُون کھائے۔

باب ۱۷:۳ ''ذَبح کرے'' یعنی قُربانی کے لئے شریعت کا خاص حُکم تھا کہ خُداوند کے لئے کوئی قُربانی ہَیکل سے باہر گزُرانی نہ جائے۔ جس کا یہ مطلب تھا کہ کوئی قُربانی خُدا کے حضُور مقبُول نہ ہوگی جو حقیقی ہَیکل سے باہر گزُرانی جائے +

باب ۱۷:۷ ''شیاطِین'' لفظی معنی بالوں والا یا بکرا۔ وہ بَدرُوحیں جو غیر قوموں کی باطل فہمی کے مُطابق بیابان میں رہتی ہیں +

باب ۱۷:۱۰ ''خُون کھائے'' خُون کھانا شریعت میں اِس لئے منع تھا کیونکہ خُدا نے اُسے مَذبح پر چڑھانے کے واسطے اپنے لئے مخصُوص کِیا تھا۔ اِس بات کے ظاہر کرنے کے لئے کہ مَیں زِندگی اَور مَوت کا مالِک ہُوں۔ نیز اِس لئے بھی کہ وہ مسیح کے خُون کا نمُونہ تھا اَور اس لئے بھی تا کہ لوگ خُون بہانے سے ڈرتے رہیں +

تو مَیں اپنا چہرہ اُس خُون خور کے خلاف کرُوں گا۔ اَور اُسے اُس کے لوگوں میں سے خارِج کردُوں گاo ۱۱ کیونکہ بدن کی جان خُون میں ہَے اَور اِسی واسطے مَیں نے اُسے تُم سے مَذبح پر رکھّوایا تا کہ اُس سے تُمہاری جانوں کا کَفّارہ دیا جائے۔ کیونکہ خُون جان کا کَفّارہ دیتا ہَےo ۱۲ اِسی سبب سے مَیں نے بنی اِسرائیل سے کہا کہ تُم میں سے کوئی خُون نہ کھائے۔ اَور کوئی پردیسی بھی جو تُمہارے درمیان ہَے خُون نہ کھائےo ۱۳ اَور جو آدمی بنی اِسرائیل سے اَور پردیسیوں میں سے جو تُمہارے درمیان ہیں کِسی جنگلی چوپائے یا پرندہ کا جِن کا کھانا رَوا ہَے شِکار کرے تو وہ اُس کا خُون بہائے اَور اُسے گَرد سے چھُپائےo ۱۴ کیونکہ ہر ایک بدن کی جان اُس کا خُون ہَے۔ وہ اُس کی جان کی جگہ ہَے اَور اِسی واسطے مَیں نے بنی اِسرائیل سے کہا کہ بدن کا خُون نہ کھاؤ۔ کہ ہر ایک بدن کی جان اُس کا خُون ہَے۔ جو کوئی اُسے کھائے گا خارِج کِیا جائے گاo ۱۵ اَور جو کوئی شخص خُود بخُود مَرے ہُوئے یا درندِہ کے پھاڑے ہُوئے جاندار کو کھائے۔ خواہ دیسی ہو خواہ پردیسی وہ اپنے کپڑے دھوئے اَور پانی سے غُسل کرے اَور شام تک ناپاک رہے۔ تب وہ پاک ہوگاo ۱۶ اگر نہ دھوئے اَور غُسل نہ کرے۔ تو گُناہ اُس کے سر پر ہوگا +

باب ۱۸

ممنُوع رِشتے

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کرکے فرمایا ۲ کہo بنی اِسرائیل سے خطاب کر اَور کہہ۔ کہ مَیں تُمہارا خُداوند خُدا ۳ ہُوں o تُم مُلکِ مِصر کی عادات کے مُطابِق جہاں تُم رہے۔ کام نہ کرو اَور نہ ہی زمینِ کِنعان کی عادات کے مُوافِق جہاں مَیں تُمہیں داخِل کرُوں گا تُم کام کرو۔ اَور اُن کے رواج پر تُم مت چلوo ۴ میری قضاؤں کو بجالاؤ۔ میرے قوانین کو مانو اَور

باب ۱۷:۱۱ ''کیونکہ خُون جان کا کَفّارہ دیتا ہَے'' یہ بات خُداوند یسُوع مسیح کی مَوت کی طرف اِشارہ کرتی ہَے۔ جس نے اپنا خُون ہماری نجات کے لئے بہایا۔ کیونکہ خُون بہائے بغیر مُعافی نہیں مِل سکتی ہے۔ (عبرانیوں ۹:۲۲) +

۵ اُن پر چلو۔ کیونکہ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں ۝ پس میرے قَوانِین اَور میری قضاؤں پر عمل کرو۔ کہ جوکوئی اُن پر عمل کرے تو وہ اُن سے زِندہ رہے گا۔ مَیں خُداوند ہُوں ۝

۶ تُم میں سے کوئی اپنی قریبی رِشتہ دار کے پاس اُس کے بدن کو بے پردہ کرنے کے لئے نہ جائے۔ مَیں خُداوند ہُوں ۝ ۷ تُو اپنی ماں کے بدن کو جو تیرے باپ کا بدن ہَے بے پردہ نہ کرنا کیونکہ وہ تیری ماں ہَے۔ تُو اُس کے بدن کو بے پردہ نہ کرنا ۝ ۸ تُو اپنے باپ کی بیوی کے بدن کو بے پردہ نہ کرنا کیونکہ وہ تیرے باپ کا بدن ہَے ۝ ۹ تُو اپنی بہن کے بدن کو چاہے وہ تیرے باپ کی بیٹی ہو چاہے تیری ماں کی۔ اَور خواہ وہ گھر میں ۱۰ پیدا ہُوئی ہو خواہ اَور کہیں بے پردہ نہ کرنا ۝ تُو اپنی پوتی یا نَواسی کے بدن کو بے پردہ نہ کرنا کیونکہ اُن کا بدن تو تیرا ہی بدن ہَے ۝ ۱۱ تیرے باپ کی بیوی کی بیٹی جو تیرے باپ سے پیدا ہُوئی ہَے ۱۲ تیری بہن ہَے۔ تُو اُس کے بدن کو بے پردہ نہ کرنا ۝ تُو اپنی پھُوپھی کے بدن کو بے پردہ نہ کرنا کیونکہ وہ تیرے باپ کی قریبی رِشتہ دار ۱۳ ہَے ۝ تُو اپنی ماسی کے بدن کو بے پردہ نہ کرنا کیونکہ وہ تیری ماں ۱۴ کی قریبی رِشتہ دار ہَے ۝ تُو اپنے باپ کے بھائی کے بدن کو بے پردہ نہ کرنا یعنی اُس کی بیوی کے پاس نہ جانا وہ تیری چچی ۱۵ ہَے ۝ تُو اپنی بہُو کے بدن کو بے پردہ نہ کرنا کیونکہ وہ تیرے بیٹے کی بیوی ہَے۔ اِس لئے تُو اُس کے بدن کو بے پردہ نہ کرنا ۝ [۱۶] تُو اپنی بھاوج کے بدن کو بے پردہ نہ کرنا کیونکہ وہ تیرے بھائی کا ۱۷ بدن ہَے ۝ تُو کِسی عورت اَور اُس کی بیٹی دونوں کے بدن کو بے پردہ نہ کرنا اَور نہ تُو اُس عورت کی پوتی یا نَواسی سے بِیاہ کر کے اُن میں سے کِسی کے بدن کو بے پردہ کرنا۔ کیونکہ وہ دونوں اُس عورت ۱۸ کی قریبی رِشتہ دار ہیں۔ یہ بڑی خباثت ہَے ۝ تُو اپنی سالی سے بِیاہ کر کے اُسے اپنی بیوی کی سَوکن نہ بنانا کہ دُوسری کے جِیتے جی اُس کے بدن کو بھی بے پردہ کرے ۝

۱۹ تُو عورت کے پاس اُس کے حَیض کی نجاست کے وقت نہ جانا تا کہ اُس کے بدن کو بے پردہ کرے ۝ ۲۰ اَور تُو اپنے آپ کو نجِس کرنے کے لئے اپنے ہمسایہ کی بیوی سے صُحبت نہ کرنا ۝ ۲۱ تُو اپنی نسل میں سے مولَک کے لئے نَذر نہ گُزران۔ اَور اپنے خُدا کے نام کو داغ نہ لگا۔ مَیں خُداوند ہُوں ۝ ۲۲ اَور تُو مَرد کے ساتھ عورت کی مُجامعت کی طرح صُحبت نہ کر کیونکہ یہ مکرُوہ ۲۳ کام ہَے ۝ تُو کِسی حیوان کے ساتھ جماع نہ کرنا کہ اُس سے نجِس ہو۔ اَور کوئی عورت جانور کے آگے کھڑی نہ ہو کہ اُس سے جماع کروائے کیونکہ یہ اَشدّ بدی ہَے ۝

۲۴ تُم اِن باتوں میں سے کِسی سے اپنے آپ کو نجِس نہ کرو۔ کیونکہ ایسی ہی باتوں سے وہ قومیں نجِس ہوئیں۔ جِنہیں ۲۵ مَیں تُمہارے آگے سے نِکال دُوں گا ۝ اَور زمین ناپاک ہُوئی۔ سو مَیں اُس کی بدی کی سزا دُوں گا۔ اَور زمین اپنے رہنے والوں ۲۶ کو قَے کر دے گی ۝ پس تُم میرے قَوانِین اَور میری قضاؤں پر عمل کرو۔ اَور اِن گھنونی باتوں میں سے تُم خواہ دیسی خواہ پردیسی ۲۷ جو تُمہارے درمیان ہَے کوئی نہ کرو ۝ کیونکہ یہ سب پلید کام زمین کے باشِندوں نے جو تُم سے آگے تھے کئے اَور زمین ناپاک ہُوئی ۝ ۲۸ تا کہ جب تُم زمین کو ناپاک کرو۔ تو وہ تُمہیں قَے نہ کر دے۔ ۲۹ جیسا کہ تُم سے پہلے کی قوموں کو اُس نے قَے کر دِیا ۝ کیونکہ اِن پلیدگیوں میں سے جو کوئی کُچھ کرے گا تو سب کرنے والے اشخاص ۳۰ اپنے لوگوں میں سے خارِج کئے جائیں گے ۝ پس میرے حُکموں پر عمل کرو۔ تا کہ تُم اُن پلید کاموں میں سے جو تُم سے پہلے کئے گئے کوئی نہ کرو۔ اَور اپنے آپ کو اُن سے گندہ نہ کرو مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں +

باب ۱۹

اخلاقی اَور رسمی شرائع

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے ۲ فرمایا ۝ بنی اِسرائیل کی جماعت سے خطاب کر اَور کہہ۔ کہ تُم ۳ پاک ہو جاؤ۔ کیونکہ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا پاک ہُوں ۝ ہر ایک شخص اپنی ماں اَور اپنے باپ سے ڈرے۔ اَور میرے سبتوں ۴ کو مانے۔ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں ۝ تُم بُتوں کی طرف

باب ۱۸: ۱۶ ”اپنی بھاوج کے بدن کو“ اِس قانُون شِکنی کے باعِث مُقدّس یُوحنا بپتسمہ دینے والے نے ہیرودیس کو ملامت کی تھی (مرقس باب ۶: ۱۸) +

رجُوع نہ ہو۔ اَور نہ اپنے لِئے ڈھالے ہُوئے مَعبُود بناؤ۔ مَیں
۵ خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں○ اگر تُمہیں سلامتی کا ذَبیحہ خُداوند کے
۶ لِئے چڑھانا ہو۔ تو ایسا چڑھانا کہ وہ تُجھ پر کرم کرے○ اَور جس
روز تُم نے اُسے ذَبح کِیا۔ اُس دِن اَور اگلے دِن اُسے کھاؤ۔
اگر کُچھ تیسرے دِن تک بچ رہے تو وہ آگ سے جَلایا جائے○
۷ اَور اگر اُس میں سے تیسرے دِن کھایا جائے تو یہ مکرُوہ ناپسندیدہ
۸ ہے○ اَور جس نے کھایا گُناہ اُس کے سر پر ہوگا۔ کیونکہ اُس
نے خُداوند کی پاک چیز کو داغ لگایا۔ تو وہ شخص اپنے لوگوں میں
۹ سے خارِج کِیا جائے گا○ اَور جب تُو اپنی زمین کی فصل کاٹے۔
تو کھیت کے کِناروں تک مت کاٹ۔ اَور اپنی فصل کے بال نہ
۱۰ چُن○ اَور اپنے انگُورستان کے سب خوشے نہ توڑ۔ اَور گِرے
ہُوئے انگُور نہ اُٹھا۔ بلکہ اُنہیں مِسکین اَور مُسافِر کے واسطے
۱۱ چھوڑ دے۔ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں○ تُم چوری نہ کرو۔ تُم
۱۲ جھُوٹ نہ بولو۔ کوئی اپنے ہمسائے کو فریب نہ دے○ اَور میرے
نام کی جھُوٹی قسم مت کھاؤ اَور اپنے خُدا کے نام کو داغ نہ لگاؤ۔
۱۳ مَیں خُداوند ہُوں○ تُو اپنے پڑوسی پر ظُلم نہ کر۔ نہ اُس کا کُچھ
چھین لے۔ اَور مزدُور کی مزدُوری تیرے پاس اگلے دِن تک
۱۴ نہ رہے○ تُو بہرے کو گالی نہ دے۔ تُو اندھے کے آگے ٹھوکر
لگنے والی چیز نہ رکھّ۔ اَور اپنے خُدا سے ڈر۔ مَیں خُداوند
۱۵ ہُوں○ تُو عدالت میں بے اِنصافی نہ کر۔ تُو غریب کی رِعایت
نہ کر۔ اَور نہ بڑے آدمی کا لحاظ کر۔ بلکہ اِنصاف سے اپنے
۱۶ ہمسایہ کی عدالت کر○ تُو چُغلخُوری کرتا ہُوا اپنی قوم میں مت
چل پھر۔ اَور اپنے ہمسائے کے خُون کے خلاف کھڑا نہ ہو۔
۱۷ مَیں خُداوند ہُوں○ تُو اپنے بھائی سے اپنے دِل میں بُغض نہ
رکھّ بلکہ اُسے برملا سرزنش کرتا کہ تُو اُس کے باعِث خطا کار نہ
۱۸ ٹھہرے○ تُو اپنی قوم کے فرزندوں سے بدلہ نہ لے اَور نہ اُن
سے کینہ رکھّ۔ تُو اپنے ہمسائے کو اپنی مانند پیار کر۔ مَیں خُداوند
۱۹ ہُوں○ تُو میری شرائع پر عمل کر۔ تُو اپنے چوپایوں کو غیر جنس
سے نہ بھروانا۔ تُو اپنے کھیت میں دو طرح کا بیج نہ بو۔ اَور دو
۲۰ جنسوں کا بُنا ہُوا کپڑا تیرے اُوپر نہ ہو○ اگر کوئی مرد اُس عورت
سے ہم بستر ہو۔ جو لونڈی اَور دُوسرے مرد کی منگیتر ہو۔ جو نہ
فِدیہ دی گئی اَور نہ آزاد کی گئی ہو۔ تو اُنہیں سزا دی جائے۔ وہ
۲۱ مارے نہ جائیں کیونکہ وہ آزاد نہ تھی○ وہ اپنی بدی کی قُربانی
کے لِئے خُداوند کے واسطے حضُوری کے خیمہ کے دروازہ پر ایک
۲۲ مینڈھا تقصیر کی قُربانی کے لِئے لائے○ تو کاہن تقصیر کے
مینڈھے سے خُداوند کے آگے اُس خطا کے لِئے جو اُس نے
کی کفّارہ دے۔ تو گُناہ جو اُس نے کِیا اُسے بخشا جائے گا○
۲۳ اَور جب تُم مُلک میں داخل ہو۔ اَور ہر ایک قِسم کا درخت
کھانے کے لِئے لگاؤ۔ تو اُس کے پہلے پھَل کو الگ کرو۔ تین
۲۴ سال وہ تُمہارے لِئے نامختُون ہوگا۔ اُس میں سے نہ کھاؤ○ اَور
چوتھے سال میں اُس کے تمام پھَل خُداوند کی تمجید کے لِئے پاک
۲۵ ہوں گے○ اَور پانچویں سال تُم اُس کا پھَل کھاؤ۔ تو اُس کی پیداوار
تُمہارے لِئے بڑھے گی۔ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں○
۲۶ تُم کوئی چیز خُون کے ساتھ نہ کھاؤ۔ اَور نہ شگُون ڈھونڈو
۲۷ اَور نہ فال نِکالو○ تُم اپنے سر کے بال گول طرح سے نہ کاٹو
۲۸ اَور نہ تُم اپنی داڑھی مُنڈاؤ○ اَور مُردے کے لِئے تُم اپنے بدنوں
پر چِیر نہ لگاؤ۔ اَور اپنے اُوپر گُودنے سے نِشان نہ کرو۔ مَیں
۲۹ خُداوند ہُوں○ تُو اپنی بیٹی کو بدکاری کے لِئے بے حُرمت نہ کروا۔
تا نہ ہو کہ مُلک کے رہنے والے بدکاری کریں اَور مُلک شرارت
۳۰ سے بھر جائے○ میرے سبتوں کو مانو۔ اَور میرے مَقدِس کی
۳۱ تعظیم کرو۔ مَیں خُداوند ہُوں○ تُم جادُوگروں کی طرف مائل
نہ ہو۔ اَور نہ فال گیروں کو ڈھونڈو۔ کیونکہ تُم اُن سے ناپاک
۳۲ ہو جاؤ گے۔ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں○ تُو سفید سر کے
آگے اُٹھ کھڑا ہو۔ اَور بُوڑھے کے مُنہ کی عزّت کر۔ اَور اپنے
۳۳ خُدا سے ڈر۔ مَیں خُداوند ہُوں○ اگر کوئی اجنبی تُمہاری سرزمین
۳۴ میں تُمہارے ساتھ رہے۔ تُم اُس پر ظُلم نہ کرو○ اَور اجنبی جو

باب ۱۹: ۱۸ ''اپنے ہمسائے کو اپنی مانند...'' خُداوند یسُوع مسیح اس آیت کا حوالہ دیتا ہے۔ اور پڑوسی کی مُحبّت خُدا کی مُحبّت کی مانند لازمی ٹھہراتا ہے۔ متی ۲۲: ۲۹ اگر چہ ہمسائے سے یہاں صرف ہموطن مُراد ہے۔ مگر خُداوند یسُوع مسیح ہمسائے میں تمام آدم زاد بلکہ دُشمنوں کو بھی شامل کرتا ہے۔ (متی ۵: ۴۳-۴۴) +

تُمہارے درمیان رہتا ہے تُمہارے نزدِیک ایسا ہو گویا وہ تُم میں پیدا ہُؤا ہے۔ تُو اُسے اپنے آپ کی طرح پیار کر۔ کیونکہ تُم بھی مُلکِ مِصر میں مُسافِر تھے۔ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں ۝
۳۵ تُم عدالت کرنے میں اَور پیمائش کرنے میں اَور تولنے میں اَور ۳۶ ناپنے میں بے اِنصافی نہ کرو ۝ بلکہ تُمہارے ترازُو پُورے اَور تُمہارے وزن پُورے اَور ایفہ پُورے اَور ہین پُورے ہوں۔ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں جو مُلکِ مِصر سے تُمہیں باہر نِکال ۳۷ لایا ۝ پس میری سب شرائع اَور قضاؤں کو مانو اَور اُن پر عمل کرو۔ مَیں خُداوند ہُوں +

باب ۲۰

۱ جرائم کی سزا اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا ۝
۲ بنی اِسرائیل سے کہہ۔ کہ اگر کوئی شخص بنی اِسرائیل میں سے اَور اجنبیوں میں سے جو اِسرائیل میں رہتے ہیں۔ اپنی نسل میں سے مولک کی نذر کرے۔ وہ ضرُور مارا جائے۔ مُلک کے ۳ باشِندے اُسے سنگسار کریں ۝ اَور مَیں اپنا چہرہ اُس آدمی کے خلاف کرُوں گا اَور اُس کے لوگوں کے درمیان سے اُسے خارِج کرُوں گا۔ کیونکہ اُس نے اپنی نسل میں سے مولک کو دِیا۔ اَور میرے مَقدِس کو ناپاک کِیا اَور میرے قُدُّوس نام کو ۴ داغ لگایا ۝ اگر سر زمین کے باشِندے اُس اِنسان سے جس نے اپنی نسل میں سے مولک کو دِیا۔ چشم پوشی کریں اَور اُسے قتل ۵ نہ کریں ۝ تو مَیں اپنا چہرہ اُس شخص کے اَور اُس کے خاندان کے خلاف کرُوں گا۔ اَور اُسے اَور اُن سب کو جو مولک کی پیروی کر کے اُس کی بدکاری میں مُتّفِق ہوئے۔ اُن کے لوگوں میں سے خارِج کردُوں گا ۝
۶ اَور اگر کوئی شخص جادُوگروں اَور فال گیروں کی طرف رجُوع ہو۔ تاکہ اُن کی پیروی میں بدکاری کرے۔ مَیں اپنا چہرہ اُس شخص کے خلاف کرُوں گا۔ اَور اُسے اُس کے لوگوں ۷ میں سے خارِج کردُوں گا ۝ پس تُم اپنے آپ کو پاک کرو۔ اَور پاک ہوؤ۔ کیونکہ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں ۝ اَور میری ۸ شرائع کو مانو اَور اُن پر عمل کرو۔ مَیں خُداوند تُمہیں مُقدّس کرنے والا ہُوں ۝ جو اِنسان اپنے باپ یا اپنی ماں پر لعنت ۹ کرے۔ وہ ضرُور مار ڈالا جائے۔ کیونکہ اُس نے اپنے باپ یا اپنی ماں پر لعنت کی۔ اُس کا خُون اُسی پر ہے ۝ اَور جو مَرد ۱۰ دُوسری عورت کے ساتھ جو اُس کے ہمسایہ کی ہو زِنا کرے۔ تو زِنا کرنے والا اَور زِنا کرنے والی مار ڈالے جائیں ۝ اگر کوئی ۱۱ اپنے باپ کی بیوی سے ہم بِستر ہو۔ اُس نے اپنے باپ کے بدن کو بے پردہ کِیا تو وہ دونوں مار ڈالے جائیں۔ اُن کا خُون اُن ہی پر ہوگا ۝ اگر کوئی اپنی بہُو سے ہم بِستر ہو تو دونوں مار ۱۲ ڈالے جائیں۔ کیونکہ اُنہوں نے اَشدّ شرارت کی ہے اُن کا خُون اُن پر ہوگا ۝ اگر کوئی مَرد سے صُحبت کرے جیسے عورت سے ۱۳ کی جاتی ہے تو اُنہوں نے مکرُوہ کام کِیا۔ وہ دونوں مار ڈالے جائیں۔ اُن کا خُون اُن ہی پر ہوگا ۝ اگر کوئی آدمی کِسی عورت ۱۴ اَور اُس کی ماں دونوں کو رکھّے یہ حد درجہ کی بے حیائی ہے۔ وہ مع اُن دونوں کے آگ میں جلایا جائے تاکہ تُمہارے درمیان ایسی بے حیائی نہ رہے ۝ اگر کوئی چوپائے کے ساتھ جماع ۱۵ کرے تو وہ ضرُور قتل کِیا جائے اَور چوپایہ بھی مار ڈالا جائے ۝ اگر کوئی عورت جانور کے نزدِیک جائے کہ اُس سے جماع ۱۶ کرائے تو عورت اَور جانور کو تُو قتل کر۔ وہ دونوں ضرُور قتل کئے جائیں۔ اُن کا خُون اُن پر ہوگا ۝ اگر کوئی مَرد اپنی بہن اپنے ۱۷ باپ کی بیٹی یا اپنی ماں کی بیٹی کو لے۔ اَور وہ ایک دُوسرے کے بدن کو دیکھیں یہ شرم کی بات ہے۔ وہ دونوں اپنے لوگوں کی آنکھوں کے سامنے خارِج کئے جائیں۔ کیونکہ اُس نے اپنی بہن کو بے پردہ کِیا۔ گُناہ اُس کے سر پر ہوگا ۝ اگر کوئی حَیض ۱۸ والی عورت سے ہم بِستر ہو۔ تو اُس نے اُس کے بدن کو بے پردہ کِیا۔ اَور اُس کا چشمہ کھولا۔ اَور اُس عورت نے اپنے خُون کا چشمہ کھُلوایا۔ تو وہ دونوں اپنے گروہ میں سے خارِج کئے جائیں ۝ اَور تُو اپنی خالہ اَور اپنی پھُوپھی کے بدن کو بے پردہ نہ ۱۹ کر۔ جو کوئی ایسا کرتا ہے وہ اپنی قرِیبی رِشتہ دار کو بے پردہ کرتا

۲۰ ہے تو گُناہ دونوں کے سر پر ہوگا۝ اگر کوئی اپنے چچا کی بیوی
سے ہم بِستر ہو تو اُس نے اپنے چچا کے بدن کو بے پردہ کیا۔
۲۱ گُناہ اُن دونوں کے سر پر ہوگا اَور وہ بے اولاد رہیں گے۝ اگر
کوئی اپنے بھائی کی بیوی کو لے تو یہ اُس کے لئے ناجائز ہے۔
اُس نے اپنے بھائی کے بدن کو بے پردہ کیا تو وہ بے اولاد
۲۲ رہیں گے۝ سو تُم میری سب شرائع اور قضاؤں کو مانو اَور اُن پر
عمل کرو۔ تاکہ وہ زمین جس میں مَیں تُمہیں داخل کرتا ہُوں کہ
۲۳ تُم وہاں بسو تُمہیں قے نہ کردے۝ اَور اُن قوموں کے دستُوروں
پر جنہیں مَیں تُمہارے آگے سے نِکالتا ہُوں۔ تُم مت چلو۔
کیونکہ اُنہوں نے ایسے کام کئے تو مَیں نے اُن سے نفرت کی۝
۲۴ اَور تُم سے مَیں نے کہا۔ کہ تُم اُن کی سرزمین کے وارِث ہوگے
اَور مَیں اُسے تُمہیں دُوں گا کہ تُم اُس کے وارِث ہو۔ وہ سرزمین
جس میں دُودھ اَور شہد بہتا ہے۔ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں۔
۲۵ جس نے تُمہیں قوموں میں سے جُدا کیا ہے۝ اِس لئے تُم پاک
اَور ناپاک چوپایوں اَور پاک اَور ناپاک پرندوں میں تمیز کرو۔
اَور تُم چوپایوں اَور پرندوں اَور اُن سب سے جو زمین پر رینگتے
ہیں۔ جنہیں مَیں نے تُمہیں ناپاک بتایا ہے۔ اپنے آپ کو
۲۶ پلید نہ کرو۝ اَور تُم میرے لئے پاک ہو۔ کیونکہ مَیں بہت پاک
ہُوں۔ مَیں خُداوند ہُوں۔ مَیں نے تُمہیں قوموں سے الگ کیا
۲۷ ہے تاکہ تُم میرے ہو۝ اَور کوئی مرد یا عورت جو جادُوگر یا
فال گیر ہے وہ ضرُور قتل کیا جائے وہ سنگسار کیا جائے۔ اُس کا
خُون اُسی پر ہوگا+

باب ۲۱

۱ **کاہنوں کی پاکیزگی** اَور خُدا نے مُوسیٰ سے فرمایا کہ ہارُون
کے بیٹوں سے جو کاہن ہیں خطاب کر اَور اُن سے کہہ۔ کہ
اپنے لوگوں کے مُردہ سے تُم میں سے کوئی اپنے آپ کو ناپاک
۲ نہ کرے۝ مگر اُس کے لئے جو قریبی رِشتہ دار ہو۔ اپنی ماں کے
لئے اَور اپنے باپ کے لئے اَور اپنے بیٹے کے لئے اَور اپنی بیٹی
کے لئے اَور اپنے بھائی کے لئے۝ اَور اپنی کُنواری بہن کے لئے ۳
جو اُس کے ساتھ ہے اَور مرد سے واقف نہیں ہُوئی وہ ناپاک
بن سکتا ہے۝ مالک اپنے لوگوں میں اپنے آپ کو ناپاک نہ کرے ۴
کہ بے وقر ہو۝ وہ اپنے سروں کے بال اَور اپنی داڑھیوں ۵
کے کونے نہ مُونڈیں اَور اپنے بدنوں پر چیر نہ لگائیں۝ اَور وہ ۶
اپنے خُدا کے لئے مُقدّس ہوں اَور اُس کے نام کو داغ نہ لگائیں۔
کیونکہ وہ خُداوند کے لئے آتشین قُربانیاں جو اُن کے خُدا کی
غذا ہے گُزرانتے ہیں۔ پس وہ پاک رہیں۝ وہ فاحشہ یا بے حُرمت ۷
کی ہُوئی عورت کو اپنی بیوی نہ بنائیں۔ اَور نہ اُس عورت کو جِسے
اُس کے خاوند نے طلاق دے دی ہو۔ کیونکہ وہ اپنے خُدا کے
لئے مُقدّس ہیں۝ پس تُم اُنہیں مُقدّس جانو۔ کیونکہ وہ تیرے ۸
خُدا کی غذا گُزرانتے ہیں۔ وہ تیرے نزدِیک مُقدّس ہوں۔
کیونکہ مَیں خُداوند تُمہیں مُقدّس کرنے والا قُدُّوس ہُوں۝ اگر ۹
کِسی کاہن کی بیٹی اپنے آپ کو بے حُرمت کرے۔ اُس نے
اپنے باپ کو ذلیل کیا۔ وہ آگ میں جلائی جائے۝ وہ جو اپنے ۱۰
بھائیوں میں سردار کاہن ہے۔ جس کے سر پر مسح کا تیل ڈالا
گیا ہو اَور جس کے ہاتھوں کی تقدیس کی گئی ہو کہ لباس پہنے وہ
اپنا سر ننگا نہ کرے اَور اپنے کپڑے نہ پھاڑے۝ وہ کسی مُردہ ۱۱
کے پاس اندر نہ جائے۔ یہاں تک کہ اپنے باپ اَور اپنی ماں
کے لئے اپنے آپ کو ناپاک نہ کرے۝ اَور مَقدِس سے باہر نہ ۱۲
نِکلے۔ اَور اپنے خُدا کے مَقدِس کو بے حُرمت نہ کرے۔ کیونکہ
اُس کے سر پر اُس کے خُدا کے مسح کا تاج ہے۔ مَیں خُداوند
ہُوں۝ اَور وہ کُنواری عورت کے ساتھ بیاہ کرے۝ وہ کسی بیوہ ۱۳،۱۴
یا طلاق دی ہوئی یا بے حُرمت کی ہوئی یا فاحشہ عورت سے نہیں
بلکہ اپنے لوگوں میں سے کُنواری کے ساتھ بیاہ کرے۝ وہ اپنی ۱۵
نسل کو اپنے لوگوں میں بے حُرمت نہ کرے۔ کیونکہ مَیں
خُداوند اُس کا مُقدّس کرنے والا ہُوں۝
اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا۝ ہارُون ۱۶،۱۷
سے خطاب کر اَور کہہ۔ کہ تیری نسل میں سے پُشتوں کے دوران
اگر کسی مرد میں کوئی نقص ہو۔ تو وہ خُدا کی غذا گُزراننے کے

۱۸ لئے نزدِیک نہ آئے۝ اَور کوئی آدمی جس میں نقص ہو نزدِیک نہ آئے۔ جیسے کہ اندھا یا لنگڑا یا چپٹی ناک والا یا جس کے اعضا
۱۹،۲۰ میں کمی بیشی ہو۝ اَور وہ جس کا پاؤں یا ہاتھ ٹوٹا ہُوا ہو۝ یا کُبڑا یا باؤنا اَور وہ جس کی آنکھ میں سفیدی ہو اَور داد والا اَور کھُجلی بھرا
۲۱ اَور جس کے خُصیئے کُچلے گئے ہوں۝ ہارُون کاہن کی نسل میں سے کوئی آدمی جس میں عیب ہو نزدِیک نہ آئے کہ خُداوند کے لئے آتشین قُربانیاں گُزرانے۔ وہ عیب دار ہے وہ خُداوند کی
۲۲ غذا گُزراننے کے لئے بھی نزدِیک نہ آئے۝ لیکن وہ خُدا کی
۲۳ غذا خواہ پاک ترین ہو خواہ پاک کھا سکتا ہے۝ وہ پردے کے اندر داخل نہ ہو اَور مذبح کے نزدِیک نہ آئے۔ کیونکہ وہ عیب دار ہے۔ وہ میرے مُقدّس مقاموں کو بے حُرمت نہ کرے۔ کیونکہ
۲۴ مَیں خُداوند اُن کا مُقدّس کرنے والا ہُوں۝ تب مُوسیٰ نے ہارُون اَور اُس کے بیٹوں اَور تمام بنی اِسرائیل کو یہ سُنایا+

باب ۲۲

۱ **پاک چیزیں کون کھائے** اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام
۲ کرکے فرمایا۝ کہ ہارُون اَور اُس کے بیٹوں سے کہنا۔ کہ وہ بنی اِسرائیل کی مُقدّس کی ہُوئی چیزوں کی بابت خبردار رہیں۔ اَور میرے قُدُّوس نام کو اُن چیزوں میں جو وہ میرے لئے
۳ مُقدّس کرتے ہیں بے حُرمت نہ کریں۔ مَیں خُداوند ہُوں۝ تُو اُن سے کہنا۔ کہ تُمہاری نسل میں سے تُمہاری پُشتوں کے دوران میں اگر کوئی مَرد ناپاکی کی حالت میں اُن پاک چیزوں کے نزدِیک جائے۔ جنہیں بنی اِسرائیل خُداوند کے لئے مُقدّس کرتے ہیں۔ تو وہ اِنسان میرے حضُور سے کاٹا جائے۔ مَیں
۴ خُداوند ہُوں۝ ہارُون کی نسل میں سے اگر کوئی آدمی کوڑھی یا جریان والا ہو تو جب تک وہ پاک نہ ہو لے۔ پاک چیزوں میں سے نہ کھائے اَور اگر کوئی اُس چیز کو چھُوئے جو مُردہ کے سبب
۵ ناپاک ہے یا جس کی نسل کا بیج خارج ہُوا۝ یا اگر کوئی شخص کسی رینگنے والے جاندار کو جس سے ناپاک ہوتے ہیں یا اِنسان کو جس سے
اُس کی نجاست کے باعث ناپاک ہوتے ہیں چھُوئے۝ تو ہر
۶ ایک جو اِن میں سے کسی کو چھُوئے وہ شام تک ناپاک رہے گا۔ اَور وہ پاک چیزوں میں سے نہ کھائے بلکہ اپنا بدن پانی سے دھوئے۝ اَور جب سُورج ڈُوب جائے تو وہ پاک ہوگا۔
۷ بعد اُس کے وہ پاک چیزوں میں سے کھائے کیونکہ وہ اُس کا کھانا ہیں۝ اَور خُود بخُود مَرے ہُوئے یا درندوں کے پھاڑے
۸ ہُوئے جانور کو نہ کھائے۔ تا کہ ناپاک نہ ہو۔ مَیں خُداوند ہُوں۝ وہ میرے حُکموں پر عمل کریں۔ تا کہ اِس سبب سے گُناہ اُن کے
۹ سر پر نہ ہو۔ اَور اُسے بے حُرمت کرنے کے سبب سے ہلاک نہ ہوں۔ مَیں خُداوند اُن کا مُقدّس کرنے والا ہُوں۝ اَور کوئی
۱۰ غیر شخص پاک چیز نہ کھائے اَور کاہن کے گھر کا مُسافر اَور مزدُور پاک چیز نہ کھائے۝ لیکن جس اِنسان کو کاہن نے اپنا مال دے
۱۱ کر خریدا۔ وہ پاک چیزوں میں سے کھائے۔ ایسا ہی وہ جو اُس کے گھر میں پیدا ہُوا ہو وہ اُس کے کھانے میں سے کھائے۝
۱۲ اَور کاہن کی بیٹی جو غیر شخص کے ساتھ بیاہی گئی ہو۔ وہ پاک چیزوں کی قُربانی میں سے نہ کھائے۝ لیکن کاہن کی جو بیٹی بیوہ
۱۳ یا مُطلّقہ ہو جائے اَور اُس کی اولاد نہ ہو اَور اپنے باپ کے گھر میں پھر آئے۔ جیسے کہ لڑکپن کے دِنوں میں تھی۔ تو وہ اپنے باپ کے کھانے میں سے کھائے۔ مگر غیر شخص اُس سے نہ کھائے۝
۱۴ اگر کوئی اِنسان بھُولے سے پاک چیزوں میں سے کھائے۔ تو اُس پر پانچواں حِصّہ زیادہ کرے۔ اَور کاہن کو پاک چیز واپس کرے۝
۱۵ اَور وہ بنی اِسرائیل کی پاک چیزوں کو جو وہ خُداوند کی نذر کریں۔ بے حُرمت نہ کریں۝
۱۶ اَور پاک چیزوں کے کھانے کا گُناہ اُن کے سر پر نہ ہو۔ کیونکہ مَیں خُداوند اُن کا مُقدّس کرنے والا ہُوں۝

۱۷ **ناقابلِ نذر چیزیں** اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کرکے فرمایا۝
۱۸ کہ ہارُون اَور اُس کے بیٹوں اَور تمام بنی اِسرائیل سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ۔ کہ اگر کوئی آدمی بنی اِسرائیل میں سے اَور اُن کے ساتھ رہنے والوں میں سے اپنی قُربانی لائے۔ خواہ وہ مَنّت پُوری کرنے کی یا خُوشی کی ہو۔ جیسے وہ سوختنی قُربانی

۱۹ کر کے خُداوند کے لئے گُزرانتا ہَے○ تو تُمہارے ہاتھ سے
مقبُول ہونے کے لئے وہ بَیلوں میں سے یا بھیڑوں میں سے
۲۰ یا بکروں میں سے بے عیب نَر ہو○ اَور جو عیب دار ہو اُسے
۲۱ نزدِیک نہ لاؤ۔ کیونکہ وہ تُمہارے ہاتھ سے مقبُول نہ ہوگی○ اگر
کوئی اِنسان خُداوند کے لئے سلامتی کی قُربانی لائے۔ خواہ وہ
مَنّت پُوری کرنے کی یا خُوشی کی ہو۔ گائے بَیل میں سے یا بھیڑ
بکری میں سے۔ تو بے عیب ہو۔ مقبُول ہونے کے لئے چاہئیے۔
۲۲ کہ اُس میں کوئی عیب نہ ہو○ اَندھا اَور ٹوٹا ہُوا اَور زخمی اَور
پُھٹریوں والا اَور کھُجلی والا اَور داد والا تُم خُداوند کے لئے نہ گُزرانو
اَور اُن میں سے خُداوند کے لئے مذبح پر آتشین قُربانی نہ چڑھاؤ○
۲۳ اَور کوئی بَیل یا بھیڑ جس کا کوئی عضو زیادہ یا کم ہو۔ تُم اپنی خُوشی
سے گُزران سکتے ہو۔ لیکن اگر وہ مَنّت پُوری کرنے کے لئے ہَے
۲۴ تو نامقبُول ہوگی○ اَور کوئی حیوان جس کے خُصیئے کُچلے گئے یا توڑے
گئے یا نِکالے گئے یا کاٹے گئے ہوں۔ تُم اُسے خُداوند کے لئے
قُربانی نہ گُزرانو۔ اَور ان باتوں میں سے کوئی اپنی سَر زمین میں
۲۵ نہ کرو○ اَور ان سب میں سے اپنے خُدا کا کھانا اجنبی کے بیٹے کے
ہاتھ سے نہ گُزرانو۔ کیونکہ وہ سب خراب ہیں اَور اُن میں عیب
ہَے وہ تُمہارے ہاتھ سے مقبُول نہ ہوں گے○
۲۶،۲۷ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا ○ کہ جب
بچھڑا یا برّہ یا حلوان پیدا ہو۔ تو وہ سات دِن اپنی ماں کے ساتھ
رہے۔ اَور آٹھویں دِن سے آگے کو وہ خُداوند کے واسطے
۲۸ آتشین قُربانی کے لئے مقبُول ہوگا○ اَور گائے اَور بھیڑ کو مع
۲۹ اُس کے بچّے کے تُم ایک ہی دِن میں ذبح نہ کرو○ جب تُم خُداوند
کے لئے شُکرانے کا ذبیحہ ذبح کرو۔ تو ایسا ذبح کرو جو تُمہارے
۳۰ ہاتھ سے منظُور کیا جا سکے○ اَور وہ اُسی دِن کھایا جائے۔ اگلے دِن
۳۱ تک اُس میں سے باقی نہ رکھّو مَیں خُداوند ہُوں○ سو تُم میرے
حُکموں کو مانو اَور اُن پر عمل کرو مَیں خُداوند ہُوں اَور میرے
قُدُّوس نام کو بے حُرمت نہ کرو۔ بنی اِسرائیل کے درمیان میری
تقدِیس کی جائے۔ مَیں خُداوند تُمہارا مُقدّس کرنے والا ہُوں○
۳۲ جو تُمہیں مُلک مِصر سے باہر نِکال لایا ہُوں۔ تاکہ تُمہارا خُدا
ہوؤں۔ مَیں خُداوند ہُوں+

باب ۲۳

تنظیم اعیاد

اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا○ ۱
بنی اِسرائیل سے خطاب کر اَور اُن سے کہنا۔ کہ خُداوند کی عیدیں ۲
جن کے لئے تُم پاک محفلوں کا اِعلان کرو گے۔ یہ عیدیں ہیں○

سبت

چھ دِن تُم کاروبار کرو گے۔ اَور ساتویں دِن جو آرام ۳
کرنے کا سبت ہَے۔ مُقدّس محفل ہوگی۔ اُس میں کوئی کام نہ
کرو۔ وہ تُمہارے سب مسکنوں میں خُداوند کا سبت ہَے○

عیدِ فَصح

خُداوند کی عیدیں مُقدّس محفلیں جو تُم اُن کے ۴
وقتوں میں مناؤ وہ یہ ہیں○ پہلے مہینے کی چودھویں تارِیخ کو شام ۵
کے وقت خُداوند کی فَصح ہَے○ اَور اُسی مہینہ کی پندرھویں تارِیخ ۶
کو خُداوند کی عیدِ فطیر ہَے۔ تُم سات دِن فطیری روٹی کھاؤ○ اَور ۷
پہلے دِن میں تُمہارے لئے مُقدّس محفل ہوگی اُس میں کوئی غُلامانہ
کام نہ کرو○ سات دِن تُم خُداوند کے لئے آتشین قُربانی گُزرانو۔ ۸
اَور ساتویں دِن مُقدّس محفل ہوگی۔ تُم کوئی غُلامانہ کام نہ کرو○
اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا○ بنی اِسرائیل ۹،۱۰
سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ۔ کہ جب تُم اُس سَر زمین میں داخل
ہو جو مَیں تُمہیں دُوں گا۔ اَور تُم اُس کا غلّہ کاٹو۔ تو تُم اپنے غلّہ
کے پہلے حاصِل میں سے ایک پُولا کاہن کے پاس لاؤ○ تو تُمہاری ۱۱
طرف سے مقبُول ہونے کے لئے وہ اُسے خُداوند کے سامنے
ہِلائے۔ سبت کے دُوسرے دِن کاہن اُسے ہِلائے○ اَور پُولے ۱۲
کے ہِلانے کے روز تُم ایک برّہ بے عیب یک سالہ خُداوند کے
لئے سوختنی قُربانی گُزرانو○ اَور اس کے ساتھ نذر کی قُربانی تیل ۱۳
میں ملے ہُوئے ایفہ کے دو دسویں حِصّے میدہ کی ہو یہ خُداوند کے
لئے عُمدہ خُوشبُو کے طور پر آتشین قُربانی ہو۔ اَور اُس کا تپاوَن
چوتھا حِصّہ ہین کا مَے ہو○ اَور اُس دِن تک کہ تُم اپنے خُدا کے لئے ۱۴
قُربانی لاؤ۔ روٹی اَور بھُونی ہوئی بالیں اَور کُوٹے ہُوئے دانے
بالکُل نہ کھاؤ۔ تُمہارے سب مسکنوں میں تُمہاری پُشتوں کے

لئے یہ اَبدی فرض ہوگا۝

۱۵ **عیدِ خمسین** اَور تُم سبت کے دُوسرے دِن سے جس دِن تُم پُولے کی قُربانی ہِلانے کے لئے لائے گِنو۔ سات پُورے ہفتہ
۱۶ ہوں۝ ساتویں سبت کے دُوسرے دِن تک تُم پچاس دِن گِن لو
۱۷ تب تُم خُداوند کے لئے نَذر کی نئی قُربانی گُزرانو ۝ تُم اپنے گھروں سے روٹی ہِلانے کے لئے لاؤ۔ یہ دو روٹیاں ایفہ کے دو دسویں حِصّے میدہ کی ہوں اَور خُداوند کے لئے نئے خمِیر کے ساتھ
۱۸ پکائی گئی ہوں۝ اَور روٹی کے ساتھ سات برّے بےعیب یک سالہ لاؤ اَور ایک بچھڑا اَور ایک مینڈھا خُداوند کے واسطے سوختنی قُربانی کے لئے ہو۔ مع نَذروں کے اَور تپاوَنوں کے جو خُداوند کے
۱۹ لئے عُمدہ خُوشبُودار آتشِین قُربانی ہوں ۝ اَور ایک بکرا خطا کی قُربانی کے لئے اَور دو برّے یک سالہ سلامتی کی قُربانی کے لئے
۲۰ گُزرانو۝ اَور کاہِن اُنہیں مع پہلی پیداوار کی روٹی کے خُداوند کے سامنے ہِلانے کی قُربانی کے لئے ہِلائے مع دونوں برّوں کے۔ وہ خُداوند کے لئے مُقدّس ہَیں۔ اَور وہ کاہِن کے ہوں
۲۱ گے۝ اَور تُم خاص اِسی روز عید کا اِعلان کراؤ۔ کہ تُمہاری مُقدّس محفِل ہوگی کوئی غُلامانہ کام نہ کرو۔ تُمہارے سب مسکِنوں میں پُشت در پُشت یہ اَبدی فرض ہوگا۝
۲۲ اَور جب تُم اپنی زمین کی فصل کاٹو۔ تو کاٹنے میں اپنے کھیت کے کنارے تک مت کاٹو۔ اَور کاٹنے میں جو گِر جائے اُسے نہ اُٹھاؤ۔ اُسے مِسکِین اَور مُسافِر کے لئے چھوڑ دو۔ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں۝
۲۳ **نیا سال** اَور خُداوند نے مُوسیٰؑ سے کلام کر کے فرمایا۝
۲۴ بنی اِسرائیل سے خطاب کر کے کہہ۔ کہ ساتویں مہینہ کے پہلے دِن تُمہارے لئے تعطِیل ہوگی۔ اِس میں نرسِنگے کے بجانے کی یادگار اَور مُقدّس محفِل ہوگی۝ تم کوئی غُلامانہ کام نہ کرو۔ اَور
۲۵ خُداوند کے لئے آتشِین قُربانی گُزرانو۝
۲۶ **یومِ کفّارہ** اَور خُداوند نے مُوسیٰؑ سے کلام کر کے فرمایا۝ اُسی
۲۷ ساتویں مہینہ کا دسواں روز یومِ کفّارہ ہوگا۔ تُمہارے لئے مُقدّس محفِل ہوگی۔ تُم نفس کُشی کرو۔ اَور خُداوند کے لئے آتشِین قُربانی
۲۸ گُزرانو۝ خاص اُس دِن میں تُم کوئی کام نہ کرو۔ کیونکہ یہ کفّارہ کا دِن ہَے۔ اُس میں تُمہارے لئے خُداوند تُمہارے خُدا کے سامنے
۲۹ کفّارہ دِیا جائے گا۝ جو کوئی اِنسان خاص اُس دِن میں نفس کُشی
۳۰ نہ کرے۔ وہ اپنے لوگوں سے خارِج کِیا جائے گا۝ اَور جو اِنسان خاص اُس دِن میں کوئی کام کرے مَیں اُس اِنسان کو اُس کے لوگوں
۳۱ میں سے فنا کرُوں گا۝ اِس لئے اُس دِن میں تُم کوئی کام نہ کرو۔ تُمہارے سب مسکِنوں میں پُشت در پُشت یہ اَبدی فرض ہوگا۝
۳۲ یہ تُمہارے لئے تعطِیل کا سبت ہَے۔ تُم نفس کُشی کرو۔ مہینہ کے نویں دِن کی شام سے دُوسری شام تک تُم اپنا سبت مناؤ۝
۳۳ **عیدِ خیام** اَور خُداوند نے مُوسیٰؑ سے کلام کر کے فرمایا۝
۳۴ بنی اِسرائیل سے خطاب کر اَور کہہ۔ کہ اِسی ساتویں مہینے کے پندرھویں دِن عیدِ خیام سات دِن تک خُداوند کے لئے
۳۵ ہوگی۝ پہلے دِن مُقدّس محفِل ہوگی۔ تُم کوئی غُلامانہ کام نہ کرنا۝
۳۶ سات دِن تک تُم خُداوند کے آتشِین قُربانی گُزرانو۔ آٹھویں دِن تُمہارے لئے مُقدّس محفِل ہوگی۔ تُم آتشِین قُربانی خُداوند کے لئے گُزرانو۔ کیونکہ یہ محفِل کا دِن ہَے۔ تُم کوئی غُلامانہ کام نہ
۳۷ کرو۝ خُداوند کی یہ عیدیں ہَیں۔ جِن کے لئے تُم پاک محفِلوں کی مُنادی کرو گے۔ اَور اُن میں تُم خُداوند کے لئے آتشِین قُربانی یعنی سوختنی قُربانی اَور نَذر کی قُربانی اَور ذبیحے اَور مُقرّرہ تپاوَن
۳۸ ہر ایک دِن کے دستُور کے مُطابِق گُزرانو گے۝ ماسِوائے خُداوند کے سبتوں کے اَور سِوائے تُمہارے ہدیوں کے اَور تُمہاری سب مَنّتوں کے اَور اپنی خُوشی کی قُربانیوں کے جو تُم خُداوند کے لئے
۳۹ گُزرانتے ہو۝ مگر ساتویں مہینے کے پندرھویں دِن جب کہ تُم زمین کی پیداوار جمع کرو۔ تُم خُداوند کے لئے سات دِن عید کرو۔ اُن میں سے پہلا دِن آرام کا اَور آٹھواں دِن آرام کا

باب ۱۵:۲۳ ''سات پُورے ہفتہ ہوں'' یعنی پچاس دِن جہاں سے یُونانی لفظ ''پینتیکوست'' نِکلتا ہَے۔ (۲۔مکابیین ۱۲:۳۱، اعمال ۱:۲) پینتیکوست گندم کی فصل کی شکرگُزاری کی عید تھی۔ بعدازاں۔ یہُودی روایت کے مُطابق وہ مُوسوی شریعت کے کوہِ سیناؔ پر دِیئے جانے کا روزِ یادگار بن گیا۔ اَور عہدِ جدید میں رُوحُ القُدس کی عیدِ نزُول اِسی دن منائی جاتی ہے+

۴۰ ہوگا○ اَور پہلے دِن میں تُم خُوشنُما درختوں کے پھل اَور کھجُور کی شاخیں اَور موٹے درختوں کی ڈالیاں اَور دریا کے بید اپنے لئے لو۔ اَور خُداوند اپنے خُدا کے سامنے سات دِن خُوشی کرو○ ۴۱ اَور سال میں سات دِن تُم خُداوند کے لئے عید کرو یہ اَبدی فرض ۴۲ تُمہاری پُشتوں میں ہوگا۔ کہ ساتویں مہینے میں تُم عید کرو○ تُم سات دِن تک خیموں میں رہو ہر ایک جو اِسرائیل کی نسل میں ۴۳ سے ہے۔ خیمہ میں رہے○ تاکہ تُمہاری پُشتیں جانیں کہ جب مَیں بنی اِسرائیل کو مُلکِ مِصر سے باہر نِکال لایا تو مَیں نے ۴۴ اُنہیں خیموں میں ٹھہرایا مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں○ تب مُوسیٰ نے بنی اِسرائیل کو خُداوند کی عیدوں کی بابت بتایا+

باب ۲۴

۱ **چراغوں کا تیل۔ نذر کی روٹیاں** اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے ۲ کلام کرکے فرمایا○ بنی اِسرائیل سے کہہ۔ کہ تیرے پاس خالص کُوٹا ہُؤا زیتُون کا تیل شمعدان کے لئے لائیں۔ تاکہ اُس سے ۳ چراغ ہمیشہ جلتے رہیں○ حضُوری کے خیمہ میں صندُوقِ شہادت کے پردہ کے باہر ہارُون اُسے شام سے صُبح تک خُداوند کے آگے ہمیشہ ترتیب سے رکھّے۔ یہ اَبدی فرض تُمہاری پُشتوں ۴ کے لئے ہوگا○ وہ چراغوں کو پاک شمعدان پر خُداوند کے حضُور ہمیشہ ترتیب سے رکھّا کرے○

۵ اَور تُو میدہ لے کر بارہ روٹیاں پکا۔ ہر ایک روٹی دو دسویں ۶ حِصّوں کی ہو○ اَور تُو اُنہیں خُداوند کے آگے پاک میز پر دو ۷ قِطاروں میں۔ ہر قِطار میں چھ چھ کرکے ترتیب سے رکھّ○ اَور ہر ایک قِطار پر پاک لُوبان رکھّ تاکہ وہ روٹی کے لئے یادگار خُداوند ۸ کے واسطے آتشیں قُربانی ہو○ اَور وہ ہمیشہ ہر سبت کو خُداوند کے سامنے تبدیل کی جائیں۔ بنی اِسرائیل کی طرف سے یہ اَبدی عہد ۹ ہوگا○ اَور وہ ہارُون اَور اُس کے بیٹوں کی ہوں گی۔ وہ اُنہیں پاک مقام میں کھائیں کیونکہ خُداوند کی آتشیں قُربانیوں میں سے یہ اُس کے لئے نہایت مُقدّس ہے۔ یہ اَبدی فرض ہوگا○

۱۰ **کُفر کی سزا** اَور ایک اِسرائیلی عورت کا بیٹا جس کا باپ مِصری آدمی تھا۔ نِکل کر بنی اِسرائیل کے درمیان گیا۔ اَور اُس اِسرائیلی عورت کے بیٹے نے خیمہ گاہ میں ایک اِسرائیلی مَرد سے جھگڑا کیا○ ۱۱ تو اِسرائیلی عورت کے بیٹے نے پاک نام پر کُفر بکا اَور لعنت کی اَور وہ اُسے مُوسیٰ کے پاس لائے اَور اُس کی ماں کا نام شِلومیت تھا۔ جو دان کے قبیلہ میں سے دِبری کی بیٹی تھی○ ۱۲ تب اُنہوں نے اُسے قید میں ڈالا۔ جب تک کہ مُوسیٰ خُداوند کی بات کے مُطابِق فیصلہ نہ کرے○ ۱۳ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کرکے فرمایا○ ۱۴ کہ کافر کو خیمہ گاہ سے باہر لے جا اَور سب جنہوں نے اُسے لعنت کرتے سُنا۔ اُس کے سر پر ہاتھ رکھیں اَور ساری جماعت اُسے سنگسار کرے○ ۱۵ اَور بنی اِسرائیل سے خطاب کرکے کہہ کہ جس اِنسان نے اپنے خُدا پر لعنت کی گُناہ اُس کے سر پر ہوگا○ ۱۶ اَور جو کوئی خُداوند کے نام پر کُفر بکے۔ وہ ضرُور قتل کیا جائے گا۔ ساری جماعت اُسے ضرُور سنگسار کرے خواہ وہ پردیسی ہو یا دیسی۔ جس کسی نے خُداوند کے نام پر کُفر بکا۔ وہ قتل کیا جائے گا○ ۱۷ اَور جو کوئی اِنسان کو قتل کرے وہ ضرُور قتل کیا جائے○ ۱۸ اَور جو کوئی حیوان کو مار ڈالے۔ تو اُس کے عوض میں جانور دے۔ جان کے بدلے جان○ ۱۹ اگر کوئی اِنسان اپنے ہمسایہ کو داغ لگائے۔ تو جیسا اُس نے کیا ویسا ہی اُس کے ساتھ کیا جائے○ ۲۰ توڑ کے بدلے توڑ۔ آنکھ کے بدلے آنکھ۔ دانت کے بدلے دانت۔ جو داغ اُس نے اِنسان کو لگایا وُہی اُسے لگایا جائے○ ۲۱ جو حیوان کو قتل کرے اُس کا عوض دے۔ جو اِنسان کو قتل کرے وہ قتل کیا جائے○ ۲۲ تُمہارے لئے ایک ہی قانُون ہے پردیسی کے لئے اَور دیسی کے لئے۔ کیونکہ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں○ ۲۳ اَور مُوسیٰ نے بنی اِسرائیل سے کہا۔ تب وہ کافر کو خیمہ گاہ سے باہر لے گئے۔ اَور اُسے سنگسار کیا۔ اَور جیسا خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا۔ بنی اِسرائیل نے کیا+

باب ۲۵

۱ **سالِ سبت** اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کوہِ سِینا میں کلام کرکے

۲ فرمایا۝ بنی اِسرائیل سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ کہ جب تُم
اُس مُلک میں جو مَیں تُمہیں دُوں گا داخِل ہو۔ تو خُداوند کے
۳ سبت کے لئے زمین بھی آرام کرے۝ چھ برس تُو اپنے کھیت میں
بِیج بو۔ چھ برس تُو اپنے انگُوروں کو چھانٹ۔ اَور اُن کی پیداوار
۴ جمع کر۝ اَور ساتویں سال میں زمین کے لئے آرام کا سبت خُداوند
کا سبت ہوگا تُو اپنے کھیت میں بِیج نہ بو اور اپنے انگُوروں کو نہ
۵ چھانٹ۝ اَور جو کُچھ کھیت میں تیری فصل کے گِرے ہُوئے دانوں
سے خُودبخُود اُگے اُسے نہ کاٹ۔ اَور تیرے ناچھانٹے ہُوئے
انگُوروں میں جو انگُور لگیں اُنہیں نہ توڑ کیونکہ زمین کے لئے یہ
۶ آرام کرنے کا سال ہَے۝ اَور زمین کا یہ سبت تُمہارے لئے۔
یعنی تیرے لئے اَور تیرے نوکر کے لئے اَور تیری لونڈی کے
لئے اَور تیرے مزدُور کے لئے اَور اُس اجنبی کے لئے جو تیرے
۷ ساتھ رہتا ہو۔ خُوراک کے لئے ہوگا۝ اَور تیرے مواشی کے لئے
اَور تیری زمین کے چوپایوں کے لئے اُس کی سب پیداوار
خُوراک ہوگی۝

۸ سالِ رِہائی
اَور تُو برسوں کے سات سبت گِن۔ سات برس
سات دفعہ۔ تو تیرے لئے سات برسوں کے سبت کے اُنچاس
۹ برس ہُوئے۝ اَور ساتویں مہینے کی دسویں تارِیخ کو تُو نرسِنگا پُھنکوا۔
۱۰ یومِ کفّارہ کو تیری ساری زمین میں وہ نرسِنگا پُھونکیں۝ اَور تُم
پچاسویں سال کو مُقدّس کرو۔ اَور زمین کے سارے باشِندوں
کے درمیان اِعلان رِہائی کراؤ۔ یہ تُمہارے لئے جُوبلی ہوگی۔ ہر
ایک آدمی اپنی مِلکیّت کو جائے۔ اَور ہر ایک اپنے خاندان میں
۱۱ واپس ہو۝ پچاسواں برس تُمہارے لئے جُوبلی کا ہوگا۔ تُم اِس
میں کُچھ نہ بوؤ اَور جو کھیتوں میں اُگے اُسے نہ کاٹو۔ اَور اپنے
۱۲ انگُوروں کے جو چھانٹے نہیں گئے پَھل نہ توڑو۝ کیونکہ تُمہارے
لئے یہ مُقدّس جُوبلی ہوگی۔ میدان کی پیداوار تُم کھاؤ۝
۱۳ اُس جُوبلی کے برس میں تُم ہر ایک اپنی مِلکیّت پر
۱۴ واپس جاؤ گے۝ جب تُم اپنے ہمسایہ کے پاس کُچھ بیچے یا اُس
سے کُچھ خرِیدے۔ تو تُم میں کوئی اپنے بھائی کے ساتھ دغابازی
۱۵ نہ کرے۝ جُوبلی کے برس کے بعد برسوں کے شُمار کے مُوافِق
تُو اپنے ہمسایہ سے خریدنا۔ اَور وہ پیداوار کے برسوں کے شُمار
۱۶ کے مُطابِق تیرے پاس بیچے۝ برسوں کی کثرت کے مُوافِق تو
اُس کے لئے قیمت بڑھانا۔ اَور اُن کی کمی کے مُوافِق گھٹانا۔
۱۷ کیونکہ وہ تُجھے شُمار کے مُوافِق پیداوار بیچتا ہَے۝ پس تُم اپنے
ہمسایہ سے دغابازی نہ کرو۔ بلکہ تُو اپنے خُدا سے ڈرنا۔ کیونکہ
مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں۝
۱۸ پس میرے قوانِین اَور قضاؤں پر عمل کرو۔ تو تُم زمین
۱۹ پر اَمن سے رہو گے۝ اَور زمین تُمہیں اپنا پَھل دے گی اَور تُم
۲۰ پیٹ بھر کے کھاؤ گے۔ اَور اُس میں اَمن سے رہو گے۝ اَور اگر تُم
کہو کہ ہم ساتویں برس کیا کھائیں گے۔ کیونکہ ہم نہ بوئیں گے
۲۱ اَور نہ غلّہ جمع کریں گے۝ تو مَیں چھٹے سال تُمہارے لئے اپنی
برکت تُم پر برساؤں گا اَور وہ تین برس کی پیداوار تُمہیں دے
۲۲ گی۝ تو تُم آٹھویں برس بوؤ گے اَور نَویں برس تک پُرانا غلّہ کھاؤ
گے جب تک کہ اُس کا غلّہ نہ نِکلے تُم پُرانا غلّہ کھاؤ گے۝
۲۳ اَور زمین ہمیشہ کے لئے نہ بیچی جائے کیونکہ زمین
۲۴ میری ہَے اَور تُم فقط مُسافِر اَور میرے نزدِیک کسان ہو۝ اَور
۲۵ تُمہاری مِلکیّت کی ساری زمین فکُّ الرّہن ہوگی۝ اگر تیرا بھائی
مُحتاج ہو جائے اَور اپنی مِلکیّت سے کُچھ بیچے اَور اُس کا وَلی
چُھڑانے آئے۔ تو وہ اپنے بھائی کی بیچی ہوئی کو چُھڑا لے۝
۲۶ اَور اگر کِسی آدمی کا کوئی وَلی نہ ہو اَور خُود چُھڑا لینے کی رقم اُسے
۲۷ دستیاب ہو جائے۝ تو وہ اُس کے بیع کرنے کے برسوں کو گنے۔
اَور باقی اُسے دے جس کے پاس اُس نے بیچی۔ اَور اپنی
۲۸ مِلکیّت پر جائے۝ اَور اگر باقی دینے کی رقم اُس کے پاس نہ ہو
تو بیچی ہُوئی مِلکیّت مُشتری کے ہاتھ میں جُوبلی کے برس تک
رہے گی اَور جُوبلی کے برس میں وہ نِکل جائے گی۔ تب وہ اپنی
مِلکیّت پر جائے گا۝
۲۹ اگر کوئی مَرد اپنے رہنے کے گھر کو جو فصیل دار شہر
میں ہَے بیچے۔ تو وہ بیچنے کے وقت سے ایک سال کے اندر
اُسے چُھڑا سکتا ہَے۔ ایک سال تک چُھڑا لینے کا اُس کا حق ہوگا۝
۳۰ اَور اگر برس کے تمام ہونے سے پہلے وہ اُسے نہ چُھڑائے تو وہ

فِصیل دار شہر کے اندر کا گھر خریدار ہی کا ہمیشہ تک پُشت در پُشت
۳۱ رہے گا اَور وہ جُوبلی کے برس میں بھی نہیں نِکلے گا۝ اَور گاؤں
کے گھر جن کے گِرد دِیوار نہیں۔ وہ زمین کے کھیتوں کی طرح
شُمار ہوں گے اُن کے لئے فکاک ہے اَور وہ جُوبلی میں نِکل جائیں
۳۲ گے۝ لیکن لاویوں کے شہروں کی بابت اَور اُن کے مِلکیّتی
۳۳ گھروں کے مُتعلق جب چاہے لاوی چُھڑا سکتا ہے ۝ اَور اگر
کوئی دُوسرا لاوی اُسے نہ خرِیدے تو جُوبلی کے سال میں خرِیدار
اپنی مِلکیّت کے شہر یا گھر سے نِکل جائے گا۔ کیونکہ بنی اِسرائیل
کے درمیان اُن کے گھر اَور اُن کے شہر اُن ہی کی مِلکیّت ہیں۝
۳۴ اَور اُن کے آس پاس کے کھیت بیچے نہ جائیں۔ کیونکہ وہ اُن کی
اَبدی مِلکیّت ہیں۝

۳۵ اگر تیرا بھائی غریب اَور تہی دَست ہو جائے تب تُو
اُسے سنبھال۔ وہ تیرے ساتھ اجنبی اَور مُسافِر کی طرح رہے۝
۳۶ تُو اُس سے سُود اَور نفع نہ لے۔ بلکہ اپنے خُدا سے ڈر۔ تاکہ تیرا
۳۷ بھائی تیرے ساتھ رہے۝ تُو اپنا روپیہ اُسے سُود پر نہ دے
۳۸ اَور نہ نفع کے لئے اُسے کھانا کِھلا۝ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا
ہُوں۔ جو تُمہیں مُلکِ مِصرؔ سے نِکال لایا۔ تاکہ کِنعاؔن کی
۳۹ سَر زمین تُمہیں دُوں اَور تُمہارا خُدا ہُوؤں۝ اگر تیرا بھائی جو
تیرے ساتھ ہے تنگ حال ہو جائے اَور وہ اپنے آپ کو تیرے
۴۰ پاس بیچ دے تو تُو اُس سے غُلام کی طرح خدمت نہ لے۝ بلکہ
وہ مزدُور اَور کسان کی طرح تیرے ساتھ رہیگا۔ جُوبلی کے برس
۴۱ تک وہ تیری خدمت کرے گا۝ تب وہ تیرے پاس سے چلا
جائے گا۔ وہ اَور اُس کے لڑکے اَور وہ اپنے گھرانے کی طرف
واپس جائے گا۔ اَور اپنے باپ دادا کی مِلکیّت کی طرف لَوٹے
۴۲ گا۝ اِس لئے کہ وہ میرے بندے ہیں جنہیں مَیں مُلکِ مِصرؔ
۴۳ سے باہر نِکال لایا۔ وہ غُلاموں کی طرح بیچے نہ جائیں۝ تُو
۴۴ اُس پر سختی سے حُکم نہ کر۔ بلکہ اپنے خُدا سے ڈر۝ تیرا غُلام اَور
تیری لونڈی اُن قوموں سے ہوں۔ جو تُمہارے آس پاس
۴۵ ہَیں۔ تُم اُن میں سے غُلام اَور لونڈیاں مول لو۝ اَور اُن
پردیسیوں کے لڑکوں سے بھی جو تُمہارے ساتھ رہتے ہیں اَور
اُن گھرانوں سے جو تُمہارے مُلک میں پیدا ہُوئے ہیں۔ مول
۴۶ لو وہ تُمہاری مِلکیّت ہیں۝ اَور تُم اُنہیں مِیراث کے طور پر رکھّو
تاکہ تُمہارے بعد تُمہارے لڑکوں کی مَورُوثی مِلکیّت ہوں۔
وہ ہمیشہ تک تُمہاری خدمت کریں گے۔ مگر اپنے بھائیوں
۴۷ بنی اِسرائیل میں سے کِسی پر سختی سے حُکم نہ کرو۝ اَور اگر کوئی
پردیسی یا مُسافِر جو تیرے ساتھ ہے دولتمند ہو جائے۔ اَور تیرا
بھائی جو اُس کے ساتھ ہے مُحتاج ہو جائے۔ اَور پردیسی کے
پاس یا مُسافِر کے پاس جو تیرے ساتھ ہے یا پردیسی کے گھرانے
۴۸ کی نسل کے پاس اپنے آپ کو بیچ ڈالے۝ تو اُس کے بیچے
جانے کے بعد وہ چُھڑایا جا سکتا ہے اُس کے بھائیوں میں سے
۴۹ کوئی اُسے چُھڑا لے۝ اُس کا چچا یا اُس کے چچے کا بیٹا اُسے
چُھڑائے یا اُس کے گھرانے کے قریبی رِشتہ داروں میں سے
کوئی اُسے چُھڑائے یا جب اُسے دسترس ہو۔ تو اپنے آپ
۵۰ کو چُھڑائے ۝ تو وہ اپنے خرِیدار کے ساتھ بیع کے برس سے
جُوبلی کے برس تک حِساب کرے اَور بیع کی رقم سے برسوں کے
۵۱ شُمار کے مُطابِق مزدُور کی اُجرت کاٹ لے۝ اَور اگر بہت برس
باقی ہوں تو اُن کے مُطابِق اُس کے خرِید کی قیمت سے چُھڑائے
۵۲ جانے کی رقم واپس کرے۝ اگر جُوبلی کے سال تک تھوڑے
برس ہوں تو وہ حِساب کرے اَور برسوں کے مُطابِق اپنے
۵۳ چُھڑائے جانے کی قیمت ادا کرے۝ وہ مزدُور کی طرح جس
کا سالیانہ مُقرّر ہو اُس کے ساتھ رہے۔ وہ تیرے سامنے سختی
۵۴ سے اُس پر حُکم نہ چلائے۝ اَور اگر کوئی اُسے نہ چُھڑائے
تو جُوبلی کے سال وہ اَور اُس کے بیٹے آزاد ہو جائیں گے۝
۵۵ کیونکہ بنی اِسرائیل میرے بندے ہیں وہ میرے بندے ہیں
جنہیں مَیں مُلکِ مِصرؔ سے باہر نِکال لایا۔ مَیں خُداوند تُمہارا
خُدا ہُوں+

باب ۲۶

فرمانبرداری کی جزا

۱ تُم اپنے لئے بُت یا گھڑی ہُوئی مُورتیں

نہ بناؤ۔ نہ اپنے لئے ستُون کھڑے کرو۔ اَور نہ اپنی زمین میں
کوئی نقش دار پتھّر رکھّو جس کے سامنے تُم سجدَہ کرو۔ کیونکہ مَیں
۲ خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں ○ میرے سبتوں کو مانو۔ اَور میرے مَقدِس
۳ کی تعظِیم کرو۔ مَیں خُداوند ہُوں ○ اگر تُم میرے قَوانین پر چلو
۴ اَور میرے اَحکام کو مانو اَور اُن پر عمل کرو ○ تو مَیں تُمہارے لئے
وقت پر مینہ برساؤُں گا۔ اَور زمین اپنی افزائش نِکالے گی اَور
۵ کھیت کے درخت اپنا پھَل دیں گے ○ اَور داوٗنے کا وقت انگُور
توڑنے کے وقت سے اَور انگُور توڑنے کا وقت بونے کے وقت
سے مِلا رہے گا اَور تُم سیر ہو کر روٹی کھاؤ گے اَور اپنی زمین میں
٦ اَمن سے رہو گے ○ اَور مَیں زمین میں سلامتی بخشُوں گا۔ اَور تُم
لیٹو گے اَور تُمہیں کوئی نہیں ڈرائے گا۔ اَور درندوں کو مَیں زمین
۷ سے دفع کرُوں گا۔ اَور تُمہاری زمین میں تلوار نہ چلے گی ○ تُم
اپنے دُشمنوں کا پیچھا کرو گے اَور وہ تُمہارے سامنے تلوار سے گر
۸ جائیں گے ○ اَور تُم میں سے پانچ ایک سَو کا پیچھا کریں گے۔ اَور
تُم میں سے ایک سَو دس ہزار کو رَگیدیں گے۔ اَور تُمہارے دُشمن
۹ تُمہارے سامنے تلوار سے گِر جائیں گے ○ اَور مَیں تُم پر نِگاہ کرُوں
گا اَور تُمہیں برُومند کرُوں گا اَور تُمہیں بڑھاؤُں گا اَور اپنا عہد
۱۰ تُمہارے ساتھ قائم کرُوں گا ○ اَور تُم پُرانا ذخیرہ کھاؤ گے اَور نئے
۱۱ کے سامنے سے پُرانا نِکال دو گے ○ اَور مَیں اپنا مَسکِن تُمہارے
۱۲ درمیان قائم کرُوں گا۔ اَور تُمہیں چھوڑ نہ دُوں گا ○ اَور مَیں تُمہارے
درمیان چلُوں پھرُوں گا اَور تُمہارا خُدا ہُوں گا اَور تُم میرے
۱۳ لوگ ہو گے ○ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں جو تُمہیں مِصریوں
کی سَرزمین سے نِکال لایا۔ تاکہ تُم اُن کے غُلام نہ رہو۔ تُمہاری
گردنوں کے جُوؤں کو توڑا۔ تاکہ تُم سِیدھے ہو کے چلو ○

۱۴ **نافرمانی کی سزا** اگر تُم میری نہ سُنو اَور میرے اُن سارے
۱۵ اَحکام پر عمل نہ کرو ○ اَور اگر تُم میرے قَوانین کی تحقِیر کرو۔ اَور
تُمہارے دِل میری قضاؤں کو رَدّ کریں ایسا کہ تُم میرے اَحکام
۱٦ پر عمل نہ کرو۔ اَور میرے عہد کو توڑو ○ تو مَیں بھی تُم سے یہ
کرُوں گا کہ مَیں تُم پر خوف اَور سِل اَور تَپ کو غالِب کرُوں گا۔
جس سے آنکھیں فنا ہو جائیں اَور جانیں برباد ہوں۔ اَور تُم اپنے
بِیج بے فائدہ بوؤ گے۔ کیونکہ تُمہارے دُشمن اُسے کھائیں گے ○
۱۷ اَور مَیں اپنا چہرہ تُمہارے خلاف کرُوں گا۔ تو تُم اپنے دُشمنوں
کے سامنے سے شِکست پاؤ گے۔ اَور تُمہارے کِینہ وَر تُم پر حُکومت
کریں گے اَور تُم بھاگ جاؤ گے۔ حالانکہ کوئی تُمہارا پیچھا بھی
۱۸ نہیں کرتا ہو گا ○ پھر بعد اُس کے اگر تُم میری فرمانبرداری نہ
کرو گے تو مَیں تُمہارے گُناہوں کی سات گُنا تنبیہہ بڑھاؤُں گا ○
۱۹ تب مَیں تُمہارے زور کی شیخی توڑ دُوں گا۔ اَور تُمہارے آسمان کو
۲۰ لوہے کی طرح اَور تُمہاری زمین کو پِیتل کی مانند کر دُوں گا ○ اَور
تُمہاری قوتیں بے فائدہ خرچ ہوں گی۔ کیونکہ زمین اپنا حاصِل
۲۱ نہ دے گی اَور زمین کے درخت پھَل نہ لائیں گے ○ اَور اگر تُم
میرے خلاف چلو گے اَور میری سُننا نہ چاہو گے۔ تو مَیں
تُمہارے گُناہوں کے لئے سات گُنا بَلائیں تُم پر بڑھاؤُں گا ○
۲۲ اَور مَیں جنگل کے درندے تُم پر بھیجُوں گا۔ تو وہ تُمہیں بے اولاد
کریں گے۔ اَور تُمہارے چوپایوں کو پھاڑیں گے اَور تُمہیں کم
تعداد کر دیں گے تو تُمہارے رستے سُنسان ہو جائیں گے ○
۲۴،۲۳ اَور اگر تُم اِس سے نہ سُدھرو اَور میرے خلاف چلو ○ تو مَیں بھی
تُمہارے خلاف چلُوں گا۔ اَور تُمہارے گُناہوں کے لئے سات
۲۵ گُنا تُمہیں مارُوں گا ○ مَیں تُم پر تلوار لاؤُں گا۔ جو میرے عہد کا
اِنتقام لے گی۔ تب تُم اپنے شہروں میں جمع ہو گے اَور مَیں
تُمہارے درمیان وَبا بھیجُوں گا۔ اَور تُم دشمن کے ہاتھ میں سپُرد
۲٦ کئے جاؤ گے ○ اَور جب مَیں تُمہاری روٹی کی ٹیک توڑُوں گا تو
دس دس عورتیں ایک ایک تنُور میں روٹی پکائیں گی۔ اَور تُمہاری
۲۷ روٹی تول تول کر دیں گی اَور تُم کھاؤ گے پر سیر نہ ہو گے ○ اَور
اُس پر بھی اگر تُم عاجِزی نہ کرو گے اَور میرے خلاف چلو گے ○
۲۸ تو مَیں بھی غضب سے تُمہارے خلاف چلُوں گا اَور تُمہارے
۲۹ گُناہوں کے لئے سات گُنا تُمہیں تنبیہہ دُوں گا ○ تب تُم اپنے
بیٹوں کا گوشت کھاؤ گے۔ اَور اپنی بیٹیوں کا گوشت بھی کھاؤ
۳۰ گے ○ اَور مَیں تُمہاری اُونچی جگہوں کو ڈھا دُوں گا اَور تُمہاری
آفتابی مورتوں کو توڑُوں گا۔ اَور تُمہاری لاشوں کو تُمہارے بُتوں
۳۱ کی لاشوں پر پھینکُوں گا۔ اَور میرا جی تُم سے نفرت کرے گا ○ اَور

مَیں تُمہارے شہروں کو وِیران کرُوں گا۔ اَور تُمہارے مَقدسوں کو اُجاڑ دُوں گا اَور تُمہاری عُمدہ خُوشبُویوں کی بُو نہ سونگھوں گا۝ ۳۲ اَور مَیں زمین کو وِیرانہ کر چھوڑُوں گا اَور تُمہارے دُشمن جو وہاں ۳۳ رہتے ہیں۔ اِس پر حیران ہوں گے۝ اَور مَیں غیر قوموں کے درمیان تُمہیں پراگندہ کرُوں گا اَور تُمہارے تعاقُب میں تلوار کھینچُوں گا تو تُمہاری زمین وِیران اَور تُمہارے شہر اُجاڑ ہو جائیں ۳۴ گے۝ تب زمین اپنے سبتوں کا آرام پائے گی۔ جِتنے دِنوں تک کہ وہ وِیران رہے۔ اَور تُم اپنے دُشمنوں کی زمین میں ہو گے۔ تب زمین آرام کرے گی۔ اَور اپنے سبتوں کا حظ اُٹھائے گی۝ ۳۵ وہ اپنی وِیرانی کی مُدّت تک آرام کرے گی۔ وہ آرام جو تُم نے اپنے سبتوں میں اُسے نہ دِیا۔ جس وقت کہ تُم اُس میں رہتے ۳۶ تھے۝ اَور تُم میں سے جو دُشمنوں کے مُلکوں میں بچ رہیں گے۔ مَیں اُن کے دِلوں میں بےہمتی پیدا کرُوں گا یہاں تک کہ پتّے کے ہِلنے کی آواز سے وہ ڈریں گے اَور ایسا بھاگیں گے۔ جیسا تلوار سے بھاگتے ہیں اَور وہ گر جائیں گے جب کہ کوئی اُن کا ۳۷ پیچھا بھی نہیں کرتا ہو گا۝ اَور بغیر اِس کے کہ کوئی اُن کا پیچھا کرے۔ اُن کی طرح جو تلوار سے بھاگتے ہیں۔ ہر ایک اپنے بھائی پر سر کے بَل گرے گا۔ اَور تُم اپنے دُشمنوں کے سامنے قائم نہ رہو ۳۸ گے۝ اَور تُم غیر قوموں کے درمیان نابُود ہو گے اَور تُمہارے ۳۹ دُشمنوں کی زمین تُمہیں کھا جائے گی۝ اَور تُم میں سے جو باقی ہوں گے اپنے گُناہوں کے باعِث دُشمنوں کے مُلکوں میں مُرجھا جائیں گے۔ اَور اپنے باپ دادا اَور اپنے گُناہوں کے سبب ۴۰ دُکھ پائیں گے۝ جب تک کہ وہ اپنی بَدی اَور اپنے باپ دادا کی بَدی کا اِقرار نہ کریں جو اُنہوں نے بڑی بد دیانتی سے کی۔ ۴۱ اَور میرے خلاف چلے۝ اِس لئے مَیں بھی اُن کے خلاف چلُوں گا۔ اَور اُن کے دُشمنوں کی زمین میں اُنہیں داخل کرُوں گا۔ جب تک کہ اُن کے نامختُون دِل فروتن نہ ہوں اَور تب وہ اپنی ۴۲ بَدی کے لئے کفّارہ دیں گے۝ تب مَیں اپنے عہد کو جو یعقُوب سے اَور اپنے عہد کو جو اِسحاق سے اَور اپنے عہد کو جو اِبراہیم سے ۴۳ کیا تھا یاد کرُوں گا۔ اَور مَیں زمین کو بھی یاد کرُوں گا۝ اُس زمین کو کہ جب وہ اُن سے چھوڑی جائے گی۔ تو اپنی وِیرانی میں اپنے سبتوں کا آرام پائے گی۔ مگر وہ اپنے گُناہوں کے لئے کفّارہ دیں گے کیونکہ اُنہوں نے میری شریعتوں کو رَدّ کِیا۔ اَور اُن کے دِلوں نے میرے قوانین کی حقارت کی۝ اَور باوجُود اِس کے جب ۴۴ وہ اپنے دُشمنوں کی زمین میں ہوں گے مَیں اُنہیں ترک نہ کرُوں گا نہ اُن سے کراہت کرُوں گا تا کہ اُنہیں فنا نہ کر ڈالُوں اَور اپنے عہد کو جو اُن کے ساتھ ہے توڑ نہ دُوں۔ کیونکہ مَیں خُداوند اُن کا خُدا ہُوں۝ مگر اُن کے لئے مَیں اپنے قدیم عہد کو جب مَیں ۴۵ اُنہیں قوموں کی آنکھوں کے سامنے مُلکِ مِصر سے نِکال لایا کہ مَیں اُن کا خُدا ہُوں گا یاد کرُوں گا مَیں خُداوند ہُوں۝ یہ وہ ۴۶ قوانین اَور قضائیں اَور شرائع ہیں۔ جو خُداوند نے اپنے اَور بنی اِسرائیل کے درمیان کوہِ سِینا پر مُوسیٰ کی زُبان سے دیئے+

باب ۲۷

مَنّتیں

اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا۝ ۱ بنی اِسرائیل سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ۔ کہ اگر کوئی اِنسان ۲ خُداوند کے لئے جانوں کی مَنّت مانے اَور اپنی جان خُداوند کی نذر کرے تو وہ ٹھہرائی ہوئی قیمت کے مُطابق ادا کرے گا۝ پس ۳ ٹھہرائی ہوئی قیمت یہ ہو گی۔ مَرد کے لئے بیس برس کی عُمر سے ساٹھ برس تک مَقدِس کے مِثقال کے مُطابق پچاس چاندی کے مِثقال۝ عورت کے لئے تیس مِثقال۝ مگر پانچ برس سے ۴، ۵ بیس برس کی عُمر تک مَرد کے لئے بیس مِثقال اَور عورت کے لئے دس مِثقال۝ اَور ایک مہینے کی عُمر سے پانچ برس کی عُمر تک مَرد کے ۶ لئے پانچ چاندی کے مِثقال اَور عورت کے لئے تین چاندی کے مِثقال۝ اَور جو مَرد ساٹھ برس کا یا زیادہ کا ہو تو اُس کی قیمت ۷ پندرہ مِثقال اَور عورت کے لئے دس مِثقال۝ اگر ٹھہرائی ہوئی ۸ قیمت دینے کا اُسے مَقدُور نہیں تو وہ کاہِن کے سامنے کھڑا کِیا جائے اَور وہ قیمت ٹھہرائے۔ کاہِن مَنّت ماننے والے کے مَقدُور کے مُوافق قیمت ٹھہرائے۝

۹ اَور اگر کوئی ایسے چوپایہ کی مَنّت مانے جو خُداوند کی نذر کی جاسکتی ہو۔ تو جو اُن میں سے خُداوند کے لئے کوئی دے ۱۰ وہ پاک ہوگا۝ وہ اُسے نہ بدلے۔ اچھّے کے بدلے بُرا اَور بُرے کے بدلے اچھّا نہ دے۔ اَور اگر چوپائے کو چوپائے ۱۱ سے بدلے تو دونوں یہ اَور جو بدلا گیا پاک ہوں گے۝ اَور اگر وہ ناپاک چوپایہ ہو کہ جس کی خُداوند کے لئے قُربانی نہیں دی ۱۲ جاتی۔ تو وہ چوپایہ کاہِن کے سامنے کھڑا کِیا جائے۝ تب کاہِن اُس کے اچھّے یا بُرے ہونے کے مُطابِق اُس کی قیمت ٹھہرائے ۱۳ اَور کاہِن جو قیمت ٹھہرائے وُہی ہوگی۝ اَور اگر وہ اُسے چھُڑائے تو اُس کی قیمت پر پانچواں حِصّہ زیادہ کِیا جائے۝

۱۴ اَور اگر کوئی شخص اپنے گھر کی مَنّت مانے کہ خُداوند کے لئے مُقدّس ہو۔ تو کاہِن اُس کی خُوبی یا بدی کے مُطابِق اُس کی قیمت ٹھہرائے اَور کاہِن کی ٹھہرائی ہوئی قیمت کے مُطابِق ہی وہ بیچا ۱۵ جائے گا۝ اگر گھر کا مُقدّس کرنے والا اُسے چھُڑانا چاہے تو ٹھہرائی ہُوئی قیمت پر پانچواں حِصّہ زیادہ کرے تو وہ اُس کا ہوگا۝

۱۶ اگر کوئی شخص اپنی وراثت میں سے کِسی کھیت کی مَنّت مانے۔ تو اُس کی قیمت بہ مِقدار اُس کے بیج کے ہوگی۔ ہر حُمر ۱۷ جَو کے بیج کے بدلے چاندی کے پچاس مِثقال۝ اگر جُوبلی کے سال میں کوئی اپنے گھر کی مَنّت مانے۔ تو جو قیمت اُس کی لگائی ۱۸ جائے وُہی ہوگی۝ اَور اگر جُوبلی کے برس کے بعد اُس کی مَنّت مانے۔ تو اِتنے برسوں کے مُطابِق جِتنے کہ جُوبلی کے سال تک باقی ہیں۔ کاہِن چاندی کا حِساب کرے۔ اَور ٹھہرائی ہُوئی قیمت میں ۱۹ سے کم کردے۝ اَور اگر وہ اُس مَنّت مانے ہُوئے کھیت کو چھُڑانا چاہے تو ٹھہرائی ہُوئی قیمت پر پانچواں حِصّہ زیادہ کرے۔ تو وہ اُس ۲۰ کا ہوگا۝ اَور اگر وہ اُسے نہ چھُڑائے۔ تو کاہِن اُسے دُوسرے شخص ۲۱ کے پاس بیچ دے۔ تو بعدازاں وہ پھر چھُڑایا نہ جائے گا۝ اَور وہ کھیت جب جُوبلی کے برس میں نِکل جائے تو خُداوند کے لئے مخصُوص شُدہ کھیت کی طرح مُقدّس ہوگا۔ اَور کاہِن کی مِلکیّت ہو ۲۲ جائے گا۝ اَور اگر وہ خُداوند کے لئے ایک ایسے کھیت کی مَنّت مانے جو اُس نے خرید کیا ہُوا ہَے۔ اَور اُس کی اپنی مِلکیّت کے کھیتوں میں سے نہیں۝ ۲۳ تو کاہِن جُوبلی کے برس تک اُس کی قیمت کا تخمینہ لگائے۔ اَور وہ اُسی دِن اُسے خُداوند کے لئے مُقدّس کی ہُوئی چیز کے طور پر ادا کرے۝ ۲۴ اَور جُوبلی کے برس میں وہ کھیت بیچنے والے کے پاس جس کی وہ مِلکیّتی زمین تھی واپس جائے گا۝ ۲۵ اَور تیری قیمتوں کا سب تخمینہ مَقدِس کے مِثقال سے ہوگا۔ اَور ایک مِثقال میں بیس جیرہ ہوں گے۝

۲۶ اَور چوپایوں میں سے پہلا بچّہ جو خُداوند کے لئے الگ کِیا گیا ہَے اُس کی کوئی اِنسان مَنّت نہ مانے خواہ گائے کا خواہ بھیڑ بکری کا ہو۔ وہ خُداوند ہی کا ہَے۝ ۲۷ اَور اگر وہ ناپاک چوپایوں میں سے ہو تو اُس کی ٹھہرائی ہُوئی قیمت کے مُطابِق اُس کا فِدیہ دے اَور اُس پر پانچواں حِصّہ بڑھائے۔ اَور اگر وہ اُسے نہ چھُڑائے تو وہ ٹھہرائی ہُوئی قیمت پر بیچا جائے۝ ۲۸ اَور ہر وہ چیز جس کی کوئی شخص اپنے مال میں سے خُداوند کے لئے مَنّت مانے خواہ اِنسان ہو خواہ چوپایہ یا اُس کی وراثت کا کھیت ہرگز بیچی نہ جائے اَور نہ چھُڑائی جائے۔ ہر ایک مخصُوص کی ہُوئی چیز خُداوند کے لئے نہایت مُقدّس ہوگی۝ ۲۹ اِنسانوں میں سے وہ جس کے بارے میں نیست ونابُود کئے جانے کا حُکم ہو۔ اُس کا فِدیہ نہ دِیا جائے بلکہ وہ ضرُور مار ڈالا جائے۝ ۳۰

۳۱ اَور زمین کی سب دَہ یکی اُس کے غلّہ میں سے یا درخت کے پھَل میں سے خُداوند کی ہَے وہ خُداوند کے لئے مخصُوص ہَے۝ اَور اگر دَہ یکیوں میں سے اِنسان کوئی چیز چھُڑائے تو پانچواں حِصّہ اُس پر زیادہ کرے۝ ۳۲ مگر گائے بَیل اَور بھیڑ بکری کی وہ دَہ یکیوں کی بابت سب جو چوپان کی لاٹھی کے نیچے گُزرتا ہَے۔ تو اُس کا دسواں حِصّہ خُداوند کے لئے مخصُوص ہوگا۝ ۳۳ یہ دریافت نہ کِیا جائے گا کہ وہ اچھّا ہَے یا بُرا۔ اَور نہ وہ بدلا جائے گا۔ اَور اگر کوئی اُسے بدلے تو وہ اَور جو بدلا گیا خُداوند کے لئے مخصُوص ہوگا۔ وہ چھُڑایا نہیں جائے گا۝ ۳۴ یہ وہ احکام ہیں۔ جو خُداوند نے بنی اِسرائیل کے لئے کوہِ سِینا پر مُوسیٰ کو فرمائے+

عَدَد

عدد کی کِتاب چالیس سال کے دوران سِینا کے بیابان میں ہونے والے چند اہم واقعات کا ذِکر کرتی ہے۔ اِن میں خُدا کے بندہ حضرت مُوسیٰ کی قیادت سے بغاوت، خُدا کی پروردِگاری پر توکُّل کی کمی، بار بار کُڑکُڑانے، مِصر کی غُلامی میں واپس لوٹنے کی آزمائش اور مُختلف قِسم کی مردم شُماری جیسے واقعات اور موضُوعات ہَیں۔

کتاب کے تین بڑے حِصّے ہَیں۔

ابواب ۱-۹ وادیِ سِینا میں

ابواب ۱۰-۲۱ سِینا سے موآب تک سفر

ابواب ۲۲-۳۶ کِنعان میں داخلہ کی تیّاری

باب ۱

پہلی مردم شُماری

۱ بنی اِسرائیل کے مُلکِ مِصر سے باہر نِکلنے کے بعد دُوسرے برس کے دُوسرے مہینے کے پہلے دِن سِینا کے بیابان کے درمیان حضُوری کے خَیمہ میں خُداوند نے ۲ مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا۝ کہ تُو بنی اِسرائیل کی جماعت کے سب مَردوں کا بمُطابِق اُن کے خاندانوں اَور آبائی گھرانوں کے ۳ اَور ہر ایک کے نام کے شُمار کر ۝ بیس برس کی عُمر سے لے کر اَور اِس سے زیادہ کے جِتنے اِسرائیل میں لڑائی کرنے کے قابِل ہَیں۔ تُو اَور ہارُون اُنہیں مُطابِق اُن کے لشکروں کے گِنو ۝

مُوسیٰ کے مُعاوِن

۴ اَور تُمہارے ساتھ ہر ایک قبیلہ کا ایک ۵ آدمی ہو جو اپنے آبائی گھر کا سردار ہَے ۝ اور اُن آدمیوں کے نام جو تُمہارے ساتھ کھڑے ہوں گے یہ ہیں۔ رُوبِن میں ۶ سے اِلی صُور بِن شِدیئور۝ شمعُون میں سے شِلُمی ایل بِن ۷،۸ صُوری شدّائی ۝ یہُوداہ میں سے نحشون بِن عمّی ناداب ۝ اِشکار ۹ میں سے نتن ایل بِن ضُوعر ۝ زبُولُون میں سے اِلی آب بِن ۱۰ حیلون ۝ بنی یُوسف کے قبیلہ اِفرائیم میں سے اِلی شامع ۱۱ بِن عمی ہُود اَور منسّی میں سے جملی ایل بِن فِداصُور ۝ بِنیامِین ۱۲ میں سے اَبی دان بِن جِدعُونی ۝ دان میں سے اخیّ عازر بِن ۱۳،۱۴ عمّی شدّائی ۝ آشیر میں سے فجعی ایل بِن عکران ۝ جاد میں سے ۱۵ اِلی آساف بِن رعوئیل ۝ نفتالی میں سے اَخی رع بِن عینان ۝ ۱۶ یہ وہ ہَیں جو مجلِس کے رُکن تھے۔ وہ اپنے آبائی قبائل کے رئیس ۱۷ اَور اِسرائیل کے ہزاروں کے سردار تھے ۝ مُوسیٰ نے اُن آدمیوں ۱۸ کو جو اپنے ناموں سے مُعیّن کِئے گئے تھے لِیا ۝ اَور اُنہوں نے دُوسرے مہینے کے پہلے دِن ساری جماعت کو جمع کِیا اَور اُنہوں نے اپنے خاندانوں اَور آبائی گھرانوں کے اُن سب کے نام گِن کے جو بیس برس کے اَور اِس سے زیادہ کے تھے اپنے نسب نامے ۱۹ بیان کِئے ۝ جیسا خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا۔ اُس نے سِینا کے میدان میں اُن کا شُمار کِیا ۝

بارہ قبائل کی تعداد

۲۰ بنی رُوبِن جو اِسرائیل کا پہلوٹھا تھا۔ اپنی نسلوں اَور اپنے خاندانوں اَور اپنے آبائی گھرانوں میں بمُطابِق اُن کے ناموں کے شُمار کے کُل مرد بیس برس اَور اِس سے زیادہ کے جو لڑائی کرنے کے قابِل تھے ۝ ۲۱ اُن کا شُمار رُوبِن کے قبیلہ میں چھیالیس ہزار پانچ سَو تھا ۝

۲۲ اَور بنی شمعُون اپنی نسلوں اَور اپنے خاندانوں اَور اپنے آبائی گھرانوں میں اُن کے ناموں کے شُمار کے مُطابِق کُل مَرد بیس برس اَور اُس سے زیادہ کے جو لڑائی کرنے کے قابِل تھے ۝ ۲۳ اُن کا شُمار شمعُون کے قبیلہ میں سے اُنسٹھ ہزار تین سَو تھا ۝

۲۴ اَور بنی جاد اپنی نسلوں اَور اپنے خاندانوں اَور اپنے آبائی

گھرانوں میں اُن کے ناموں کے شُمار کے مُطابِق کُل مَرد بیس
۲۵ برس اَور اُس سے زیادہ کے جولڑائی کرنے کے قابِل تھے ۞ اُن
کا شُمار جاد کے قبیلہ میں سے پینتالیس ہزار چھ سَو پچاس تھا ۞
۲۶ اَور بنی یہُوداہ اپنی نسلوں اَور اپنے خاندانوں اَور اپنے آبائی
گھرانوں میں اُن کے ناموں کے شُمار کے مُطابِق کُل مَرد بیس
۲۷ برس اَور اُس سے زیادہ کے جولڑائی کرنے کے قابِل تھے ۞ اُن
کا شُمار یہُوداہ کے قبیلہ میں سے چوہتر ہزار چھ سَو تھا ۞
۲۸ اَور بنی اِشکار اپنی نسلوں اَور اپنے خاندانوں اَور اپنے آبائی
گھرانوں میں بمُطابِق اُن کے ناموں کے شُمار کے کُل مَرد بیس
۲۹ برس اَور اُس سے زیادہ کے جولڑائی کرنے کے قابِل تھے ۞ اُن
۳۰ کا شُمار اِشکار کے قبیلہ میں سے چوّن ہزار چار سَو تھا ۞ اَور بنی
زبُولُون اپنی نسلوں اَور اپنے خاندانوں اَور اپنے آبائی گھرانوں
میں بمُطابِق اُن کے ناموں کے شُمار کے کُل مَرد بیس برس اَور اِس
۳۱ سے زیادہ کے جولڑائی کرنے کے قابِل تھے ۞ اُن کا شُمار زبُولُون
کے قبیلہ میں سے ستاون ہزار چار سَو تھا ۞
۳۲ اَور بنی یُوسف میں سے بنی اِفرائیم اپنی نسلوں اَور اپنے
خاندانوں اَور اپنے آبائی گھرانوں میں بمُطابِق اُن کے ناموں
کے شُمار کے کُل مَرد بیس برس اَور اُس سے زیادہ کے جولڑائی
۳۳ کرنے کے قابِل تھے ۞ اُن کا شُمار اِفرائیم کے قبیلہ میں سے
چالیس ہزار پانچ سَو تھا ۞
۳۴ اَور بنی منسّی اپنی نسلوں اَور اپنے خاندانوں اَور اپنے آبائی
گھرانوں میں بمُطابِق اُن کے ناموں کے شُمار کے کُل مَرد بیس
۳۵ برس اَور اُس سے زیادہ کے جولڑائی کرنے کے قابِل تھے ۞ اُن
کا شُمار منسّی کے قبیلہ میں سے بتّیس ہزار دو سَو تھا ۞
۳۶ اَور بنی بِنیامِین اپنی نسلوں اَور اپنے خاندانوں اَور اپنے
آبائی گھرانوں میں بمُطابِق اُن کے ناموں کے شُمار کے کُل مَرد
بیس برس اَور اُس سے زیادہ کے جولڑائی کرنے کے قابِل تھے ۞
۳۷ اُن کا شُمار بِنیامِین کے قبیلہ میں سے پینتیس ہزار چار سَو تھا ۞
۳۸ اَور بنی دان اپنی نسلوں اَور اپنے خاندانوں اَور اپنے آبائی
گھرانوں میں بمُطابِق اُن کے ناموں کے شُمار کے کُل مَرد بیس
برس اَور اِس سے زیادہ کے جولڑائی کرنے کے قابِل تھے ۞ ۳۹ اُن
کا شُمار دان کے قبیلہ میں سے باسٹھ ہزار سات سَو تھا ۞
۴۰ اَور بنی آشیر اپنی نسلوں اَور اپنے خاندانوں اَور اپنے آبائی
گھرانوں میں بمُطابِق اُن کے ناموں کے شُمار کے کُل مَرد بیس
برس اَور اِس سے زیادہ کے جولڑائی کرنے کے قابِل تھے ۞ ۴۱ اُن
کا شُمار آشیر کے قبیلہ میں اِکتالیس ہزار پانچ سَو تھا ۞
۴۲ اَور بنی نفتالی اپنی نسلوں اَور اپنے خاندانوں اَور اپنے آبائی
گھرانوں میں بمُطابِق اُن کے ناموں کے شُمار کے کُل مَرد بیس
برس اَور اِس سے زیادہ کے جولڑائی کرنے کے قابِل تھے ۞ ۴۳ اُن
کا شُمار نفتالی کے قبیلہ میں سے ترپن ہزار چار سَو تھا ۞
۴۴ یہ وہ ہیں جو گِنے گئے۔ جنہیں مُوسیٰ اَور ہارُون اَور اِسرائیل
کے رئیسوں نے گِنا۔ اَور وہ بارہ آدمی تھے۔ ہر ایک آبائی خاندان
کے گھر سے ایک آدمی ۞ ۴۵ اَور سب جو بنی اِسرائیل سے بمُطابِق
اپنے آبائی گھرانوں کے گِنے گئے۔ جو بیس برس اَور اِس سے
زیادہ کے تھے۔ جو اِسرائیل میں سے لڑائی کرنے کے قابِل تھے ۞
۴۶ وہ سب جو شُمار کئے گئے چھ لاکھ تین ہزار پانچ سَو پچاس تھے ۞

لاوی خدمت کے لئے مخصُوص

۴۷ لیکن وہ جو لاوی تھے اپنے
آبائی قبیلہ کے مُطابِق اُن کے درمیان نہ گِنے گئے ۞ ۴۸ کیونکہ
خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا تھا ۞ ۴۹ کہ وہ جو لاوی کے
قبیلہ کے ہیں اُنہیں شُمار نہ کرنا اَور نہ اُن سب کو بنی اِسرائیل
کے درمیان شامِل کرنا ۞ ۵۰ اَور تُو لاویوں کو شہادت کے مسکن اَور
اُس کے سب سامان اَور اُس کی سب مُتعلِقہ چیزوں پر مُقرّر کرنا۔
وہ مسکن اَور اُس کے سب سامان کو اُٹھائیں۔ وہ اُس کی خدمت
کریں اَور مسکن کے گِرد اپنے خیمے لگائیں ۞ ۵۱ جب مسکن کُوچ
کرے تو لاوی اُسے اُتاریں اَور جب اُس کا لگانا ہو تو لاوی
اُسے کھڑا کریں۔ اَور اگر کوئی غیر شخص اُس کے نزدِیک آئے۔
تو وہ قتل کیا جائے ۞ ۵۲ اَور بنی اِسرائیل میں سے ہر ایک اپنے
ڈیرے میں اَور اپنے جھنڈے کے پاس بمُطابِق اپنے لشکروں
کے اُترے ۞ ۵۳ مگر لاوی شہادت کے مسکن کے گِرد ڈیرا کریں۔
تاکہ بنی اِسرائیل کی جماعت پر غضب نازِل نہ ہو۔ اَور شہادت

۵۴ کے مَسکِن کی حِفاظت کے لئے لاوی پہرہ لگائیں○ تو بنی اِسرائیل سب کُچھ جو خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم فرمایا تھا۔ عمل میں لائے اور ویسا ہی کِیا+

باب ۲

۱ ترتیب قبائل اور خُداوند نے مُوسیٰ اور ہارُون سے کلام
۲ کر کے فرمایا○ کہ بنی اِسرائیل کا ہر ایک آدمی اپنے جھنڈے کے پاس اور اپنے آبائی علم کے تلے حضُوری کے خیمہ کے کُچھ فاصِلہ پر اُس کے گِرد ڈیرا لگائے○
۳ اور مشرق کی طرف یہُوداہ کے ڈیرے کے جھنڈے کے لوگ بمُطابِق اپنے لشکروں کے خیمے لگائیں۔ اور بنی یہُوداہ کا
۴ رئیس نحشون بِن عمی ناداب ہوگا○ اور اُس کے لشکر کی تعداد چوہتّر ہزار چھ سَو تھی○
۵ اور اُس کے پاس اِشکار کا قبیلہ ڈیرا کرے اور بنی اِشکار
۶ کا رئیس نتن ایل بِن صُوعر ہوگا○ اور اُس کے لشکر کی تعداد چوّن ہزار چار سَو تھی○
۷ پھر زبُلون کا قبیلہ اور بنی زبُلون کا سردار اِلی آب بِن حیلون
۸،۹ ہوگا○ اور اُس کے لشکر کی تعداد ستاون ہزار چار سَو تھی○ سب جو یہُوداہ کے ڈیرے میں بمُطابِق اُن کے لشکروں کے شُمار کِئے گئے۔ ایک لاکھ چھیاسی ہزار چار سَو تھے۔ یہ پہلے کُوچ کریں گے○
۱۰ اور جنُوب کو رُوبِن کے ڈیرے کا جھنڈا بمُطابِق اپنے لشکروں کے۔ اور بنی رُوبِن کا رئیس اِلی صُور بِن شِدیئُور
۱۱،۱۲ ہوگا○ اور اُس کے لشکر کا شُمار چھیالیس ہزار پانچ سَو تھا○ اور اُس کے پاس شمعُون کا قبیلہ ڈیرا کرے۔ اور بنی شمعُون کا
۱۳ رئیس شلُمی ایل بِن صُوری شدّائی○ اور اُس کے لشکر کا شُمار اُنسٹھ
۱۴ ہزار تین سَو تھا○ پھر جاد کا قبیلہ اور بنی جاد کا رئیس اِلی آساف
۱۵ بِن رعُوئیل○ اور اُس کے لشکر کا شُمار پینتالیس ہزار چھ سَو پچاس
۱۶ تھا○ سب جو رُوبِن کے ڈیرے میں بمُطابِق اُن کے لشکروں کے شُمار کِئے گئے۔ ایک لاکھ اِکاون ہزار چار سَو پچاس تھے۔ دُوسرے یہ کُوچ کریں گے○

۱۷ تب حضُوری کا خیمہ لاویوں کے ڈیرے کے ساتھ ڈیروں کے درمیان آگے جائے اور جیسے اُنہوں نے ڈیرے لگائے ویسے ہی وہ ہر ایک جگہ اپنے جھنڈوں کے مُطابِق کُوچ کریں گے○
۱۸ اور مغرب کو اِفرائیم کے ڈیرے کا جھنڈا بمُطابِق اپنے لشکروں کے اور بنی اِفرائیم کا رئیس اِلی شامع بِن عمی ہُود ہوگا○
۱۹،۲۰ اور اُس کے لشکر کا شُمار چالیس ہزار پانچ سَو تھا○ اور اُس کے پاس منسّی کا قبیلہ اور بنی منسّی کا رئیس جملی ایل بِن فِداصُور ہوگا○
۲۱،۲۲ اور اُس کے لشکر کا شُمار بتّیس ہزار دو سَو تھا○ تب بِنیامِین کا قبیلہ اور بنی بِنیامِین کا رئیس اَبی دان بِن جِدعُونی○ اور اُس
۲۳ کے لشکر کا شُمار تین ہزار چار سَو تھا○ سب جو اِفرائیم کے
۲۴ ڈیرے میں بمُطابِق اُن کے لشکروں کے شُمار کئے گئے۔ ایک لاکھ آٹھ ہزار ایک سَو تھے۔ تیسرے یہ کُوچ کریں گے○
۲۵ اور شِمال کی طرف دان کے ڈیرے کا جھنڈا بمُطابِق اپنے لشکروں کے اور بنی دان کا رئیس اخی عازر بِن عمّی شدّائی
۲۶،۲۷ ہوگا○ اور اُس کے لشکر کا شُمار باسٹھ ہزار سات سَو تھا○ اور اُس کے پاس آشیر کا قبیلہ ڈیرا کرے اور بنی آشیر کا رئیس فجعی
۲۸ ایل بِن عکران ہوگا○ اور اُس کے لشکر کا شُمار اِکتالیس ہزار
۲۹ پانچ سَو تھا○ پھر نفتالی کا قبیلہ اور بنی نفتالی کا رئیس اَخی رَع
۳۰ بِن عینان○ اور اُس کے لشکر کا شُمار ترپن ہزار چار سَو تھا○
۳۱ وہ سب جو دان کے ڈیرے میں گِنے گئے۔ ایک لاکھ ستاون ہزار چھ سَو تھے یہ اپنے جھنڈوں کے مُطابِق آخِر میں کُوچ کریں گے○
۳۲ یہ بنی اِسرائیل کا شُمار بمُوجب اُن کے آبائی گھرانوں کے ہے۔ سارے ڈیروں کا شُمار بمُطابِق اُن کے لشکروں کے چھ
۳۳ لاکھ تین ہزار پانچ سَو پچاس تھا○ لیکن لاوی جیسا خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا تھا۔ بنی اِسرائیل کے ساتھ نہ گِنے گئے○
۳۴ تب بنی اِسرائیل نے سب کُچھ جو خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمایا تھا کِیا۔ وہ اپنے جھنڈوں کے مُطابِق ڈیرے لگاتے اور ایسا ہی اپنے خاندانوں اور آبائی گھرانوں کے مُطابِق کُوچ کرتے تھے+

باب ۳

۱ بنی لاوی کی مردم شماری | ہارُون اَور مُوسیٰ کی اولاد یہ ہیں۔ جس روز خُداوند نے کوہِ سینا میں مُوسیٰ سے کلام کیا۔ تب ۲ ہارُون کی یہ اولاد تھیO ہارُون کے بیٹوں کے نام یہ ہیں ناداب ۳ پہلوٹھا اَور اَبی ہُو داَور الی عازار اَور اِیتامارO یہ نام ہارُون کے اُن بیٹوں کے ہیں۔ جو ممسُوح کاہن تھے۔ جن کے ہاتھ کہانت ۴ کرنے کے لئے پاک کِیئے گئےO اَور ناداب اَور اَبی ہُود خُداوند کے سامنے مَر گئے۔ جب اُنہوں نے دشتِ سینا میں خُداوند کے سامنے غیر شرعی آگ گُزرانی۔ اَور وہ بے اولاد تھے اَور الی عازار اَور اِیتامار اپنے باپ ہارُون کے حضُور کہانت کی خدمت کرتے تھےO

۶،۵ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایاO کہ لاوی کے قبیلہ کو لا۔ اَور اُنہیں ہارُون کاہن کے آگے کھڑا کر۔ اَور وہ ۷ اُس کی خدمت کریںO اَور وہ حضُوری کے خیمہ کے آگے اُس کی اَور جماعت کی حِفاظت کریں۔ اَور مَسکَن کی خدمت کے ۸ لئے کھڑے رہیںO حضُوری کے خیمہ کا سب سامان اَور جو کُچھ بنی اِسرائیل کی جماعت کی طرف سے ہے اُن کا ذِمّہ ہو۔ اَور ۹ وہ مَسکَن کی خدمت میں تیّار رہیںO اَور تُو لاویوں کو ہارُون اَور اُس کے بیٹوں کے سپُرد کر۔ کیونکہ وہ بنی اِسرائیل کے درمیان ۱۰ سے اُسے بطور نذرانہ کے دیئے گئے ہیںO اَور تُو ہارُون اَور اُس کے بیٹوں کو مُقرّر کرتا کہ کہانت کی خدمت کریں۔ اَور اگر کوئی غیر مخصُوص شخص نزدیک آئے۔ تو وہ قتل کیا جائے گاO

۱۲،۱۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایاO کہ بنی اِسرائیل میں سے مَیں نے لاویوں کو سب پہلوٹھوں کے بدلے جو بنی اِسرائیل میں رِحم کو کھولیں لے لیا ہے۔ سو لاوی میرے ۱۳ ہوں گےO کیونکہ سب پہلوٹھے میرے ہیں۔ جس دِن میں نے مُلکِ مِصر میں سارے پہلوٹھے مارے تو مَیں نے بنی اِسرائیل میں اِنسان اَور حیوان کے سب پہلوٹھوں کو اپنے لئے مخصُوص کیا پس وہ میرے ہوں گے مَیں خُداوند ہُوںO

۱۴ اَور خُداوند نے دشتِ سینا میں مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایاO ۱۵ کہ بنی لاوی کا بمُطابِق اُن کے آبائی گھرانوں اَور خاندانوں کے شُمار کر۔ ہر ایک مَرد ایک مہینہ اَور اِس سے زیادہ کا گِنا ۱۶ جائےO تب مُوسیٰ نے بمُوجب خُداوند کے فرمان کے جیسا اُس ۱۷ نے فرمایا تھا اُنہیں شُمار کیاO سو لاوی کے بیٹوں کے یہ نام تھے۔ ۱۸ جیرشون اَور قہات اَور مراریO اَور جیرشون کی اولاد اپنے ۱۹ گھرانوں کے مُطابِق یہ تھی۔ لِبنی اَور شمعیO اَور قہات کی اولاد اپنے گھرانوں کے مُطابِق عمرام اَور یصہار اَور حبرون اَور ۲۰ عُزّی ایلO اَور مراری کی اولاد اپنے گھرانوں کے مُطابِق مَحلی اَور مُوشی تھے۔ سو یہ لاویوں کے خاندان بمُطابِق اُن کے آبائی گھرانوں کے تھےO

۲۱ لاوی کے گھرانوں کے فرائض | جیرشون سے لِبنی کا گھرانا اَور شمعی کا گھرانا تھا۔ یہ دونوں جیرشونیوں کے گھرانے تھےO ۲۲ اُن میں سے کُل مَردوں کا شُمار ایک مہینہ اَور اُس سے زیادہ ۲۳ کے سات ہزار پانچ سَو تھاO اَور جیرشون کے گھرانے مَسکَن کے ۲۴ پیچھے مغرب کی جانب ڈیرا کریںO اَور جیرشونیوں کے آبائی ۲۵ گھرانوں کا رئیس الی آساف بن لائیل ہوگاO اَور حضُوری کے خیمہ میں سے بنی جیرشون اِن چیزوں کی حِفاظت کریں گے۔ مَسکَن اَور اُس کے غِلاف اَور اُس کے پردہ اَور حضُوری ۲۶ کے خیمہ کے دروازہ کے پردہO اَور صحن کے پردوں اَور مَسکَن اَور مذبح کے گرد صحن کے دروازہ کا پردہ اَور سب رسّیوں کی جو کام میں آتی ہیںO

۲۷ اَور قہات سے عُمرامیوں اَور یصہاریوں اَور حبرونیوں اَور عُزّی ایلیوں کے گھرانے تھے۔ قہاتیوں کے گھرانے یہ تھےO ۲۸ اُن کے سب مَردوں کا شُمار ایک مہینہ اَور اِس سے زیادہ کے آٹھ ہزار تین سَو تھا۔ مَقدِس کی حِفاظت اِن کے ذِمّہ ہوگیO ۲۹ اَور بنی قہات کے گھرانے مَسکَن کی ایک طرف جنُوب کی جانب ۳۰ ڈیرے لگائیںO اَور قہاتیوں کے گھرانوں کے آبائی گھرانا کا ۳۱ رئیس الی صافان بن عُزّی ایل ہوگاO اَور وہ اِن چیزوں کی

حِفاظت کریں گے۔ صندُوق اَور میز اَور شمعدان اَور مذبح اَور مَقدِس کا سامان جِن سے وہ خدمت کرتے ہَیں اَور پردہ اَور
۳۲ سب اُس کی خدمت کی چیزیں○ اَور لاویوں کے رئیسوں کا رئیس کاہِن اِلی عازار بِن ہارُون اُن کا جو مَقدِس کی حِفاظت کرتے ہَیں سردار ہوگا○
۳۳ اَور مَراری سے محلیوں اَور مُوشیوں کے گھرانے تھے۔ یہ
۳۴ مَراری کے گھرانے تھے○ اُن کے سب مَردوں کا شُمار ایک
۳۵ مہینہ اَور اِس سے زیادہ کے چھ ہزار دوسَو تھا○ اَور مَراری کے گھرانوں کے آبائی گھرانے کا رئیس صُوری ایل بِن اَبی حائل تھا اَور وہ مَسکن کی ایک طرف شِمال کی جانِب ڈیرے لگائیں○
۳۶ اَور بنی مَراری کے سپُرد اِن چیزوں کی حِفاظت ہوگی۔ مَسکِن کے تختے اَور اُس کے پُشتی بان اَور اُس کے ستُون اَور اُس کے
۳۷ پائے اَور اُس کا سب سامان جو خدمت کے لئے ہَے○ اَور صحن کے ستُون جو اُس کے گِرد ہَیں اَور اُس کے پائے اَور اُس کی میخیں
۳۸ اَور اُس کے رَسّے○ اَور مَسکِن کے آگے حضُوری کے خَیمہ کے سامنے مشرق کی طرف مُوسیٰ اَور ہارُون اَور اُس کے بیٹے ڈیرا کریں بنی اِسرائیل کے درمیان مَقدِس کی حِفاظت اُن کے ذِمّہ ہوگی۔ جو غیر مخصُوص شخص نزدِیک آئے وہ مارا جائے گا○
۳۹ سب لاویوں کا شُمار اُن کے گھرانوں کے مُطابِق جِنہیں مُوسیٰ اَور ہارُون نے خُداوند کے حُکم کے بمُوجب گِنا۔ تمام مَرد ایک مہینہ اَور اس سے زیادہ کے بائیس ہزار تھے○
۴۰ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے فرمایا کہ بنی اِسرائیل کے سارے پہلوٹھے بیٹے ایک مہینہ اَور اِس سے زیادہ کے گِن۔ اَور اُن کے
۴۱ ناموں کی تعداد کا شُمار کر○ اَور تُو لاویوں کو میرے لئے بنی اِسرائیل کے سارے پہلوٹھوں کے بدلے لے۔ مَیں خُداوند ہُوں اَور لاویوں کے چوپایوں کو بنی اِسرائیل کے چوپایوں کے سب
۴۲ پہلوٹھوں کے بدلے لے○ تب مُوسیٰ نے جیسا اُسے خُداوند
۴۳ نے فرمایا۔ بنی اِسرائیل میں سب پہلوٹھوں کو گِنا○ تو پہلوٹھے مَرد ایک مہینہ اَور اِس سے زیادہ کے جو اپنے ناموں کے شُمار کے مُوافِق گِنے گئے۔ بائیس ہزار دوسَو تہتّر تھے○

۴۴،۴۵ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کرکے فرمایا○ کہ بنی اِسرائیل کے سارے پہلوٹھوں کے بدلے لاویوں کو اَور اُن کے چوپایوں کے بدلے لاویوں کے چوپایوں کو لے۔ اَور لاوی میرے ہوں
۴۶ گے۔ میں خُداوند ہُوں○ مگر بنی اِسرائیل کے پہلوٹھوں میں جو دوسَو تہتّر لاویوں سے زیادہ ہَیں۔ اُن کے فِدیہ کے لئے○
۴۷ فی کس پانچ مِثقال مَقدِس کے مِثقال کے مُوافِق لے ایک مِثقال
۴۸ میں بیس جیرہ ہَیں○ اَور تُو یہ چاندی جو اُن میں سے زیادہ کا
۴۹ فِدیہ ہے ہارُون اَور اُس کے بیٹوں کو دے○ تو مُوسیٰ نے فِدیہ کی چاندی اُن سے لی جو اُن سے جِن کا فِدیہ لاویوں سے کِیا
۵۰ گیا زیادہ تھے○ اُس نے بنی اِسرائیل کے پہلوٹھوں سے ایک ہزار تین سَو پینسٹھ مِثقال چاندی مَقدِس کے مِثقال کے مُطابِق
۵۱ لی○ اَور مُوسیٰ نے یہ فِدیہ کی چاندی ہارُون اَور اُس کے بیٹوں کو دی۔ بمُطابِق خُداوند کے فرمان کے جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا تھا+

باب ۴

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ اَور ہارُون سے کلام کرکے فرمایا○
۲ کہ لاویوں کے درمیان سے سب بنی قہات کا بمُطابِق اُن کے
۳ خاندانوں اَور آبائی گھروں کے شُمار کرو○ تیس برس کی عُمر سے اُوپر پچاس برس تک جو لشکر میں شامِل ہو حضُوری کے خَیمہ کی
۴ خدمت کرے○ اَور حضُوری کے خَیمہ میں نہایت مُقدّس چیزوں
۵ کے مُتعلق بنی قہات کی یہ خدمت ہوگی○ جب خَیمہ گاہ کا کُوچ ہو۔ تو ہارُون اَور اُس کے بیٹے آئیں اَور پردے کو اُتاریں۔
۶ اَور اُسے صندُوقِ شہادت پر لپیٹیں○ اَور اُس پر تخس کی کھالوں کا غِلاف ڈالیں اَور اُس کے اُوپر کپڑا سارا بنفشی رنگ کا بِچھائیں
۷ اَور اُس کی چوبیں ڈالیں○ اَور نذر کی روٹی کی میز کے اُوپر بنفشی رنگ کا کپڑا بِچھائیں۔ اَور اُس پر خوانچے اَور کٹورے اَور آفتابے اَور تپاوَن کے پیالے رکھیں۔ اَور دائِمی روٹی اُس پر ہو○
۸ تب اُس پر قرمزی رنگ کا کپڑا بِچھائیں۔ اَور تخس کی کھالوں کے

۹ غِلاف میں اُنہیں لپیٹیں اَور اُس کی چوبیں ڈالیں۝ اَور بنفشی رنگ
کا کپڑا لیں۔ اَور اُس میں روشنی کا شمعدان اَور اُس کے چراغ اَور
اُس کے گلگیر اَور اُس کی رکابیاں اَور اُس کے سب برتن جِن سے
۱۰ خدمت کی جاتی ہے لپیٹیں۝ اَور اُنہیں اَور سب برتنوں کو تخس کی
کھالوں کے غِلاف میں ڈالیں۔ اَور اُنہیں ایک چوب پر رکھیں۝
۱۱ اَور سونے کے مذبح پر بنفشی کپڑا بِچھائیں اَور تخس کی کھالوں کے
۱۲ غِلاف میں اُنہیں لپیٹیں اَور اُس کی چوبیں ڈالیں۝ اَور خدمت
کے سب برتنوں کو جِن سے مَقدِس میں خدمت کی جاتی ہے لے
کر بنفشی کپڑے میں لپیٹیں اَور اُنہیں تخس کی کھالوں کے غِلاف
۱۳ سے ڈھانپیں۔ اَور اُنہیں ایک چوب پر رکھیں۝ اَور مذبح کی
۱۴ راکھ نِکال ڈالیں اَور اُس پر ارغوانی کپڑا بِچھائیں۝ اَور اُس پر
سب برتن جن سے خدمت کی جاتی ہے۔ رکھیں۔ سیخیں اَور
انگیٹھیاں اَور بیلچے اَور پیالے اَور مذبح کے تمام برتن۔ اَور تخس
کی کھالوں کے غِلاف سے اُنہیں ڈھانپیں اَور اُس کی چوبیں
۱۵ ڈالیں۝ جب خیمہ گاہ کے کُوچ کے وقت ہارُون اَور اُس کے
بیٹے پاک چیزوں کو اَور اُس کے سب سامان کو ڈھانپ چکیں۔
تو اُس وقت بنی قِہات اُٹھانے کو آئیں۔ لیکن پاک چیزوں کو
نہ چھوئیں تاکہ ہلاک نہ ہوں۔ حضُوری کے خیمہ سے یہی چیزیں
۱۶ بنی قِہات اُٹھائیں گے۝ اَور یہ چیزیں الی عازار بِن ہارُون کاہِن
کے سپُرد ہوں گی۔ روشنی کا تیل اَور خُوشبُودار بخُور اَور دائمی نذر کی
قُربانی اَور مَسح کا تیل اَور سب مَسکن کی سپُردگی اَور جو پاک چیزیں
اُس میں ہَیں اَور اُس کا سامان۝
۱۷ اَور خُداوند نے مُوسیٰ اَور ہارُون سے کلام کر کے فرمایا۝
۱۸ کہ تُم بنی قِہات کے خاندانوں کے قبیلہ کو لاویوں کے درمیان
۱۹ سے ہلاک نہ ہونے دو۝ بلکہ اُن سے ایسا کرو تاکہ وہ جِیتے رہیں۔
اَور جب قُدس اَلاقداس کے نزدِیک آئیں تو مَر نہ جائیں۔
ہارُون اَور اُس کے بیٹے اندر جائیں اَور وہ اُن میں سے ہر ایک
۲۰ کی خدمت اَور بوجھ مُقرّر کریں۝ وہ ایک لمحہ کے لئے بھی اندر
جا کر پاک چیزوں پر نظر نہ کریں ورنہ مَر جائیں گے۝
۲۱، ۲۲ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا۝ کہ سب
بنی جیرشون کا بھی بمُطابِق اُن کے آبائی گھروں اَور خاندانوں
۲۳ کے شُمار کر۝ تیس برس کی عُمر سے لے کر اُوپر پچاس تک۔
سب جو لشکر میں داخِل ہوں۔ اُنہیں حضُوری کے خیمہ کی خدمت
۲۴ کے لئے گِن۝ اَور جیرشونیوں کے خاندانوں کی خدمت کام
۲۵ کرنے میں اَور بوجھ اُٹھانے میں یہ ہوگی۝ وہ یہ چیزیں اُٹھائیں
گے۔ مَسکن کے پردے اَور حضُوری کا خیمہ اَور اُس کا غِلاف
اَور تخس کی کھالوں کا غِلاف جو اُس کے اُوپر ہَے اَور حضُوری کے
۲۶ خیمہ کے دروازہ کا پردہ۝ اَور صحن کے پردہ اَور مَسکن اَور مذبح
کے گِرد کے صحن کے دروازہ کا پردہ اَور رَسّے اَور باقی سامان جو
اُس کی خدمت کے لئے ضرُوری ہَے اَور سب کُچھ جو اُس کے
۲۷ واسطے کرنا ہوگا وہ کریں گے۝ بنی جیرشون کی سب خدمت بوجھ
اُٹھانے کی اَور باقی کام کرنے کی اَور اپنے بوجھوں کی حِفاظت
کے حُکم کی ہارُون اَور اُس کے بیٹوں کے کہنے کے مُطابِق ہوگی۝
۲۸ حضُوری کے خیمہ میں بنی جیرشون کے خاندانوں کی یہ خدمت
اَور اُن کی حِفاظت اِیتامار بِن ہارُون کاہِن کے ماتحت ہوگی۝
۲۹ اَور تُو بنی مراری کا بمُطابِق اُن کے خاندانوں اَور آبائی
۳۰ گھروں کے شُمار کر۝ تیس برس کی عُمر سے لے کے پچاس تک۔
سب جو لشکروں میں شامِل ہوں۔ اُنہیں حضُوری کے خیمہ کی
۳۱ خدمت کے لئے گِن۝ اَور اُن کے بوجھ اَور حضُوری کے خیمہ کی
تمام خدمت سے اُن کے لئے یہ مُقرّر ہَیں۔ مَسکن کے تختے
اَور اُس کے پُشتی بان اَور اُس کے ستُون اَور اُس کے پائے۝
۳۲ اَور صحن کے ستُون جو اُس کے گِرد ہَیں اَور اُن کے پائے اور اُن
کی میخیں اور اُن کے رسّے سب برتن اَور باقی خدمت کی چیزیں۔
اَور اُنہیں سب سامان جس کا اُٹھانا اُن کے لئے مُقرّر ہَے نام
۳۳ بنام سپُرد کر۝ یہ مراری کے خاندانوں کی خدمت ہَے۔ حضُوری
کے خیمہ میں اُن کی سب خدمت ہارُون کاہِن کے بیٹے اِیتامار
کے ماتحت ہوگی۝

خدمت گزار لاویوں کا شُمار

۳۴ تب مُوسیٰ اَور ہارُون
اَور جماعت کے رئیسوں نے بنی قِہات کا بمُطابِق اُن کے
۳۵ خاندانوں اَور آبائی گھرانوں کے شُمار کِیا۝ تیس برس کی عُمر

سے لے کر پچاس برس تک سب جو لشکر میں شامِل تھے۔

۳۶ حضُوری کے خَیمہ کی خدمت کے لئے ۝ تو اُن میں سے جو بمُطابِق اپنے خاندانوں کے گِنے گئے۔ وہ دو ہزار سات سَو ۳۷ پچاس تھے ۝ قہاتیوں کے خاندانوں سے یہی وہ ہَیں جو گِنے گئے کہ حضُوری کے خَیمہ کی خدمت کریں۔ خُداوند کے حُکم کے بمُوجب جو مُوسیٰ کی زُبان سے تھا۔ مُوسیٰ اَور ہارُون نے اُنہیں گِنا ۝

۳۸ اَور بنی جیرشون بھی اپنے خاندانوں اَور آبائی گھرانوں ۳۹ کے مُطابِق گِنے گئے ۝ تیس برس کی عُمر سے لے کر پچاس تک سب جو لشکر میں داخِل تھے حضُوری کے خَیمہ کی خدمت کے ۴۰ لئے ۝ اَور وہ بمُطابِق اپنے خاندانوں اَور آبائی گھرانوں کے دو ۴۱ ہزار چھ سَو تیس گِنے گئے ۝ یہ وہ ہَیں جو بنی جیرشون کے خاندانوں سے حضُوری کے خَیمہ کی خدمت کے لئے گِنے گئے مُوسیٰ اَور ہارُون نے اُنہیں خُداوند کے حُکم کے بمُوجب گِنا ۝

۴۲ اَور بنی مراری بھی بمُطابِق اپنے خاندانوں اَور آبائی گھرانوں ۴۳ کے گِنے گئے ۝ تیس برس کی عُمر سے لے کر پچاس برس تک سب جو لشکر میں داخِل تھے۔ حضُوری کے خَیمہ کی خدمت کے ۴۴ لئے ۝ اَور وہ اپنے خاندانوں کے مُطابِق تین ہزار دوسَو تھے ۝ ۴۵ یہ وہ ہَیں جو بنی مراری کے خاندانوں سے گِنے گئے۔ جنہیں خُداوند کے حُکم کے مُطابِق جو مُوسیٰ کی زُبان سے تھا۔ مُوسیٰ اَور ہارُون نے گِنا ۝

۴۶ تو لاویوں میں سے سب جنہیں مُوسیٰ اَور ہارُون اَور اِسرائیل کے رئیسوں نے بمُطابِق اُن کے خاندانوں اَور ۴۷ آبائی گھرانوں کے شُمار کیا ۝ تیس برس کی عُمر سے لے کر پچاس تک سب جو حضُوری کے خَیمہ میں کام کرنے کی خدمت ۴۸ اَور بوجھ اُٹھانے کی خدمت کے لئے داخِل ہُوئے ۝ اُن کا ۴۹ شُمار آٹھ ہزار پانچ سَو اَسّی تھا ۝ خُداوند کے حُکم کے مُطابِق جو مُوسیٰ کی زُبان سے تھا وہ سب مُطابِق اپنی خدمت اَور بوجھ کے گِنے گئے۔ اُنہیں مُوسیٰ نے جیسا خُداوند نے اُسے فرمایا تھا شُمار کیا +

باب ۵

ناپاک اشخاص کا برتاؤ

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام ۲ کر کے فرمایا ۝ بنی اِسرائیل کو حُکم کر کہ ہر ایک مبرُوص اَور ہر ایک جریان کے مریض کو اَور ہر ایک کو جو مُردہ کے سبب ناپاک ہَیں وہ ۳ خَیمہ گاہ سے باہر نِکال دیں ۝ مَرد ہو یا عورت باہر نِکالی جائے تُم اُنہیں خَیمہ گاہ سے باہر نِکال دو۔ تاکہ وہ اپنے ڈیروں کو جہاں ۴ میں اُن کے درمیان رہتا ہُوں ناپاک نہ کریں ۝ تو بنی اِسرائیل نے ایسا ہی کِیا۔ اَور اُنہیں خَیمہ گاہ سے باہر نِکال دِیا۔ جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا۔ بنی اِسرائیل نے ویسا ہی کِیا ۝

۵، ۶ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا ۝ بنی اِسرائیل سے کہہ کہ اگر کوئی مَرد یا عورت کوئی گُناہ کرے۔ جو اِنسان کرتے ہَیں اَور خُداوند کے حُکم کی نافرمانی کرے تو وہ اِنسان ۷ تقصیروار ہوگا ۝ وہ اپنے گُناہ کا جو اُس نے کِیا اِقرار کرے اَور اپنے گُناہ کا پُورا عوض دے اَور اُس پر پانچواں حِصّہ زیادہ کرے اَور جس کا وہ قصُوروار ہُوا ہے۔ اُس کے حوالے کرے ۝ ۸ اگر اُس شخص کا کوئی وَلی نہ ہو جِسے قصُور کا مُعاوِضہ دِیا جائے۔ تو تقصیر کا مُعاوِضہ خُداوند کو دِیا جائے اَور وہ کاہِن کا ہوگا۔ علاوہ کفّارہ کے اُس مینڈھے کے جس سے قصُور کا کفّارہ دِیا جائے ۝

۹ اَور بنی اِسرائیل کی سب مُقدّس چیزوں سے جو اُٹھانے کی قُربانی کے طور پر وہ کاہِن کے پاس لائیں وہ اُسی کی ہوں گی ۝ ۱۰ اَور ہر ایک آدمی کی پاک کی گئی چیزیں اُس کی ہوں گی۔ اَور اگر کوئی اِنسان کاہِن کو کوئی چیز دے تو وہ اُس کی ہوگی ۝

غیرت کی شریعت

۱۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے ۱۲ فرمایا ۝ بنی اِسرائیل سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ۔ کہ اگر کِسی آدمی کی عورت گُمراہ ہو جائے اَور اپنے شوہر سے بے وفائی ۱۳ کرے ۝ اَور کوئی مَرد اُس کے ساتھ ہم بِستر ہُوا ہو اَور یہ بات

باب ۵: ۷ ''گُناہ کا اقرار'' یہ اِقرار اَور عوضانہ شریعت میں اِعتراف کے ساکرامنٹ کا پیش نشان ہے +

اُس کے خاوند سے پوشیدہ ہو اَور اُس کی ناپاکی چھپی رہے۔

۱۴ اَور اُس پر کوئی گواہ نہ ہو اَور وہ پکڑی نہیں گئی○اَور شوہر کو غیرت کا خیال آئے اَور اُسے اپنی بیوی سے بدگُمانی ہو کہ وہ ناپاک ہے یا وہ غیرت کے خیال سے اپنی بیوی سے بدگُمان ہو خواہ وہ ۱۵ واقعی ناپاک ہُوئی یا نہیں○تو وہ مَرد اپنی عورت کو کاہن کے پاس لائے اَور اُس عورت کی قُربانی کے لئے جَو کے آٹے کے ایک ایفہ کا دسواں حِصّہ لائے۔ اُس پر تیل نہ ڈالے نہ اُس پر لُوبان رکھّے کیونکہ یہ غیرت کی نذر ہے یعنی یہ یاددہی کی نذر ہے جس سے ۱۶ گُناہ یاد دِلایا جاتا ہے○تب کاہن اُس عورت کو آگے لائے ۱۷ اَور خُداوند کے سامنے اُسے کھڑی کرے○اَور کاہن ایک مٹّی کے برتن میں مُقدّس پانی لے اور مسکن کے فرش کی گرد لے کر ۱۸ اُس پانی میں ملائے○اَور کاہن اُس عورت کو خُداوند کے سامنے کھڑی کرے اَور اُس کا سر ننگا کرے۔ اَور یاددہی کی نذر کی قُربانی جو غیرت کی نذر کی قُربانی ہے۔ اُس کے ہاتھوں پر رکھّے اَور کاہن ۱۹ کے ہاتھ میں وہ کڑوا پانی ہو جو لعنت کا باعث ہوگا○اَور کاہن عورت کو قسم دے کر کہے کہ اگر کوئی مَرد تیرے ساتھ ہم بستر نہیں ہوا۔ اَور اگر تُو اپنے خاوند کی ہوتی ہُوئی کسی اَور کے ساتھ ناپاک نہیں ہوئی۔ تو اِس کڑوے پانی کی تاثیر سے جو لعنت کا ۲۰ باعث ہے تُو بچی رہے گی○لیکن اگر تُو اپنے خاوند کی ہوتی ہُوئی کسی اَور پر مائل ہوئی ہے اَور اُس کے ساتھ ناپاک ہُوئی۔ اَور ۲۱ غیر نے تیرے ساتھ صُحبت کی○تب کاہن عورت کو لعنت کی قسم دے کر کہے۔ کہ تیرے لوگوں میں خُداوند تجھے لعنت اَور سوگند کرے۔ خُداوند ایسا کرے۔ کہ تیری ران سڑ جائے اَور تیرا ۲۲ پیٹ سُوج جائے○اَور یہ پانی جو لعنت لانے والا ہے۔ تیری انتڑیوں میں داخل ہو کر تیرے پیٹ کو سُجائے اَور تیری ران کو سڑائے۔ تب عورت کہے۔ آمین۔ آمین○ ۲۳ پھر کاہن اُن لعنتوں کو قلمبند کرے اَور کڑوے پانی سے اُنہیں دھوئے○ ۲۴ اَور کاہن یہ کڑوا لعنت لگانے والا پانی اُس عورت کو پلائے۔ تو یہ لعنت لگانے والا پانی کڑواہٹ پیدا کرنے کے لئے اُس کے اندر داخل ہوگا○ ۲۵ مگر اُس سے پہلے کاہن اِس کے ہاتھ سے غیرت کی نذر کی قُربانی لے کر خُداوند کے سامنے اُسے ہِلائے اَور اُسے مذبح کے نزدیک لائے○ ۲۶ اَور اُس کی یاددہی کی نذر کی قُربانی سے کاہن ایک مُٹھی لے اَور اُسے مذبح پر جلائے۔ بعد اُس کے وہ پانی اُس عورت کو پلائے○ ۲۷ اَور جب وہ اُسے وہ پانی پلا چُکے گا۔ تو اگر وہ ناپاک تھی اَور اُس نے اپنے خُداوند سے بےوفائی کی تھی۔ تو وہ لعنت کا پانی اُس کے اندر داخل ہو کر کڑواہٹ پیدا کرے گا۔ تب اُس کا پیٹ سُوج جائے گا۔ اَور اُس کی ران سڑ جائے گی۔ اَور وہ عورت اپنے لوگوں میں لعنت کا نشانہ ہوگی○ ۲۸ اَور اگر وہ عورت ناپاک نہیں ہوئی تھی بلکہ پاک تھی۔ تو وہ تندرست رہے گی اَور اُس سے اولاد ہوگی○ ۲۹ یہ غیرت کی شریعت ہے جب کہ کوئی عورت اپنے خاوند کی ہوتی ہُوئی گُمراہ ہو اَور ناپاک ہو جائے○ ۳۰ یا جب مَرد کو غیرت کا جوش ہو اَور وہ اپنی بیوی سے بدگُمانی کرے اَور اُسے خُداوند کے سامنے کھڑا کرے اَور اُس سب شریعت کے مُطابق کاہن اُس کے ساتھ عمل کرے○ ۳۱ تو مَرد اپنے گُناہ سے پاک ہوگا اَور گُناہ اُس عورت کے سر پر ہوگا+

باب ۶

نذارت کی شریعت

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا○ ۲ بنی اِسرائیل سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ۔ جب کوئی مرد یا عورت نذیر کی مَنّت مانے کہ اپنے آپ کو خُداوند کے لئے نذیر ٹھہرائے○ ۳ تو وہ شراب اَور نشے دار چیز سے پرہیز کرے

باب ۵: ۱۴ اِس قانُون کی یہ غرض تھی کہ بےگُناہ عورت بَری کی جائے اور غیرت مند شوہر اپنی بیوی کو نُقصان نہ پہنچائے اَور تاکہ سب لوگ زِنا کے گُناہ سے خوفزدہ رہیں+

باب ۵: ۲۲ ''آمین۔ آمین'' یہ عبرانی لفظ ہے۔ جس کے معنی ہیں۔ یقیناً۔ حقیقتاً۔ جس سے بات۔ اِقرار۔ لعنت۔ برکت۔ دُعا۔ وغیرہ کی رضامندی یا تصدیق ظاہر کی جاتی تھی۔ مسیحی دستُور العمل اَور روایت میں دُعا اَور برکت کے بعد بمعنی ''ایسا ہو'' اِستعمال کیا جاتا ہے+

باب ۶:۱ کا حاشیہ اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

اَورشراب کا سِرکہ یا نشہ دار سِرکہ نہ پیئے۔اَورانگُور کا کوئی رس
۴ نہ پیئے اَورنہ تازہ اَورنہ سُوکھے انگُور کھائے○اَوراپنی نِذارَت
کے تمام ایّام میں کوئی چیز جو تاکِستان سے نِکلتی ہے کِشمِش
۵ سے لے کر چِھلکے تک نہ کھائے○اَوراُس کے نِذارَت کی مَنّت
کے تمام ایّام میں اُس کے سر پر اُسترہ نہ پھیرا جائے۔جب
تک کہ وہ ایّام جِن میں وہ خُداوند کے لئے نَذِیر ٹھہرایا گیا
ہے۔ختم نہ ہوجائیں۔وہ مُقدّس رہے وہ اپنے سر کے بالوں
۶ کی لٹوں کو بڑھنے دے○اَورخُداوند کے لئے نَذِیر ہونے کے
۷ تمام ایّام میں وہ مُردہ کی لاش کے نزدِیک نہ جائے○وہ اپنے
باپ اَوراپنی ماں اَوراپنے بھائی اَوراپنی بہن کی مَوت پر اپنے
آپ کو ناپاک نہ کرے۔کیونکہ اُس کے خُدا کی نِذارَت اُس
۸ کے سر پر ہے○وہ اپنی نِذارَت کے تمام ایّام میں خُداوند کے
۹ لئے مخصُوص ہے○اگر کوئی شخص اُس کے نزدِیک ناگہانی مَر
جائے۔اَوراُس کی نِذارَت کے سر کو ناپاک کرے۔تو وہ
اپنے پاک ہونے کے اُسی دِن اپنا سر مُنڈائے اَورپھر ساتویں
۱۰ دِن میں اُسے مُنڈائے○اَورآٹھویں روز دو قُمریاں یا کبُوتر کے
دو بچّے حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ پر کاہِن کے پاس لائے○
۱۱ تو کاہِن اُن میں سے ایک کو خطا کی قُربانی اَوردُوسرے کو
سوختنی قُربانی گُزرانے اَوراُس کے لئے اُس خطا کا جو مُردہ کے
سبب ہوئی کفّارہ دے اَوراُس کے سر کو اُسی دِن مُقدّس کرے○
۱۲ تب وہ اپنی نِذارَت کے ایّام کو خُداوند کے لئے نَذَر مانے۔اَور
تقصِیر کی قُربانی کے لئے ایک یک سالہ نر برّہ لائے۔اَوراُس
کے پہلے ایّام شُمار نہ ہوں گے۔کیونکہ اُس کی نِذارَت ناپاک
ہوگئی تھی○

۱۳ اَوریہ نَذِیر کی شریعت ہے۔جب اُس کی نِذارَت کے
ایّام ختم ہوجائیں تو وہ حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ پر لایا جائے○
۱۴ اَوروہ خُداوند کے لئے اپنی قُربانی گُزرانے۔سوختنی قُربانی کے
لئے ایک بےعیب یک سالہ نر برّہ اَورخطا کی قُربانی کے لئے ایک
بےعیب یک سالہ مادہ برّہ اَورسلامتی کی قُربانی کے لئے ایک
۱۵ بےعیب مینڈھا○اَورمیدے کی فطِیری روٹیوں اَورتیل سے مَلے
ہوئے فطِیری کُلچوں اَورتیل سے چپڑی ہوئی چپاتیوں کی ایک
۱۶ چنگیر اَورنَذَر کی قُربانی اَورتپاوَن○تب کاہِن اُنہیں خُداوند کے
سامنے لائے اَوراُس کی خطا کی قُربانی اَوراُس کی سوختنی قُربانی
۱۷ گُزرانے○اَورمینڈھے کو مع فطِیری روٹیوں کی چنگیر کے
خُداوند کے لئے سلامتی کی قُربانی گُزرانے۔تب کاہِن اُس کی
۱۸ نَذَر کی قُربانی اَوراُس کا تپاوَن گُزرانے○پھر نَذِیر حضُوری کے
خَیمہ کے دروازہ کے پاس اپنی نِذارَت کا سر مُنڈائے۔اَوراپنی
نِذارَت کے سر کے بالوں کو سلامتی کے ذَبیحے کے نِیچے کی آگ
۱۹ میں ڈال دے○اَورکاہِن مینڈھے کا پکایا ہوا شانہ اَورچنگیر
میں سے ایک فطِیری کُلچہ اَورایک فطِیری چپاتی لے۔اَوراُنہیں
نَذِیر کے ہاتھوں پر اُس کی نِذارَت کے بال مُنڈانے کے بعد
۲۰ رکھّے○اَورکاہِن اُنہیں ہِلانے کی قُربانی کے لئے خُداوند کے
آگے ہِلائے یہ کاہِن کے لئے مع ہِلانے کے سینے اَوراُٹھانے
کے شانہ کے پاک ہے۔اِس کے بعد نَذِیر مَے پی سکتا ہے○
۲۱ جو کوئی نَذِیر کی مَنّت مانے۔اُس کی اَوراُس کی نِذارَت کے
لئے خُداوند کے حضُور اُس کی قُربانی کی۔ماسِوا اِس کے جس
نَذَر کی اُسے اپنی مَنّت کے مُوافِق توفیق ہے۔یہ شریعت ہے
ایسے ہی وہ اپنی نِذارَت کی شریعت کے مُطابِق عمل کرے○

ضابطۂ برکت

۲۲ اَورخُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے
۲۳ فرمایا○کہ ہارُون اَوراُس کے بیٹوں سے مُخاطِب ہو اَوراُن
سے کہہ کہ تُم بنی اِسرائیل کو اِس طرح سے برکت دو اَوراُن سے
۲۴،۲۵ کہو○خُداوند تُجھے برکت دے اَورتیری حِفاظت کرے○خُداوند
۲۶ تُجھ پر اپنے چہرہ کا نُور چمکائے اَورتُجھ پر رحم فرمائے○خُداوند

باب۶:۱ ”نِذارَت“ یہ لفظ عِبرانی لفظ ”نَذَر“ سے نِکلتا ہے۔جس کے معنی اپنے آپ کو خُدا کے لئے مُقدّس۔مخصُوص۔زیرِ مَنّت کرنے کے ہیں+
نِذارَت کی مَنّت عارضی یا دائمی ہوتی تھی۔وہ جو اُس کے پابند تھے نہ تو تاکِستان کی پیداوار کھا پی سکتے تھے۔نہ اپنا سر مُنڈا سکتے نہ کوئی لاش چُھو سکتے تھے یہ انبیاء کی مانند مردانِ خُدا سمجھے جاتے تھے(عاموس ۲:۱۱)دائمی نِذارَت کے نمُونے تھے۔شمشُون۔سموئیل اَورمُقدّس یُوحنّا اِصطباغی (قُضات ۱۳:۴، اِشعیا ۱:۱۱،لُوقا ۱:۱۵)خُداوند یسُوع مسیح کے زمانہ میں اِبتدائی مسیحیوں کے درمیان بھی عارضی نِذارَت مُرّوج تھی(اعمال ۱۸:۱۸و ۲۱:۲۳-۲۶)+

۲۷ اپنا چہرہ تیری طرف مُتوجہ کرے اور تجھے سلامتی بخشے○ اور وہ میرا نام بنی اِسرائیل پر پُکاریں اور مَیں اُنہیں برکت دُوں گا +

باب ۷

۱ رئیسوں کی قُربانیاں | اور یُوں ہُؤا کہ جس روز مُوسیٰ مسکن کے کھڑا کرنے سے فارِغ ہُؤا۔ اور اُسے مع اُس کے سب سامان اور مذبح اور اس کے ظُرُوف کے مسح کیا اور پاک کیا○
۲ تو اِسرائیل کے رئیس نزدیک آئے۔ یعنی وہ رئیس جو آبائی گھرانوں
۳ کے سردار اور شُمار کئے ہوئے قبائل پر مُقرّر تھے○ اور اپنی قُربانیاں خُداوند کے سامنے لائے۔ چھ گاڑیاں ڈھانپی ہُوئی اور بارہ بَیل دو دو رئیسوں کی طرف سے ایک گاڑی اور ہر ایک رئیس کی طرف سے ایک بَیل۔ اُنہیں وہ مسکن کے سامنے لائے○
۴،۵ اور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا○ کہ تُو یہ اُن سے لے۔ کہ حضُوری کے خیمہ کی خدمت میں کام آئیں۔ اور
۶ لاویوں کو بمُطابِق اُن کی خدمت کے دے○ تب مُوسیٰ نے
۷ گاڑیاں اور بَیل لے کر لاویوں کو دِیئے○ اُس نے دو گاڑیاں اور چار بَیل بنی جیرسُون کو بمُطابِق اُن کی خدمت کے دِیئے○
۸ اور چار گاڑیاں اور آٹھ بَیل اُس نے بنی مراری کو دِیئے۔ جو اپنی خدمت کے مُطابِق ہارُون کے بیٹے اِتمر کے ماتحت تھے○
۹ اور اُس نے بنی قہات کو کُچھ نہ دِیا۔ کیونکہ پاک چیزوں کی خدمت
۱۰ اُن کی تھی جنہیں وہ اپنے کاندھوں پر اُٹھاتے تھے○ اور رئیس اپنے ہدیئے مذبح کی تقدیس کے لئے لائے۔ اُس کے مسح
۱۱ کے دِن رئیسوں نے مذبح کے سامنے اپنے ہدیئے گُزرانے○ اور خُداوند نے مُوسیٰ سے کہا کہ ایک دِن میں ایک رئیس اپنا ہدیہ مذبح کی تقدیس کے لئے لائے○
۱۲ سو جس نے پہلے دِن اپنا ہدیہ گُزرانا۔ وہ یہُوداہ کے قبیلہ
۱۳ کا رئیس نحسون بن عمّی ناداب تھا○ اور اُس کا ہدیہ یہ تھا ایک چاندی کا قاب وزنی ایک سَو تیس مِثقال اور ایک چاندی کا جام وزنی ستّر مِثقال مقدِس کے مِثقال کے مُطابِق یہ دونوں نذر کی قُربانی کے لئے تیل کے مِلے ہُوئے مَیدے سے بھرے تھے○
۱۴ اور ایک سونے کا بخُوردان وزنی دس مِثقال بخُور سے بھرا ہُؤا○
۱۵ اور ایک بَیل اور ایک مینڈھا اور ایک نر برّہ یک سالہ سوختنی قُربانی کے لئے○ اور ایک بکرا خطا کی قُربانی کے لئے○ اور
۱۶،۱۷ سلامتی کی قُربانی کے لئے دو بَیل۔ پانچ مینڈھے اور پانچ بکرے اور پانچ برّے ایک ایک سال کے۔ نحسون بن عمّی ناداب کا یہ ہدیہ تھا○
۱۸ اور دُوسرے دِن اِشکار کا رئیس نتن ایل بن صوعر نذر لایا○
۱۹ اُس کا ہدیہ یہ تھا۔ ایک چاندی کا قاب وزنی ایک سَو تیس مِثقال اور ایک چاندی کا جام وزنی ستّر مِثقال مقدِس کے مِثقال کے مُطابِق۔ یہ دونوں نذر کی قُربانی کے لئے تیل کے مِلے ہوئے مَیدے سے بھرے تھے○
۲۰ اور سونے کا ایک بخُوردان وزنی دس مِثقال بخُور سے بھرا ہُؤا○
۲۱ اور ایک بَیل اور ایک مینڈھا اور ایک نر برّہ یک سالہ سوختنی قُربانی کے لئے○
۲۲ اور ایک بکرا خطا کی قُربانی کے لئے○
۲۳ اور سلامتی کی قُربانی کے لئے دو بَیل اور پانچ مینڈھے اور پانچ بکرے اور پانچ برّے ایک ایک سال کے۔ یہ نتن ایل بن صوعر کا ہدیہ تھا○
۲۴ اور تیسرے دِن بنی زبُولون کا رئیس الی آب بن حیلون نذر لایا○
۲۵ اُس کا ہدیہ یہ تھا۔ ایک چاندی کا قاب وزنی ایک سَو تیس مِثقال اور ایک چاندی کا جام وزنی ستّر مِثقال مقدِس کے مِثقال کے مُطابِق یہ دونوں نذر کی قُربانی کے لئے تیل کے مِلے ہُوئے مَیدہ سے بھرے تھے○
۲۶ اور ایک سونے کا بخُوردان وزنی دس مِثقال بخُور سے بھرا ہُؤا○
۲۷ اور ایک بَیل اور ایک مینڈھا اور ایک برّہ یک سالہ سوختنی قُربانی کے لئے○
۲۸ اور ایک بکرا خطا کی قُربانی کے لئے○
۲۹ اور سلامتی کی قُربانی کے لئے دو بَیل اور پانچ مینڈھے اور پانچ بکرے اور پانچ برّے ایک ایک سال کے یہ الی آب بن حیلون کا ہدیہ تھا○
۳۰ اور چوتھے دِن بنی رُوبِن کا رئیس الیصُور بن شدیئور نذر لایا○
۳۱ اُس کا ہدیہ یہ تھا۔ ایک چاندی کا قاب وزنی ایک سَو تیس مِثقال اور ایک چاندی کا جام وزنی ستّر مِثقال مقدِس

کے مِثقال کے مُطابِق ۔ یہ دونوں نذر کی قُربانی کے لئے تیل کے
۳۲ مَلے ہُوئے میدہ سے بھرے تھے ۝ اَور ایک سونے کا بخُور دان
۳۳ وزنی دس مِثقال بخُور سے بھرا ہُؤا ۝ اَور ایک بَیل اَور ایک مینڈھا
۳۴ اَور ایک برّہ یک سالہ سوختنی قُربانی کے لئے ۝ اَور ایک بکرا خطا
۳۵ کی قُربانی کے لئے ۝ اَور سلامتی کی قُربانی کے لئے دو بَیل اَور پانچ
مینڈھے اَور پانچ بکرے اَور پانچ برّے ایک ایک سال کے یہ
الیصُور بن شدیُور کا ہدیہ تھا ۝
۳۶ اَور پانچویں دِن بنی شمعُون کا رئیس شلمی ایل بن صُوری
۳۷ شدّائی نذر لایا ۝ اُس کا ہدیہ یہ تھا۔ ایک چاندی کا قاب وزنی
ایک سَو تیس مِثقال اَور ایک چاندی کا جام وزنی ستّر مِثقال مَقدِس
کے مِثقال کے مُوافِق ۔ یہ دونوں نذر کی قُربانی کے لئے تیل کے
۳۸ مَلے ہُوئے میدہ سے بھرے تھے ۝ اَور سونے کا ایک بخُور دان
۳۹ دس مِثقال کا بخُور سے بھرا ہُؤا ۝ اَور ایک بَیل اَور ایک مینڈھا
۴۰ اَور ایک برّہ یک سالہ سوختنی قُربانی کے لئے ۝ اَور ایک بکرا خطا کی
۴۱ قُربانی کے لئے ۝ اَور سلامتی کی قُربانی کے لئے دو بَیل اَور پانچ
مینڈھے اَور پانچ بکرے اَور پانچ برّے ایک ایک سال کے۔
یہ شلمی ایل بن صُوری شدّائی کا ہدیہ تھا ۝
۴۲ اَور چھٹے دِن بنی جاد کا رئیس الی آساف بن رعُوایل نذر
۴۳ لایا ۝ اُس کا ہدیہ یہ تھا۔ ایک چاندی کا قاب وزنی ایک سَو تیس
مِثقال اَور ایک چاندی کا جام وزنی ستّر مِثقال مَقدِس کے مِثقال
کے مُوافِق ۔ یہ دونوں نذر کی قُربانی کے لئے تیل کے مَلے ہُوئے
۴۴ میدہ سے بھرے تھے ۝ اَور سونے کا ایک بخُور دان وزنی دس مِثقال
۴۵ بخُور سے بھرا ہُؤا ۝ اَور ایک بَیل اَور ایک مینڈھا اَور ایک برّہ
۴۶ یک سالہ سوختنی قُربانی کے لئے ۝ اَور ایک بکرا خطا کی قُربانی کے
۴۷ لئے ۝ اَور سلامتی کی قُربانی کے لئے دو بَیل اَور پانچ مینڈھے
اَور پانچ بکرے اَور پانچ برّے ایک ایک سال کے۔ یہ الی آساف
بن رعُوایل کا ہدیہ تھا ۝
۴۸ اَور ساتویں دِن بنی اِفرائیم کا رئیس الی شامع بن عمی ہُود
۴۹ نذر لایا ۝ اُس کا ہدیہ یہ تھا۔ چاندی کا ایک قاب وزنی ایک سَو
تیس مِثقال اور چاندی کا ایک جام وزنی ستّر مِثقال مَقدِس کے
مِثقال کے مُطابِق ۔ یہ دونوں نذر کی قُربانی کے لئے تیل کے
۵۰ مَلے ہوئے میدہ سے بھرے تھے ۝ اور سونے کا ایک بخُور دان
۵۱ وزنی دس مِثقال بخُور سے بھرا ہُؤا ۝ اور ایک بَیل اور ایک مینڈھا
۵۲ اور ایک برّہ یک سالہ سوختنی قُربانی کے لئے ۝ اور ایک بکرا خطا کی
۵۳ قُربانی کے لئے ۝ اور سلامتی کی قُربانی کے لئے دو بَیل اور پانچ
مینڈھے اور پانچ بکرے اور پانچ برّے ایک ایک سال کے یہ
الی شامع بن عمی ہود کا ہدیہ تھا ۝
۵۴ اور آٹھویں دِن بنی منسّی کا رئیس جملی ایل بن فِدا صُور
۵۵ نذر لایا ۝ اُس کا ہدیہ یہ تھا۔ چاندی کا ایک قاب وزنی ایک سَو
تیس مِثقال اور چاندی کا ایک جام وزنی ستّر مِثقال مَقدِس کے
مِثقال کے مُوافِق ۔ یہ دونوں نذر کی قُربانی کے لئے تیل کے مَلے
۵۶ میدہ سے بھرے تھے ۝ اَور سونے کا ایک بخُور دان وزنی دس
۵۷ مِثقال بخُور سے بھرا ہُؤا ۝ اور ایک بَیل اور ایک مینڈھا اور ایک
۵۸ برّہ یک سالہ سوختنی قُربانی کے لئے ۝ اور ایک بکرا خطا کی قُربانی
۵۹ کے لئے ۝ اور سلامتی کی قُربانی کے لئے دو بَیل اور پانچ مینڈھے
اور پانچ بکرے اور پانچ برّے ایک ایک سال کے ۔ یہ جملی ایل
بن فِدا صُور کا ہدیہ تھا ۝
۶۰ اور نَویں دِن بنی بنیامین کا رئیس اَبی دان بن جِدعُونی
۶۱ نذر لایا ۝ اُس کا ہدیہ یہ تھا۔ چاندی کا ایک قاب وزنی ایک
سَو تیس مِثقال اور چاندی کا ایک جام وزنی ستّر مِثقال مَقدِس
کے مِثقال کے مُوافِق ۔ یہ دونوں نذر کی قُربانی کے لئے تیل
۶۲ کے مَلے میدہ سے بھرے تھے ۝ اَور سونے کا ایک بخُور دان وزنی
۶۳ دس مِثقال بخُور سے بھرا ہُؤا ۝ اور ایک بَیل اور ایک مینڈھا اور
۶۴ ایک برّہ یک سالہ سوختنی قُربانی کے لئے ۝ اور ایک بکرا خطا کی
۶۵ قُربانی کے لئے ۝ اور سلامتی کی قُربانی کے لئے دو بَیل اور پانچ
مینڈھے اور پانچ بکرے اور پانچ برّے ایک ایک سال کے۔
یہ اَبی دان بن جِدعُونی کا ہدیہ تھا ۝
۶۶ اور دسویں دِن بنی دان کا رئیس اَخی عازر بن عمی شدّائی
۶۷ نذر لایا ۝ اور اُس کا ہدیہ یہ تھا۔ چاندی کا ایک قاب وزنی ایک
سَو تیس مِثقال ۔ اَور چاندی کا ایک جام وزنی ستّر مِثقال مَقدِس

کے مِثقال کے مُوافِق ۔ یہ دونوں نَذر کی قُربانی کے لئے تیل کے
۶۸ مَلے ہُوئے میدہ سے بھرے تھے ۝ اَور سونے کا ایک بخُور دان
۶۹ وزنی دس مِثقال بخُور سے بھرا ہُوا ۝ اَور ایک بَیل اَور ایک مینڈھا
۷۰ اَور ایک برّہ یک سالہ سوختنی قُربانی کے لئے ۝ اَور ایک بکرا خطا کی
۷۱ قُربانی کے لئے ۝ اَور سلامتی کی قُربانی کے لئے دو بَیل اَور پانچ
مینڈھے اَور پانچ بکرے اَور پانچ برّے ایک ایک سال کے۔ یہ
اخی عازر بِن عمّی شدائی کا ہدیہ تھا ۝

۷۲ اَور گیارھویں دِن فجی ایل بِن عکران بنی آشیر کا رئیس نَذر
۷۳ لایا ۝ اَور اُس کا ہدیہ یہ تھا۔ چاندی کا ایک قاب وزنی ایک سَو
تیس مِثقال اَور چاندی کا ایک جام وزنی سترّ مِثقال مَقدِس کے
مِثقال کے مُوافِق ۔ یہ دونوں نَذر کی قُربانی کے لئے تیل کے مَلے
۷۴ ہُوئے میدہ سے بھرے تھے ۝ اَور سونے کا ایک بخُور دان وزنی
۷۵ دس مِثقال بخُور سے بھرا ہُوا ۝ اَور ایک بَیل اَور ایک مینڈھا اَور
۷۶ ایک برّہ یک سالہ سوختنی قُربانی کے لئے ۝ اَور ایک بکرا خطا کی
۷۷ قُربانی کے لئے ۝ اَور سلامتی کی قُربانی کے لئے دو بَیل اَور
پانچ مینڈھے اَور پانچ بکرے اَور پانچ برّے ایک ایک برس
کے۔ یہ فجی ایل بِن عکران کا ہدیہ تھا ۝

۷۸ اَور بارھویں دِن بنی نفتالی کا رئیس اخی رع بِن عینان
۷۹ نَذر لایا ۝ اَور اُس کا ہدیہ یہ تھا۔ چاندی کا ایک قاب وزنی ایک
سَو تیس مِثقال اَور چاندی کا ایک جام وزنی سترّ مِثقال مَقدِس کے
مِثقال کے مُطابِق۔ یہ دونوں نَذر کی قُربانی کے لئے تیل کے مَلے
۸۰ ہُوئے میدہ سے بھرے تھے ۝ اَور سونے کا ایک بخُور دان وزنی
۸۱ دس مِثقال بخُور سے بھرا ہُوا ۝ اَور ایک بَیل اَور ایک مینڈھا اَور
۸۲ ایک برّہ یک سالہ سوختنی قُربانی کے لئے ۝ اَور ایک بکرا خطا کی
۸۳ قُربانی کے لئے ۝ اَور سلامتی کی قُربانی کے لئے دو بَیل اَور پانچ
مینڈھے اَور پانچ بکرے اَور پانچ برّے ایک ایک برس کے۔
یہ اخی رع بِن عینان کا ہدیہ تھا ۝

۸۴ مَذبح کی تقدِیس پر اُس کے مَسح کے دِن اِسرائیل کے
رئیسوں کی طرف سے یہ ہدیئے تھے۔ چاندی کے بارہ قاب
۸۵ اَور چاندی کے بارہ جام اَور سونے کے بارہ بخُور دان ۝ ہر ایک
قاب کا وزن چاندی کے ایک سو تیس مِثقال اَور ہر ایک جام
کا وزن چاندی کے سترّ مِثقال تھا۔ تو سارے برتنوں کی چاندی
مَقدِس کے مِثقال کے مُطابِق دو ہزار چار سو مِثقال تھی ۝
۸۶ اَور سونے کے بارہ بخُور دان بخُور سے بھرے ہوئے ہر ایک
بخُور دان مَقدِس کے مِثقال کے مُطابِق دس مِثقال کا تھا۔ تو
۸۷ سب بخُور دانوں کا سونا ایک سَو بیس مِثقال تھا ۝ اَور سوختنی
قُربانی کے لئے بارہ بَیل، بارہ مینڈھے اَور ایک ایک برس کے
بارہ برّے مع اُن کی نَذر کی قُربانیوں کے۔ اَور خطا کی قُربانی
۸۸ کے لئے بارہ بکرے تھے ۝ اَور سلامتی کی قُربانی کے لئے چوبیس
بَیل اَور ساٹھ مینڈھے اَور ساٹھ بکرے اَور ایک ایک برس کے
ساٹھ برّے۔ یہ مَذبح کی تقدِیس کے لئے تھے جب وہ مَسح
کِیا گیا ۝

۸۹ اَور ایسا ہُوا کہ جب مُوسیٰ خُداوند سے ہم کلام ہونے کے
لئے حضُوری کے خیمہ میں داخِل ہُوا۔ تو اُس نے رحم گاہ کے
اُوپر سے جو صندُوقِ شہادت پر تھا۔ دونوں کرُّوبیوں کے
درمیان سے آواز سُنی جو اُس سے خطاب کرتی تھی۔ تو اُس نے
اُس سے کلام کِیا +

باب ۸

شمع دان کے سات چراغ

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام
۲ کرکے فرمایا ۝ کہ ہارُون سے مُخاطِب ہو اَور اُس سے کہہ۔ کہ
جب تُو چراغوں کو رکھّے تو ساتوں چراغ اپنی روشنی شمع دان کے
۳ سامنے کی طرف ڈالیں ۝ تو ہارُون نے ایسا ہی کِیا۔ اُس نے
شمع دان کے سامنے کی طرف چراغ جلائے۔ جیسا کہ خُداوند
۴ نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا ۝ اَور شمع دان کی بناوٹ یُوں تھی کہ وہ تنہ
سے لے کر اپنی شاخوں تک سونے سے گھڑا ہُوا تھا۔ وہ اُس
شکل کا گھڑا ہُوا تھا۔ جو خُداوند نے مُوسیٰ کو دکھائی۔ تو اُس نے
شمع دان ویسا ہی بنایا ۝

لاویوں کا تقرر

۵ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کرکے فرمایا ۝

٦ کہ بنی اِسرائیل کے درمیان سے تُو لاویوں کو لے اَور اُنہیں
٧ پاک کر۞ اَور اُن کے پاک کرنے کے لئے تُو اُن سے یُوں کر۔
تُو اُن پر طہارت کا پانی چھڑک۔ اَور وہ اپنے سارے بدن پر
اُسترہ پھرائیں اَور اپنے کپڑے دھوئیں۔ تو وہ پاک ہو جائیں
٨ گے۞ تب وہ ایک بَیل اَور نَذر کی قُربانی کے لئے میدہ تیل
سے مِلا ہُؤا لیں۔ اَور تُو ایک دُوسرا بَیل خطا کی قُربانی کے
٩ لئے لے۞ اَور تُو لاویوں کو حضُوری کے خیمہ کے سامنے لا اَور
١٠ بنی اِسرائیل کی ساری جماعت کو جمع کر۞ اَور تُو لاویوں کو خُداوند
١١ کے آگے لا۔ اَور بنی اِسرائیل اپنے ہاتھ اُن پر رکھیں۞ اَور ہارُون
لاویوں کو بنی اِسرائیل کی طرف سے ہِلانے کی قُربانی کی طرح
خُداوند کے آگے گُزرانے۔ تب وہ خُداوند کی خدمت کے لئے
١٢ مخصُوص ہوں گے۞ تب لاوی اپنے ہاتھ دونوں بَیلوں کے سروں
پر رکھیں۔ تب تُو اُن میں سے ایک کو خطا کی قُربانی کے لئے اَور
دُوسرے کو خُداوند کی سوختنی قُربانی کے لئے لاویوں کے کفّارے
١٣ کے لئے گُزران۞ اَور تُو لاویوں کو ہارُون اَور اُس کے بیٹوں کے
سامنے کھڑا کر۔ اَور خُداوند کی ہِلانے کی قُربانی کی طرح اُنہیں
١٤ گُزران۞ اَور تُو لاویوں کو بنی اِسرائیل کے درمیان سے الگ کر۔
١٥ تو وہ میرے ہوں گے۞ اَور بعد اِس کے لاوی اندر جائیں تاکہ
حضُوری کے خیمہ کی خدمت کریں اَور تُو اِس طرح اُنہیں پاک
کرے گا۔ اَور ہِلانے کی قُربانی کی طرح اُنہیں گُزرانے گا۞
١٦ کیونکہ وہ بنی اِسرائیل کے درمیان سے مُجھے نَذر دِیئے گئے
ہَیں۔ مَیں نے بنی اِسرائیل کے سب پہلوٹھوں کے بدلے جو
رِحم کے کھولنے والے ہوں اُنہیں اپنے لئے لِیا ہے۞ ١٧ کیونکہ
بنی اِسرائیل میں سے سب پہلوٹھے خواہ اِنسان کے خواہ حیوان
کے میرے ہَیں۔ کیونکہ جس دِن مَیں نے مِصر کی سَرزمین میں
سب پہلوٹھوں کو مارا تو اُنہیں مَیں نے اپنے لئے مُقدّس کِیا۞
١٨ اَور مَیں نے بنی اِسرائیل کے سب پہلوٹھوں کے بدلے لاویوں
کو لے لِیا۞ ١٩ اَور مَیں نے بنی اِسرائیل میں سے سب لاوی ہارُون
اَور اُس کے بیٹوں کو دے دِیئے۔ تاکہ حضُوری کے خیمہ میں وہ
بجائے بنی اِسرائیل کے خدمت گُزاری کریں۔ اَور بنی اِسرائیل
کی طرف سے کفّارہ دیں تاکہ بنی اِسرائیل پر بَلا نازِل نہ ہو۔
جب وہ مَقدِس کے نزدیک آنے کی جُرأت کریں۞ ٢٠ تب مُوسیٰ
اَور ہارُون اَور بنی اِسرائیل کی ساری جماعت نے لاویوں سے
ایسا ہی کِیا۔ جیسا خُداوند نے اُن کے حق میں مُوسیٰ کو حُکم دِیا
ویسا ہی بنی اِسرائیل نے اُن سے کِیا۞ ٢١ تب لاوی پاک کئے گئے۔
اَور اُنہوں نے اپنے کپڑے دھوئے اَور ہارُون نے اُنہیں ہِلانے
کی قُربانی کے طور پر خُداوند کے آگے گُزرانا اَور اُنہیں پاک
کرنے کے لئے اُن کی طرف سے کفّارہ دِیا۞ ٢٢ اَور بعد اُس کے
وہ اندر آئے۔ تاکہ حضُوری کے خیمہ میں وہ ہارُون اَور اُس کے
بیٹوں کے سامنے خدمت کریں۔ جیسا خُداوند نے مُوسیٰ کو اُن
کے حق میں فرمایا۔ اُنہوں نے اُن سے کِیا۞
٢٣،٢٤ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا۞ کہ لاویوں
کی بابت یہ حُکم ہے۔ کہ پچیسویں برس سے لے کر خدمت گُزاری
میں داخل ہوں۔ تاکہ حضُوری کے خیمہ کی خدمت کریں۞ ٢٥ اَور
پچاس برس کی عُمر کے بعد وہ خدمت گُزاری سے نِکل جائیں اَور
پھر خدمت نہ کریں۞ ٢٦ اَور حضُوری کے خیمہ میں اپنے بھائیوں کی
نِگہبانی کے کام میں مدد کریں۔ لیکن خدمت نہ کریں۔ اِسی
طرح تُو لاویوں کے ساتھ اُن کی نِگہبانی کی بات کر+

باب ٩

فِصح کے حُکم کی تجدید

١ پھر خُداوند نے دشتِ سِینا میں مُوسیٰ

باب ٦:٨ ''اُنہیں پاک کر'' مُوسوی شریعت کی رُوح سے صِرف کاہِن مخصُوص۔ یعنی خُدا کی خدمت کے لئے سنجیدہ رسُومات سے جُدا کئے جاتے تھے (خرُوج ٢٩؛ اَحبار ٨)۔ لاوی محض پاک کِئے جاتے تھے۔ یعنی اُن کی خدمت کے لئے اُن کی رسمی طہارت کی جاتی تھی+

باب ٨:٧ ''طہارت کا پانی'' اِس پانی میں لال گائے کی راکھ مِلائی جاتی تھی (عدد ١٩) اَور وہ ناپاک اشخاص کو پاک کرنے کے لئے اِستعمال کِیا جاتا تھا۔ یہ خُداوند یسُوع مسیح کے خُون کا پیشِ نِشان تھا۔ جو ساکرامنٹوں کے ذریعے ہماری رُوحوں کو پاک کرتا ہے+

سے اُس کے مُلکِ مِصر سے نِکلنے کے دُوسرے برس کے پہلے
۲ مہینہ میں کلام کرکے فرمایا ○ کہ بنی اِسرائیل فسح اُس کے مُقرّرہ
۳ وقت میں کریں ○ اُس مہینہ کے چودھویں روز کی شام کے وقت
اُس کے مُقرّرہ وقت میں تُم اُسے کرو۔ اُس کے سب قوانین اَور
۴ قضاؤں کے مُوافِق اُسے عمل میں لاؤ ○ تب مُوسیٰ نے بنی اِسرائیل
۵ کو فسح کے عمل میں لانے کی بابت کہا ○ تو وہ پہلے مہینہ کے
چودھویں روز کی شام کو دشتِ سینا میں اُسے عمل میں لائے۔ جیسا
کہ خُداوند نے مُوسیٰ کو حُکم دِیا تھا۔ بنی اِسرائیل نے ویسا ہی
۶ کِیا ○ اَور بعض لوگ تھے جو مُردے کے سبب ناپاک تھے۔ اَور
اُن کے لئے اُس روز فسح کرنا جائز نہ تھا۔ وہ اُسی روز مُوسیٰ اَور
۷ ہارُون کے پاس آئے ○ اَور کہا۔ کہ ہم ایک آدمی کی نعش کے
سبب ناپاک ہیں۔ مگر بنی اِسرائیل کے درمیان مُقرّرہ وقت پر
۸ خُداوند کی قُربانی گُزراننے سے ہم کیوں روکے جاتے ہیں ○ تو
مُوسیٰ نے اُنہیں کہا۔ ٹھہر جاؤ۔ جاؤ جب تک کہ مَیں نہ سُنوں کہ
خُداوند تُمہاری بابت کیا حُکم دیتا ہے ○
۹، ۱۰ تب خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کرکے فرمایا ○ کہ بنی اِسرائیل
سے مُخاطِب ہو اَور اُن سے کہہ کہ تُم میں سے یا تُمہاری پُشتوں
میں سے کوئی اِنسان جو مُردہ کے باعِث ناپاک ہو۔ یا دُور کے
۱۱ سفر میں ہو۔ تو وہ خُداوند کے لئے فسح کرے ○ دُوسرے مہینہ
کے چودھویں روز کی شام کو اُسے کریں۔ اَور فطیری روٹی اَور
۱۲ کڑوی سبزیوں کے ساتھ اُسے کھائیں ○ اُس میں سے صُبح تک
کُچھ باقی نہ رہنے دیں۔ اَور اُس کی کوئی ہڈّی نہ توڑیں۔ فسح کی
۱۳ سب قضاؤں کے مُطابِق اُسے کریں ○ اگر کوئی آدمی پاک ہو
اَور سفر میں نہ ہو اَور فسح کرنے سے باز رہے۔ تو وہ اِنسان اپنے
لوگوں میں سے خارِج کِیا جائے گا۔ کیونکہ اُس نے خُداوند کی
قُربانی اُس کے مُقرّرہ وقت پر نہ گُزرانی۔ اُس شخص کا گُناہ اُس
۱۴ کے سر پر ہوگا ○ اَور اجنبی جو تُمہارے ساتھ رہتا ہے وہ بھی بمُطابِق
اُس کے قوانین اَور قضاؤں کے فسح کرے۔ پردیسی کے لئے
اَور اُس کے لئے جو مُلک میں پیدا ہُؤا ہے ایک ہی شرع ہوگی ○
۱۵ **خیمہ گاہ میں بادل کا ستُون** اَور جس دِن مسکن کھڑا کِیا
گیا۔ بادل نے مسکن یعنی خیمۂ شہادت کو چھپایا۔ اَور رات
۱۶ کے وقت صُبح تک اُس پر آگ کا سا نظارہ تھا ○ اَور ہمیشہ ایسا ہی
تھا۔ بادل اُسے چھپائے رکھتا اَور رات کو آگ سا دِکھائی دیتا
۱۷ تھا ○ اَور جب بادل خیمہ پر سے اُٹھ جاتا تو بنی اِسرائیل کُوچ
کرتے اَور جہاں پر بادل ٹھہر جاتا بنی اِسرائیل ڈیرا کرتے تھے ○
۱۸ خُدا کے حُکم کے مُطابِق بنی اِسرائیل کُوچ کرتے تھے۔ اَور اُس
کے حُکم کے مُطابِق ڈیرا کرتے تھے۔ اَور جِتنے دِنوں تک بادل
۱۹ مسکن پر ٹھہرا رہتا۔ وہ اُسی جگہ رہتے تھے ○ جب بادل مسکن پر
بہُت دِنوں تک ٹھہرتا۔ تو بنی اِسرائیل خُداوند کی مرضی کے اِظہار
۲۰ کے مُنتظِر رہتے اَور کُوچ نہ کرتے تھے ○ اَور جب بادل مسکن
پر تھوڑے دِن ٹھہرتا۔ تو وہ خُداوند کے حُکم کے مُطابِق ڈیرا کرتے۔
۲۱ اَور اُس کے حُکم کے مُطابِق کُوچ کرتے تھے ○ جب شام سے
صُبح تک بادل ٹھہرا رہتا۔ اَور صُبح کے وقت اُٹھ جاتا۔ تو وہ کُوچ
کرتے تھے۔ اَور جب دِن کے وقت یا رات کو اُٹھ جاتا تو وہ
۲۲ اپنا خیمہ بند کرتے تھے ○ اَور جب بادل دو دِن یا ایک مہینہ یا
اُس سے زیادہ مسکن پر ٹھہرا رہتا۔ تو بنی اِسرائیل اُسی جگہ رہتے
اَور نہیں چلتے تھے۔ پر اُس کے بُلند ہونے پر کُوچ کرتے تھے ○
۲۳ خُداوند کے حُکم کے مُطابِق وہ ڈیرا لگاتے تھے اَور اُس کے حُکم
کے مُطابِق کُوچ کرتے تھے۔ وہ خُداوند کا فرمان مانتے تھے۔
جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ کی زُبان سے فرمایا تھا+

باب ۱۰

۱ **چاندی کے نرسنگے** اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کرکے
۲ فرمایا ○ کہ اپنے لئے چاندی کے دو نرسنگے بنا۔ دونوں گھڑے ہُوئے
ہوں اَور وہ تیرے لئے جماعت کو بُلانے اَور ڈیروں کے کُوچ
۳ کے لئے ہوں گے ○ جب وہ دونوں بجائے جائیں تو کُل جماعت
تیرے پاس حضُوری کے خیمہ کے دروازہ کے نزدِیک جمع ہو جائے ○
۴ اَور جب ایک بجایا جائے تو فقط رئیس یعنی بنی اِسرائیل کے
۵ قبائل کے سردار تیرے پاس جمع ہوں ○ اَور جب لمبی آواز میں

وقفہ کے ساتھ بجائے جائیں تو مشرق کی طرف کے ڈیرے کُوچ ۶ کریں۝اَور جب ایسی ہی آواز سے دوسری دفعہ بجائے جائیں تب جنُوب کی طرف کے ڈیرے کُوچ کریں۔ اَور جب تیسری بار بجائے جائیں تب مغرب کی طرف کے ڈیرے کُوچ کریں اَور جب چوتھی بار بجائے جائیں تو شِمال کی طرف کے ڈیرے کُوچ کریں۔ اُن کے کُوچ کے وقت وہ وقفہ کی آواز سے بجائے ۷ جائیں۝اَور جماعت کو جمع کرنے کے لئے وہ بِلا وقفہ آواز سے ۸ بجائے جائیں۝اَور ہارُونؔ کے بیٹے جو کاہِن ہَیں نرسِنگے بجائیں ۹ گے۔ اَور یہ اَبدی فرض تُمہاری پُشتوں میں ہوگا۝اَور جب تُم اپنے مُلک میں دُشمنوں کے خلاف جو تُم پر حملہ کریں لڑائی کے لئے نِکلو۔ تو لمبی آواز سے وقفہ کے ساتھ نرسِنگے بجاؤ۔ تو تُم اپنے خُداوند کے سامنے یاد کئے جاؤ گے اَور تُم اپنے دُشمنوں سے چھڑائے ۱۰ جاؤ گے۝اَور تُم اپنی خُوشی کے دِن اَور اپنی عیدوں میں اَور اپنے مہینوں کے شرُوع میں اپنی سوختنی قُربانیوں اَور اپنی سلامتی کی قُربانیوں پر نرسِنگے بجاؤ۔ تو وہ تُمہارے لئے تُمہارے خُدا کے سامنے یادگار ہوگی۔ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں۝

۱۱ سِینا سے روانگی

اَور یُوں ہُؤا کہ دُوسرے سال کے دُوسرے مہینے کے بیسویں روز شہادت کے مَسکن سے بادل اُونچا ہوگیا۝ ۱۲ تو بنی اِسرائیلؔ دشتِ سِیناؔ سے اپنی منزلوں میں روانہ ہُوئے۔ ۱۳ اَور بادل دشتِ فارانؔ میں ٹھہر گیا۝خُداوند کے حُکم کے مُوافِق ۱۴ جو مُوسیٰؔ کی زُبان سے تھا اُنہوں نے پہلی منزل کُوچ کِیا۝تو پہلے بنی یہُوداؔہ کے لشکر کا جھنڈا آگے بڑھا۔ اَور وہ جَوق درجَوق روانہ ہُؤا۔ اَور یہُوداؔہ کے لشکر پر نحشوؔن بِن عمّیناداؔب سردار تھا۝ ۱۵ اَور بنی اِشکاؔر کے قبیلہ کے لشکر پر نتنؔ ایل بِن صُوعرؔ تھا۝ ۱۶ اَور بنی زبُولُون کے قبیلہ کے لشکر پر اِلیآبؔ بِن حیلوؔن تھا۝ ۱۷ پھر مَسکن اُتارا گیا۔ تو بنی جیرشوؔن اَور بنی مراریؔ مَسکن کو اُٹھا ۱۸ کر روانہ ہُوئے۝تب بنی رُوبِنؔ کے لشکر کا جھنڈا آگے بڑھا۔ اَور وہ جَوق درجَوق روانہ ہُؤا۔ اَور اُس کے لشکر پر اِلیصُورؔ بِن ۱۹ شدیؔئُور سردار تھا۝اَور بنی شمعُوؔن کے قبیلہ کے لشکر پر ۲۰ شلُمی ایلؔ بِن صُوری شدّائی تھا۝اَور بنی جادؔ کے قبیلہ کے لشکر پر اِلیآساؔف بِن رعُوئیلؔ تھا۝پھر قِہاتیوؔں نے پاک چیزیں ۲۱ اُٹھا کے کُوچ کِیا۔ اَور وہ اُن کے آنے تک مَسکن کو کھڑا کر دیتے تھے۝تب بنی اِفرائیمؔ کے لشکر کا جھنڈا آگے بڑھا۔ اَور وہ ۲۲ جَوق درجَوق روانہ ہُؤا۔ اَور اُن کے لشکر پر اِلیشامؔع بِن عمّیہوؔد سردار تھا۝اَور بنی مَنسّیؔ کے قبیلہ کے لشکر پر جملی ایلؔ بِن فِداصُوؔر ۲۳ تھا۝اَور بنی بِنیامِینؔ کے قبیلہ کے لشکر پر ابی داؔن بِن جدعُوؔنی تھا۝ ۲۴ آخِرکار بنی داؔن کے لشکر کا جھنڈا آگے بڑھا۔ اور وہ جَوق درجَوق ۲۵ روانہ ہُؤا۔ داؔن کے لشکر کا سردار اخیعزؔر بِن عمّیشدّائی تھا۝اَور ۲۶ بنی آشیرؔ کے قبیلہ کے لشکر پر فجعی ایلؔ بِن عکرانؔ تھا۝اَور بنی نفتالیؔ ۲۷ کے قبیلہ کے لشکر پر اخیرؔع بِن عیناؔن تھا۝یہ بنی اِسرائیلؔ کی ۲۸ روانگی کی ترتیب ہوتی تھی جب وہ اپنے اپنے لشکروں کے مُطابِق جَوق درجَوق کُوچ کرتے تھے۝

اَور مُوسیٰؔ نے حوباؔب سے جو مُوسیٰؔ کے سُسر رعُوئیلؔ مِدیانی ۲۹ کا بیٹا تھا کہا۔ کہ ہم اُس جگہ کو جاتے ہَیں۔ جس کی بابت خُداوند نے فرمایا ہے کہ مَیں تُمہیں دُوں گا۔ سو تُو ہمارے ساتھ آ۔ ہم تُجھ سے نیکی کریں گے۔ کیونکہ خُداوند نے اِسرائیلؔ کے ساتھ نیکی کا وعدہ کِیا ہے۝تو اُس نے اُسے جَواب دِیا۔ نہیں ۳۰ مَیں تیرے ساتھ نہیں جاؤں گا بلکہ مَیں اپنے مُلک اَور اپنے خاندان کی طرف جاؤں گا۝تو اُس نے کہا تُو ہمیں نہ چھوڑ۔ ۳۱ کیونکہ تُو بیابان میں ٹھہرنے کی جگہوں کو جانتا ہے۔ سو تُو ہمارے لئے بجائے آنکھوں کے ہوگا۝اَور اگر تُو ہمارے ساتھ ۳۲ چلے۔ تو جو نیکی خُداوند ہمارے ساتھ کرے۔ ہم تیرے ساتھ کریں گے۝

سو اُنہوں نے خُداوند کے پہاڑ سے تین دِن کی راہ سفر ۳۳ کِیا۔ اَور خُداوند کے عہد کا صندُوق تینوں دِن کے سفر میں اُن کے ساتھ چلتا رہا تا کہ اُن کے لئے قیام گاہ تلاش کرے۝اَور ۳۴ جب وہ ڈیرے سے کُوچ کرتے تو دِن کے وقت خُداوند کا بادل اُن کے اُوپر ہوتا تھا۝اَور صندُوق کے کُوچ کے وقت مُوسیٰؔ ۳۵ یہ کہتا تھا۔ اَے خُداوند! اُٹھ۔ تیرے دُشمن پراگندہ ہوں اَور تیرے مُخالِف تیرے سامنے سے بھاگیں۝اَور اُس کے مقام ۳۶

کرنے کے وقت وہ کہتا تھا۔اَے خُداوند! تُو جو بادلوں پر سوار ہوتا ہے۔اِسرائیل کے لشکروں کے پاس پھر آ+

باب ۱۱

۱ **گوشت کے لئے کُڑکُڑاہٹ** اَور لوگ مُصیبت زَدوں کی مانند کُڑکُڑائے۔تو خُداوند نے سُنا اَور اُس کا غضب بھڑکا۔تو اُن کے درمیان خُداوند کی آگ شُعلہ زن ہُوئی۔اَور خیمہ گاہ ۲ کے ایک کِنارے کو جلا دِیا۝ تب لوگ مُوسیٰ کے پاس چلّائے ۳ اَور مُوسیٰ نے خُداوند سے دُعا مانگی تو آگ بُجھ گئی۝ سو اُس جگہ کا نام تبعیرہ رکھّا گیا۔کیونکہ خُداوند کی آگ اُن کے درمیان شُعلہ زن ہُوئی۝

۴ اَور مخلُوط آدمیوں نے جو اُن کے درمیان تھے۔حرص سے خواہش کی۔اَور بنی اِسرائیل اُن کے پیچھے چلے۔اَور وہ ۵ بھی روئے اَور کہا کہ کون ہمیں گوشت کِھلائے گا؟۝ ہمیں وہ مچھلی یاد آتی ہے جو ہم مِصر میں مُفت کھاتے تھے اَور کھیرے ۶ اَور خربُوزے اَور گندنا اَور پیاز اَور لہسن۝ اَور اَب تو ہماری جانیں سُوکھ گئیں۔مَنّ کے سِوا ہماری آنکھوں کے سامنے کوئی چیز نہیں۝ ۷ اَور مَنّ دھنیے کے بیج کی مانند تھا اَور اُس کا رنگ مُقل کے رنگ کا ۸ سا تھا۝ اَور لوگ اِدھر اُدھر پھر کے اُسے جمع کرتے اَور چکّی میں پیستے یا اُکھلی میں کُوٹتے اَور اُسے ہانڈیوں میں پکاتے اَور اُس کے پُھلکے بناتے تھے اَور اُس کا مزا تیل سے پکائی ہوئی روٹی کا تھا۝ ۹ اَور رات کو خیمہ گاہ پر شبنم پڑنے کے وقت اُس پر مَنّ گرتا تھا۝

۱۰ جب مُوسیٰ نے سُنا کہ لوگ اپنے خاندانوں میں ہر ایک اپنے دروازہ پر رو رہا ہے۔اَور خُداوند کا غضب بہُت بھڑکا تو مُوسیٰ کو بُرا ۱۱ لگا۝ تب مُوسیٰ نے خُداوند سے کہا۔تُو نے اپنے بندے کو کیوں دُکھ میں ڈالا۔اَور مَیں نے تیری نِگاہ میں کیوں مقبُولیّت نہیں ۱۲ پائی۔کہ تُو نے اِس ساری قوم کا بوجھ مُجھ پر ڈالا ۝ کیا یہ سب لوگ میرے شکم میں پڑے اَور مُجھ سے پیدا ہُوئے تھے کہ تُو مُجھے کہتا ہے کہ اُنہیں اپنی گود میں اُٹھا جیسے دایہ شِیرخوار بچّے کو اُٹھاتی ہے اَور اُنہیں اُس مُلک کو لے جا۔جس کی بابت تُو نے اُن کے باپ دادا سے قسم کھائی ۝ ۱۳ مَیں کہاں سے گوشت لُوں کہ اِن سارے لوگوں کو کِھلاؤں۔کیونکہ یہ میرے پاس روتے ہَیں اَور کہتے ہَیں۔کہ ہمیں گوشت کھانے کو دے۝ ۱۴ مُجھ میں طاقت نہیں کہ مَیں اکیلا اِن سب لوگوں کا بوجھ اُٹھاؤں۔کیونکہ وہ میرے لئے بہُت بھاری ہے۝ ۱۵ اَور اگر اِس وقت تُجھے مُجھ سے ایسا ہی کرنا ہے تو مُجھے مار ڈال اگر مَیں نے تیری نِگاہ میں مقبُولیّت پائی تو ایسا کر کہ آگے کو مَیں اپنی مُصیبت نہ دیکھُوں۝

۱۶ **ستّر بزُرگ** تب خُداوند نے مُوسیٰ سے کہا کہ بنی اِسرائیل [۱۶] کے بزُرگوں میں سے ستّر آدمی جنہیں تُو جانتا ہے کہ وہ لوگوں میں بزُرگ اَور اِن کے سردار ہَیں میرے لئے جمع کر اَور اُنہیں خیمۂ اِجتماع کے پاس لا۔تاکہ وہ تیرے ساتھ وہاں کھڑے ہوں۝ ۱۷ تب مَیں اُتروں گا اَور تیرے ساتھ وہاں باتیں کرُوں گا۔اَور اُس رُوح سے جو تُجھ میں ہے لُوں گا۔اَور اُن پر ڈالُوں گا۔تاکہ وہ تیرے ساتھ لوگوں کا بوجھ اُٹھائیں اَور تُو اکیلا زیر بار نہ رہے۝ ۱۸ اَور تُو لوگوں سے کہہ۔اپنے آپ کو پاک کرو۔کل تُم گوشت کھاؤ گے۔کیونکہ تُم خُداوند کے سامنے روئے اَور تُم نے کہا کہ کون ہمیں گوشت کِھلائے گا۔ہم تو مِصر میں اچھّے تھے اِس لئے خُداوند تُمہیں گوشت دے گا اَور تُم کھاؤ گے۝ ۱۹ نہ ایک ہی دِن کھاؤ گے نہ دو دِن نہ پانچ دِن نہ دس دِن نہ بیس دِن۝ ۲۰ بلکہ مہینہ بھر جب تک کہ وہ تُمہارے نتھنوں سے نہ نِکلے۔اَور تُمہیں اُس سے نفرت نہ ہو جائے۔کیونکہ تُم نے خُداوند کو جو تُمہارے درمیان ہے حقیر جانا اَور اُس کے سامنے روئے اَور کہا کہ ہم مِصر سے کیوں باہر نِکلے ۝ ۲۱ تو مُوسیٰ نے کہا۔کہ یہ لوگ جن کے درمیان مَیں ہُوں چھ لاکھ پیادے ہَیں اَور تُو نے کہا۔کہ اُنہیں مہینہ بھر میں گوشت کھانے کو دُوں گا ۝ ۲۲ کیا اُن کے لئے بھیڑ بکری اَور گائے بَیل کے گلّے ذبح کِئے جائیں گے۔

باب ۱۱: ۱۶ یہ پہلی مجلس تھی جو دُنیا میں مُقرر ہُوئی۔اِس کو سینہیڈرین کہتے ہیں اَور اِس کے ارکان کی تعداد ستّر یا بہتّر ہوتی تھی۔خُداوند یسُوع مسیح نے بھی ۷۲ شاگرد چُنے+

جو اُن کے لئے کافی ہوں۔ یا سمُندر کی سب مچھلیاں اُن کے
۲۳ لئے جمع کی جائیں گی کہ وہ سیر ہوں؟۝ تو خُداوند نے مُوسیٰ سے
کہا۔ کیا خُداوند کا ہاتھ چھوٹا ہو گیا ہے؟ اَب تُو دیکھے گا کہ میری
۲۴ بات تیرے لئے پوری ہوتی ہے یا نہیں ۝ تب مُوسیٰ نے باہر
نِکل کر خُداوند کی باتیں لوگوں سے کہیں اَور قوم کے بزُرگوں
میں سے ستّر شخص اِکٹھے کئے اَور اُنہیں خیمہ کے گرد کھڑا کیا۝
۲۵ تب خُداوند بادل میں نیچے اُترا اَور اُس سے بولا اَور اُس رُوح
میں سے جو اُس پر تھی لے کر اُن ستّر بزُرگ مَردوں پر ڈالی۔ تو
جب رُوح نے اُن پر قرار پکڑا وہ نبُوّت کرنے لگے۔ اَور آئندہ
۲۶ کرتے رہے۝ اَور دو آدمی خیمہ میں رہے ایک کا نام الداد
اَور دُوسرے کا نام میداد تھا۔ اَور رُوح اُن پر نازل ہُوئی۔ یہ
اُن میں سے تھے جو لکھے گئے۔ مگر وہ خیمہ سے باہر نہ گئے اَور وہ
۲۷ خیمہ گاہ میں نبُوّت کرتے رہے۝ تب ایک جوان نے دوڑ کر
مُوسیٰ کو خبر دی اَور کہا کہ الداد اَور میداد خیمہ گاہ میں نبُوّت کرتے
۲۸ ہیں۝ تو یشُوع بِن نُون نے جو اپنی جوانی ہی سے مُوسیٰ کا خادِم
۲۹ تھا۔ کہا۔ اے میرے آقا مُوسیٰ اُنہیں منع کر۝ تو مُوسیٰ نے کہا۔
تُو میرے لئے کیوں غیرت کرتا ہے؟ کاش کہ خُداوند کے سب
۳۰ لوگ نبی ہوتے اَور خُداوند اپنی رُوح اُن پر ڈالتا۝ پھر مُوسیٰ
اَور اِسرائیل کے بزُرگ خیمہ گاہ کو گئے۝

۳۱ تب خُداوند کی طرف سے ایک ہوا چلی اَور سمُندر سے بٹیر
اُڑا لائی اَور اُنہیں خیمہ گاہ کے اِردگرد ایک دِن کی راہ پر پھیلایا
۳۲ اَور وہ زمین سے دو ہاتھ اُوپر اُڑتے تھے۝ تب لوگ سارا دِن اَور
ساری رات اَور اگلا دِن کھڑے رہے۔ اَور بٹیر جمع کرتے رہے
اَور جس نے سب سے کم جمع کئے اُس کے بھی دس ہومر تھے۔ اَور
۳۳ اُنہوں نے اُنہیں اپنے لئے خیمہ گاہ کے گرد پھیلایا۝ اَور ابھی
گوشت اُن کے دانتوں ہی میں تھا۔ پیشتر اِس کے کہ ختم ہو
جائے۔ خُداوند کا غُصّہ لوگوں پر بھڑکا۔ تو خُداوند نے اُنہیں
۳۴ بڑی سخت وبا سے مارا۝ اَور اُس جگہ کا نام قبروت تاوہ رکھّا گیا۔
۳۵ کیونکہ وہاں اُنہوں نے حِرص کرنے والوں کو گاڑا۝ اَور لوگوں
نے قبروت تاوہ سے حصیر کو کُوچ کیا۔ اَور وہ وہاں پر ٹھہرے+

باب ۱۲

مریم اَور ہارُون کی کُڑکُڑاہٹ

۱ اَور مریم اَور ہارُون اُس
کُوشی عورت کے سبب جس سے مُوسیٰ نے بیاہ کر لیا تھا۔ اُس
۲ کے سبب مُوسیٰ کے خلاف بولنے لگے۝ اَور کہنے لگے کیا خُداوند
نے صِرف مُوسیٰ ہی سے باتیں کیں؟ کیا ہم سے بھی برابر باتیں
۳ نہیں کیں؟ تو خُداوند نے یہ سُنا۝ اَور مُوسیٰ بڑا ہی حلیم مَرد تھا۔
۴ سب آدمیوں سے زیادہ جو رُوئے زمین پر تھے۝ اَور فی الفور خُداوند
نے مُوسیٰ اَور ہارُون اَور مریم کو فرمایا کہ تُم تینوں خیمۂ اِجتماع
۵ کے پاس آؤ۔ چُنانچہ وہ تینوں آئے۝ تب خُداوند بادل کے
ستُون میں نیچے اُترا۔ اَور خیمہ کے دروازہ پر کھڑا ہُوا اَور اُس
۶ نے ہارُون اَور مریم کو بُلایا۔ تو وہ دونوں آئے۝ تب اُس نے
کہا۔ میری بات سُنو۔ اگر تُمہارے درمیان کوئی خُداوند کا نبی
ہو۔ تو مَیں اُس پر رُؤیا میں ظاہر ہُوں گا۔ یا اُس سے خواب میں
۷ بات کرُوں گا۝ لیکن میرا بندہ مُوسیٰ ایسا نہیں۔ بلکہ وہ میرے
۸ سارے گھر میں امانت دار ہے۝ مَیں اُس سے رُوبرُو اَور ظاہراً
باتیں کرتا ہُوں اَور نہ مُعمّاؤں میں اَور تشبیہوں میں۔ وہ خُداوند
کا چہرہ دیکھتا ہے۔ تو تُم کیوں نہ ڈرے۔ کہ میرے بندے مُوسیٰ
۹ کے خلاف بولے۝ اَور خُداوند کا غضب اُن پر بھڑکا اَور وہ چلا گیا۝

مریم کی سزا

۱۰ جب خیمہ سے بادل ہٹ گیا۔ تو دیکھو مریم
برص سے برف کی طرح سفید نظر آئی۔ اَور ہارُون نے مریم کو
۱۱ دیکھا تو وہ مبرُوص تھی۝ تب ہارُون نے مُوسیٰ سے کہا۔ اے
میرے آقا۔ یہ خطا ہمارے سر پر نہ ہو۔ جو ہم نے نادانی سے
۱۲ کی۔ اَور قصوروار ہُوئے۝ اُسے اُس مُردہ کی مانند نہ رہنے
دے جو جب اپنی ماں کے پیٹ سے نِکلے تو اُس کا آدھا بدن

باب ۱۱:۲۵ ”نبُوّت“ سے یہاں پیشین گوئی کرنے یا پوشیدہ باتیں ظاہر کرنے کی مُراد نہیں بلکہ وجد کی حالت میں باتیں کرنا۔ ایسے اظہار قدیم عبرانی نبُوّت اَور کلیسیا کے پہلے ایّام میں واقع ہوتے تھے۔ (اشعیا ۱۰:۱۰، ۱۹:۲۰ اعمال ۲:۱-۱۷، ۴۴، ۱۹:۶، ۱-قرنتیوں ۱۲: ۱۴)+

۱۳ گلا ہُؤا ہو○ تب مُوسیٰ خُداوند کے پاس چلّایا۔ اَور بولا۔ اَے
۱۴ خُدا! اُسے شِفا بخش ○ تب خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمایا۔ کہ اگر
اُس کے باپ نے اُس کے مُنہ پر تھوکا ہوتا۔ تو کیا واجب نہ
تھا۔ کہ سات دِن تک شرمندہ رہتی۔ تُو اُسے خیمہ گاہ سے باہر
۱۵ سات دِن تک الگ کر۔ اَور بعد ازاں تُو اُسے واپس لا○ تب
مریمؔ سات دِن تک خیمہ گاہ سے باہر الگ رہی۔ اَور لوگوں نے
وہاں سے کُوچ نہ کِیا۔ جب تک کہ مریمؔ واپس نہ آئی +

باب ۱۳

۱ کنعانؔ کے حالات کی دریافت — اَور اِس کے بعد لوگوں
نے حصیروتؔ سے کُوچ کِیا۔ اَور دشتِ فارانؔ میں آ اُترے○
۳،۲ تب خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا○ کہ تُو آدمی بھیج تا کہ
وہ مُلکِ کنعانؔ کا جو مَیں بنی اِسرائیل کو عطا کرُوں گا حال دریافت
کریں۔ ہر ایک قبیلہ میں سے ایک آدمی اُن کے آبائی قبیلوں
۴ کے مُطابِق جو اُن میں رئیس ہَیں بھیج○ تب مُوسیٰ نے جیسا خُداوند
نے فرمایا۔ دشتِ فاران سے آدمیوں کو بھیجا۔ وہ سب بنی اِسرائیل
۵ کے سرداروں میں سے تھے○ اَور اُن کے نام یہ ہَیں۔ رُوبینؔ
۶ کے قبیلہ سے شمُوعؔ بن زکُور○ شمعُونؔ کے قبیلہ سے شافاط بن
۸،۷ حوریؔ○ اَور یہُودہؔ کے قبیلہ سے کالِبؔ بن یُفنّہ○ اَور یِساکر
۹ کے قبیلہ میں سے یجالؔ بن یُوسفؔ○ اَور اِفرائیمؔ کے قبیلہ میں
۱۰ سے ہوشعؔ بن نُونؔ○ اَور بِنیامینؔ کے قبیلہ میں سے فلطی بن
۱۱ رافُو○ اَور زبُلُونؔ کے قبیلہ میں سے جدی ایل بن سُودی○
۱۲ اَور یُوسفؔ کے قبیلہ مَنسّی کے قبیلہ میں سے جدیؔ بن سُوسی○
۱۴،۱۳ اَور دانؔ کے قبیلہ میں سے عمی ایل بن جملی○ اَور آشیرؔ کے قبیلہ
۱۵ میں سے ستُور بن میکائیل○ اَور نفتالی کے قبیلہ میں سے نخبی بن
۱۷،۱۶ وُفسی○ اَور جادؔ کے قبیلہ میں سے جُوئیل بن ماکی○ یہ اُن آدمیوں
کے نام ہَیں۔ جنہیں مُوسیٰ نے مُلک کا حال دریافت کرنے
بھیجا۔ اَور مُوسیٰ نے ہوشعؔ بن نُونؔ کا نام یوشُعؔ رکھّا○
۱۸ اَور مُوسیٰ نے اُنہیں مُلکِ کنعانؔ کا حال دریافت کرنے
بھیجا اَور اُنہیں کہا۔ کہ نجبؔ میں اُوپر جاؤ اَور پہاڑ پر چڑھو○ ۱۹ اَور
زمین کی طرف نظر کرو کہ کیسی ہے۔ اَور وہاں کے رہنے والے
لوگ زور آور ہَیں یا کمزور، تھوڑے ہَیں یا بہُت○ ۲۰ اَور وہ مُلک
جس میں وہ بستے ہَیں کیسا ہے۔ اچھّا ہے یا بُرا۔ اَور شہر جن میں
وہ رہتے ہَیں کیسے ہَیں۔ بِلا فصیل ہَیں یا فصیل دار؟○ ۲۱ اَور زمین
کیسی ہے زرخیز ہے یا بنجر۔ اُس میں درخت ہَیں یا نہیں۔ اَور تُم
دلیری کرو اَور زمین کا کُچھ میوہ لے آؤ۔ اَور یہ وقت انگُور کے
پہلے پھلوں کا تھا○

۲۲ اَور وہ اُوپر چڑھ گئے اَور صینؔ کے بیابان سے لے کر
رحوبؔ تک جو حماتؔ کے مدخل کے قریب ہے۔ مُلک کا حال
دریافت کِیا○ ۲۳ وہ نجبؔ میں چڑھے اَور حبرونؔ میں آئے اَور وہاں
پر عناق کے بیٹے اخی مان اَور شیشائیؔ اَور تلمائیؔ تھے اَور حبرونؔ
مِصر کے صوعنؔ سے سات برس پہلے بنایا گیا تھا○ ۲۴ تب وہ وادی
عشکولؔ میں نیچے اُترے اَور وہاں سے اُنہوں نے انگُور کی ایک
ڈالی مع گُچھّے کے کاٹی۔ اَور اسے لاٹھی پر رکھّ کر دو آدمیوں نے
اُٹھائی۔ اَور اُنہوں نے وہاں سے کُچھ انار اَور انجیر بھی لئے○
۲۵ اُس جگہ کا نام اُنہوں نے وادی عشکولؔ رکھّا۔ کیونکہ وہاں سے
وہ بنی اِسرائیل کے لئے انگُور کاٹ لائے○ ۲۶ اَور وہ مُلک کا حال
دریافت کر کے چالیس دِن کے بعد لَوٹے○ ۲۷ اَور مُوسیٰ اَور ہارُونؔ
اَور بنی اِسرائیل کی ساری جماعت کے پاس دشتِ فارانؔ کے
قادیشؔ میں آئے۔ اَور اُنہیں اَور ساری جماعت کو خبر سُنائی اَور
مُلک کا میوہ اُنہیں دِکھایا○ ۲۸ اَور اُنہوں نے بیان کر کے کہا کہ ہم
اُس مُلک میں جہاں تُو نے ہمیں بھیجا گئے۔ وہاں درحقیقت
دُودھ اَور شہد بہتا ہے۔ اَور یہ وہاں کا میوہ ہے○ ۲۹ لیکن وہ لوگ
جو وہاں پر بستے ہَیں زور آور ہَیں اَور شہر فصیل دار اَور بہُت
بڑے ہَیں اَور وہاں ہم نے بنی عناقؔ کو بھی دیکھا○ ۳۰ اَور عمالیقی
نجبؔ میں بستے ہَیں۔ اَور حتّی اَور یبُوسی اَور اموری پہاڑوں پر
رہتے ہَیں۔ اَور کنعانی سمُندر کے ساحِل اَور اُردنؔ کے کنارے
پر بستے ہَیں○ ۳۱ اَور کالِبؔ نے مُوسیٰ کے سامنے لوگوں کو چُپ کرایا۔
اَور کہا کہ ہم چڑھیں گے اَور مُلک کو لے لیں گے۔ کیونکہ ہمیں

۳۲ اُس کے لینے کی طاقت ہے ۝ مگر اُنہوں نے جو اُس کے ساتھ گئے تھے کہا۔ کہ ہمیں اُن لوگوں پر چڑھائی کرنے کی طاقت نہیں۔
۳۳ کیونکہ وہ ہم سے زیادہ زور آور ہَیں ۝ اَور اُنہوں نے بنی اِسرائیل کو اُس مُلک کی کہ جس کا اُنہوں نے حال دریافت کِیا بُری خبر دی اَور کہا کہ وہ مُلک جس کا حال دریافت کرنے ہم گئے ایک ایسا مُلک ہے جو اپنے باشِندوں کو کھالیتا ہے۔ اَور سب لوگ جو وہاں
۳۴ ہم نے دیکھے نہایت قدآور ہَیں ۝ بلکہ جبّار ہَیں۔ بنی عناق جبّاروں کی نسل ہَیں۔ اَور ہم اُن کے آگے ٹِڈّوں کی طرح تھے اَور ایسے ہی ہم اُن کی آنکھوں میں تھے+

باب ۱۴

۱ لوگوں کی کُڑکُڑاہٹ اَور سزا

تب ساری جماعت نے اپنی آوازیں بُلند کیں اَور چِلّائے اَور رات بھر لوگ روتے رہے ۝
۲ اَور تمام بنی اِسرائیل مُوسیٰ اَور ہارُون پر کُڑکُڑائے اَور ساری جماعت نے کہا۔ کاش ہم مُلکِ مِصر میں مَر جاتے۔ کاش ہم
۳ اُس بِیابان میں مَر جاتے ۝ اَور خُداوند کیوں ہمیں اِس مُلک میں لایا کہ ہم تلوار سے گر جائیں اَور ہماری عورتیں اَور ہمارے بچّے پکڑ لئے جائیں۔ کیا ہمارے لئے اچھا نہیں کہ ہم مِصر کو
۴ واپس لَوٹیں؟ ۝ اَور اُنہوں نے ایک دُوسرے سے کہا۔ کہ آؤ
۵ ہم اپنا سردار مُقرّر کریں اَور مِصر کو لَوٹ چلیں ۝ تب مُوسیٰ اَور ہارُون بنی اِسرائیل کی ساری جماعت کے انبوہ کے سامنے مُنہ
۶ کے بَل گِرے ۝ اور یوشُعؔ بِن نُونؔ اور کالِبؔ بِن یُفنّے نے جو مُلک کا حال دریافت کرنے والوں میں سے تھے۔ اپنے کپڑے
۷ پھاڑے ۝ اَور بنی اِسرائیل کی ساری جماعت سے خطاب کر کے کہا کہ وہ مُلک جس کا حال ہم دریافت کرتے گُزرے ایک
۸ نہایت زرخیز مُلک ہے ۝ اگر خُداوند ہم سے خُوش ہو تو ہمیں اُس مُلک میں داخِل کرے گا۔ اَور ہمیں وہ مُلک جس میں دُودھ
۹ اَور شہد بہتا ہے عطا کرے گا ۝ مگر تُم خُداوند سے بغاوت نہ کرو۔ اَور اُس مُلک کے رہنے والوں سے نہ ڈرو۔ وہ تو ہماری خُوراک ہَیں اَور اُن کا سایہ اُن سے جاتا رہا ہے۔ اَور خُداوند ہمارے ساتھ ہے پس اُن سے نہ ڈرو ۝
۱۰ اَور جب تمام جماعت شور مچانے لگی کہ اُنہیں سنگسار کرو۔ تب سارے بنی اِسرائیل کے سامنے خُداوند کا جلال حضُوری کے خَیمہ پر ظاہر ہُوا ۝
۱۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کہا کہ یہ لوگ کب تک میری تحقِیر کریں گے؟ اَور کب تک اُن نِشانیوں کے سبب جو مَیں نے اُن کے درمیان کیں۔ میرا یقین نہ کریں گے؟ ۝
۱۲ دیکھ مَیں اُنہیں وَبا سے ماروں گا اَور اُنہیں فنا کرُوں گا اَور تُجھے ایک بڑی قوم اَور اُن سے بھی زیادہ بناؤں گا ۝
۱۳ تو مُوسیٰ نے خُداوند سے کہا۔ جب مِصر کے لوگ جِن کے درمیان سے تُو اُن لوگوں کو اپنی طاقت سے
۱۴ نِکال لایا سُنیں گے ۝ تو اِس مُلک کے بسنے والوں کے ساتھ مِل کر کہیں گے جِنہوں نے سُنا۔ کہ تُو خُداوند اُن لوگوں کے درمیان ہے۔ اَور تُو اُن پر اَے خُداوند رُوبرُو ظاہر ہُوا۔ اَور تیرا بادل اُن کے اُوپر رہا۔ اَور تُو اُن کے آگے دِن کو بادل کے ستُون میں
۱۵ اَور رات کو آگ کے ستُون میں چلا ۝ پس اگر تُو اِن لوگوں کو ایک آدمی کی طرح مار ڈالے گا۔ تو جِن قوموں نے تیری خبریں سُنیں
۱۶ کہیں گی ۝ اِس لئے کہ خُداوند اِن لوگوں کو اُس مُلک میں جس کی بابت اُس نے اُن سے قسم کھائی تھی۔ داخِل نہ کر سکا تو اُس
۱۷ نے اُنہیں بِیابان میں ہلاک کِیا ۝ پس خُداوند کی قدرت جلال
۱۸ پائے۔ جیسا کہ تُو نے یہ کہہ کر فرمایا ہے ۝ کہ تُو اَے خُداوند بڑے تحمّل والا عظیم رحمت والا اَور گُناہوں اَور بدیوں کا بخشنے والا ہے لیکن کِسی کو پاک نہیں ٹھہراتا بلکہ باپ دادا کے گُناہوں کا اُن
۱۹ کے لڑکوں سے تیسری چوتھی پُشت تک بدلہ لیتا ہے ۝ اپنی بڑی رحمت سے اِن لوگوں کے گُناہ سے درگُزر کر۔ جیسا کہ تُو نے اِن لوگوں کو مِصر سے لے کے یہاں تک مُعاف کِیا ۝
۲۰ تب خُداوند نے فرمایا۔ مَیں نے تیرے کہنے کے مُوافِق
۲۱ درگُزر کی ۝ میری زِندگی کی قسم۔ تمام روئے زمین خُداوند کے
۲۲ جلال سے معمُور ہے ۝ وہ سب آدمی جِنہوں نے میرا جلال اَور میری نِشانیاں دیکھیں جو مَیں نے مِصر میں اَور بِیابان میں
۲۳ کیں۔ اَور دس دفعہ مُجھے آزمایا اَور میری بات نہ مانی ۝ اُس مُلک کو ہرگز نہ دیکھیں گے۔ جس کی بابت میں نے اِن کے

باپ دادا سے قَسم کھائی اَور سب جنہوں نے میری حقارت کی
۲۴ اُسے ہرگز نہ دیکھیں گے○ لیکن میرا بندہ کالِبؔ چُونکہ اُس میں
اَور رُوح ہے اَور اُس نے اچھّی طرح سے میری فرمانبرداری
کی۔ اُسی کو مَیں اُس مُلک میں جہاں وہ گیا داخِل کرُوں گا اَور
۲۵ اُس کی نسل اُس کی وارِث ہوگی○ کیونکہ اِس وقت تو عمالِیقی اَور
کنعانی وادیوں میں رہتے ہَیں۔ سوکل تُم پھِرو۔ اَور بحیرہ قُلزم
کے راستے پر بیابان کی طرف کُوچ کرو○
۲۶ اَور خُداوند نے مُوسیٰ اَور ہارُونؔ سے کلام کرکے فرمایا○
۲۷ کہ مَیں کب تک اِس شریر اَور میرے خلاف کُڑکُڑانے والی
جماعت کی برداشت کرُوں؟ مَیں نے بنی اِسرائیل کی شکایتیں
[۲۸] سُنیں جو وہ میرے خلاف کرتے ہَیں○ تُو اُن سے کہہ۔ خُداوند
فرماتا ہے۔ میری زِندگی کی قَسم۔ جیسا تُم نے میرے کانوں میں
۲۹ کہا مَیں ویسا ہی کرُوں گا○ اُسی بیابان میں تُمہاری لاشیں گریں
گی۔ تُم میں سے سب گِنے ہُوئے بیس برس اَور اُس سے زیادہ
۳۰ کے جو میرے خلاف کُڑکُڑائے○ ہرگز اُس مُلک میں داخِل
نہ ہوں گے۔ جس کی بابت مَیں نے ہاتھ اُٹھا کر قَسم کھائی کہ
تُمہیں اُس میں بساؤں گا۔ ماسِوائے کالِبؔ بن یُفنّہ اَور یشُوعؔ
۳۱ بن نُونؔ کے○ اَور تُمہارے لڑکوں کو جن کی بابت تُم نے کہا کہ
وہ پکڑ لئے جائیں گے۔ مَیں اُس مُلک میں جس کی تُم نے
۳۲ حقارت کی داخِل کرُوں گا۔ اَور وہ اُسے دیکھیں گے○ پر تُمہاری
۳۳ لاشیں اِسی بیابان میں گر جائیں گی○ اَور تُمہارے لڑکے بیابان
میں چالیس برس تک آوارہ پھریں گے۔ اَور تُمہاری بدکاری
کی سزا اُٹھائیں گے جب تک کہ تُمہاری لاشیں بیابان میں فنا
۳۴ نہ ہو جائیں○ اُن دِنوں کے شُمار کے مُطابِق جن میں تُم نے
اُس مُلک کا حال دریافت کیا اَور وہ چالیس دِن تھے۔ ایک
دِن کے لئے ایک سال ہوگا۔ تُم چالیس برس تک اپنی بدیوں
کی سزا اُٹھاؤ گے تب تُم جانو گے کہ میرا تُمہیں چھوڑنا کیا ہے○

باب ۱۴: ۲۸ خُدا نے کُڑکُڑانے والوں کی مرضی پُوری کرنے سے اُنہیں سزا دی۔ اُن کی کم اِعتقادی اَور بھروسا کی کمزوری مسیحیوں کی تادیب کی خاطر پیش کی جاتی ہے۔ (۱-قرنتیوں ۱۰: ۱۰، عبرانیوں ۳: ۱۲-۱۸)+

۳۵ مَیں خُداوند ہُوں جیسا مَیں نے کہا ہے۔ اِس تمام جماعت کے
ساتھ جو میرے خلاف جمع ہوئی مَیں ایسا ہی کرُوں گا۔ اِسی بیابان
۳۶ میں وہ ختم ہوں گے اَور یہیں مَر جائیں گے○ اَور وہ آدمی جنہیں
مُوسیٰ نے مُلک کا حال دریافت کرنے کو بھیجا۔ اَور جنہوں نے
واپس آکر مُلک کی بدنامی کی۔ اَور ساری جماعت اُس کے
۳۷ خلاف کُڑکُڑائی○ سو یہ آدمی مُلک کی بدنامی کرنے والے خُداوند
۳۸ کے سامنے ناگہانی آفت سے مَر گئے○ لیکن یشُوعؔ بن نُونؔ اَور
کالِبؔ بن یُفنّہ اُن آدمیوں میں سے جو مُلک کا حال دریافت
۳۹ کرنے گئے تھے جیتے رہے○ اَور جب مُوسیٰ نے یہ باتیں سب
بنی اِسرائیل سے کہیں تو لوگ بہُت روئے○
۴۰ پھر صُبح کو وہ تڑکے ہی پہاڑ کے سر پر چڑھے اَور کہا کہ ہم
اُس جگہ پر چڑھائی کریں گے۔ جس کی بابت خُداوند نے کہا۔
۴۱ کیونکہ ہم نے گُناہ کیا ہے○ تب مُوسیٰ نے اُن سے کہا۔ کہ تُم
کیوں خُداوند کے حُکم کی نافرمانی کرتے ہو؟ اِس میں تُمہیں کامیابی
۴۲ نہ ہوگی○ تُم چڑھائی مت کرو۔ اِس لئے کہ خُداوند تُمہارے
درمیان نہیں۔ تاکہ تُم اپنے دُشمنوں کے سامنے سے شِکست نہ
۴۳ پاؤ○ کیونکہ عمالِیقی اَور کنعانی وہاں پر تُمہارے سامنے ہَیں۔
اَور تُم تلوار سے گر جاؤ گے۔ اَور چُونکہ تُم خُداوند سے برگشتہ ہُوئے۔
۴۴ خُداوند تُمہارے ساتھ نہیں ہوگا○ لیکن وہ ضِد کرکے پہاڑ کی چوٹی
کی طرف چڑھے۔ مگر خُداوند کے عہد کا صندُوق اَور مُوسیٰ خیمہ گاہ
۴۵ سے باہر نہ گئے○ تب عمالِیقی اَور کنعانی جو اُس پہاڑ پر رہتے
تھے اُترے اَور اُنہیں مارا اَور حُرمہ تک اُن کا تعاقُب کیا+

باب ۱۵

قُربانی کی بعض ہدایات

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام
کرکے فرمایا○ ۲ بنی اِسرائیل سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ۔ کہ
جب تُم اپنے بسنے کی سرزمین میں جو مَیں تُمہیں عطا کرُوں گا
۳ داخِل ہو○ تو تُم خُداوند کے لئے آتشین قُربانی گُزرانو۔ سوختنی
قُربانی یا مَنّت کا ذبیحہ یا خُوشی کی قُربانی یا اپنی مُتعیّن عیدوں میں

گائے بَیل یا بھیڑ بکری کی قُربانی خُداوند کے لئے عُمدہ خُوشبُو ۝
۴ تو قُربانی گُزراننے والا خُداوند کی نَذر کی قُربانی کے لئے ایفہ کا
۵ دسواں حِصّہ میدہ کا چوتھائی ہین تیل میں مَلا ہُؤا لائے ۝ اَور
تپاوَن کے لئے مَے ہین کا چوتھا حِصّہ سوختنی قُربانی یا ذَبیحے کے
۶ ساتھ ایک برّہ کے پیچھے گُزرانے ۝ اَور مینڈھے کے واسطے
نَذر کی قُربانی کے لئے ایفہ کے دو دسویں حِصّے میدہ تہائی ہین
۷ تیل سے مَلا ہُؤا ۝ اَور تپاوَن کے لئے تہائی ہین مَے خُداوند
۸ کے لئے عُمدہ خُوشبُو گُزرانے ۝ اَور اگر تُو بچھڑے کو سوختنی قُربانی
یا ذَبیحہ یا مَنّت کی نَذر یا سلامتی کی قُربانی خُداوند کے لئے کرے ۝
۹ تو بچھڑے کے ساتھ ایفہ کے تین دسویں حِصّے میدہ نصف ہین
۱۰ تیل میں مَلا ہُؤا گُزران ۝ اَور تپاوَن کے لئے اُس کے ساتھ نصف
۱۱ ہین مَے آتِشین قُربانی عُمدہ خُوشبُو خُداوند کے لئے چڑھا ۝ ہر
ایک بَیل اَور ہر ایک مینڈھے اَور ہر ایک برّے یا بکری کے بچّے
۱۲ کے ساتھ یُوں ہی کِیا جائے ۝ بمُطابِق شُمار کے جو تُم اُن میں
سے گُزرانو ہر ایک کے ساتھ اُس کے شُمار کے مُطابِق ویسا ہی
۱۳ کرو ۝ ہر ایک جو دیس میں پیدا ہُؤا ہو۔ جب وہ خُداوند کے
۱۴ لئے سوختنی قُربانی عُمدہ خُوشبُو چڑھائے تو ایسا ہی کرے ۝ اَور
ہر ایک پردیسی جو تُمہارے پاس اُترا ہو یا تُمہارے درمیان
پُشتوں سے رہتا ہو۔ اگر وہ خُداوند کے لئے آتِشین قُربانی
عُمدہ خُوشبُو گُزرانے۔ تو جیسا تُم کرتے ہو۔ ویسا ہی وہ کرے ۝
۱۵ مجمع کے لئے یعنی تُمہارے لئے اَور اُس پردیسی کے لئے جو
تُمہارے درمیان رہتا ہے۔ ہمیشہ ایک ہی شرع پُشت در پُشت
۱۶ ہوگی۔ خُداوند کے سامنے پردیسی تُمہاری مانند ہی ہوگا ۝ تُمہارے
لئے اَور اُس پردیسی کے لئے جو تُمہارے درمیان رہتا ہے۔ ایک
ہی شریعت اَور ایک ہی قانُون ہے ۝
۱۷،۱۸ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا ۝ بنی اِسرائیل
سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ۔ جب تُم اُس مُلک میں جو مَیں
۱۹ تُمہیں دُوں گا داخِل ہو ۝ اَور جب اُس مُلک کی روٹی کھاؤ۔ تو
۲۰ اُس میں سے خُداوند کے لئے اُٹھانے کی قُربانی گُزراننا ۝ تُم
اپنے پہلے گُوندھے ہوئے آٹے سے اُٹھانے کی قُربانی کے لئے
ایک کُلچہ گُزراننا۔ کھلیان کی اُٹھانے کی قُربانی کی طرح اُسے
گُزراننا ۝ اپنے پہلے گُوندھے ہُوئے آٹے میں سے تُم خُداوند ۲۱
کے لئے اُٹھانے کی قُربانی اپنی پُشت در پُشت گُزراننا ۝
اَور اگر تُم بھُول جاؤ۔ اَور اِن سب حُکموں پر جو خُداوند ۲۲
نے مُوسیٰ کو فرمائے عمل نہ کرو ۝ سب حُکم جو خُداوند نے مُوسیٰ ۲۳
کی زُبانی خُداوند کے حُکم دینے کے دِن سے اَور آگے کو تُمہاری
پُشتوں تک دیئے ۝ اگر وہ سہو جماعت کی آنکھوں سے پوشِیدہ ۲۴
تھا تو ساری جماعت ایک بچھڑا بطور سوختنی قُربانی خُداوند کی عُمدہ
خُوشبُو کے لئے مع اُس کی نَذر کی قُربانی اَور اُس کے تپاوَن کے
شرع کے مُطابِق اَور ایک بکرا خطا کی قُربانی کے لئے گُزرانے ۝
تب کاہِن بنی اِسرائیل کی جماعت کے لئے کفّارہ دے۔ تو وہ ۲۵
اُنہیں بخشا جائے گا۔ کیونکہ وہ سہو سے تھا اَور وہ اپنے سہو کے
لئے خُداوند کے سامنے آتِشین قُربانی اَور خطا کا ذَبیحہ لائے ۝
تو بنی اِسرائیل کی سب جماعت کو اَور اُس پردیسی کو جو اُن میں ۲۶
رہتا ہے۔ بخشا جائے گا۔ کیونکہ سب لوگوں نے سہو کِیا ۝ اَور ۲۷
اگر ایک آدمی سہو سے خطا کرے تو وہ خطا کی قُربانی کے لئے
ایک یک سالہ بکری لائے ۝ تو کاہِن اُس آدمی کے لئے جس ۲۸
نے سہو سے خطا کی خُداوند کے آگے کفّارہ دے۔ تو اُسے بخشا
جائے گا ۝ جو کوئی سہو سے خطا کرے خواہ وہ بنی اِسرائیل میں ۲۹
سے پیدا ہُؤا ہو خواہ پردیسی جو اُن کے درمیان رہتا ہے اُن کے
لئے شریعت ایک ہی ہے ۝ اگر کوئی اِنسان ضِد کر کے نافرمانی ۳۰
کرتا ہے۔ دیسی ہو یا پردیسی۔ وہ خُداوند کے خلاف بغاوت
کرتا ہے وہ اِنسان اپنے لوگوں میں سے خارِج کِیا جائے گا ۝
کیونکہ اُس نے خُداوند کے کلام کی اِہانت کی اَور اُس کا حُکم توڑا۔ ۳۱
تو وہ اِنسان خارِج کِیا جائے گا۔ اُس کا گُناہ اُس کے سر پر ہوگا ۝

سبت کو توڑنے والے کی سزا

اَور جب بنی اِسرائیل بیابان ۳۲
میں تھے۔ اُنہوں نے سبت کے دِن ایک آدمی کو لکڑیاں جمع
کرتے پایا ۝ تب اُسے جو لکڑیاں جمع کرتے پایا گیا وہ مُوسیٰ اَور ۳۳
ہارُون اَور ساری جماعت کے پاس لائے ۝ تو اُنہوں نے ۳۴
اُسے حراست میں رکھّا۔ کیونکہ وہ نہیں جانتے تھے کہ اُس کے

۳۵ ساتھ کیا کِیا جائے ○ تب خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمایا۔ کہ وہ آدمی قتل کِیا جائے۔ ساری جماعت خیمہ گاہ سے باہر اُسے سنگسار ۳۶ کرے ○ تب ساری جماعت اُسے خیمہ گاہ سے باہر نِکال لے گئی۔ اَور جیسا خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمایا تھا اُس آدمی کو سنگسار کِیا۔ تو وہ مر گیا ○

۳۷-۳۸ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا ○ بنی اِسرائیل سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ۔ کہ وہ اپنی تمام پُشتوں میں اپنے پیراہنوں کے کِناروں پر جھالریں لگائیں۔ اَور کِنارے کی ۳۹ جھالر پر بنفشی رنگ کا ڈورا لگائیں ○ تو یہ تُمہاری جھالر ہوگی۔ کہ جب تُم اُسے دیکھو تو خُداوند کے سب اَحکام کو یاد کرو۔ اَور اُن پر عمل کرو۔ اَور اپنے دلوں اَور اپنی آنکھوں کے پیچھے مت لگو۔ ۴۰ جِن کے پیچھے تُم لگ کر بدکاری کرتے رہتے ہو ○ تاکہ تُم سارے اَحکام کو یاد رکھو اَور اُن پر عمل کرو۔ اَور اپنے خُدا کے لئے ۴۱ مُقدّس ہو جاؤ ○ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں۔ جو تُمہیں مُلکِ مِصر سے نِکال لایا۔ تاکہ تُمہارا خُدا ہوؤں۔ مَیں خُداوند تُمہارا خُدا ہُوں +

باب ۱۶

قورح کا اِنقلاب

۱ اَور قورح بن یصہار بن قہات بن لاوی اَور اِلی آب کے بیٹے داتان اَور ابی رام اَور بنی رُوبین ۲ میں سے اون بن فالط ○ مع بنی اِسرائیل کے آدمیوں دو سو پچاس جماعت کے سردار جو ارکانِ مجلس اَور مشہُور آدمی تھے۔ مُوسیٰ کے مُقابلے میں اُٹھے ○ ۳ اَور وہ مُوسیٰ اَور ہارُون کے خلاف جمع ہوئے اَور کہا اِتنا ہی بس! ساری جماعت مُقدّسوں کی ہے اَور خُداوند اُن کے درمیان ہے۔ تو تُم کیوں اپنے آپ کو خُداوند کی جماعت سے اُونچا بناتے ہو؟ ○ ۴ جب مُوسیٰ نے یہ سُنا تو وہ اپنے مُنہ کے بل گرا ○ ۵ اَور قورح اَور اُس کے سارے گروہ سے بولا اَور اُن سے کہا کہ کل خُداوند دِکھائے گا کہ کون اُس کا ہے اَور کون مُقدّس ہے جو اُس کے نزدِیک جائے اَور کِسے اُس نے چُنا ہے کہ اُس کے قریب جائے ○ ۶ اَور تُم یُوں کرو۔ اَے قورح تُو اَور تیرا سب گروہ تُم اپنے لئے بخُور سوز لو ○ ۷ اَور اُن میں آگ رکھو اَور کل خُداوند کے سامنے اُن میں بخُور ڈالو۔ سو جس آدمی کو خُداوند چُنے وہی مُقدّس ہوگا۔ اَے بنی لاوی! اِتنا ہی بس! ○ ۸ پھر مُوسیٰ نے قورح سے کہا۔ اَے بنی لاوی سُنو ○ ۹ کیا تُمہارے نزدِیک یہ چھوٹی بات ہے کہ اِسرائیل کے خُدا نے تُمہیں اِسرائیل کی جماعت میں سے الگ کِیا اَور اپنے نزدِیک آنے دِیا۔ تاکہ تُم خُداوند کے مَسکن کے خادِم ہو۔ اَور جماعت کے سامنے کھڑے ہو کر اُن کی خدمت کرو؟ ○ ۱۰ اَور کیا اُس نے تُجھے اَور تیرے ساتھ تیرے سارے بھائیوں بنی لاوی کو نزدِیک آنے دِیا۔ تاکہ تُم کہانت بھی مانگو؟ ○ ۱۱ اَور کیا اِسی بات کے لئے تُو اَور تیری جماعت خُداوند کے خلاف جمع نہیں ہوئی؟ کیونکہ ہارُون کون ہے جو تُم اُس کے خلاف گڑگڑاتے ہو؟ ○

۱۲ اَور مُوسیٰ نے آدمی بھیج کر اِلی آب کے بیٹوں داتان اَور ابی رام کو بُلایا۔ وہ بولے ہم نہیں آتے ○ ۱۳ کیا یہ چھوٹی بات ہے کہ تُو ہمیں اُس مُلک سے جس میں دُودھ اَور شہد بہتا تھا نِکال لایا۔ تاکہ بیابان میں ہمیں ہلاک کرے۔ یہاں تک کہ تُو ہم پر بڑی حُکومت بھی کرے؟ ○ ۱۴ اَور بعد اس کے کہ تُو نے ہمیں اُس مُلک میں داخل نہ کِیا جہاں دُودھ اَور شہد بہتا ہے اَور نہ تُو نے کھیت اَور تاکستان ہماری میراث کر دیئے۔ کیا تُو اِس قوم کی آنکھیں نِکال ڈالے گا؟ ہم نہیں آتے ○ ۱۵ تو مُوسیٰ اِس سے بہُت خفا ہُوا اَور خُداوند سے کہا۔ کہ اُن کے ہدیئے کی طرف توجُّہ نہ کر۔ مَیں نے اُن میں سے کِسی سے ایک گدھا بھی نہیں لِیا

باب ۳۸:۱۵ ”جھالر“ خُداوند یسُوع مسیح کے زمانہ میں سب عابدانہ بندگان۔ بشمول ہمارے خُداوند کے اپنے پیراہنوں کے چاروں کونوں میں یہ چار جھالریں لگاتے تھے۔ (متّی ۹:۲۰۔ مرقس ۶:۵۶) فریسیوں کی جھالریں شریعت کی غیرت کی ظاہرداری کی خاطِر بہُت چوڑی تھیں۔ (متّی ۲۳:۵) +

باب ۲:۱۶ ” مقابلہ میں اُٹھے“ اِن لوگوں کا گُناہ جِنہیں عجیب طرح سے سزا دی گئی جماعت یا کلیسیا کے خُدا سے مُقرّرشُدہ اِختیار کے خلاف بغاوت اَور تفرقہ کا گُناہ تھا۔ کیونکہ اُنہوں نے کہانت کا کام کرنے کا دعویٰ کِیا جس کے واسطے وہ نہ بُلائے گئے اور بھیجے گئے تھے +

۱۶ اَور نہ اُن میں سے کِسی کے ساتھ بَدی کی۝ پھر مُوسیٰؔ نے قورؔح
سے کہا۔ کہ تُو اَور تیری جماعت کُل خُداوند کے سامنے حاضِر
۱۷ ہو۔ تُو اَور وہ ایک طرف اَور ہارُونؔ دُوسری طرف۝ اَور ہر ایک
اپنا بخُور سوز لے۔ اَور اُس میں بخُور ڈالے۔ اَور خُداوند کے
سامنے سب اپنے بخُور سوز لائیں دوسو پچاس بخُور سوز اَور تُو بھی
۱۸ اَور ہارُونؔ بھی اپنا اپنا بخُور سوز لو۝ تب سب نے اپنے اپنے
بخُور سوز لئے۔ اَور اُن میں آگ رکھّی اَور بخُور ڈالا۔ اَور مُوسیٰؔ
اَور ہارُونؔ کے ساتھ حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ پر کھڑے
۱۹ ہوئے۝ اَور قورؔح نے اُن کے خلاف کُل جماعت کو حضُوری
کے خَیمہ کے دروازہ پر جمع کِیا۔ تب خُداوند کا جلال ساری
جماعت پر ظاہر ہُوا۝

۲۰ اَور خُداوند نے مُوسیٰؔ اَور ہارُونؔ سے کلام کر کے فرمایا۝
۲۱ کہ تُم اِس گروہ کے درمیان سے الگ ہو جاؤ۔ تا کہ مَیں اُنہیں
۲۲ ایک پل میں فنا کرُوں۝ وہ دونوں اپنے مُنہ کے بَل گِرے اَور
کہا۔ اَے خُدا۔ اَے تمام بنی نوع اِنسان کی رُوحوں کے خُدا!
گُناہ ایک آدمی کرے۔ اَور کیا تُو ساری جماعت سے غُصّے
۲۳،۲۴ ہوگا؟۝ تو خُداوند نے مُوسیٰؔ سے کلام کر کے کہا۝ جماعت سے
خطاب کر اَور اُن سے کہہ کہ قورؔح اَور داتانؔ اَور ابیؔ رامؔ کے
۲۵ مَسکِن کے آس پاس سے دُور ہٹ جاؤ۝ تب مُوسیٰؔ اُٹھا اَور
داتانؔ اَور ابیؔ رامؔ کے پاس گیا۔ اَور بنی اِسرائیلؔ کے بزُرگ
۲۶ اُس کے پیچھے ہو لئے۝ تب اُس نے جماعت سے خطاب
کر کے کہا۔ کہ اِن باغی آدمیوں کے خَیموں سے دُور ہٹ
جاؤ۔ اَور اُن کی کِسی چیز کو مت چھُوؤ۔ تا کہ اُن کے تمام گُناہوں
۲۷ میں تُم بھی پھنس نہ جاؤ۝ سو وہ قورؔح اَور داتانؔ اَور ابیؔ رامؔ کے
مقام سے دُور ہٹ گئے۔ اَور داتانؔ اَور ابیؔ رامؔ باہر نِکلے اَور
اپنے خَیموں کے دروازوں پر کھڑے ہُوئے اَور اُن کی بیویاں
۲۸ اَور اُن کے لڑکے اَور چھوٹے بچّے بھی۝ تب مُوسیٰؔ نے کہا۔
اِس بات سے تُم جانو گے کہ خُداوند نے مجُھے بھیجا تا کہ یہ سب
۲۹ کام کرُوں اَور کہ مَیں نے اپنی مرضی سے کُچھ نہیں بنایا۝ اگر یہ
لوگ عام مَوت مَریں جیسے کہ سب بنی نوع اِنسان مَرتے تو
خُداوند نے مجُھے نہیں بھیجا۝ لیکن اگر خُداوند کوئی نئی بات پیدا ۳۰
کرے اَور زمین اپنا مُنہ کھولے اَور اُنہیں مع اُن کی ساری
چیزوں کے نِگل جائے۔ اَور وہ جیتے جی جہنّم میں نیچے جائیں۔
تب تُم جانو کہ اِن لوگوں نے خُدا کے خلاف بغاوت کی۝

اَور ایسا ہُوا کہ جُونہی وہ یہ باتیں کہہ چُکا۔ تو زمین جو اُن ۳۱
کے نیچے تھی، پھٹی۝ اَور زمین نے اپنا مُنہ کھولا۔ اَور اُنہیں اَور ۳۲
اُن کے خَیموں کو اَور قورؔح کے سب آدمیوں اَور اُن کی ساری
چیزوں کو نِگل گئی۝ سو وہ جیتے جی مع اپنی ساری چیزوں کے ۳۳
نیچے جہنّم کو گئے اَور زمین اُن کے اُوپر مِل گئی۔ اَور وہ جماعت
کے درمیان سے ہلاک ہُوئے۝ اَور سب بنی اِسرائیلؔ جو اُن ۳۴
کے آس پاس تھے اُن کا چِلّانا سُن کر بھاگے۔ کیونکہ اُنہوں نے
کہا ایسا نہ ہو کہ زمین ہمیں بھی نِگل جائے۝ اَور خُداوند کے ۳۵
حضُور سے آگ نِکلی اَور اُن دوسو پچاس آدمیوں کو جو بخُور گُزران
رہے تھے کھا گئی۝

اَور خُداوند نے مُوسیٰؔ سے کلام کر کے فرمایا۝ کہ ہارُونؔ [۳۶] ۳۷
کاہِن کے بیٹے الی عازارؔ کو حُکم دے کہ بخُور سوزوں کو شُعلوں
میں سے اُٹھائے۔ کیونکہ وہ پاک ہو گئے اَور آگ وَہیں بکھیر
دے۝ اَور جِنہوں نے اپنی جانوں کے خلاف خطا کی۔ اُن ۳۸
آدمیوں کے بخُور سوزوں کو پیٹ پیٹ کر بارِیک پتّر بنائے جائیں
تا کہ اُن سے مَذبح ڈھانپا جائے۔ کیونکہ اُن میں خُداوند کے
سامنے بخُور گُزرانا گیا۔ اَور وہ پاک ہو گئے۔ وہ بنی اِسرائیلؔ
کے لئے ایک نِشان ہوں گے۝ تب الی عازارؔ کاہِن نے اُن پیتل ۳۹
کے بخُور سوزوں کو جِن میں اُنہوں نے جو جل گئے بخُور گُزرانا
تھا لیا۔ اَور مَذبح کے ڈھانپنے کو اُن کے پتّر گھڑوائے۝ کہ ۴۰
بنی اِسرائیلؔ کے لئے یادگار ہوں۔ اَور کوئی غیر شخص یعنی کوئی
ایسا شخص جو ہارُونؔ کی نسل سے نہیں۔ بخُور جلانے کو خُداوند
کے سامنے نہ آئے۔ تا کہ قورؔح اَور اُس کے گروہ کی مانند اُس کا
حال نہ ہو۔ جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰؔ کی زُبان سے فرمایا۝

اَور دُوسرے دِن بنی اِسرائیلؔ کی جماعت مُوسیٰؔ اَور ۴۱

باب ۱۶:۳۶ عِبرانی متن میں باب ۱۷ یہاں سے شرُوع ہو جاتا ہے+

ہارُون پر کُڑکُڑائی۔ کہ تُم نے خُداوند کے لوگوں کو ہلاک کِیا۝
۴۲ اَور ایسا ہُوا۔ کہ جب جماعت مُوسیٰ اَور ہارُون کے خلاف جمع ہوئی۔ تو اُن دونوں نے حضُوری کے خَیمہ کی طرف نِگاہ کی۔ تو
۴۳ دِیکھو۔ بادل نے اُسے ڈھانپا۔ اَور خُداوند کا جلال ظاہر ہوا۝ تب
۴۴ مُوسیٰ اَور ہارُون حضُوری کے خَیمہ کے سامنے گئے ۝ اَور خُداوند
۴۵ نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا۝ کہ تُم دونوں اِس جماعت کے درمیان سے علیٰحدہ ہوجاؤ۔ تاکہ مَیں اُنہیں ایک پل میں فنا کرُوں۔
۴۶ تب وہ دونوں اپنے مُنہ کے بَل گِرے ۝ اَور مُوسیٰ نے ہارُون سے کہا۔ کہ اپنا بخُور سوز لے اَور اُس میں مذبح کے اُوپر سے آگ لے کر رکھّ۔ اَور اُس پر بخُور ڈال۔ اَور جلدی سے جماعت کی طرف جا اَور اُن کے لئے کفّارہ دے کیونکہ خُداوند کے حضُور
۴۷ سے غضب نِکلا۔ اَور وَبا شرُوع ہوئی۝ تب جیسا مُوسیٰ نے کہا۔ ہارُون نے بخُور سوز لِیا اَور جلدی سے جماعت کے درمیان آیا تو دیکھا۔ کہ قوم میں وَبا شرُوع ہوگئی۔ تو اُس نے بخُور گُزرانا اَور
۴۸ لوگوں کی طرف سے کفّارہ دِیا۝ اَور وہ مُردوں اَور زِندوں کے
۴۹ درمیان کھڑا ہُوا۔ تب وَبا تھم گئی ۝ اَور وہ جو وَبا سے مَر گئے۔ چودہ ہزار سات سَو تھے۔ ماسِوائے اُن کے جو قورح کے سبب
۵۰ ہلاک ہوئے ۝ تب ہارُون حضُوری کے خَیمہ کے دروازہ پر مُوسیٰ کے پاس واپس آیا اَور وَبا موقُوف ہوگئی+

باب ۱۷

۱ **ہارُون کے عصا میں پھُول لگنا** اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے
۲ کلام کر کے فرمایا۝ بنی اِسرائیل سے کہہ۔ کہ اُن میں سے ہر ایک رئیس کے خاندان سے اُن کے آبائی گھرانوں کے مُطابِق ایک ایک عصا لے۔ بارہ عصا ہوں۔ اَور ہر ایک کا نام اس کے
۳ عصا پر لِکھ ۝ اَور لاوی کے عصا پر ہارُون کا نام لِکھ۔ کیونکہ اُن کے آبائی گھرانوں کے ہر ایک رئیس کے واسطے ایک ایک
۴ عصا ہوگا۝ اَور اُنہیں حضُوری کے خَیمہ میں صندُوقِ شہادت
۵ کے سامنے رکھّ۔ جہاں مَیں تُم سے مُلاقات کرتا ہُوں۝ تو جس آدمی کو مَیں اُن میں سے چُن لُوں۔ اُس کے عصا میں پھُول نِکلیں گے تاکہ مَیں بنی اِسرائیل کی شِکایتوں کو جو وہ تُم دونوں کے خلاف کرتے ہَیں۔ دفع کرُوں۝ تب مُوسیٰ نے بنی اِسرائیل
۶ سے کہا۔ تو ہر ایک رئیس نے ایک ایک عصا اپنے آبائی گھرانوں کے مُطابِق اُسے دِیا۔ سو بارہ عصا ہوئے اَور ہارُون کا عصا اُن
۷ کے درمیان تھا۝ تب مُوسیٰ نے سارے عصا خَیمہ شہادت
۸ میں خُداوند کے سامنے رکھّے۝ اَور دُوسرے دِن جب مُوسیٰ خَیمۂ شہادت میں داخِل ہُوا۔ تو دیکھو۔ ہارُون کا عصا جو لاوی کے گھر کے لئے تھا۔ پھُوٹ پڑا تھا۔ اُس میں کونپلیں اَور پھُول
۹ نِکلے ہُوئے اَور بادام پکے ہُوئے تھے۝ تب مُوسیٰ سب عصاؤں کو خُداوند کے سامنے سے بنی اِسرائیل کے پاس باہر نِکال لایا۔
۱۰ تو اُنہوں نے دِیکھا اَور ہر ایک نے اپنا عصا لے لِیا۝ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کہا کہ ہارُون کا عصا شہادت کے سامنے لے جا۔ تاکہ بغاوت کرنے والوں کے واسطے ایک نِشان وہاں رکھّا رہے۔
۱۱ اَور اُن کی شِکایت مُجھ سے رفع ہو۔ اَور وہ مَر نہ جائیں۝ اَور
۱۲ مُوسیٰ نے جیسا خُداوند نے حُکم فرمایا تھا ویسا ہی کِیا۝ تب بنی اِسرائیل نے چِلّا کر مُوسیٰ سے کہا۔ ہم مَرے ہم ہلاک ہُوئے۔
۱۳ ہم سب کے سب فنا ہُوئے ۝ جو کوئی خُداوند کے مَسکِن کے نزدِیک آتا ہے مَر جاتا ہے۔ کیا ہم سب مَر جائیں گے؟+

باب ۱۸

۱ **کاہِنوں اَور لاویوں کے فرائِض** اَور خُداوند نے ہارُون سے فرمایا۔ کہ مَقدِس کا بارِ گُناہ تیرے اَور تیرے بیٹوں اَور تیرے ساتھ تیرے باپ کے گھر پر ہوگا۔ اَور تُمہاری کہانت کا
۲ بارِ گُناہ تیرے اَور تیرے ساتھ تیرے بیٹوں پر ہوگا۝ اَور تُو اپنے بھائیوں لاوی کے قبیلے یعنی اپنے باپ کے قبیلہ کو اپنے

باب ۱۸:۱ ''کہانت کا بارِ گُناہ'' اِس کا مطلب یہ ہے کہ اگر غفلت یا کم توجہی کے سبب سے تُم کہانت کے فرائِض ادا کرنے میں غلطی کرو گے تو تُمہیں سزا مِلے گی+

ساتھ لا۔ تاکہ تیرے ساتھ مِلیں اَور تیری اَور تیرے بیٹوں کی
خدمت کریں مگر تُو اَور تیرے ساتھ تیرے بیٹے خَیمۂ شہادت
۳ کے سامنے رہیں ○ اَور وہ تیرے اَحکام اَور خَیمہ کے تمام کاموں
پر غور کریں لیکن مُقدّس برتنوں اَور مذبح کے نزدِیک نہ
آئیں۔ تانہ ہو کہ وہ مَر جائیں اَور تُم بھی اُن کے ساتھ ہلاک
۴ ہو ○ وہ تیرے ساتھ مِلیں۔ اَور حضُوری کے خَیمہ کی حِفاظت
اَور اُس کی سب خدمت کریں۔ اَور کوئی غیر شخص تُمہارے نزدِیک
۵ نہ آئے ○ اَور تُم مَقدِس اور مذبح کی حِفاظت کرو۔ تاکہ بنی اِسرائیل
۶ پر پھر غضب نہ ہو ○ اَور دیکھو مَیں نے بنی اِسرائیل کے درمیان
سے تُمہارے بھائیوں بنی لاوی کو لِیا۔ اَور اُنہیں خُداوند کے
لئے تُمہارا ہدیہ کِیا۔ تاکہ وہ حضُوری کے خَیمہ کی خدمت میں لگے
۷ رہیں ○ اَور تُو اور تیرے ساتھ تیرے بیٹے اپنی کہانت کی اُس سب
کُچھ میں جو مذبح کے لئے ہے یا پردہ کے اندر ہے حِفاظت
کرو اور خدمت کرو۔ کیونکہ مَیں نے تُمہاری کہانت کو عطیّہ کی
خدمت کیا ہے۔ اگر کوئی غیر شخص نزدِیک آئے گا تو مارا جائے گا ○

۸ اَور خُداوند نے ہارُون سے کہا۔ کہ مَیں نے اپنی سب
اُٹھائی ہُوئی قُربانیوں کا بقیّہ تیرے سُپرد کیا۔ بنی اِسرائیل کی
سب پاک چیزوں میں سے یہ تیرے ممسُوح ہونے کا حق ٹھہرا کر
مَیں نے تُجھے اَور تیرے بیٹوں کو اَبدی حق کے طور پر دِیا ہے ○
۹ پاک ترین چیزوں میں سے یہ تیرا ہوگا۔ اُن کی سب قُربانیاں
یعنی نذر کی قُربانیاں اَور خطا کی قُربانیاں اَور تقصیر کی قُربانیاں
جو وہ میرے لئے لائیں۔ یہ پاک ترین چیزیں تیری اَور تیرے
۱۰ بیٹوں کی ہوں گی ○ تُو اُنہیں نہایت پاک جگہ میں کھانا۔ اُن
میں سے فقط مَرد کھائیں۔ وہ تیرے لئے مُقدّس ہوں ○

۱۱ اَور اُن کے ہدیوں میں سے یہ تیرا ہے۔ بنی اِسرائیل کی
تمام ہِلائی ہوئی قُربانیاں مَیں نے تُجھے اَور تیرے بیٹوں اَور
بیٹیوں کو اَبدی حق کے طور پر دی ہیں۔ تیرے گھر میں سب جو
۱۲ پاک ہیں اُسے کھاسکیں گے ○ سب اچھّا تیل اَور مَے اَور گیہُوں
کے پہلے پھل جو وہ خُداوند کے لئے لائیں۔ مَیں نے تُجھے دِیئے ○
۱۳ اَور اُن کی زمین کے پہلے پکے ہُوئے پھل جو وہ خُداوند کے لئے
لائیں تیرے ہوں گے۔ تیرے گھر میں سب جو پاک ہیں اُسے
کھائیں ○ ۱۴ بنی اِسرائیل کی ہر ایک مخصُوص شُدہ چیز تیری ہے ○
۱۵ ہر ایک رِحم کے کھولنے والا کیا اِنسان کیا حیوان جِسے وہ خُداوند
کی قُربانی کے لئے لائیں تیرا ہے۔ لیکن اِنسان کے پہلوٹھوں
اور ناپاک چوپایوں کے پہلوٹھوں کا تُو فِدیہ لینا ○ ۱۶ اَور آدمی کا
فِدیہ جب وہ ایک مہینہ کا ہُوا پانچ مِثقال مَقدِس کے مِثقال کے
مُطابِق ہوگا اَور وہ بیس جیرہ کا ہے ○ ۱۷ مگر گائے اَور بھیڑ اَور بکری
کے پہلے بچّوں کا تُو فِدیہ نہ لینا۔ کیونکہ وہ پاک ہیں۔ اُن کا خُون
تُو مذبح پر چھڑکے گا اَور اُن کی چربی آتشین قُربانی کے واسطے
جلائے گا۔ کہ خُداوند کے لئے عُمدہ خُوشبُو ہو ○ ۱۸ اَور اُن کا گوشت
تیرا ہوگا جیسے کہ ہِلایا ہُوا سینہ اَور دہنا شانہ تیرا ہوگا ○ [۱۹] اَور تمام
پاک چیزیں جو بنی اِسرائیل خُداوند کے لئے لائیں۔ مَیں نے تُجھے
اَور تیرے بیٹوں کو اَور تیری بیٹیوں کو اَبدی حق کے طور پر دِیں۔
یہ نمک کا عہد زمانہ کے انجام تک خُداوند کے سامنے تیرے
لئے اَور تیری نسل کے لئے ہوگا ○

۲۰ اَور خُداوند نے ہارُون سے فرمایا۔ کہ تُو اُن کے مُلک
میں میراث نہ لے۔ اَور نہ اُن کے درمیان تیرا حِصّہ ہوگا۔
کیونکہ بنی اِسرائیل کے درمیان تیرا حِصّہ اَور تیری میراث مَیں
ہوں ○ ۲۱ لیکن بنی لاوی کے لئے اُس خدمت کے واسطے جو وہ
حضُوری کے خَیمہ میں کریں گے۔ مَیں نے بنی اِسرائیل کی
سب دَہ یکیاں میراث کر دی ہیں ○ ۲۲ اَور آگے کو بنی اِسرائیل
حضُوری کے خَیمہ کے پاس نہ آئیں۔ تانہ ہو کہ اُن کا گُناہ اُن
کے سر لگے اَور وہ ہلاک ہوں ○ ۲۳ بلکہ لاوی ہی حضُوری کے خَیمہ
کی خدمت کریں۔ اَور یہ اُن ہی کا ذِمّہ ہوگا۔ یہ ایک اَبدی
فرض تُمہاری پُشتوں میں ہوگا۔ اَور بنی اِسرائیل کے درمیان
اُن کی میراث نہ ہوگی ○ ۲۴ کیونکہ بنی اِسرائیل کی دَہ یکیاں جو وہ
خُداوند کے سامنے نذر لائیں گے۔ مَیں نے لاویوں کی میراث
کر دی ہیں۔ اِسی لئے مَیں نے اُن کی بابت کہا۔ کہ وہ بنی اِسرائیل
میں میراث نہ پائیں گے ○

باب ۱۸: ۱۹ ’’نمک کا عہد‘‘ دیکھو حاشیہ۔ احبار ۲: ۱۳+

۲۶،۲۵ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا۔ تُو لاویوں سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ کہ جب تُم بنی اِسرائیل سے دَہ یکیاں لو جو مَیں نے تُمہاری مِیراث کر دی ہَیں ۔ تو ہر دَہ یکی ۲۷ کی دَہ یکی خُداوند کے لئے نَذر لاؤ ۔ تو تُمہاری نَذر کھلیان ۲۸ اَور کولُھو کے نَذرانے کی طرح سمجھی جائے گی۔ اَور اِس طرح تُم اپنی سب دَہ یکیوں میں سے جو تُم بنی اِسرائیل سے لو۔ خُداوند کے لئے نَذر لاؤ۔ اَور تُمہاری نَذریں جو خُداوند کے لئے ہوں وہ ۲۹ ہارُون کاہِن کو دینا۔ اَور تُمہاری سب نَذریں جو اپنے ہدیوں میں سے تُم خُداوند کے لئے لاؤ۔ سب سے اچھّی اَور پاک چیزیں ۳۰ ہوں۔ اَور تُو اُن سے کہہ کہ جب تُم اچھّے سے اچھّا حِصّہ نَذرانہ دے چکو۔ تو دَہ یکیوں کا بَقِیّہ لاویوں کے لئے کھلیان اَور کولُھو ۳۱ کی پیداوار کی مانند ہوگا۔ اَور تُم اَور تُمہارا خاندان اُنہیں کِسی بھی جگہ کھاؤ۔ کیونکہ وہ حضُوری کے خیمہ کی خدمت کے لئے تُمہاری ۳۲ اُجرت ہے۔ اَور اگر تُم اپنی اچھّی چیزیں نَذرانہ لاؤ گے۔ تو اُس کے سبب تُم گُنہگار نہ ٹھہرو گے۔ مگر تُم بنی اِسرائیل کی مُقدّس چیزوں کو ناپاک نہ کرو۔ تاکہ تُم ہلاک نہ ہو جاؤ+

باب ۱۹

تطہیر کا پانی

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ اَور ہارُون سے کلام ۲ کر کے فرمایا ۔ کہ شرعی فرض جس کے بارے میں خُداوند نے حُکم دِیا ہے، یہ ہے۔ بنی اِسرائیل سے کہہ۔ کہ ایک لال رنگ کی بے عیب اَور بے داغ بچھیا جس پر کبھی جُوا نہ رکھا گیا ہو۔ ۳ تیرے پاس لائیں۔ تو تُم اُسے اِلی عازار کاہِن کو دو۔ اَور وہ اُسے خیمہ گاہ سے باہر لے جائے اَور وہ اُس کے سامنے ذَبح کی جائے۔ ۴ تب اِلی عازار کاہِن اُس کے خُون میں سے اپنی اُنگلی پر لے اَور حضُوری کے خیمہ کے سامنے کی طرف اُس کے خُون میں سے سات دفعہ چھِڑکے ۔ ۵ پھر اُس کی آنکھوں کے سامنے وہ بچھیا جلائی جائے۔ اُس کا چمڑا مع اُس کے گوشت اَور خُون اَور آلائش کے۔ ۶ تب کاہِن دیودار کی لکڑی اور زُوفا اور قرمزی دھاگہ لے اَور اُنہیں اُس آگ میں جس میں بچھیا جل رہی ہے ڈالے۔ ۷ تب کاہِن اپنے کپڑے اَور اپنا بدن پانی سے دھوئے۔ اَور بعد اُس کے خیمہ گاہ میں آئے۔ اَور کاہِن شام تک ناپاک رہے گا۔ ۸ اَور جس نے اُسے جَلایا۔ وہ بھی اپنے کپڑے اَور اپنا بدن پانی سے دھوئے اَور شام تک ناپاک رہے گا۔ ۹ اَور ایک پاک آدمی بچھیا کی راکھ کو جمع کرے۔ اَور خیمہ گاہ سے باہر اُسے پاک جگہ میں رکھّے تاکہ وہ بنی اِسرائیل کے لئے تطہیر کے پانی کے واسطے محفُوظ رکھّی جائے۔ کیونکہ وہ خطا کی قُربانی ہے۔ ۱۰ اَور جس نے بچھیا کی راکھ جمع کی۔ اپنے کپڑے دھوئے اَور وہ شام تک ناپاک رہے گا۔ اَور یہ بنی اِسرائیل کے لئے اَور پردیسی کے لئے جو اُن میں رہے اَبدی فرض ہے۔

۱۱ اَور اگر کوئی شخص اِنسان کی لاش کو چھُوئے۔ تو سات دِن ناپاک رہے گا۔ ۱۲ وہ اپنے آپ کو اُس پانی سے تیسرے دِن اَور ساتویں دِن پاک کرے۔ تو پاک ہوگا۔ اَور اگر وہ اپنے آپ کو تیسرے دِن اَور ساتویں دِن پاک نہ کرے تو وہ پاک نہیں ہوگا۔ ۱۳ جس کِسی نے اِنسان کی لاش کو چھُوا ہو اَور پاک نہ کِیا گیا ہو۔ اُس نے خُداوند کے مسکن کو ناپاک کِیا۔ وہ شخص اِسرائیل میں سے خارِج کِیا جائے گا۔ کیونکہ اُس پر تطہیر کا پانی نہیں چھِڑکا گیا

باب۱۹: ۲ ''بے داغ بچھیا'' خطا کی قُربانی کے لئے گُزرانی جاتی اَور خیمہ گاہ سے باہر آگ میں جلائی جاتی تھی۔ اُس کی راکھ سے جو پانی میں مِلائی جاتی تھی ناپاک اشخاص کا کفّارہ کیا جاتا تھا اَور اُنہیں پاک کیا جاتا تھا۔ اِس پانی کو تطہیر کا پانی کہتے تھے۔ یہ پانی خُداوند مسیح یسُوع کے خُون کا پیش نِشان تھا۔ جب وہ ہمیں ساکرامنٹوں کے ذریعے لگایا جاتا ہَے۔ تو ہم اپنے گناہوں سے پاک اَور صاف ہو جاتے ہیں+

باب۱۹: ۳ ''خیمہ گاہ سے باہر'' کئی آبائے کلیسیا اِس میں خُداوند یسُوع مسیح کی مَوت کی قُربانی کا پیش نِشان تسلیم کرتے ہیں۔ جو یروشلیم کے پھاٹکوں سے باہر صلیب پر چڑھایا گیا (یُوحنا ۱۹: ۲۰، عبرانیوں ۱۳: ۱۲) اَور تطہیر کے پانی میں جس میں لال بچھیا کی راکھ مِلائی جاتی تھی۔ اُنہوں نے بپتسمہ کے پانی کا پیش نِشان پہچان لیا+

۱۴ وہ ناپاک ہے اَور اُس میں ناپاکی باقی ہےO اگر کوئی آدمی کسی خیمہ میں مَر جائے۔ تو اُس کی بابت یہ شریعت ہے۔ کہ جو کوئی اُس خیمہ میں آئے اَور سب جو کُچھ اُس میں ہے سات دِن تک
۱۵ ناپاک رہیں گےO اَور ہر ایک کُھلا برتن جس پر ڈھکنا بندھا نہ
۱۶ ہو ناپاک ہوگاO اَور جو کوئی میدان میں کسی تلوار کے مقتُول کو یا مُردہ کو یا اِنسان کی ہڈّی کو یا قبر کو چُھوئے۔ تو وہ سات دِن تک
[۱۷] ناپاک رہے گاO تو اُس ناپاک آدمی کے لئے جلی ہُوئی خطا کی قُربانی کی راکھ برتن میں لی جائے اَور اُس پر بہتا پانی ڈالا جائےO
۱۸ اَور ایک پاک آدمی زُوفا لے اَور اُسے پانی میں ڈبوئے اَور خیمہ پر اَور سب برتنوں پر اَور سب آدمیوں پر جو اُس کے اندر تھے اَور اُس پر جس نے مقتُول کو یا ہڈّی کو یا مُردہ کو یا قبر کو چُھؤا، چھڑکےO
۱۹ پاک آدمی ناپاک پر تیسرے دِن اَور ساتویں دِن چھڑکے۔ اَور ساتویں دِن اُسے پاک کرے۔ تب وہ اپنے کپڑے دھوئے اَور
۲۰ پانی سے نہائے۔ تو شام کے وقت وہ پاک ہوگاO اَور جو شخص ناپاک ہُؤا۔ اَور اُس نے اپنے آپ کو پاک نہ کیا۔ تو وہ جماعت کے درمیان سے خارِج کیا جائے گا۔ کیونکہ اُس نے خُداوند کے مَقدِس کو ناپاک کیا۔ اَور جب تک اُس پر تطہیر کا پانی چھڑکا نہ
۲۱ جائے وہ ناپاک ہےO یہ اُن کے لئے اَبدی فرض ہوگا۔ اَور جو پانی چھڑکے وہ اپنے کپڑے دھوئے۔ اَور جو تطہیر کے پانی کو
۲۲ چُھوئے شام تک ناپاک رہے گاO اَور ہر ایک چیز جسے ناپاک آدمی چُھوئے ناپاک ہوگی۔ اَور جو کوئی اُس ناپاک چیز کو چُھوئے۔ شام تک ناپاک رہے گا+

باب ۲۰

۱ [چٹان کا پانی] اَور پہلے مہینہ میں بنی اِسرائیل کی کُل جماعت دشتِ صین میں آئی اَور لوگوں نے قادیش میں قیام کیا اَور مریم نے وہاں وفات پائی۔ اَور وہیں دفن کی گئیO
۲ اَور جماعت کے لئے پانی نہ تھا۔ سو وہ مُوسیٰ اَور ہارُون کے خلاف جمع ہوئےO
۳ اَور لوگوں نے جھگڑا کر کے کہا۔ کاش! کہ جب ہمارے بھائی خُداوند کے آگے مَرے ہم بھی مَر جاتےO
۴ تُم خُداوند کی جماعت کو اِس دشت میں کیوں لائے؟ تاکہ ہم اَور ہمارے چوپائے یہاں مَر جائیںO
۵ اَور تُم نے کیوں ہمیں مِصر سے نِکالا۔ کہ ہمیں اُس جگہ لے آئے؟ اَیسی خراب جگہ میں جس میں نہ کھیت ہَیں نہ اِنجیر نہ انگُور نہ انار بلکہ پینے کا پانی تک نہیں ہےO
۶ تب مُوسیٰ اَور ہارُون جماعت کے سامنے سے حضُوری کے خیمہ کے دروازہ پر گئے اَور مُنہ کے بل گرے۔ تب خُداوند کا جلال اُن پر ظاہر ہُؤاO
۷،۸ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایاO کہ عصا لے اَور جماعت کو جمع کر تُو اَور تیرا بھائی ہارُون۔ اَور اُن کی آنکھوں کے سامنے تُم چٹان سے کہو۔ تو وہ اپنا پانی دے گی۔ اَور چٹان میں سے پانی نِکلنے کے بعد جماعت اَور اُن کے چوپائے پیئیںO
۹ اَور مُوسیٰ نے خُداوند کے سامنے سے جیسا اُسے حُکم ہُؤا تھا عصا کو لیاO
۱۰ اَور مُوسیٰ اَور ہارُون نے جماعت کو چٹان کے سامنے اِکٹھا کیا۔ اَور اُن سے کہا۔ سُنو اَے باغیو! کیا ہم تُمہارے لئے اِس چٹان میں سے پانی نِکالیں؟O
[۱۱] اَور مُوسیٰ نے اپنا ہاتھ اُوپر اُٹھایا اَور اپنے عصا سے دو دفعہ چٹان کو مارا۔ تو اُس میں سے بہُت پانی نِکلا۔ اَور جماعت نے اَور اُن کے چوپایوں نے پیاO
۱۲ تب خُداوند نے مُوسیٰ اَور ہارُون سے کہا۔ چُونکہ تُم مُجھ پر اِیمان نہ لائے۔ اَور بنی اِسرائیل کی جماعت کے سامنے میری تقدِیس نہ کی۔ اِس لئے تُم اُس جماعت کو اُس مُلک میں نہ لے جاؤ گے۔ جو میں نے اُنہیں دِیا ہےO
۱۳ یہ مریبہ کے پانی ہَیں۔ جِن پر بنی اِسرائیل نے خُداوند سے جھگڑا کیا۔ اَور اُس

باب ۱۹:۱۷ ”اگر بچھیا کی راکھ جو ناپاکوں پر چھڑکی جانے سے بدن کی صفائی کے لئے اُنہیں پاک کرتی تھی۔ تو کتنا زیادہ مسیح کا خُون۔ ہمارے دِلوں کو مُردہ کاموں سے پاک کرے گا“ (عبرانیوں ۹:۱۳)+

باب ۲۰:۱۱ یہ چٹان مسیح کا اَور جو پانی اِس سے نِکلا وہ اُس قیمتی خُون کا پیش نِشان تھا۔ جس سے ہماری رُوحانی پیاس بُجھ جاتی اَور ہماری زندگی قائم رہتی ہے +

”اپنے عصا سے دو دفعہ مارا“ خُدا نے مُوسیٰ کو صرف یہ حُکم دِیا تھا کہ چٹان سے کہنا کہ پانی دے۔ اِیمان کی کمزوری کے سبب مُوسیٰ نے چٹان کو عصا سے مارا اَور بیجا الفاظ اِستعمال کئے اَور اِس طرح گُناہ کیا (مزمور ۱۰۶:۳۲)+

نے اُن کے درمیان تقدیس پائی ○
۱۴ اَور مُوسیٰ نے قادِیس سے اِدوم کے بادشاہ کے پاس ایلچی بھیج کر کہا۔ کہ تیرے بھائی اِسرائیل نے یُوں کہا ہے کہ سب
۱۵ مُصیبت جو ہم پر پڑی تُو اُسے جانتا ہے ○ اَور کہ ہمارے آبا و اجداد مِصر میں گئے۔ اَور ہم وہاں بہُت مُدّت تک رہے تب مِصریوں نے ہمارے ساتھ اَور ہمارے آبا و اجداد کے ساتھ بدی کی ○
۱۶ اَور ہم خُداوند کے آگے چِلّائے۔ تو اُس نے ہماری آواز سُنی اَور اپنا فرِشتہ بھیجا۔ اَور ہمیں مِصر سے نِکالا اَور دیکھ اَب ہم قادیس
۱۷ شہر میں ہیں جو تیری سَرحد کے کنارے پر ہے ○ سو ہمیں اپنے مُلک میں سے گُزرنے دے۔ اَور ہم کھیتوں اَور انگُوروں کے درمیان سے نہ جائیں گے۔ اَور نہ کنوؤں کا پانی پئیں گے۔ مگر ہم شاہراہ پر چلیں گے۔ دہنے اَور بائیں نہ مُڑیں گے۔ جب
۱۸ تک کہ تیری سَرحد سے گُزر نہ جائیں ○ تو اِدوم نے جواب دِیا۔ تُو میری حد میں سے نہ گُزر۔ تا کہ مَیں تیرے خلاف تلوار لے
۱۹ کر نہ نِکلوں ○ بنی اِسرائیل نے اُس سے کہا کہ ہم تو رستے پر جائیں گے۔ اَور اگر ہم یا ہمارے چوپائے تیرا پانی پئیں۔ تو ہم تُجھے اُس کا دام دیں گے۔ اَور ہم تو بغیر کُچھ کِئے اپنے پاؤں
۲۰ پاؤں گُزر جائیں گے ○ تو اُس نے کہا۔ کہ تُو نہ گُزر۔ اَور اِدوم اُن
۲۱ کے خلاف بہُت لوگ لے کر اَور بڑی قُوّت سے نِکلا ○ اَور اِدوم نے بنی اِسرائیل کو اپنی سَرحد میں سے گُزرنے دینے سے اِنکار کِیا۔ تو اِسرائیل اُس کی طرف سے مُڑا ○

۲۲ **ہارُون کی وفات** اَور بنی اِسرائیل نے قادیس سے کُوچ
۲۳ کِیا اَور ساری جماعت کوہِ ہور پر آئی ○ اَور خُداوند نے کوہِ ہور میں جو اِدوم کی سَرحد کے پاس ہے۔ مُوسیٰ اَور ہارُون سے کلام
۲۴ کر کے فرمایا ○ کہ ہارُون اپنے لوگوں میں جا مِلے گا۔ اِس لئے کہ وہ اُس مُلک میں جو مَیں نے اِسرائیل کو دِیا ہے داخِل نہ ہو گا۔ کیونکہ تُم دونوں نے مریبہ کے پانی کے پاس میرے حُکم
۲۵ کی نافرمانی کی ○ تو ہارُون اَور اُس کے بیٹے الی عازار کو لے۔
۲۶ اَور کوہِ ہور پر اُنہیں چڑھا لا ○ اَور ہارُون کے کپڑے اُتار کے اُس کے بیٹے الی عازار کو پہنا۔ اَور ہارُون اپنے لوگوں میں جا
مِلے گا۔ اَور وہاں فوت ہو جائے گا ○ ۲۷ تو مُوسیٰ نے جیسا خُداوند نے اُسے حُکم دِیا کِیا۔ اَور وہ جماعت کے دیکھتے ہوئے کوہِ ہور
پر چڑھے ○ ۲۸ اَور مُوسیٰ نے ہارُون کے کپڑے اُتارے اَور اُس کے بیٹے الی عازار کو پہنائے ○ ۲۹ اَور وہاں پہاڑ کی چوٹی پر ہارُون فوت ہُؤا۔ اَور مُوسیٰ اَور الی عازار پہاڑ سے نیچے اُتر آئے ○ ۳۰ پس جب ساری جماعت نے دیکھا۔ کہ ہارُون فوت ہُؤا۔ تو تمام بنی اِسرائیل اُس پر تیس دِن تک ماتم کرتے رہے +

باب ۲۱

پیتل کا سانپ ۱ اَور کنعانی بادشاہ عراد نے جو نجب میں رہتا تھا سُنا کہ بنی اِسرائیل اتاریم کی راہ سے آرہے ہیں۔ تو اُن سے لڑائی کی اَور اُن میں سے کئی ایک کو اسیر کر کے لے گیا ○
۲ تب اِسرائیل نے خُداوند کے لئے مَنّت مانی اَور کہا۔ کہ اگر تُو اِس قوم کو ہمارے ہاتھ میں کر دے گا۔ تو ہم اُن کے شہروں کو فنا کر دیں گے ○
۳ اَور خُداوند نے اِسرائیل کی آواز سُنی اَور کنعانیوں کو اُن کے ہاتھ میں کر دِیا۔ تب اُنہوں نے اُن کے شہروں اَور اُنہیں فنا کِیا۔ اِس لئے اُس جگہ کا نام حُرمہ ہُؤا ○
۴ پھر اُنہوں نے کوہِ ہور سے بُحیرۂ قُلزم کے رستے پر کُوچ کِیا۔ تا کہ اِدوم کے مُلک سے گھُوم کر جائیں۔ اَور اُس سفر کے سبب سے لوگوں کے دِل تنگ ہُوئے ○
۵ اَور لوگ خُدا اَور مُوسیٰ کے خلاف بولے اَور کہا۔ تُو ہمیں مِصر سے کیوں نِکال لایا۔ تا کہ ہم بیابان میں مَر جائیں؟ کیونکہ یہاں پر ہمارے لئے نہ روٹی ہے اَور نہ پانی ہے۔ اَور ہمارے دِل اِس ہلکے کھانے سے نفرت کرتے ہیں ○
۶ تب خُداوند نے آتشی سانپ لوگوں کے درمیان بھیجے۔ اُنہوں نے لوگوں کو کاٹا۔ اَور بہُت لوگ اِسرائیل میں سے مَر گئے ○
۷ تب لوگ مُوسیٰ کے پاس آئے اَور کہا کہ ہم نے گُناہ کِیا۔ کہ ہم خُداوند کے اَور تیرے خلاف بولے سو تُو خُداوند سے دُعا مانگ کہ وہ سانپوں کو ہم سے دُور کرے۔ تب مُوسیٰ نے لوگوں کے واسطے دُعا مانگی ○

۸ تو خُداوند نے مُوسیٰ سے فرمایا۔ کہ تُو ایک سانپ بنا۔ اَور اُسے ایک بلّے پر اُونچا کر تو جو ڈسا ہُؤا اُس پر نظر کرے گا وہ جیتا رہے گا۝ ۹ تب مُوسیٰ نے پیتل کا سانپ بنایا۔ اَور اُسے بلّے پر رکھّا۔ تو ایسا ہُؤا کہ اگر کسی اِنسان کو سانپ نے کاٹا اَور اُس نے پیتل کے سانپ پر نظر کی۔ تو وہ جیتا رہا۝

۱۰ تب بنی اِسرائیل نے وہاں سے کُوچ کیا۔ اَور اوبوت ۱۱ میں ڈیرا لگایا۝ اَور اوبوت سے کُوچ کر کے عیّیِ عباریم میں جو بیابان میں موآب کے مُقابل مشرق کی طرف کو ہے آ اُترے۝ ۱۲،۱۳ پھر وہاں سے کُوچ کیا۔ اَور وادی زارد میں آئے۝ پھر وہاں سے کُوچ کیا۔ اَور اَرنون کے پار جو بیابان میں اموریوں کی حد سے باہر ہے ڈیرے لگائے۔ کیونکہ اَرنون ہی موآب کی حد، ۱۴ موآب اَور اموریوں کے درمیان ہے۝ اِس لئے خُداوند کی جنگوں کی کتاب میں کہا گیا ہے۔

واہیب جو سوفہ میں ہے۔
اَور اَرنون کی وادیاں۝
۱۵ اَور وادیوں کی ڈھلوان۔
جو عار کے علاقہ کو جاتی ہے۔
اَور موآب کی سرحد سے مُتّصل ہے۝

۱۶ اَور وہاں سے کُوچ کر کے بیئر پر آئے اَور وہ ایک کُنواں ہے جس کی بابت خُداوند نے مُوسیٰ سے کہا۔ کہ لوگوں کو جمع کر تا کہ مَیں اُنہیں پانی دوں۝

۱۷ تب اِسرائیل نے یہ گیت گایا۔
اَے کنوئیں تو جوش مار۔
تُم اُس کی تعریف گاؤ۝

باب ۸:۲۱ پیتل کا سانپ خُداوند یسُوعؔ مسیح مصلُوب کا پیش نِشان تھا۔ جس پر نظر کرنے یا اِیمان لانے سے اِنسان جہنمی سانپ کے زہر کی تاثیر سے شِفا پاتا ہَے خُداوند یسُوعؔ مسیح خُود اِس پیش نِشان کو تسلیم کرتا ہَے۔ ''جس طرح مُوسیٰ نے سانپ کو بیابان میں بُلندی پر بُلند کیا۔ اِسی طرح ضرُور ہَے کہ ابنِ اِنسان بھی اُٹھایا جائے تا کہ جو کوئی اِس پر اِیمان لائے ہلاک نہ ہو۔ بلکہ ہمیشہ کی زِندگی پائے۔'' (یُوحنا ۳: ۱۴-۱۵)+

۱۸ اِس کنوئیں کو رئیسوں نے کھودا۔
اپنے بلّم سے۔ اپنے عصاؤں سے۔
قوم کے اُمراء نے اُسے بنایا۔

تب وہ بیئر سے متّانہ کو گئے۝ اَور متّانہ سے نحلی ایل کو۔ اَور نحلی ایل ۱۹ سے باموت کو۝ اَور باموت سے اُس وادی کو جو موآب کے ۲۰ میدان میں ہے اَور فِسجہ کی چوٹی تک جہاں سے یشیمون نظر آتا ہے۝

اَور اِسرائیل نے اموریوں کے بادشاہ سیحون کے پاس ایلچی ۲۱ بھیج کر کہا۝ ہمیں اپنی سرزمین سے گُزر جانے دے۔ اَور ہم ۲۲ کھیتوں اَور انگوروں میں داخل نہ ہوں گے اَور ہم کنوئیں کا پانی نہیں پئیں گے بلکہ شاہراہ پر چلیں گے۔ جب تک کہ تیری حد سے گُزر نہ جائیں۝ اَور سیحون نے اِسرائیل کو اپنی حد میں سے ۲۳ نہ جانے دِیا۔ بلکہ سیحون اپنی ساری قوم جمع کر کے اِسرائیل سے مُقابلہ کرنے کو بیابان میں نِکلا اَور یاحص میں پُہنچا اَور اِسرائیل سے لڑائی کی۝ تو اِسرائیل نے اُسے تلوار کی دھار سے مارا اَور ۲۴ اِس کے مُلک پر ارنون سے لے کر یبوق تک یعنی بنی عمون تک قبضہ کیا۔ کیونکہ یعزیر بنی عمون کی سرحد تھا۝ اَور اِسرائیل نے ۲۵ اُس کے سب شہر لے لئے۔ اَور وہ اموریوں کے تمام شہروں میں حِشبون میں اَور اُس کے سب گاؤں میں بسے۝ کیونکہ حِشبون ۲۶ اموریوں کے بادشاہ سیحون کا شہر تھا۔ جس نے پہلے موآب کے بادشاہ سے جنگ کی تھی اَور اُس کا سارا مُلک ارنون تک اُس کے ہاتھ سے لے لِیا تھا۝

۲۷ اِس لئے ضربُ المثل کہنے والے یُوں کہتے ہَیں۔
حِشبون میں آؤ تا کہ اُسے بناؤ۔
اَور سیحون کا شہر مضبُوط کیا جائے۝
۲۸ کیونکہ حِشبون سے آگ نِکلی۔
سیحون کے شہر سے شُعلہ برآمد ہُؤا۔
جو موآب کے شہروں کو۔
اَور ارنون کے اُونچے مقامات کے سرداروں کو کھا گیا۝
۲۹ اَے موآب تُجھ پر واویلا ہے۔

اَے کمُوؔش کی قوم تُو ہلاک ہُوئی۔
اُس نے اپنے بیٹوں کو بھگا دِیا۔
اَور اپنی بیٹیوں کو اموریوں کے بادشاہ کی اسیری میں دِیاO
۳۰ اُن کی اولاد حِشبُوؔن سے دیبوؔن تک فنا ہوئی۔
ہم نے نوؔفح تک سب کُچھ تباہ کِیا۔
وہ نوؔفح جو میدؔبا کے مُتصل ہےO

۳۱،۳۲ تب اِسرؔائیل نے اموریوں کے مُلک میں قیام کِیاO اَور مُوسیٰ نے یعزؔیر میں جاسُوس بھیجے۔ اَور اُنہوں نے اُس کے گاؤں لے لئے۔ اَور اموریوں کو جو وہاں تھے نِکال دِیاO

۳۳ تب وہ گھُومے اَور باشاؔن کی راہ میں چڑھے۔ تب باشاؔن کا بادشاہ عوج اَور اُس کے سب لوگ اُن کے مُقابلے کو ادرعیؔ ۳۴ پر جنگ کرنے کو نِکلےO تو خُداوند نے مُوسیٰ سے فرمایا۔ اُس سے نہ ڈر۔ کیونکہ مَیں نے اُسے اَور اُس کے سب لوگوں کو اَور اُس کے مُلک کو تیرے ہاتھ میں دے دِیا ہے تُو اُن سے ایسا ہی کر جیسا تُو نے اموریوں کے بادشاہ سیحوؔن سے جو حِشبُوؔن ۳۵ میں رہتا تھا کِیاO تب اُنہوں نے اُسے اَور اُس کے بیٹوں اَور اُس کے بعد لوگوں کو مارا۔ یہاں تک کہ کوئی بھاگنے والا نہ بچا اَور اُنہوں نے اُس کے مُلک پر قبضہ کِیا +

باب ۲۲

۱ **بلعاؔم اَور اُس کی گدھی** پھر بنی اِسرؔائیل نے کُوچ کِیا۔ اَور موآؔب کے درمیان میں جہاں اُردؔن کے پار یریحؔو مُقابِل ۲ میں ہے ڈیرا لگایاO اَور بالاؔق بِن صِفوؔر نے سب کُچھ جو اِسرؔائیل ۳ نے اموریوں سے کِیا تھا دیکھاO اَور موآبی اُن سے بہُت ڈر گئے۔ کیونکہ وہ بہُت تھے اَور موآؔب بنی اِسرؔائیل کے سبب ۴ خوف زدہ ہُوَاO اَور موآؔب نے مِدیاؔن کے بزُرگوں سے کہا۔ اَب یہ جماعت ہمارے سب اِردگرد کو یوں چاٹ جائے گی۔ جیسے بَیل کھیت کی گھاس کو چاٹتا ہے۔ اَور اُس وقت موآؔب کا ۵ بادشاہ بالاؔق بِن صِفوؔر تھاO سو اُس نے بلعاؔم بِن بعوؔر کے پاس فتوؔر میں جو اُس کی قوم کی سرزمین میں دریا کے کِنارے پر تھا قاصِد بھیجے۔ تاکہ اُسے بُلا لائیں۔ اَور کہیں۔ دیکھو۔ یہ لوگ مِصؔر سے نِکلے ہَیں اَور اُن سے رُوئے زمین چھُپ گئی اَور وہ میرے مُقابِل ۶ ٹھہرے ہَیںO سو تُو آ۔ اَور میرے لئے اِن لوگوں پر لعنت کر۔ کیونکہ وہ مُجھ سے زورآور ہَیں۔ تاکہ شاید مَیں غالِب آ کے اُنہیں مار سکُوں اَور اِس مُلک پر سے اُنہیں پیچھے ہٹا دُوں کیونکہ مَیں جانتا ہُوں۔ کہ جِسے تُو برکت دیتا ہے وہ مُبارک ہوتا ہے۔ اَور جِسے تُو لعنت کرتا ہے وہ ملعُون ہوتا ہےO

۷ تب موآؔب کے بزُرگ اَور مِدیاؔن کے بزُرگ روانہ ہوئے اَور اُن کے پاس غیب گوئی کی اُجرت تھی۔ سو وہ بلعاؔم کے ۸ پاس آئے اور بالاؔق کی باتیں اُسے بتائیںO تو اُس نے اُن سے کہا کہ آج کی رات تُم یہاں رہو اَور جیسا خُداوند مُجھے فرمائے گا مَیں تُمہیں جواب دُوں گا۔ تب موآؔب کے رئیس بلعاؔم کے پاس ٹھہرے ۹ اَور خُدا بلعاؔم کے پاس آیا اَور اُس سے کہاO یہ آدمی جو تیرے پاس ۱۰ ہَیں کون ہَیں؟O تو بلعاؔم نے خُدا سے کہا کہ موآؔب کے بادشاہ ۱۱ بالاؔق بِن صِفوؔر نے اُنہیں میرے پاس کہلا بھیجا ہےO کہ دیکھ یہ لوگ مِصؔر سے نِکلے۔ اُنہوں نے رُوئے زمین کو چھُپا لِیا ہے اَور اَب تُو آ اَور میرے لئے اُن پر لعنت کر۔ تاکہ شاید مَیں اُن کے خلاف جنگ ۱۲ کر سکُوں اَور اُنہیں واپس ہٹا دُوںO تو خُدا نے بلعاؔم سے فرمایا کہ تُو اُن کے ساتھ نہ جا۔ اَور نہ اُن لوگوں پر لعنت کر کیونکہ وہ ۱۳ مُبارَک ہَیںO تو بلعاؔم نے صُبح کو اُٹھ کر بالاؔق کے رئیسوں سے کہا۔ تُم اپنی سرزمین کو چلے جاؤ۔ کیونکہ خُداوند نے مُجھے تُمہارے ۱۴ ساتھ جانے کی اِجازت دِینے سے اِنکار کِیا ہےO تب بالاؔق کے اُمراء اُٹھے اَور بالاؔق کے پاس واپس گئے اَور کہا۔ کہ بلعاؔم نے ۱۵ ہمارے ساتھ آنے سے اِنکار کِیاO پھر بالاؔق نے اَور رئیسوں کو بھیجا جو اگلوں سے بڑھ کر مُعزز اَور شُمار میں بھی زیادہ تھےO ۱۶ وہ بلعاؔم کے پاس آئے اَور کہا۔ کہ بالاؔق بِن صِفوؔر نے یُوں کہا ۱۷ ہے کہ تُو میرے پاس آنے سے رُکا نہ رہO کیونکہ مَیں تیرا مرتبہ بہُت بڑھاؤں گا اَور جو تُو کہے گا کرُوں گا۔ تُو آ۔ اَور اُن لوگوں پر میرے ۱۸ لئے لعنت کرO تو بلعاؔم نے بالاؔق کے خادِموں کو جواب دے کر

کہا کہ اگر چہ بالاؔق مُجھے اپنا گھر چاندی اَور سونے سے بھرا ہُؤا
دے تو بھی مَیں خُداوند اپنے خُدا کے حُکم سے تجاوُز نہیں کر سکتا
۱۹ ہُوں کہ کوئی چھوٹی یا بڑی بات کرُوں ○ اَور تُم بھی آج کی رات
یہاں ٹھہرو۔ تا کہ مَیں دیکھوں۔ کہ خُداوند پھر مُجھے کیا فرماتا
۲۰ ہے ○ اَور خُدا رات کے وقت بلعاؔم کے پاس آیا۔ اَور اُس سے
کہا۔ کہ اگر یہ لوگ تُجھے بُلانے آئیں۔ تُو اُٹھ اَور اُن کے ساتھ
جا۔ لیکن جو کُچھ مَیں تُجھے کہُوں گا تُو صرف وہی کرنا ○
۲۱ تب بلعاؔم صُبح کو اُٹھا اَور اپنی گدھی پر زین کس کر موآؔب کے
[۲۲] رئیسوں کے ساتھ چلا ○ تب خُداوند کا غضب اُس کے جانے
سے بھڑکا۔ اَور خُداوند کا فرشتہ راہ میں اُس کے مُقابِل آ کھڑا
۲۳ ہُؤا۔ اَور وہ گدھی پر سوار تھا اَور اُس کے ساتھ دو غُلام تھے ○ اَور
گدھی نے دیکھا کہ خُداوند کا فرشتہ راہ میں کھڑا ہے۔ اَور اُس
کے ہاتھ میں ننگی تلوار ہے۔ تو وہ راہ سے مُڑی اور میدان کو چلی۔
۲۴ تو بلعاؔم نے اُسے مارا تا کہ اُسے راہ پر لائے ○ تب خُداوند کا
فرشتہ انگُورستانوں کے درمیان ایک تنگ جگہ میں کھڑا ہُؤا۔ اَور
۲۵ وہاں دونوں طرف دیوار تھی ○ پھر جو گدھی نے خُداوند کے فرشتے
کو دیکھا۔ تو دیوار سے جا اَڑی اَور بلعاؔم کے پاؤں کو دیوار
۲۶ سے چوٹ لگائی تو اُس نے اُسے اَور مارا ○ تب خُداوند کا فرشتہ
آگے چلا اَور ایک تنگ جگہ جہاں دہنے یا بائیں مڑنے کی جگہ
۲۷ نہ تھی جا کھڑا ہُؤا ○ پھر جب گدھی نے خُداوند کے فرشتے کو دیکھا۔
۲۸ تو بلعاؔم کے نیچے بیٹھ گئی ○ تب خُداوند نے گدھی کا مُنہ کھولا اَور اُس
نے بلعاؔم سے کہا۔ کہ مَیں نے تیرا کیا کِیا ہے کہ تُو نے مُجھے تین
۲۹ دفعہ مارا؟ ○ تو بلعاؔم نے گدھی سے کہا۔ کیونکہ تُو نے مُجھ سے مسخری
کی۔ اَور اگر میرے ہاتھ میں تلوار ہوتی تو مَیں تُجھے قتل کر دیتا ○
۳۰ تب گدھی نے بلعاؔم سے کہا۔ کیا مَیں تیری گدھی نہیں ہُوں۔
جس پر تُو ہمیشہ آج تک سواری کرتا رہا ہے۔ کیا مَیں نے کبھی
۳۱ تیرے ساتھ ایسا کیا؟ اُس نے کہا نہیں ○ تب خُداوند نے بلعاؔم
کی آنکھیں کھولیں تو اُس نے دیکھا کہ خُداوند کا فرشتہ راہ میں
کھڑا ہے اَور اُس کے ہاتھ میں کھینچی ہُوئی تلوار ہے۔ تو وہ اپنے
مُنہ کے بَل گرا اَور زمین تک سر جُھکایا ○ تو خُداوند کے فرشتے ۳۲
نے اُس سے کہا۔ تُو نے اپنی گدھی کو تین دفعہ کیوں مارا؟ مَیں
تُجھے روکنے کو نِکلا ہُوں کیونکہ تیری راہ میری نظر میں ہلاکت کا
باعِث ہے ○ اَور تیری گدھی نے مُجھے دیکھا اَور تین دفعہ میرے ۳۳
سامنے سے مُڑ گئی اَور اگر وہ میرے سامنے سے نہ مُڑتی۔ تو مَیں
اُس وقت تُجھے قتل کرتا اَور اُسے چھوڑ دیتا ○ تب بلعاؔم نے خُداوند ۳۴
کے فرشتے سے کہا۔ مَیں نے خطا کی۔ کیونکہ مَیں نے نہ جانا کہ
تُو راہ میں میرے مُقابلے پر کھڑا ہے اَور اَب اگر تیری نظر میں یہ
بُرا ہے۔ تو مَیں لَوٹ جاتا ہُوں ○ تب خُداوند کے فرشتے نے ۳۵
بلعاؔم سے کہا تُو اُن آدمیوں کے ساتھ جا۔ اَور جو بات میں تُجھے
کہُوں گا صِرف وہی تُو کہنا۔ تب بلعاؔم بالاؔق کے رئیسوں کے
ساتھ گیا ○

جب بالاؔق نے سُنا کہ بلعاؔم آتا ہے تو اُس کے ملنے کے ۳۶
لئے موآؔب کے شہر تک گیا جو ارنُوؔن کی حد کے کنارے پر واقع
ہے ○ اَور بالاؔق نے بلعاؔم سے کہا کیا مَیں نے تیرے پاس ۳۷
اِس سے پہلے ایک دفعہ تُجھے بُلانے کو نہ بھیجا؟ تو تُو میرے پاس
کیوں نہ آیا؟ کیا مَیں تیرا رُتبہ بڑھا نہیں سکتا؟ ○ تو بلعاؔم نے ۳۸
بالاؔق سے کہا۔ اَب جو مَیں تیرے پاس آ گیا ہُوں کیا مُجھے
طاقت ہے کہ تُجھے کوئی بات کہُوں؟ جو کلام خُداوند میرے مُنہ
میں ڈالے گا۔ مَیں وہی کہُوں گا ○ اَور بلعاؔم بالاؔق کے ساتھ گیا ۳۹
اَور وہ قریت حصُوؔت میں داخِل ہُوئے ○ تب بالاؔق نے بَیل ۴۰
اَور بھیڑیں ذبح کیں اَور بلعاؔم کو اَور رئیسوں کو جو اُس کے
ساتھ تھے بھیجیں ○ اَور جب صُبح ہُوئی تو بالاؔق نے بلعاؔم کو لیا ۴۱
اَور اُس کے ساتھ باموت بعل پر چڑھا جہاں سے اُس نے
خیمہ گاہ کا آخری حِصّہ دیکھا+

باب ۲۳

بلعاؔم کا پہلا سُخن

تب بلعاؔم نے بالاؔق سے کہا کہ یہاں ۱

باب ۲۲:۲۲ ''خُداوند کا غضب بھڑکا'' بلعاؔم نے گُناہ کیا کیونکہ دِلی لالچ کی وجہ سے اُن کے ہمراہ ہُؤا۔ (۲-پطرس ۲:۱۵، یہُوداہ۔ آیت ۱۱)+

پرمیرے لئے سات مَذبحے بنا اَور میرے لئے یہاں سات
۲ بَیل اَور سات مینڈھے تیّار کر ۝ اَور بالاؔق نے جیسا کہ بلعاؔم
نے کہا کِیا۔ اَور بلعاؔم اَور بالاؔق نے ہر مَذبح پر ایک بَیل اَور
۳ ایک مینڈھا چڑھایا ۝ تب بلعاؔم نے بالاؔق سے کہا۔ تُو اپنی
سوختنی قُربانی کے پاس کھڑا ہو اَور مَیں جاتا ہُوں۔ شاید خُداوند
مُجھ سے مِلے۔ اَور جو باتیں وہ مُجھ پر ظاہر کرے گا مَیں تُجھے بتاؤُں
۴ گا۔ اَور وہ ایک برہنہ ٹِیلے پر گیا ۝ اَور خُداوند بلعاؔم سے مِلا۔ اَور
اُس نے اُس سے کہا۔ کہ مَیں نے سات مَذبحے تیّار کِئے اَور ہر
۵ مَذبح پر ایک بَیل اَور ایک مینڈھا گُزرانا ۝ تو خُداوند نے اُس
کے مُنہ میں ایک بات ڈالی اَور کہا۔ بالاؔق کے پاس واپس جا اَور
۶ اُس سے یُوں کہہ ۝ سو وہ اُس کے پاس واپس گیا تو دیکھا کہ وہ
مع موآؔب کے سب رئیسوں کے اپنی سوختنی قُربانی کے پاس کھڑا
۷ ہے ۝ تب اُس نے اپنی تمثِیل شرُوع کی اَور کہا۔

بالاؔق نے مُجھے ارام سے۔
یعنی شاہِ موآؔب نے مُجھے مشرق کے پہاڑوں سے بُلایا۔
کہ آ اَور یَعقُوؔب پر میرے لئے لعنت کر۔
آ۔ اِسراؔئیل کو پھٹکار ۝

۸ مَیں اُس پر لعنت کیسے کرُوں۔
جس پر خُدا نے لعنت نہیں کی۔
مَیں اُسے کیسے پھٹکارُوں۔
جِسے خُداوند نے نہیں پھٹکارا ۝

۹ مَیں چٹانوں کی چوٹی پر سے اُسے دیکھتا ہُوں۔
مَیں ٹِیلوں پر سے اُسے تاکتا ہُوں۔
یہ قوم جو اِکیلی بستی ہے۔
اَور غیر قوموں میں شُمار نہیں ہوتی ۝

۱۰ یَعقُوؔب کی گرد کو کِس نے گِنا۔
اِسراؔئیل کے لاکھوں کا کِس نے شُمار کِیا؟
کاش کہ مَیں صادِقوں کی مَوت مرُوں۔
اَور میری اولاد بھی اُن ہی کی مانند ہو ۝

۱۱ تب بالاؔق نے بلعاؔم سے کہا۔ یہ تُو نے میرے ساتھ کیا
کِیا؟ مَیں نے تُجھے بُلایا کہ تُو میرے دُشمنوں پر لعنت کرے۔
۱۲ اَور دیکھو۔ تُو اُنہیں برکت دِیتا ہے ۝ اُس نے جواب میں اُس
سے کہا۔ کیا مَیں اُسی بات کا خیال نہ کرُوں جو خُداوند میرے منہ
میں ڈالے؟ ۝

بلعاؔم کا دوسرا سخُن

۱۳ تب بالاؔق نے اُس سے کہا۔ کہ میرے
ساتھ دوسری جگہ چل جہاں سے تُو اُنہیں دیکھ سکے گا۔ لیکن
سب کو نہیں بلکہ فقط اُن کے کِنارہ والوں کو دیکھے گا۔ وہاں سے
۱۴ تُو میرے لئے اُن پر لعنت کر ۝ سو وہ اُسے فِسجؔہ کی چوٹی پر مُحافظ گاہ
میں لے گیا۔ اَور سات مَذبحے بنائے اَور ہر مَذبح پر ایک بَیل
۱۵ اَور ایک مینڈھا چڑھایا ۝ اَور اُس نے بالاؔق سے کہا۔ تُو یہاں
اپنی سوختنی قُربانی کے پاس کھڑا ہو۔ جب کہ مَیں وہاں خُداوند
۱۶ سے مُلاقات کرُوں ۝ اَور خُداوند بلعاؔم سے مِلا اَور اُس کے مُنہ
میں کلام ڈالا۔ اَور کہا۔ کہ بالاؔق کے پاس پِھر جا اَور اُس سے یُوں
۱۷ کہہ ۝ تب وہ آیا اَور دیکھا۔ کہ بالاؔق مع موآؔب کے رئیسوں
کے اپنی سوختنی قُربانی کے پاس کھڑا ہے۔ تو بالاؔق نے اُس سے
۱۸ پُوچھا کہ خُداوند نے کیا کہا ۝ تب اُس نے اپنی تمثِیل شرُوع کی۔
اَور کہا۔ اُٹھ۔ اَے بالاؔق اَور سُن۔

اَے صِفور کے بیٹے میری باتوں پر کان لگا ۝

۱۹ خُدا اِنسان نہیں کہ جُھوٹ بولے۔
وہ آدم زاد نہیں کہ پچھتائے۔
کیا جو کُچھ وہ کہتا ہے۔ وہ نہ کرے گا؟
یا جو بات بولتا ہے۔ اُسے پُوری نہ کرے گا؟ ۝

۲۰ دِیکھ مُجھے حُکم ہُؤا کہ برکت دُوں۔
اُس نے برکت دی ہے۔ جِسے مَیں روک نہیں سکتا ۝

۲۱ اُس نے یَعقُوؔب میں بَدی نہ پائی۔
اَور نہ اِسراؔئیل میں برگشتگی دیکھی۔
خُداوند اُس کا خُدا اُس کے ساتھ ہے۔
شاہی للکار اُن کے بِیچ میں ہے ۝

۲۲ خُدا اُسے مِصؔر سے نِکال لایا۔
اُس میں جنگلی سانڈ کی سی طاقت ہے ۝

۲۳ یعقُوب پر کوئی اَفسُوں نہیں چلتا۔
اِسرائیل کے خلاف فال گوئی کوئی چیز نہیں ہے۔
دیکھو۔ یعقُوب اَور اِسرائیل کے حق میں یہ کہا جائے گا۔
کہ خُدا نے کیا کِیا ○
۲۴ دیکھو یہ قوم شیرنی کی مانند اُٹھے گی۔
شیر کی مانند کھڑی ہوگی۔
وہ تو لیٹتا نہیں جب تک کہ شِکار کھا نہ جائے۔
اَور مارے ہُوئے کا خُون پی نہ لے ○
۲۵ تب بالاق نے بلعام سے کہا کہ اگرچہ تُو اُن پر لعنت نہیں کر
۲۶ سکتا۔ کم از کم اُنہیں برکت نہ دے ○ تو بلعام نے جواب میں
کہا۔ کیا مَیں نے تُجھ سے نہ کہا کہ جو کُچھ خُدا مُجھے فرمائے گا مَیں
وہی کرُوں گا؟ ○
۲۷ [بلعام کا تیسرا سُخن] تب بالاق نے بلعام سے کہا۔ آ مَیں
تُجھے ایک اَور جگہ لے جاتا ہُوں۔ شاید خُداوند کی نظر میں اچھّا
۲۸ ہو کہ تُو وہاں سے میرے لئے اُن پر لعنت کرے ○ تب بالاق
۲۹ بلعام کو فغور کی چوٹی پر لایا جہاں سے یشیمون نظر آتا ہے ○ تو
بلعام نے بالاق سے کہا میرے لئے یہاں پر سات مذبحے بنا۔
۳۰ اَور میرے لئے سات بَیل اَور سات مینڈھے تیّار کر ○ تو جیسا
کہ بلعام نے کہا بالاق نے کِیا۔ اَور ہر مذبح پر ایک بَیل اَور
ایک مینڈھا چڑھایا +

باب ۲۴

۱ جب بلعام نے دیکھا کہ اُس کا اِسرائیل کو برکت دینا
خُداوند کی نظر میں اچھّا ہے تو جیسا پہلے اُس نے دو دفعہ کِیا فال
لینے کے لئے آگے نہ گیا۔ بلکہ بیابان کی طرف اپنا مُنہ کِیا ○
۲ اَور بلعام نے اپنی آنکھیں اُٹھائیں اَور اِسرائیل کو بمُطابِق اُن
کے قبائل کے ڈیرے لگائے ہُوئے دیکھا۔ تب رُوحِ خُدا اُس
۳ پر نازل ہُوئی ○ اَور اُس نے اپنی تمثیل شرُوع کی اَور کہا۔
بلعام بن بعور کا کلام۔
اُس شخص کا کلام جس کی آنکھیں بند تھیں ○
۴ اُس کا کلام جو خُدا کی باتیں سُنتا ہے۔
اَور قادرِ مُطلق کا رُؤیا دیکھتا۔
اَور گر کر اپنی آنکھیں کھولتا ہے ○
۵ کیا ہی خوب ہَیں تیرے خیمے اَے یعقُوب۔
اَور تیرے ڈیرے اَے اِسرائیل ○
۶ وہ وادیوں کی طرح پھیلے ہُوئے ہَیں۔
اَور دریا کے کنارے کے باغوں کی مانند۔
جیسے عُود کے درخت جنہیں خُداوند نے لگایا۔
اَور دیوداروں کی مانند جو پانی پر ہوں ○
۷ اُس کے ڈولوں سے پانی بہے گا۔
اَور سیراب کھیتوں میں اُس کا بیج پڑے گا۔
اُس کا بادشاہ اَجج سے بُلند ہوگا۔
اَور اُس کی مملکت عظیم ہوگی ○
۸ خُدا اُسے مِصر سے باہر نِکال لایا۔
اُس میں جنگلی سانڈ کے سے سینگ ہَیں۔
وہ قوموں میں سے اپنے دُشمنوں کا شِکار کرے گا۔
اُن کی ہڈّیاں توڑے گا۔ اُن کی کمریں چھیدے گا ○
۹ شیر کی مانند گھات میں بیٹھا۔
بلکہ شیرنی کی طرح۔ کون اُسے چھیڑے۔
ملعُون جو تُجھے ملعُون کہے۔
مُبارک جو تُجھے مُبارک کہے ○
۱۰ تب بالاق کا غُصّہ بلعام پر بھڑکا۔ اَور اُس نے اپنے ہاتھ
پر ہاتھ مارا۔ اَور بالاق نے بلعام سے کہا کہ مَیں نے تُجھے بُلایا۔
کہ تُو میرے دُشمنوں پر لعنت کرے۔ اَور دیکھو۔ تُو نے تین دفعہ
۱۱ اُنہیں برکت دی ○ اَب تُو اپنے مکان کو روانہ ہو۔ مَیں نے اِرادہ
کیا تھا کہ تُجھے عزّت بخشُوں گا پر خُداوند نے تُجھے عزّت سے
۱۲ روک رکھا ○ تب بلعام نے بالاق سے کہا۔ کیا مَیں نے تیرے
۱۳ ایلچیوں سے جو تُو نے میرے پاس بھیجے نہ کہا؟ ○ کہ اگرچہ مُجھے
بالاق اپنا گھر چاندی اَور سونے سے بھرا ہُؤا دے۔ مُجھے طاقت

نہیں کہ خُداوند کے حُکم سے تجاوُز کر کے اپنی مرضی سے بھلا یا بُرا کرُوں بلکہ جو کُچھ خُداوند مُجھے فرمائے گا مَیں وُہی کہُوں گا۞

۱۴ بلعاؔم کا چوتھا سخُن اَب تو مَیں اپنے لوگوں میں جاتا ہُوں۔ آ۔مَیں تُجھے بتاؤُں گا کہ یہ لوگ آخری دِنوں میں تیرے لوگوں ۱۵ کے ساتھ کیا کریں گے۞ تب اُس نے اپنی تمثِیل شرُوع کی اَور کہا۔

بلعاؔم بِن بعوؔر کا کلام
اُس شخص کا کلام جس کی آنکھیں بند تھیں۞
۱۶ اُس کا کلام جو خُدا کی باتیں سُنتا ہے۔
اَور حق تعالیٰ کا عِرفان رکھتا ہے۔
جو قادرِ مُطلق کا رُؤیا دیکھتا ہے۔
اَور گر کر اپنی آنکھیں کھولتا ہے۞
۱۷ مَیں اُسے دیکھتا ہُوں۔ پر ابھی نہیں۔
مَیں اُس پر نظر کرتا ہُوں۔ پر قریب سے نہیں۔
یعقُوؔب سے ایک سِتارہ نِکلے گا۔
اِسرائیل سے ایک عصا اُٹھے گا۔
وہ موآؔب کے سرداروں کو مارے گا۔
اَور تمام فرزندانِ فساد کو برباد کرے گا۞
۱۸ اِدوؔم اُس کی مِیراث ہوگا۔
شعیؔر اُس کی مِلکیّت ہو جائے گا۔
اِسرائیل بہادُری کرے گا۞
۱۹ یعقُوؔب سے وہ نِکلے گا جو حُکومت کرے گا۔
اَور اپنے دُشمنوں کو ہلاک کرے گا۔
یعنی شعیؔر کے باقی ماندوں کو۞

۲۰ تب اُس نے عمالیقؔ کو دیکھا۔اَور اپنی تمثِیل شرُوع کر کے کہا۔

عمالیقؔ قوموں میں پہلا تھا۔
پر اُس کا انجام ہلاکت ہوگا۞

۲۱ تب اُس نے قینیوںؔ پر نگاہ کی۔اَور اپنی تمثِیل چلّا کر کہا۔
تیرا مسکن مضبُوط ہے۔
تُو نے چٹان میں اپنا آشیانہ بنایا۞
۲۲ لیکن قینؔ اُجڑے گا۔
اَشُّورؔ تُجھے قید کر کے لے جائے گا۞

۲۳ پھر اُس نے اپنی تمثِیل چلائی اَور کہا۔
اَفسوس اُس پر جو زِندہ ہو۔
جس وقت قادرِ مُطلق یہ باتیں پُوری کرے۞
۲۴ کتّیمؔ کے ساحِل سے جہاز آئیں گے۔
جو اَشُّورؔ کو شِکست دیں گے اَور عابرؔ کو ذلیل کریں گے۔
آخر کار وہ بھی ہلاک ہو جائے گا۞

۲۵ تب بلعاؔم اُٹھا اَور اپنی جگہ کو واپس گیا۔اَور بالاقؔ بھی اپنی راہ چلا گیا+

باب ۲۵

۱ اِسرائیل کی بدکاری اَور اِسرائیل نے شطِیمؔ میں قیام کِیا۔ اَور لوگوں نے موآؔب کی بیٹیوں کے ساتھ زِناکاری شرُوع ۲ کی۞ اَور اُنہوں نے لوگوں کو اپنے دیوتاؤں کی قُربانیوں پر ۳ بُلایا۔تو لوگوں نے کھایا اَور اُن کے دیوتاؤں کو سجدہ کِیا۞ اَور اِسرائیل بعلؔ فعوؔر سے مِل گیا۔تب خُداوند کا غضب اِسرائیل ۴ پر بھڑکا۞ تو خُداوند نے مُوسیٰؔ سے فرمایا کہ قوم کے سب رئیسوں کو پکڑ اَور اُنہیں خُداوند کے لئے علانیہ پھانسی پر لٹکا دے تاکہ ۵ خُداوند کے غضب کی تیزی اِسرائیل پر سے ٹل جائے۞ تب مُوسیٰؔ نے بنی اِسرائیل کے قاضیوں سے کہا کہ قوم میں سے ہر ایک کو جو بعلؔ فعوؔر سے مِلا قتل کرو۞

۶ فِنحاس کی غیرت اَور دیکھو بنی اِسرائیل میں سے ایک آدمی آیا اَور اپنے بھائیوں کے پاس ایک مِدیانی عورت کو مُوسیٰؔ

باب ۲۴:۱۷ کلیسیا کے اکثر آباء نے ''سِتارہ'' اَور ''عصا'' میں نہ صِرف داؤُدؔ بلکہ موعُود مسیح کی نبُوّت بھی پہچان لی۔گو عہدِ جدید میں اِس کا کسی بھی واقعہ کے ساتھ تعلُّق نہیں ہے۔''سِتارہ'' اَور ''عصا'' خُود خُداوند یسُوعؔ مسیح ہے۔(اشعیا ۱۱:۱) کلیسیا کے اکثر آباء اُسے مُجوسیوں کا سِتارہ مانتے ہیں۔(متّی ۲:۱-۱۲)+

اَور تمام بنی اِسرائیل کی جماعت کی آنکھوں کے سامنے لایا۔ جو
۷ حضُوری کے خیمہ کے دروازہ کے سامنے رو رہے تھے ○ جب
فینحاس بِن الی عازار بن ہارُون کاہِن نے دیکھا۔ تو وہ جماعت
۸ کے درمیان سے اُٹھا۔ اَور اپنے ہاتھ میں نیزہ لِیا ○ اَور اس اِسرائیلی
مَرد کے پیچھے خلوت گاہ میں گُھسا۔ اَور اُن دونوں کو یعنی اُس اِسرائیلی
مَرد کو اَور عورت کو اُن کے پیٹ میں چھیدا۔ تو بنی اِسرائیل سے
۹ وَبا بند ہُوئی ○ اَور جو وَبا سے مَر گئے۔ وہ چوبیس ہزار تھے ○
۱۰،۱۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا ○ چونکہ فینحاس
بِن الی عازار بن ہارُون کاہِن کے باعِث اُس غیرت کے جو
اُسے اُن کے درمیان میرے لِئے ہے میرے غضب کو بنی اِسرائیل
پر سے ہٹا دِیا۔ کہ مَیں نے اپنی غیرت میں بنی اِسرائیل کو فنا
۱۲ نہیں کِیا ○ پس اِس لِئے تُو کہہ۔ دیکھو مَیں اُسے اپنی صُلح کا
۱۳ عہد عطا کرتا ہُوں ○ کہ اُس غیرت کی جزا میں جو اُسے اپنے
خُدا کے لِئے ہے اَور بنی اِسرائیل کے لِئے کفّارہ دینے کے واسطے
کہانت کا عہد اُس کے لِئے اَور اُس کے بعد اُس کی نسل کے
۱۴ لِئے اَبدی ہوگا ○ اَور اُس اِسرائیلی مَرد کا نام جو مِدیانی عورت
کے ساتھ مارا گیا۔ زمری بِن سالو تھا وہ شمعُونیوں میں سے
۱۵ ایک آبائی گھرانے کا رئیس تھا ○ اُس مِدیانی عورت کا نام جو ماری
گئی۔ کزبی تھا۔ وہ صُور کی بیٹی تھی۔ جو مِدیان میں گروہ کا رئیس
ایک آبائی گھرانے کا سردار تھا ○
۱۶،۱۷ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا ○ کہ مِدیانیوں
۱۸ کو تنگ کرو اَور اُنہیں مارو ○ کیونکہ اُنہوں نے تُمہیں اپنے مکرُوں
سے فریب دے کر تنگ کِیا۔ فعور کے مُتعلق اَور کزبی کے مُتعلق
جو اُن کی بہن مِدیان کے رئیس کی بیٹی تھی۔ جو اُس دِن ماری
گئی۔ جب وَبا فعور کے سبب پھیلی +

باب ۲۶

۱ موآب کے میدان میں مردم شُماری
اَور ایسا ہُوا کہ وَبا کے
بعد خُداوند نے مُوسیٰ اَور الی عازار بن ہارُون کاہِن سے کلام
کر کے فرمایا ○ کہ تُم بنی اِسرائیل کی ساری جماعت کو اُن کے ۲
آبائی خاندانوں کے مُطابِق بیس برس کی عُمر اَور اُس سے زِیادہ
کے سب جو اِسرائیل میں سے لڑائی میں جانے کے قابِل ہوں
شُمار کرو ○ تب مُوسیٰ اَور الی عازار کاہِن نے موآب کے ۳
میدان میں اُردن کے کنارے یریحو کے مُقابِل اُن سے کہا ○
کہ بیس برس کی عُمر اَور اُس سے زیادہ کے لوگ گِنے جائیں۔ ۴
جیسے خُداوند نے مُوسیٰ اَور اسرائیل کو مُلکِ مِصر سے نِکلتے ہُوئے
حُکم کِیا۔ سو اُن کا شُمار یہ تھا ○ رُوبِین اِسرائیل کے پہلوٹھے ۵
کے۔ حنُوک سے حنُوکیوں کا خاندان اَور فلُو سے فلُویوں کا خاندان
تھا ○ اَور حِصرون سے حِصرونیوں کا خاندان اَور کرمی سے ۶
کرمیوں کا خاندان ○ یہ رُوبِین کے خاندان تھے۔ اَور اُن میں ۷
سے جو گِنے گئے۔ تینتالیس ہزار سات سَو تیس تھے ○ اَور فلُو کا ۸
بیٹا الی آب ○ اَور الی آب کے بیٹے نموئیل اَور داتان اَور ابی رام ۹
یہ وہی داتان ابی رام تھے۔ جو مجلس کے رُکن تھے۔ جنہوں نے
قورح کے گروہ میں مُوسیٰ اَور ہارُون کے ساتھ جھگڑا کِیا۔ جس
وقت اُنہوں نے خُداوند سے جھگڑا کِیا ○ اَور زمین نے اپنا مُنہ ۱۰
کھولا اَور اُن دونوں کو مع قورح کے نِگل گئی۔ جس وقت وہ
گروہ ہلاک ہُوا اَور آگ دو سَو پچاس آدمیوں کو کھا گئی۔ تو وہ
نِشان بنے ○ لیکن قورح کے بیٹے نہ مَرے ○ اَور بنی شمعُون ۱۱،۱۲
اپنے خاندانوں کے مُطابِق یہ تھے۔ نموئیل سے نموئیلیوں کا
خاندان اَور یامِین سے یامینیوں کا خاندان اَور یاکِین سے
یاکینیوں کا خاندان ○ اَور زارح سے زارحیوں کا خاندان اَور ۱۳
شاؤل سے شاؤلیوں کا خاندان ○ یہ شمعُونیوں کے خاندان ۱۴
تھے۔ جن کا کُل شُمار بائیس ہزار دو سَو تھا ○ اَور بنی جاد اپنے ۱۵
خاندانوں کے مُطابِق یہ تھے۔ صفون سے صفونیوں کا خاندان
اَور حجّی سے حجّیوں کا خاندان اَور شُونی سے شُونیوں کا خاندان ○
اَور اُزنی سے اُزنیوں کا خاندان اَور عیری سے عیریوں کا خاندان ○ ۱۶
اَور ارود سے ارودیوں کا خاندان اَور اَریئیل سے اَریئیلیوں ۱۷
کا خاندان ○ یہ بنی جاد کے خاندان تھے۔ اُن کا شُمار چالیس ۱۸
ہزار پانچ سو تھا ○ اَور یہُودہ کے بیٹے عیر اَور اونان سَر زمین ۱۹

۲۰ کِنعان میں مَر گئے۝ تو بنی یہُوداہ اپنے خاندانوں کے مُطابِق
یہ تھے۔ شیلہ سے شیلنیوں کا خاندان اَور فارِص سے فارِصیوں کا
۲۱ خاندان اَور زارح سے زارحیوں کا خاندان۝ اَور بنی فارِص یہ
تھے۔ حِصرون سے حِصرونیوں کا خاندان۔ اَور حامُول سے
۲۲ حامُولیوں کا خاندان۝ یہ یہُوداہ کے خاندان تھے۔ اُن کا شُمار
۲۳ چھہتر ہزار پانچ سَو تھا۝ اَور بنی اِشکار اپنے خاندانوں کے مُطابِق
یہ تھے۔ تولاع سے تولاعیوں کا خاندان اَور فُوّہ سے فُوّنیون کا
۲۴ خاندان۝ یاشُوب سے یاشُوبیوں کا خاندان اور شِمرون سے
۲۵ شِمرونیوں کا خاندان۝ یہ اِشکار کے خاندان تھے۔ اُن کا شُمار
۲۶ چونسٹھ ہزار تین سَو تھا۝ اَور بنی زبُلون اپنے خاندانوں کے
مُطابِق یہ تھے۔ سارد سے سارِدیوں کا خاندان اَور ایلّون سے
ایلّونیوں کا خاندان اَور یحلی ایل سے یحلی ایلیوں کا خاندان۝
۲۷ یہ زبُلونیوں کے خاندان تھے۔ اُن کا شُمار ساٹھ ہزار پانچ سَو
۲۸ تھا۝ اَور بنی یُوسف اپنے خاندانوں کے مُطابِق مَنسّی اَور اِفرائیم
۲۹ تھے۝ بنی مَنسّی یہ تھے ماکِیر سے ماکِیریوں کا خاندان اَور ماکِیر
سے جِلعاد پیدا ہُؤا اَور جِلعاد سے جِلعادیوں کا خاندان تھا۝
۳۰ اَور بنی جِلعاد یہ تھے۔ ابی عازر سے ابی عازِریوں کا خاندان اَور
۳۱ خالِق سے خالِقیوں کا خاندان۝ اَور اَسری ایل سے اَسری ئیلیوں
۳۲ کا خاندان اَور شاکِم سے شاکِمیوں کا خاندان۝ اَور سِمیداع سے
۳۳ سِمیداعیوں کا خاندان اَور حافِر سے حافِریوں کا خاندان۝ اَور
حافِر کے بیٹے صِلُفحاد کا کوئی بیٹا نہ تھا۔ مگر اُس کی بیٹیاں تھیں اُن
۳۴ کے نام یہ ہیں۔ محلّہ اَور نوعہ اَور حُجلہ اَور مِلکہ اَور تِرصہ۝ یہ مَنسّی کے
۳۵ خاندان تھے اُن کا شُمار باون ہزار سات سو تھا۝ اَور بنی اِفرائیم
کے یہ خاندان تھے۔ سُوتلح سے سُوتلحیوں کا خاندان اَور باکر
۳۶ سے باکریوں کا خاندان اَور تحن سے تحنیوں کا خاندان ۝ اَور
۳۷ سُوتلح کا بیٹا عیران جس سے عیرانیوں کا خاندان تھا۝ یہ بنی اِفرائیم
کے خاندان تھے۔ اِن کا شُمار تیس ہزار پانچ سَو تھا۔ یہ بنی یُوسف
۳۸ کے خاندان تھے ۝ اَور بنی بِنیامِین اپنے خاندانوں کے مُطابِق
یہ تھے۔ بالع سے بالعیوں کا خاندان اَور اشبیل سے اشبیلیوں
۳۹ کا خاندان اخی رام سے اخی رامیوں کا خاندان۝ اَور سُوفام سے
۴۰ سُوفامیوں کا خاندان اور حُوفام سے حُوفامیوں کا خاندان۝ اَور
بالع کے دو بیٹے تھے۔ ارد اَور نَعمان۔ سو ارد سے اردیوں کا
۴۱ خاندان اَور نَعمان سے نَعمانیوں کا خاندان ۝ یہ بنی بِنیامِین کے
۴۲ خاندان تھے اَور اُن کا شُمار پینتالیس ہزار چھ سَو تھا۝ اَور بنی دان
اپنے خاندانوں کے مُطابِق یہ تھے۔ سُوحام سے سُوحامیوں کا
۴۳ خاندان۔ دان کے خاندان یہی تھے۝ سُوحامیوں کے کُل خاندانوں
۴۴ کے مُطابِق اُن کا شُمار چونسٹھ ہزار چار سَو تھا۝ اَور بنی آشیر اپنے
خاندانوں میں یہ تھے۔ یمنہ سے یمنیوں کا خاندان اَور اِسوی
سے اِسویوں کا خاندان اَور بریعہ سے بریعیوں کا خاندان۝
۴۵ اَور بریعہ کے بیٹے۔ حابر سے حابریوں کا خاندان اَور مَلکی ایل
۴۶ سے مَلکی ایلیوں کا خاندان ۝ اَور آشیر کی بیٹی کا نام سارح تھا۝
۴۷ یہ بنی آشیر کے خاندان تھے۔ اُن کا شُمار ترپن ہزار چار سَو تھا۝
۴۸ اَور بنی نفتالی اپنے خاندانوں کے مُطابِق یہ تھے۔ یحصی ایل
سے یحصی ایلیوں کا خاندان اَور جُونی سے جُونیوں کا خاندان۝
۴۹ اَور یاصِر سے یاصِریوں کا خاندان اَور شِلیم سے شِلیمیوں کا خاندان۝
۵۰ یہ نفتالی کے خاندان تھے اُن کا شُمار پینتالیس ہزار چار سَو تھا۝
۵۱ یہ جو بنی اِسرائیل میں گِنے گئے۔ کُل چھ لاکھ ایک ہزار سات سَو
تیس تھے۝

۵۳،۵۲ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا۝ کہ اِن ہی کو
اُن کے ناموں کے شُمار کے مُطابِق مُلک میراث کے طور پر
۵۴ تقسیم کِیا جائے گا۝ تُو بُہتوں کو بُہت میراث دے گا اَور تھوڑوں
کو تھوڑی دے گا۔ ہر ایک فرِیق کو اُس کے شُمار کے مُطابِق
۵۵ میراث دِی جائے گی۝ مگر زمین قُرعہ سے تقسیم کی جائے گی۔ وہ
اپنے آبائی قبائل کے ناموں کے مُطابِق میراث پائیں گے۝
۵۶ بُہتوں اَور تھوڑوں کے درمیان قُرعہ سے میراث تقسیم کی جائے گی۝
۵۷ اَور وہ جو لاویوں میں بمُطابِق اُن کے خاندانوں کے گِنے
گئے۔ سو یہ ہیں۔ جیرشُون سے جیرشُونیوں کا خاندان اَور قہات
سے قہاتیوں کا خاندان اَور مراری سے مراریوں کا خاندان۝
۵۸ لاویوں کے یہ خاندان ہیں۔ لِبنیوں کا خاندان اَور حبرونیوں کا
خاندان اَور محلیوں کا خاندان اَور مُوشیوں کا خاندان اَور قورحیوں

۵۹ کا خاندان اَور قِہات سے عمرام پیدا ہُؤا ۞ اَور عمرام کی بیوی کا نام یوکَبد تھا۔ جو لاوی کی بیٹی تھی اَور مِصر میں پیدا ہُوئی۔ اُس سے عمرام کے لئے ہارُون اَور مُوسیٰ اَور اُن کی بہن مریم پیدا
۶۰ ہُوئے ۞ اَور ہارُون سے ناداب اَور ابی ہو اَور الی عازار اور اِیتامار
۶۱ پیدا ہُوئے ۞ اَور ناداب اَور ابی ہو خُداوند کے آگے غیر شرعی
۶۲ آگ گُزرانتے ہُوئے مَر گئے ۞ تو اُن میں سے کُل مَرد ایک مہینہ کی عُمر اَور اُس سے زیادہ کے جو گِنے گئے وہ تیئیس ہزار تھے۔ کیونکہ وہ بنی اِسرائیل کے ساتھ نہ گِنے گئے۔ اِس لئے
۶۳ کہ بنی اِسرائیل کے درمیان اُنہیں میراث نہ مِلی ۞ یہ وہ ہَیں۔ جِنہیں مُوسیٰ اَور الی عازار کاہِن نے گِنا۔ جِنہوں نے بنی اِسرائیل کا موآب کے میدان میں اُردن کے کنارے یریحو کے مُقابِل
۶۴ شُمار کیا ۞ اَور اُن کے درمیان اُن میں سے ایک بھی نہ تھا۔ جِنہیں مُوسیٰ اَور ہارُون نے گِنا تھا۔ جب اُنہوں نے بنی اِسرائیل
۶۵ کا دشتِ سینا میں شُمار کیا ۞ کیونکہ خُداوند نے کہا تھا۔ کہ وہ بیابان میں یقیناً مَر جائیں گے۔ سو اُن میں سے سِوائے کالِب بن یُفنّہ اَور یشُوع بن نُون کے کوئی باقی نہیں رہا تھا +

باب ۲۷

۱ **وراثت کی شریعت** اَور صِلُفحاد بن حافِر بن جِلعاد بن ماکیر بن منسّی بن یُوسف کی بیٹیاں۔ محلہ اَور نُوعہ اَور حُجلہ اَور
۲ مِلکّہ اَور تِرصہ نامی نزدیک آئیں ۞ اَور مُوسیٰ اَور الی عازار کاہِن اَور رئیسوں اَور ساری جماعت کے سامنے حضُوری کے
۳ خیمہ کے دروازہ کے پاس کھڑی ہُوئیں اَور بولیں ۞ کہ ہمارا باپ بیابان میں مَر گیا اَور وہ اُن لوگوں میں نہ تھا۔ جو خُداوند کے خلاف قورح کے گروہ میں ملے۔ مگر اپنے گُناہ کے سبب
۴ مَرا۔ اَور اُس کا کوئی بیٹا نہ ہُؤا ۞ تو ہمارے باپ کا نام اُس کے خاندان میں سے کیوں جاتا رہے۔ اِس لئے کہ اُس کا کوئی بیٹا نہ ہُؤا۔ سو ہمارے باپ کے بھائیوں کے درمیان ہمیں میراث
۵ دے۔ تو مُوسیٰ اُن کا مُقدمہ خُداوند کے حضُور لے گیا ۞ تب

خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا ۞ کہ صِلُفحاد کی بیٹیاں ۶ دُرست کہتی ہَیں۔ تُو اُنہیں اُن کے باپ کے بھائیوں کے درمیان اُن کی میراث کی مِلکیّت دے۔ اَور اُن کے باپ کی میراث اُن کی طرف مُنتقل کر ۞ اَور تُو بنی اِسرائیل سے کہہ۔ کہ اگر کوئی ۷ آدمی مَر جائے اَور اُس کا بیٹا نہ ہو تو اُس کی میراث اُس کی بیٹی کی طرف مُنتقل کرو ۞ اَور اگر اُس کی بیٹی بھی نہ ہو تو اُس کی ۸ میراث اُس کے بھائیوں کو دو ۞ اَور اگر اُس کے بھائی نہ ہوں تو ۹ اُس کے باپ کے بھائیوں کو دو ۞ اَور اگر اُس کے باپ کا کوئی ۱۰ بھائی نہ ہو تو اُس کے خاندان میں اُس کے سب سے نزدیکی رِشتہ دار کو دو۔ تو وہ اُس کا وارِث ہوگا۔ اَور یہ بنی اِسرائیل کے لئے شرعی فرض ہوگا ۞ جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمایا ۞ ۱۱

مُوسیٰ کا جانشین اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کہا۔ کہ تُو ۱۲ کوہِ عباریم پر چڑھ اَور اُس سرزمین کو دیکھ جو مَیں بنی اِسرائیل کو دُوں گا ۞ اَور جب تُو اُسے دیکھ لے گا۔ تو تُو بھی اپنے لوگوں ۱۳ میں جا ملے گا جس طرح تیرا بھائی ہارُون مِل گیا ۞ کیونکہ تُم دونوں ۱۴ نے دشتِ صین میں جماعت کے جھگڑے کے وقت میرے حُکم کی نافرمانی کی۔ اَور اُن کے رُوبرُو پانی پر میری تقدیس نہ کی۔ اَور یہ دشتِ صین میں مریبہ قادِیش کا پانی ہے ۞
تب مُوسیٰ نے خُداوند سے بات کر کے کہا ۞ کہ خُداوند ۱۵ [۱۶] سب آدمیوں کی رُوحوں کا خُدا جماعت پر کوئی آدمی مُقرّر کرے ۞ جو اُن کے آگے باہر جائے اَور اُن کے آگے اندر آئے۔ اَور ۱۷ اُنہیں باہر لے جائے اَور اندر لے آئے۔ تاکہ خُداوند کی جماعت اُن بھیڑوں کی طرح نہ ہو جائے۔ جن کا کوئی چرواہا نہیں ۞ تب خُداوند نے مُوسیٰ سے کہا۔ کہ تُو یشُوع بن نُون کو لے۔ [۱۸]

باب ۲۷: ۱۶ ''سب رُوحوں کا خُدا'' اِن الفاظ کے دو معنی ہو سکتے ہیں کہ خُدا سب انسانوں کی خُوبیاں اَور قابلیتیں جانتا ہے اَور اچھی طرح سے جانتا ہے کہ کون مُوسیٰ کا جانشین ہو سکتا ہے (اعمال ۱: ۲۴) یا۔ کہ خُدا زندگی اَور مَوت کا مالک ہے اَور جب اُس کی مرضی ہو یُوں مُوسیٰ کو اِس دُنیا سے بُلا سکتا ہے۔ (عدد ۱۶: ۲۲) +
باب ۲۷: ۱۸ ''جس میں رُوح ہے'' یعنی وہ آدمی جو لائق اَور قابل رہنما کی خُوبیوں سے آراستہ ہو یعنی ایسا آدمی جو بُلند حوصلہ، دانا اَور مضبُوط ہو۔ (تکوین ۴۱: ۳۸؛ تثنیہ شرع ۳۴: ۹) +

کیونکہ وہ ایک آدمی ہے جس میں رُوح ہے۔ اَور اپنا ہاتھ اُس
۱۹ پر رکھّ۝ اَور اُسے الی عازار کاہن کے اَور ساری جماعت کے
۲۰ سامنے کھڑا کر۝ اور اُن کے رُوبرُو تو اُسے اپنا جانشین قرار دے
کر اپنے رُعب میں سے اُسے دے تاکہ بنی اِسرائیل کی سب
۲۱ جماعت اُس کی فرمانبرداری کرے۝ وہ الی عازار کاہن کے
آگے کھڑا ہو۔ کہ وہ اُس کے لئے خُداوند کے آگے اَوریم کی
قضا پُوچھے۔ وہ اَور تمام بنی اِسرائیل اُس کے ساتھ اَور ساری
جماعت اُس کے حُکم سے باہر آئیں گے۔ اَور اُس کے حُکم سے
۲۲ اندر جائیں گے۝ تو جیسا خُداوند نے فرمایا مُوسیٰ نے کِیا۔ اُس
نے یوشُعؔ کو لِیا۔ اَور اُسے الی عازار کاہن اَور ساری جماعت کے
۲۳ سامنے کھڑا کِیا۝ اَور اپنے ہاتھ اُس پر رکھّے۔ اَور اُسے اپنا جانشین
قرار دِیا۔ جیسا خُداوند نے مُوسیٰ کی زُبان سے حُکم دِیا تھا+

باب ۲۸

۱ **مُختلف قُربانیاں** اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے
۲ فرمایا۝ تُو بنی اِسرائیل سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ۔ کہ میری
قُربانی اَور میری غذا کو مع آتشین قُربانیوں کے جو میرے لئے
عُمدہ خُوشبُو ہے۔ تُم خُوب یاد رکھّو کہ مُعیّن وقت پر میرے لئے
۳ اُنہیں گُزرانو ۝ اَور تُو اُن سے کہہ کہ آتشین قُربانی جو تُم خُداوند
کے لئے گُزرانو۔ سو یہ ہے دو بے عیب برّے یک سالہ ہر روز
۴ دائمی سوختنی قُربانی کے لئے۝ ایک برّہ صُبح کے وقت گُزرانو۔ اَور
۵ دوسرا برّہ شام کے وقت ۝ اَور ایفہ کا دسواں حِصّہ میدہ چوتھائی
۶ ہین نہایت صاف تیل سے مَلا ہُوا نذر کی قُربانی کے لئے۝ یہ
دائمی سوختنی قُربانی ہے۔ جیسی تُو نے کوہِ سِینا میں خُداوند کے واسطے
۷ عُمدہ خُوشبُو کے لئے آتشین قُربانی گُزرانی۝ اَور تپاوَن کے ساتھ
چوتھائی ہین مَے ہر ایک برّے کے لئے مَقدِس ہی میں نشہ آور
۸ تپاوَن اُنڈیلا جائے۝ اَور دوسرا برّہ شام کے وقت گُزراننا۔ صُبح کی
نذر کی قُربانی اَور تپاوَن کی طرح خُداوند کے لئے عُمدہ خُوشبُو کی
آتشین قُربانی گُزراننا۝

۹ اَور سبت کے دِن دو بے عیب برّے یک سالہ اَور اُس کے
ساتھ ایفہ کے دو دسویں حِصّے میدہ تیل سے مَلا ہُوا نذر کی قُربانی
۱۰ کے لئے مع اُس کے تپاوَن کے ۝ یہ سبت بہ سبت کی سوختنی قُربانی
ہے۔ مع دائمی سوختنی قُربانی اَور اُس کے تپاوَن کے ۝
۱۱ اَور اپنے مہینوں کے آغاز میں تُم یہ سوختنی قُربانی خُداوند کے
لئے گُزرانو۔ دو بچھڑے ایک مینڈھا اَور سات بے عیب برّے
۱۲ ایک ایک سال کے ۝ اَور ایفہ کے تین دسویں حِصّے میدہ تیل
سے مَلا ہُوا ہر ایک بچھڑے کے ساتھ نذر کی قُربانی کے لئے۔
اَور ایفہ کے دو دسویں حِصّے میدہ تیل سے مَلا ہُوا ہر ایک مینڈھے
۱۳ کے ساتھ نذر کی قُربانی کے لئے۝ اَور ایفہ کا دسواں حِصّہ میدہ
تیل سے مَلا ہُوا ہر ایک برّے کے ساتھ نذر کی قُربانی کے لئے۔
یہ سوختنی قُربانی خُداوند کے لئے عُمدہ خُوشبُودار آتشیں قُربانی
۱۴ ہوگی۝ اَور اُس کا تپاوَن آدھا ہین مَے ہر ایک بچھڑے کے لئے
اَور تہائی ہین مینڈھے کے لئے اَور چوتھائی ہین ہر ایک برّے
کے لئے سال کے مہینوں میں ماہ بہ ماہ کے لئے یہ سوختنی قُربانی
۱۵ ہے۝ اَور دائمی سوختنی قُربانی کے علاوہ خطا کی قُربانی کے لئے
ایک بکرا مع اُس کے تپاوَن کے خُداوند کے آگے گُزرانا جائے۝
۱۶ اَور پہلے مہینے کی چودھویں تارِیخ کو خُداوند کی فِصح ہوگی۝
۱۷ اَور اُس کی پندرھویں تارِیخ کو عید ہوگی۔ تُم سات دِن فطِیری روٹی
۱۸ کھاؤ۝ اُن میں سے پہلے دِن میں مُقدّس محفِل ہے۔ تُم غُلامانہ
۱۹ کام نہ کرو۝ اَور تُم خُداوند کے لئے آتشین قُربانی یعنی سوختنی قُربانی
گُزراننا۔ دو بچھڑے ایک مینڈھا اَور سات بے عیب برّے
۲۰ ایک ایک سال کے۝ اَور اُن کی نذر کی قُربانی ایفہ کے تین دسویں
حِصّے میدہ تیل سے مَلا ہُوا ہر بچھڑے کے لئے اَور ایفہ کے دو دسویں
۲۱ حِصّے مینڈھے کے لئے گُزرانو ۝ اَور ساتوں برّوں میں سے ہر
۲۲ ایک برّے کے لئے ایفہ کا دسواں حِصّہ ۝ اَور خطا کی قُربانی کے
۲۳ لئے ایک بکرا تاکہ تُمہارا کفّارہ دِیا جائے۝ صُبح کی سوختنی قُربانی
۲۴ دائمی سوختنی قُربانی کے علاوہ تُم یہ گُزرانو ۝ اور اِسی طرح سے
سات دنوں میں ہر ایک دِن تُم خُداوند کے لئے آتشین قُربانی
کی یہ غذا عُمدہ خُوشبُو گُزرانو ۔ یہ دائمی سوختنی قُربانی کے علاوہ

۲۵ ہوگا○اور ساتویں دِن تُمہارے لئے مُقدّس محفِل ہوگی۔تُم کوئی غُلامانہ کام نہ کرو○

۲۶ اَور پہلے پھلوں کے روز جب تُم نئی نذر کی قُربانیاں ہفتوں کے پُورا ہونے پر خُداوند کے لئے گُزرانو۔تُمہارے لئے مُقدّس ۲۷ محفِل ہوگی۔کوئی غُلامانہ کام نہ کرو○اَور خُداوند کے لئے عُمدہ خُوشبُودار سوختنی قُربانی گُزرانو۔دو بچھڑے۔ایک مینڈھا اَور ۲۸ سات برّے ایک ایک سال کے○اَور اُس کے ساتھ نذر کی قُربانی کے لئے ایفہ کے تین دسویں حِصّے میدہ تیل سے مَلا ہُؤا ہر ایک بچھڑے کے لئے اَور ایفہ کے دو دسویں حِصّے مینڈھے ۲۹ کے لئے○اور ساتوں برّوں میں سے ایفہ کا دسواں حِصّہ ہر ایک ۳۰ برّے کے لئے○اور ایک بکرا جو تُمہارے کفّارہ کے لئے قُربان ۳۱ کِیا جائے○تُم اُنہیں دائمی سوختنی قُربانی کے علاوہ گُزرانو۔اَور تُمہاری نذر کی قُربانیاں مع اُن کے تپاوَن کے بےعیب ہوں+

باب۲۹

۱ **ساتویں مہینہ کی قُربانیاں** اَور ساتویں مہینے کے پہلے دِن تُمہاری مُقدّس محفِل ہوگی۔کوئی غُلامانہ کام نہ کرو۔یہ تُمہارے ۲ لئے نرسِنگے بجانے کا دِن ہوگا○اَور خُداوند کے لئے تُم عُمدہ خُوشبُودار سوختنی قُربانی گُزرانو۔ایک بچھڑا اَور ایک مینڈھا اور ۳ سات بےعیب برّے ایک ایک سال کے○اَور اُس کے ساتھ نذر کی قُربانی کے لئے ایفہ کے تین دسویں حِصّے میدہ تیل سے مَلا ہُؤا ہر ایک بچھڑے کے لئے اور ایفہ کے دو دسویں حِصّے ۴ مینڈھے کے لئے○اَور ساتوں برّوں کے لئے ہر ایک برّہ کے ۵ پیچھے ایفہ کا دسواں حِصّہ○اَور ایک بکرا خطا کی قُربانی کے جو تُمہارے ۶ کفّارہ کے لئے قُربان کِیا جائے○ ماسِوائے ماہانہ سوختنی قُربانی اَور اُس کی نذر کی قُربانی کے اَور دائمی سوختنی قُربانی اَور اُس کی نذر کی قُربانیوں اَور حسبِ دستُور اُن کے تپاوَن کے یہ ۷ عُمدہ خُوشبُودار آتشین قُربانی تُم خُداوند کے لئے گُزرانو○اَور اُسی ساتویں مہینے کے دسویں دِن تُمہاری مُقدّس محفِل ہوگی۔تُم

۸ نفس کُشی کرو اَور کوئی غُلامانہ کام نہ کرو○اَور تُم خُداوند کے لئے عُمدہ خُوشبُودار سوختنی قُربانی گُزرانو۔ایک بچھڑا اَور ایک مینڈھا۔ اَور سات برّے ایک ایک سال کے یہ سب بےعیب ہوں○ ۹ اَور اُس کے ساتھ نذر کی قُربانی ایفہ کے تین دسویں حِصّے میدہ تیل سے مَلا ہُؤا ہر بچھڑے کے پیچھے اور ایفہ کے دو دسویں حِصّے ۱۰ ہر ایک مینڈھے کے پیچھے○اَور ساتوں برّوں میں سے ہر ۱۱ ایک برّے کے لئے ایفہ کا دسواں حِصّہ○اَور ایک بکرا خطا کی قُربانی کے لئے۔ماسِوائے خطا کی قُربانی کے جو کفّارہ دِینے کے لئے ہے اَور دائمی سوختنی قُربانی اَور اس کی نذر کی قُربانی اَور اُس کے تپاوَن کے○

۱۲ اَور اُس کے پندرھویں دِن تُمہاری مُقدّس محفِل ہوگی۔ کوئی غُلامانہ کام نہ کرو۔اَور سات دِن خُداوند کے لئے عید کرو○ ۱۳ اَور تُم سوختنی قُربانی خُداوند کے لئے عُمدہ خُوشبُودار آتشین قُربانی گُزرانو۔تیرہ بچھڑے اَور دو مینڈھے اَور چودہ برّے ۱۴ ایک ایک سال کے یہ بےعیب ہوں○اَور اُن کے ساتھ نذر کی قُربانی۔تیرہ بچھڑوں میں سے ہر ایک بچھڑے کے لئے ایفہ کے تین دسویں حِصّے میدہ تیل سے مَلا ہُؤا اَور دو مینڈھوں میں ۱۵ سے ہر ایک مینڈھے کے لئے ایفہ کے دو دسویں حِصّے○اور چودہ برّوں میں سے ہر ایک برّے کے لئے ایفہ کا دسواں حِصّہ○ ۱۶ اَور خطا کی قُربانی کے لئے ایک بکرا۔یہ ماسِوائے دائمی سوختنی قُربانی اَور اُس کی نذر کی قُربانی اَور اُس کے تپاوَن کے ہوگا○

۱۷ اَور دُوسرے دِن بارہ بچھڑے اَور دو مینڈھے اَور چودہ ۱۸ بےعیب برّے○اَور اُس کی نذر کی قُربانی اَور اُس کے تپاوَن کے لئے۔ ہر ایک بچھڑے اَور مینڈھے اَور برّے کے لئے ۱۹ حسبِ دستُور اُن کے شُمار کے مُطابِق○اَور ایک بکرا خطا کی قُربانی کے لئے ماسِوائے دائمی سوختنی قُربانی اَور اُس کی نذر کی قُربانی اَور اس کے تپاوَن کے○

۲۰ اَور تیسرے روز گیارہ بچھڑے اَور دو مینڈھے اَور چودہ ۲۱ بےعیب برّے ایک ایک سال کے○اَور اُن کی نذر کی قُربانیاں اَور اُن کے تپاوَن۔بچھڑوں اَور مینڈھوں اَور برّوں کے لئے

۲۲ حسبِ دستُور مُطابِق اُن کے شُمار کے○اَور ایک بکرا خطا کی قُربانی
کے لِئے ماسِوائے دائمی سوختنی قُربانی اَور اُس کی نذر کی قُربانی اَور
اُس کے تپاوَن کے○
۲۳ اَور چوتھے روز دس بچھڑے اَور دو مینڈھے اَور چودہ
۲۴ بےعیب برّے ایک ایک سال کے○اَور اُن کی نذر کی قُربانیاں
اَور اُن کے تپاوَن۔بچھڑوں اَور مینڈھوں اَور برّوں کے لِئے
۲۵ حسبِ دستُور مُطابِق اُن کے شُمار کے○اَور ایک بکرا خطا کی
قُربانی کے لِئے۔ماسِوائے دائمی سوختنی قُربانی اَور اُس کی نذر
کی قُربانی اَور تپاوَن کے○
۲۶ اَور پانچویں روز نو بچھڑے اَور دو مینڈھے اَور چودہ
۲۷ بےعیب برّے ایک ایک سال کے○اَور اُن کی نذر کی قُربانی
اَور اُن کے تپاوَن۔بچھڑوں اَور مینڈھوں اور برّوں کے لِئے
۲۸ حسبِ دستُور مُطابِق اُن کے شُمار کے○اَور ایک بکرا خطا کی
قُربانی کے لِئے۔ماسِوائے دائمی سوختنی قُربانی اَور اُس کی نذر
کی قُربانی اَور اُس کے تپاوَن کے○
۲۹ اَور چھٹے روز آٹھ بچھڑے اَور دو مینڈھے اَور چودہ
۳۰ بےعیب برّے ایک ایک سال کے○اَور اُن کی نذر کی قُربانی
اَور اُن کے تپاوَن۔بچھڑوں اَور مینڈھوں اَور برّوں کے لِئے۔
۳۱ حسبِ دستُور بمُطابِق اُن کے شُمار کے○اَور ایک بکرا خطا کی
قُربانی کے لِئے ماسِوائے دائمی سوختنی قُربانی اَور اُس کی نذر کی
قُربانی اَور اُن کے تپاوَن کے○
۳۲ اَور ساتویں روز سات بچھڑے اَور دو مینڈھے اَور چودہ
۳۳ بےعیب برّے ایک ایک سال کے○اَور اُن کی نذر کی قُربانی
اَور اُن کے تپاوَن۔بچھڑوں اَور مینڈھوں اَور برّوں کے لِئے
۳۴ حسبِ دستُور بمُطابِق اُن کے شُمار کے○اَور ایک بکرا خطا کی
قُربانی کے لِئے۔ماسِوائے دائمی سوختنی قُربانی اَور اس کی نذر
کی قُربانی اَور اُس کے تپاوَن کے○
۳۵ اَور آٹھویں روز تُمہاری عید ہوگی۔کِسی قِسم کا غُلامانہ کام
۳۶ نہ کرو○اَور سوختنی قُربانی خُداوند کے لِئے عُمدہ خُوشبُودار
آتشین قُربانی گُزرانو ایک بچھڑا اَور ایک مینڈھا اَور سات
بےعیب برّے ایک ایک سال کے○اَور اُس کی نذر کی قُربانیاں ۳۷
اَور اُس کے تپاوَن بچھڑے اَور مینڈھے اَور برّوں کے لِئے
حسبِ دستُور بمُطابِق اُن کے شُمار کے○اَور ایک بکرا خطا کی ۳۸
قُربانی کے لِئے ماسِوائے دائمی قُربانی اَور اُس کی نذر کی قُربانی
اَور اُس تپاوَن کے○تُمہاری مَنّتوں اَور تُمہاری خُوشی کی قُربانیاں ۳۹
اَور تُمہاری سوختنی قُربانیوں اَور تُمہاری نذر کی قُربانیوں اَور تُمہارے
تپاوَنوں اَور تُمہاری سلامتی کی قُربانیوں کے علاوہ یہی چیزیں
ہَیں۔جو تُم خُداوند کے لِئے اپنی مُعیّن عیدوں میں گُزرانو گے+

باب ۳۰

مَنّتیں اَور قسمیں

تب مُوسیٰ نے سب کُچھ جو خُداوند نے ۱
اُسے فرمایا بنی اِسرائیل سے کہا○
اَور مُوسیٰ نے بنی اِسرائیل کے قبائل کے رئیسوں سے ۲
خطاب کر کے کہا۔کہ خُداوند نے یُوں فرمایا ہے○اگر کوئی ۳
آدمی خُداوند کی مَنّت مانے یا قسم کھا کر کوئی بات اپنی جان پر
لازِم ٹھہرائے۔تو وہ اپنے قول کے خلاف نہ کرے۔بلکہ جو کُچھ
اُس کے مُنہ سے نِکلا ہے اُس پر عمل کرے○اَور اگر کوئی عورت ۴
خُداوند کے لِئے مَنّت مانے اَور اپنے لڑکپن میں اپنے باپ
کے گھر ہوتے ہوئے کوئی بات اپنی جان پر لازِم ٹھہرائے۔اَور
اُس کے باپ نے اُس کی مَنّت کو اَور اُس بات کو جو اُس نے اپنی
جان پر لازِم ٹھہرائی تھی سُنا۔اَور خاموش رہا۔تو اُس کی سب
مَنّتیں برقرار رہیں گی○اَور جو کُچھ اُس نے اپنی جان پر لازِم ۵
ٹھہرایا وہ قائم رہے گا○لیکن اگر اُس کے باپ نے جس دِن ۶
کہ یہ سُنا اُسے منع کیا۔تو اُس کی تمام مَنّتیں اَور سب کُچھ اُس
نے اپنی جان پر لازِم ٹھہرایا۔برقرار نہ رہے گا۔اَور خُداوند اُس
عورت کو مُعاف کرے گا۔کیونکہ اُس کے باپ نے اُسے منع
کیا○اَور اگر وہ شوہر والی ہو جائے حالانکہ اُس کی مَنّتوں یا اُس ۷
کے مُنہ کی کِسی بات کا جس سے اُس نے اپنی جان پر کُچھ لازِم
ٹھہرایا۔پُورا کرنا اُس کے ذِمّہ تھا○اَور اُس کے شوہر نے سُنا۔ ۸

اَور جس دِن کہ اُس نے یہ سُنا وہ خاموش رہا۔ تو اُس کی مَنّتیں
برقرار ہوں گی۔ اَور جو کُچھ اُس نے اپنی جان پر لازِم ٹھہرایا
۹ قائم رہے گا۵ اَور اگر اُس کے شوہر نے جس دِن سُنا اُسے منع
کِیا۔ تو اُس نے اُس کی مَنّت کو جو اُس نے مانی اَور اُس کے
مُنہ کی بات کو جس سے اُس نے اپنی جان پر کُچھ لازِم ٹھہرایا۔
۱۰ منسُوخ کِیا۔ تو خُداوند اُس سے درگُزر کرے گا۵ لیکن بیوہ اَور
مُطلقہ کی مَنّت جو اُس نے اپنی جان پر لازِم ٹھہرائی قائم رہے
۱۱ گی۵ اَور اگر اُس نے اپنے خاوِند کے گھر میں مَنّت مانی یا قسم
۱۲ کھا کر کوئی بات اپنی جان پر لازِم ٹھہرائی۵ اَور اُس کے شوہر
نے سُنا اَور خاموش رہا اَور اُسے منع نہ کِیا۔ تو اُس کی مَنّتیں
برقرار ہوں گی اَور جو کُچھ اُس نے اپنی جان پر لازِم ٹھہرایا قائم
۱۳ رہے گا۵ اَور اگر اُس کے شوہر نے جس دِن سُنا۔ اُسے منسُوخ
کِیا۔ تو سب مَنّتیں جو اُس کے مُنہ سے نِکلیں اَور جو کُچھ اُس
نے اپنی جان پر لازِم ٹھہرایا وہ برقرار نہیں رہے گا۔ کیونکہ اُس
کے شوہر نے اُسے منسُوخ کِیا۔ اَور خُداوند اُسے بخش دے گا۵
۱۴ سب مَنّتیں اَور نفس کُشی کی قسمیہ باتیں جو ہوں اُنہیں اُس کا
۱۵ شوہر قائم رکھّے گا یا اُس کا شوہر منسُوخ کر دے گا۵ اَور اگر اُس
کا شوہر روز بروز خاموش رہے تو اُس کی ساری مَنّتیں برقرار
ہوں گی اَور سب فرائِض جو اُس پر ہوں قائم رہیں گے۔ کیونکہ
۱۶ اُن کے سُننے کے دِن میں وہ خاموش رہا۵ اگر وہ اُنہیں سُننے کی
کُچھ مُدّت کے بعد منسُوخ کرے تو گُناہ اُسی کے سر پر ہو گا۵
۱۷ شوہر اَور بیوی کے درمیان اَور باپ اَور بیٹی کے درمیان جب
تک کہ اپنے کم سِنی کے ایّام میں وہ اپنے باپ کے گھر میں ہو۔
یہ اِحکام ہَیں۔ جو خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمائے+

باب ۳۱

۱ مِدیان سے جنگ — اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے
۲ فرمایا۵ کہ مِدیانیوں سے بنی اِسرائیل کا اِنتقام لے۔ اَور بعد
۳ اِس کے تُو اپنے لوگوں میں جا مِلے گا۵ تب مُوسیٰ نے لوگوں سے
کلام کر کے کہا۔ کہ تُم اپنے میں سے فوج کے لئے آدمی تیّار کرو۔
تا کہ مِدیان سے جنگ کریں اَور مِدیان پر خُداوند کے اِنتقام
۴ کا اجرا کریں۵ بنی اِسرائیل کے قبائل میں سے ہر ایک قبیلہ
۵ ایک ہزار لڑائی کے لئے بھیجے۵ سو اِسرائیل کے ہزاروں میں
سے ایک ہزار ہر قبیلہ سے جُدا کئے گئے۔ سو بارہ ہزار لڑائی کے
۶ لئے تیّار کئے گئے۵ سو مُوسیٰ نے ہر ایک قبیلہ میں سے ایک ہزار
لڑائی کے لئے بھیجے۔ اَور اُن کے ساتھ فِنحاس بِن الی عازار
کاہِن کو۔ اَور اُس کے ساتھ پاک ظُرُوف اَور پھُونکنے کے
۷ نرسِنگے تھے۵ تو جیسا خُداوند نے فرمایا اُنہوں نے مِدیان سے
۸ لڑائی کی۔ اَور سب مردوں کو قتل کِیا۵ اَور اُنہوں نے اُن
مقتُولوں کے ساتھ مِدیان کے پانچ بادشاہوں اوِی اَور راقم اَور
صُور اَور حُور اَور رابع کو قتل کِیا۔ اَور بلعام بِن بعور کو بھی تلوار
۹ سے قتل کِیا۵ اَور بنی اِسرائیل نے مِدیان کی عورتوں اَور اُن
کے بچّوں کو قید کِیا اَور اُن کے سب مواشی اَور بھیڑ بکری اَور
۱۰ مال اسباب لُوٹ لیا۵ اَور اُن کے سب شہروں اَور گاؤں اَور قلعوں
۱۱ کو آگ سے جلا دِیا۵ اَور اُنہوں نے ساری غنیمت اَور سب اسیر
۱۲ کیا اِنسان اَور کیا حیوان لئے۵ اَور وہ مع سب قیدیوں اَور غنیمت
اَور لُوٹ کے یریحو کے مُقابِل اُردن کے کِنارے موآب کے
میدان کے درمیان خیمہ گاہ میں مُوسیٰ اَور الی عازار کاہِن اَور
۱۳ بنی اِسرائیل کی جماعت کے پاس واپس آئے۵ تب مُوسیٰ اَور
الی عازار کاہِن اَور جماعت کے سارے رئیس اُن کے مِلنے کے
۱۴ لئے خیمہ گاہ سے باہر گئے۵ اَور مُوسیٰ فوج کے رئیسوں اَور ہزاروں
اَور سینکڑوں کے سرداروں کو جو لڑائی سے آئے تھے غُصّے ہُؤا۵
۱۵ اَور مُوسیٰ نے اُنہیں کہا۔ تُم نے کیوں سب عورتوں کو جیتا
۱۶ رکھّا؟۵ کیونکہ اُنہوں نے ہی بلعام کی صلاح سے بنی اِسرائیل
کو دھوکا دِیا۔ کہ اُنہوں نے فعور کی بابت خُداوند کے خلاف
۱۷ گُناہ کِیا اَور خُداوند کی جماعت میں وبا آئی۵ سو اِس وقت بچّوں
میں سے سب لڑکوں کو اَور سب عورتوں کو جو مَرد سے واقِف
۱۸ ہَیں قتل کرو۵ مگر بچّوں میں سے لڑکیاں جو مَرد سے واقِف
۱۹ نہیں ہوئیں اُنہیں اپنے لئے زِندہ رکھّو۵ اَور تُم سات دِن

خَیمہ گاہ سے باہر رہو۔ سب جس نے کِسی آدمی کو قتل کِیا اَور سب جس نے کِسی مقتُول کو چھُؤا۔ اَور تُم اَور تُمہارے قیدی اپنے
۲۰ آپ کو تیسرے دِن اَور ساتویں دِن پاک کرو ○ اَور سب کپڑے اَور چمڑے کے برتن اَور سب کُچھ جو بکری کے بالوں سے بنا ہو۔ اَور لکڑی کے سب برتن پاک کرو ○

۲۱ اَور الی عازار کاہِن نے فوج کے آدمیوں سے جو لڑائی میں گئے تھے کہا۔ کہ یہ شریعت کا حُکم ہے۔ جو خُداوند نے مُوسیٰ
۲۲ سے فرمایا ○ سونا اَور چاندی اَور پیتل اَور لوہا اَور قلعی اَور سیسہ ○
۲۳ اَور سب کُچھ جو آگ میں ٹھہر سکتا ہے۔ اُسے آگ میں ڈالو۔ تو وہ پاک ہوگا۔ تو بھی وہ طہارت کے پانی سے پاک کرو۔ اَور جو کُچھ آگ میں ٹھہر نہیں سکتا اُسے طہارت کے پانی میں پاک
۲۴ کرو ○ اَور ساتویں دِن تُم اپنے کپڑے دھوؤ۔ تو تُم پاک ہوگے۔ اَور اُس کے بعد تُم خَیمہ گاہ میں داخِل ہو ○

تقسیمِ غنیمت

۲۵،۲۶ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے فرمایا ○ کہ الی عازار کاہِن اَور آبائی خاندان کے سرداروں کی امداد سے اُن اسیروں کا کیا اِنسان کیا حیوان شُمار کر جو لُوٹ میں آئے ہَیں ○ تب
۲۷ اُنہیں برابر برابر تقسیم کر۔ نِصف تُو اُنہیں دے جنھوں نے
۲۸ جنگ میں جا کر لڑائی کی۔ اَور نِصف باقی جماعت کو ○ اَور اُن جنگی مَردوں سے جو لڑائی کے لئے گئے۔ اِنسانوں اَور گائے بَیل اَور گدھوں اَور بھیڑ بکریوں میں سے پانچ پانچ سَو میں سے
۲۹ ایک ایک خُداوند کے لئے حِصّہ لینا ○ اَور اُن ہی کی نِصف غنیمت میں سے اِسے لے کر الی عازار کاہِن کو دینا تا کہ خُداوند
۳۰ کے لئے نَذرانہ ہو ○ اَور اِسرائیلیوں کے نِصف میں سے تُو پچاس پچاس آدمیوں کے پیچھے ایک ایک لینا۔ اَور اِسی حِساب سے گائے بَیلوں یا گدھوں یا بھیڑ بکریوں یعنی سب قِسم کے چوپایوں میں سے لینا اَور اُنہیں لاویوں کو دینا جو خُداوند کے مَسکن کی مُحافظت
۳۱ کرتے ہَیں ○ تو مُوسیٰ اَور الی عازار کاہِن نے جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمایا کِیا ○

۳۲ اَور سب غنیمت جو جنگی مَردوں نے لُوٹی یہ تھی۔ چھ لاکھ
۳۳،۳۴ پچھتر ہزار بھیڑ بکریاں ○ اَور بہتّر ہزار گائے بَیل ○ اَور اِکسٹھ
۳۵ ہزار گدھے ○ اَور انسانوں میں سے بتّیس ہزار لڑکیاں جو مَرد
۳۶ سے ناآشنا تھیں ○ سو آدھا حِصّہ اُن کا جو لڑائی کو گئے یہ تھا۔ تین
۳۷ لاکھ سینتیس ہزار بھیڑ بکریاں ○ جن میں سے خُداوند کا حِصّہ چھ
۳۸ سو پچھہتر بھیڑ بکریاں ہوئیں ○ اَور گائے بَیل چھتیس ہزار جن
۳۹ میں سے خُداوند کا حِصّہ بہتّر گائے بَیل تھا ○ اَور گدھے تیس ہزار
۴۰ پانچ سَو۔ سو خُداوند کا حِصّہ اُن میں سے اِکسٹھ تھا ○ اَور اِنسانوں
۴۱ میں سے سولہ ہزار۔ سو خُداوند کا حِصّہ بتّیس جانیں تھیں ○ سو مُوسیٰ نے یہ حِصّہ جو خُداوند کے لئے الگ کِیا گیا۔ الی عازار
۴۲ کاہِن کو دِیا۔ جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمایا تھا ○ بنی اِسرائیل
۴۳ کا نِصف جو مُوسیٰ نے جنگی مَردوں کے حِصّے سے الگ کِیا ○ سو جماعت کا حِصّہ یہ تھا۔ بھیڑ بکریاں تین لاکھ سینتیس ہزار پانچ
۴۴،۴۵ سو ○ گائے بَیل چھتیس ہزار ○ گدھے تیس ہزار پانچ سو ○
۴۶،۴۷ اَور اِنسان سولہ ہزار ○ اَور مُوسیٰ نے بنی اِسرائیل کے حِصّے سے اِنسانوں اَور چوپایوں میں سے پچاس کے پیچھے ایک لیا۔ اَور لاویوں کو جو خُداوند کے مَسکن کی حِفاظت کرتے تھے دِیا۔ جیسا کہ خُداوند نے مُوسیٰ سے فرمایا تھا ○

۴۸ تب لشکر کے رئیس جو ہزاروں اَور سینکڑوں کے سردار تھے
۴۹ مُوسیٰ کے پاس آئے ○ اَور اُنہوں نے اُس سے کہا۔ کہ تیرے خادِموں نے سب جنگی مَردوں کو جو ہمارے ساتھ ہَیں شُمار
۵۰ کِیا۔ اَور اُن میں سے ایک آدمی بھی کم نہیں ہُؤا ○ اَور ہم خُداوند کے لئے ہدیئے لائے ہَیں۔ ہر ایک آدمی کو جو کُچھ مِلا۔ سونے کی چیزوں میں سے۔ بازُوبند اَور کنگن اَور انگوٹھیاں اَور کانوں کی بالیاں اَور زنجیریں تا کہ خُداوند کے سامنے ہماری
۵۱ جانوں کے لئے کَفّارہ دِیا جائے ○ تب مُوسیٰ اَور الی عازار کاہِن
۵۲ نے اُن سے سب سونے کے گھڑے ہوئے زیور لئے ○ اَور اُس ہدیئے کا سارا سونا جو ہزاروں اَور سینکڑوں کے سرداروں نے خُداوند کے لئے گُزرانا سولہ ہزار سات سو پچاس مِثقال تھا ○
۵۳ اَور جنگی مَردوں میں سے جو کُچھ ہر ایک نے لُوٹا وہ اُس کا ہُؤا ○
۵۴ تب مُوسیٰ اَور الی عازار کاہِن نے ہزاروں اَور سینکڑوں کے سرداروں سے وہ سونا لیا۔ اَور اُسے حضُوری کے خَیمہ کے اَندر لائے۔

تا کہ خُداوند کے سامنے بنی اِسرائیل کی یادگار رہو+

باب ۳۲

رُوبِؔین اَور جادؔ کی درخواست

۱ اَور بنی رُوبِؔین اَور بنی جادؔ کے بےشُمار مواشی تھے۔ اَور اُنہوں نے یعزؔیر کی سرزمین اَور جِلعاؔد کی سرزمین پر نظر کی۔ تو دیکھا کہ وہ جگہ مواشی کے لئے اچھّی ہے○ ۲ تب بنی جادؔ اَور بنی رُوبِؔین آئے۔ اَور مُوسیٰؔ اَور الی عازؔار کاہن اَور جماعت کے رئیسوں سے بات کی اَور کہا○ ۳ کہ عطاروتؔ اَور دیبوؔن اَور یعزؔیر اَور نمرہؔ اَور حسبوؔن اَور ۴ العالےؔ اَور سبمہؔ اَور نبوؔ اَور بعل معوؔن○ وہ مُلک جو خُداوند نے بنی اِسرائیل کی جماعت کے آگے فتح کرا دِیا۔ مواشی کے لئے اچھّا ہے۔ ۵ اَور تیرے خادِموں کے بہُت مواشی ہیں○ اَور ہم تیری مِنت کرتے ہیں کہ اگر تیری نظرِ عنایت ہم پر ہو۔ تو یہ مُلک اپنے خادِموں کی مِلکیّت کر دے اَور ہمیں اُردؔن کے پار نہ لے جا○ ۶ تب مُوسیٰؔ نے بنی رُوبِؔین اَور بنی جادؔ سے کہا۔ کہ ۷ تُمہارے بھائی لڑائی کو جائیں اَور تُم یہاں بیٹھے رہو؟○ تُم کیوں بنی اِسرائیل کے دِلوں کو اُس مُلک کی طرف پار جانے کو ۸ جو خُدا نے اُنہیں دِیا ہے ڈراتے ہو؟○ اُسی طرح تُمہارے باپ دادا نے کِیا جب مَیں نے اُنہیں قادیسؔ برنیع سے بھیجا۔ ۹ کہ مُلک کا حال دریافت کریں○ جب وہ وادیِ عِشکوؔل میں پُہنچے اَور مُلک کا حال دریافت کِیا۔ تو اُنہوں نے بنی اِسرائیل کے دِلوں کو اُس مُلک کی طرف جانے سے جو خُدا نے اُنہیں ۱۰ دِیا بےہمّت کر دِیا○ تو اُس دِن خُداوند کا غضب بھڑکا اَور ۱۱ اُس نے قسم کھا کر کہا○ کہ وہ آدمی جو مِصرؔ سے نِکلے بیس برس کی عُمر اَور اُس سے زیادہ کے اُس مُلک کو جس کی بابت مَیں نے اِبراہیمؔ اَور اِسحاقؔ اَور یعقُوبؔ سے قسم کھائی ہرگز نہ دیکھیں گے۔ کیونکہ اُنہوں نے اچھّی طرح سے میری تابعداری نہیں ۱۲ کی○ ماسِوائے کالِبؔ بن یُفنّہ قنزیؔ اَور یشُوعؔ بن نُونؔ کے۔ کیونکہ اُنہوں نے خُداوند کی اچھّی طرح سے تابعداری کی○

۱۳ اَور اِسرائیل پر خُداوند کا غضب بھڑکا۔ اَور اُس نے اُنہیں بیابان میں چالیس برس آوارہ رکھّا۔ جب تک کہ وہ ساری پُشت جس نے کہ خُداوند کی نِگاہ میں بدی کی نابُود نہ ہوئی○ ۱۴ اَور دیکھو تُم اپنے باپ دادا کی جگہ گُنہگار آدمیوں کی اولاد اُٹھے ہو۔ کہ اِسرائیل پر خُداوند کا غضب اَور بھی بڑھاؤ○ ۱۵ کیونکہ اگر تُم اُس کی تابعداری سے پھر جاؤ۔ تو وہ اُنہیں پھر بیابان میں چھوڑ دے گا اَور تُم اِن سارے لوگوں کی ہلاکت کا سبب ہو گے○

۱۶ تب وہ اُس کے نزدِیک آئے اَور کہا۔ کہ ہم یہاں پر اپنے مواشی کے لئے اِحاطے اَور اپنے لڑکوں کے لئے شہر بنائیں گے○ ۱۷ اَور ہم ہتھیار باندھے ہوئے تیّار ہو کر بنی اِسرائیل کے آگے چلیں گے۔ جب تک ہم اُنہیں اُن کی جگہوں میں داخِل نہ کریں اَور ہمارے بال بچّے حصِین شہروں میں قیام کریں گے اَور اِس مُلک کے باشِندوں سے محفُوظ رہیں گے○ ۱۸ ہم اپنے گھروں کو واپس نہ آئیں گے۔ جب تک کہ بنی اِسرائیل میں سے ہر ایک اپنی مِیراث نہ پائے○ ۱۹ اَور ہم اُن کے ساتھ اُردؔن کے پار اُس طرف کُچھ مِیراث نہ لیں گے۔ کیونکہ ہم نے اُردؔن کے مشرق میں اِس طرف مِیراث پائی○

۲۰ تب مُوسیٰؔ نے اُن سے کہا۔ اگر تُم یہ کام کرو۔ کہ خُداوند کے حضُور لڑائی میں جانے کے لئے ہتھیار باندھو○ ۲۱ اَور تُم سب ہتھیار باندھ کر خُداوند کے سامنے اُردؔن کے پار چلو۔ جب تک کہ وہ اپنے دُشمنوں کو اپنے سامنے سے دفع نہ کرے○ ۲۲ اَور جب وہ مُلک خُداوند کے سامنے مغلُوب ہو۔ اَور اُس کے بعد تُم واپس آؤ۔ تو تُم خُداوند کے نزدِیک اَور بنی اِسرائیل کے نزدِیک بےاِلزام ہو گے۔ اَور خُداوند کے سامنے یہ سرزمین تُمہاری مِلکیّت ہو گی○ ۲۳ اَور اگر تُم ایسا نہ کرو۔ تو تُم خُداوند کے سامنے گُنہگار ہو گے۔ اَور یقیناً تُمہارا گُناہ تُمہیں پکڑے گا○ ۲۴ تُم اپنے لڑکوں کے لئے شہر اَور اپنے مواشی کے لئے اِحاطے بناؤ۔ اَور جو کُچھ تُمہارے مُنہ سے نِکلا ہے اُسے پُورا کرو○ ۲۵ تب بنی جادؔ اَور بنی رُوبِؔین نے مُوسیٰؔ سے کہا کہ جیسا ہمارا آقا حُکم دیتا ہے۔ تیرے بندے ویسا ہی کریں گے○ ۲۶ ہمارے لڑکے اَور ہماری

عورتیں اَور ہمارے مواشی اَور ہمارے سب چوپائے یہیں پر
۲۷ جِلعاد کے شہروں میں رہیں گے ۝ اَور تیرے خادِم سب ہتھیار
باندھ کر خُداوند کے سامنے لڑائی کے لئے پار چلیں گے۔ جیسا
۲۸ کہ ہمارے آقا نے کہا ۝ تب مُوسیٰ نے اُن کی بابت الی عازار
کاہن کو اَور یوشُعؔ بِن نُون کو اَور بنی اِسرائیل کے قبائل کے
۲۹ خاندانوں کے رئیسوں کو حُکم دِیا ۝ اَور مُوسیٰ نے اُنہیں کہا۔ اگر
بنی جاد اَور بنی رُوبِین خُداوند کے سامنے سب ہتھیار باندھ کر
تُمہارے ساتھ اُردن کے پار جائیں۔ اَور تُمہارے سامنے مُلک
۳۰ فتح ہوجائے۔ تو تُم اُنہیں جِلعاد کی سَرزمین مِلکیّت میں دو ۝ اَور
اگر وہ ہتھیار باندھ کر تُمہارے ساتھ پار نہ جائیں۔ تو وہ مُلکِ کِنعان
۳۱ میں تُمہارے درمیان مِیراث پائیں ۝ تب بنی جاد اَور بنی رُوبِین
نے جَواب میں کہا۔ کہ خُداوند نے جیسا تیرے خادِموں کو فرمایا
۳۲ ہے ہم کریں گے ۝ ہم ہتھیار باندھ کر خُداوند کے سامنے مُلکِ
کِنعان کو اُس پار جائیں گے لیکن ہماری مِیراث کی مِلکیّت
اُردن کے اِس پار ہوگی ۝
۳۳ تب مُوسیٰ نے بنی جاد اَور بنی رُوبِین اَور مَنسّی بِن یُوسف
کے آدھے قبیلے کو اموریوں کے بادشاہ سیحون کی مملکت اَور باشان
کے بادشاہ عوج کی مملکت کی سَرزمین مع اُن کی حُدود کے شہروں
۳۴ اَور اُن کے نواحی علاقوں کے دے دی ۝ تب بنی جاد نے دیبون
۳۵ اَور عطاروت اَور عروعیر ۝ اَور عطروت شُوفان اَور لعزیر یجبہا ۝
۳۶ اَور بیت نمرہ اَور بیت ہاران۔ حصین شہر اَور گلّوں کے لئے اِحاطے
۳۷ تعمیر کئے ۝ اَور بنی رُوبِین نے حِشبون اور اِلعالے اور قریتائم ۝
۳۸ اور نبو اور بعل معون (جِن کے نام تبدیل کئے گئے) اور سِبمہ
تعمیر کئے۔ اَور جو شہر اُنہوں نے بنائے اُنہیں اَور نام دیئے ۝
۳۹ تب بنی ماکیر بِن مَنسّی جِلعاد کو گئے اَور اُسے فتح کِیا۔ اَور اموریوں
۴۰ کو جو وہاں پر تھے نِکال دِیا ۝ تو مُوسیٰ نے جِلعاد ماکیر بِن مَنسّی کو
۴۱ دِیا تو وہ وہاں بسا ۝ اَور یائیر بِن مَنسّی گیا اَور اُس نے وہاں کے
۴۲ گاؤں کو لے لِیا اَور اُن کا نام حووت یائیر رکھّا ۝ اَور نوبح گیا تو
اُس نے قنات اَور اس کے گاؤں کو فتح کِیا۔ اَور اپنے نام پر
اُس کا نام نوبح رکھّا +

باب ۳۳

مَنازِل کُوچ

۱ یہ بنی اِسرائیل کی منازِل ہَیں۔ جب وہ
مُوسیٰ اَور ہارُون کے تابع ہو کر اپنے لشکروں سمیت مُلکِ مِصر
۲ سے نِکلے ۝ اَور مُوسیٰ نے خُداوند کے حُکم کے مُطابِق اُن کے
کُوچ کی منازِل کو قلمبند کِیا۔ سو اُن کے کُوچ کرنے کی یہ
۳ منازِل ہَیں ۝ پہلے مہینے کی پندرہ تارِیخ کو عیدِ فصح کے دُوسرے
روز بنی اِسرائیل نے رعمسیس سے کُوچ کِیا۔ وہ فتح مندی کے
۴ ساتھ مِصریوں کی آنکھوں کے سامنے نِکلے ۝ جس وقت کہ وہ
اپنے پہلوٹھوں کو دفن کر رہے تھے جنہیں خُداوند نے مارا تھا۔
۵ اَور اُن کے مَعبُودوں پر بھی خُداوند نے قضائیں دی تھیں ۝ تو
بنی اِسرائیل نے رعمسیس سے کُوچ کِیا اَور سُکّوت میں اُترے ۝
۶ اَور سُکّوت سے کُوچ کِیا۔ اَور ایتام میں جو بیابان کے کِنارے
۷ پر ہے اُترے ۝ اَور ایتام سے کُوچ کر کے فی حیروت کی طرف
جو بعل صِفون کے مُقابِل ہے لوٹے اَور مجدول کے سامنے
۸ اُترے ۝ اَور حیروت کے سامنے سے کُوچ کر کے اَور سمُندر
کے بِیچ سے گُزر کر بیابان کو گئے۔ اَور ایتام کے بیابان میں تین
۹ دِن کی مسافت طے کی اَور مارہ میں اُترے ۝ اَور مارہ سے کُوچ
کر کے ایلیم میں پُہنچے۔ اَور ایلیم میں پانی کے بارہ چشمے اَور کھجور
۱۰ کے ستّر درخت تھے۔ تو وہاں پر اُترے ۝ اَور ایلیم سے کُوچ کر کے
بُحیرۂ قُلزم کے کِنارے پر اُترے۔ اَور بُحیرۂ قُلزم سے کُوچ کِیا ۝
۱۱، ۱۲ تو دشتِ صِین میں اُترے ۝ اور دشتِ صِین سے کُوچ کر کے دُفقہ
۱۳ میں اُترے ۝ اَور دُفقہ سے کُوچ کر کے آلُوش میں اُترے ۝
۱۴ اَور آلُوش سے کُوچ کر کے رفیدیم میں آ اُترے۔ اَور وہاں پر
۱۵ لوگوں کے لئے پانی پِینے کو نہ تھا ۝ اَور رفیدیم سے کُوچ کر کے
۱۶ دشتِ سِینا میں آ اُترے ۝ اَور دشتِ سِینا سے کُوچ کر کے قِبروت
۱۷ تاوہ میں اُترے ۝ اَور قِبروت تاوہ سے کُوچ کر کے حَصیروت
۱۸ میں اُترے ۝ اَور حَصیروت سے کُوچ کر کے رِتمہ میں اُترے ۝
۱۹، ۲۰ اَور رِتمہ سے کُوچ کر کے رمون فارِص میں اُترے ۝ اَور رمون

۲۱ فارِص سے کُوچ کر کے لِبنہ میں اُترے ۝ اَور لِبنہ سے کُوچ کر کے
۲۲ رسہ میں اُترے ۝ اَور رسہ سے کُوچ کر کے قہیلاتہ میں اُترے ۝
۲۳،۲۴ اَور قہیلاتہ سے کُوچ کر کے کوہِ شافر میں اُترے ۝ اَور کوہِ شافر
۲۵ سے کُوچ کر کے حرادہ میں اُترے ۝ اَور حرادہ سے کُوچ کر کے
۲۶ مقہیلوت میں اُترے ۝ اَور مقہیلوت سے کُوچ کر کے تاحت
۲۷ میں اُترے ۝ اَور تاحت سے کُوچ کر کے تارح میں اُترے ۝
۲۸،۲۹ اَور تارح سے کُوچ کر کے متقہ میں اُترے ۝ اَور متقہ سے
۳۰ کُوچ کر کے حشمونہ میں اُترے ۝ اَور حشمونہ سے کُوچ کر کے
۳۱ موسیروت میں اُترے ۝ اَور موسیروت سے کُوچ کر کے بِنے یعقان
۳۲ میں آئے ۝ اَور بِنے یعقان سے کُوچ کر کے حورِ جِدجاد میں
۳۳ اُترے ۝ اَور حورِ جِدجاد سے کُوچ کر کے یطباتہ میں اُترے ۝
۳۴،۳۵ اَور یطباتہ سے کُوچ کر کے عبرونہ میں آئے ۝ اَور عبرونہ سے
۳۶ کُوچ کر کے عِصیون جابر میں اُترے ۝ اَور عِصیون جابر سے
۳۷ کُوچ کر کے دشتِ صین میں جو قادِیس ہے اُترے ۝ اَور قادِیس
سے کُوچ کر کے کوہِ ہور میں جو اِدوم کی سَرزمین کی سَرحد ہے آ
۳۸ اُترے ۝ تب خُداوند کے حُکم سے ہارُون کاہِن کوہِ ہور پر
چڑھا۔ اَور وہاں پر بنی اِسرائیل کے مُلکِ مِصر سے نِکلنے سے
چالیسویں برس کے پانچویں مہینے کی پہلی تارِیخ کو اُس نے وفات
۳۹ پائی ۝ اَور جس وقت ہارُون کوہِ ہور میں فوت ہُوا۔ وہ ایک سَو
۴۰ تئیس برس کا تھا ۝ اَور عراد کِنعانی بادشاہ نے جو مُلکِ کِنعان کے
۴۱ نجبہ میں رہتا تھا سُنا کہ بنی اِسرائیل آ گئے ۝ پھر وہ کوہِ ہور سے
۴۲ کُوچ کر کے صلمونہ میں اُترے ۝ اَور صلمونہ سے کُوچ کر کے
۴۳ فُونون اُترے ۝ اَور فُونون سے کُوچ کر کے اوبوت میں اُترے ۝
۴۴ اور اوبوت سے کُوچ کر کے عِیّے عبارِیم میں آ اُترے جو موآب
۴۵ کی حُدود میں ہیں ۝ اَور عِیّے عبارِیم سے کُوچ کر کے دِیبون جاد
۴۶ میں اُترے ۝ اَور دِیبون جاد سے کُوچ کر کے علمون دِبلاتائم
۴۷ میں اُترے ۝ اَور علمون دبلاتائم سے کُوچ کر کے کوہ عبارِیم میں
۴۸ جو نبو کے مُقابِل ہے آ اُترے ۝ اَور کوہِ عبارِیم سے کُوچ کر کے
موآب کے میدان میں جو یریحو کے مُقابِل اُردن کے کِنارے
۴۹ پر ہے آئے ۝ اَور میدان موآب میں اُردن پر بیت یشیموت

سے لے کر آبیل شطیم تک ڈیرے لگائے ۝
۵۰ اَور موآب کے کھیتوں پر یریحو کے مُقابِل اُردن پر خُداوند
۵۱ نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا ۝ بنی اِسرائیل سے خطاب کر
اَور اُن سے کہہ کہ جب تُم اُردن سے پار ہو کر مُلکِ کِنعان
۵۲ میں جاؤ ۝ تو اُس مُلک کے سب باشِندوں کو اپنے سامنے سے
نِکال دو۔ اُن کی سب تراشی ہُوئی مُورتوں کو اَور اُن کے گھڑے
۵۳ ہوئے بُتوں کو فنا کرو۔ اَور اُن کی اُونچی جگہوں کو ڈھا دو ۝ اَور
مُلک کے مالِک بنو اَور اُس میں بسو۔ کیونکہ مَیں نے تُمہیں اُسے
۵۴ بطور مِیراث کے دِیا ہے ۝ اپنے خاندانوں کے مُطابِق مُلک
کی مِیراث قُرعہ سے لو۔ بُہتوں کو بُہت حِصّہ دو اَور تھوڑوں کو
تھوڑا حِصّہ دو۔ جو قُرعہ سے ہر ایک کے لئے نِکلے وہی اُس کا
ہوگا۔ اپنے آبائی قبائل کے مُطابِق تُم اپنی مِیراث کی مِلکیّت
۵۵ لو ۝ اَور اگر تُم اُس مُلک کے باشِندوں کو اپنے سامنے سے دفع
نہ کرو تو جو اُن میں سے تُم باقی رہنے دو گے۔ وہ کانٹے کی طرح
تُمہاری آنکھوں میں اَور بھالے کی طرح تُمہارے پہلوؤں
میں ہوں گے۔ وہ تُمہیں اُس مُلک میں جس میں تُم بسو گے
۵۶ تنگ کریں گے ۝ اَور ایسا ہوگا۔ کہ جو کُچھ مَیں نے اُن سے کرنا
چاہا۔ وہ تُمہارے ساتھ کرُوں گا +

باب ۳۴

حُدُودِ کِنعان

۱ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کر کے فرمایا ۝
۲ بنی اِسرائیل سے خطاب کر اَور اُن سے کہہ۔ جب تُم مُلکِ کِنعان
میں داخِل ہو اَور یہ وہ مُلک ہے جو تُمہیں مِیراث میں مِلے گا۔ تو
۳ مُلکِ کِنعان کی حُدود یہ ہوں گی ۝ جنُوبی حد دشتِ صین سے
جو اِدوم کے کِنارے تک ہے شرُوع ہوگی اَور بحرِ مِلح اُس کے مشرق
۴ میں ہوگا ۝ پھر وہ جنُوب میں عقربیم کی چڑھائی کو گھُومے گی اَور
صین تک پُہنچے گی پھر جنُوب سے نِکل کر قادِیس برنیع کو جائے
۵ گی اَور حصر ادّار سے ہو کر عَصمون تک پُہنچے گی ۝ تب یہ حد
عَصمون سے پھر کر مِصر کی نہر کو جائے گی۔ اَور سمُندر کے

۶ کِنارے خَتم ہوگی۞ اَور حدِ مغربی بُحیرہ رُوم تُمہاری حد ہوگا۔
۷ یہ تُمہاری مغربی حد ہوگی۞ اَور تُمہاری شِمالی حد یہ ہوگی۔
۸ بُحیرہ رُوم سے کوہِ ہور تک تُم نِشان لگاؤ۞ اَور کوہِ ہور سے حمات
کے مَدخل تک نِشان لگاؤ۔ اَور حد کا کنارہ صداد سے مِلے گا۞
۹ پِھر وہ حد وہاں سے زِفرون کو جائے گی اَور حصَر عینان پر خَتم
۱۰ ہوگی۔ یہ تُمہاری شِمالی حد ہے ۞ اَور مشرقی حد کا تُم اپنے لئے
۱۱ حصَر عینان سے شِفام تک نِشان لگاؤ۞ پِھر یہ حد شِفام سے
رِبلہ تک عین کے مشرق کو اُترے گی۔ اَور اُترتی ہُوئی مشرق کی
۱۲ طرف بُحیرہ کِنارت سے مِلے گی۞ پِھر وہ اُردن تک اُترے
گی اَور بُحیرہ مِلح پر خَتم ہوگی۔ یہ تُمہاری سَرزمین کی ہر ایک طرف
کی حُدُود ہوں گی۞

۱۳ **تقسیم کنعان** پِھر مُوسیٰ نے بنی اِسرائیل کو حُکم دے کر کہا۔
یہ وہ مُلک ہے جِسے تُم قُرعہ سے میراث میں لوگے۔ جیسا خُداوند
۱۴ نے فرمایا۔ یہ ساڑھے نو قبائل کو دِیا جائے گا۞ کیونکہ بنی رُوبِین
کے قبیلہ اَور بنی جاد کے قبیلہ اَور مَنسّی کے آدھے قبیلے نے اپنے
۱۵ آبائی گھرانوں کے مُطابِق میراث پائی۞ اُن اڑھائی قبیلوں
نے اُردن کے پار یریحو کے مشرق کی طرف میراث پائی ہے۞
۱۶،۱۷ اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کرکے فرمایا۞ کہ اُن آدمیوں
کے نام جو تُمہیں مُلک تقسیم کریں گے یہ ہیں۔ الی عازار کاہن
۱۸ اَور یشُوع بن نُون۞ اَور تُم ہر قبیلہ میں سے رئیس لو۔ تاکہ وہ
۱۹ مُلک کو تقسیم کریں۞ اَور اُن کے نام یہ ہیں۔ یہُوداہ کے قبیلہ
۲۰ میں سے کالِب بن یُفنّہ۞ بنی شمعُون کے قبیلہ میں سے شموئیل
۲۱ بن عمی ہُود۞ اَور بِنیامین کے قبیلہ میں سے الی داد بن کسلون۞
۲۲،۲۳ اَور بنی دان کے قبیلہ میں سے رئیس بُقّی بن یجلی۞ اَور بنی یُوسف
۲۴ کے بنی مَنسّی کے قبیلہ میں سے رئیس حنی ایل بن ایفود۞ اَور
۲۵ بنی اِفرائیم کے قبیلہ میں سے رئیس قموائیل بن شِفطان۞ اَور
بنی زبُلون کے قبیلہ میں سے رئیس الی صافان بن فرناک۞
۲۶ اَور بنی اِشکار کے قبیلہ میں سے رئیس فلطی ایل بن عزان۞
۲۷ اَور بنی آشیر کے قبیلہ میں سے رئیس اخی ہُود بن شلومی۞
۲۸ اَور بنی نفتالی کے قبیلہ میں سے رئیس فداہ ایل بن عمی ہُود۞
۲۹ یہ وہ ہیں۔ جِنہیں خُداوند نے حُکم دِیا۔ کہ مُلکِ کنعان بنی اِسرائیل
کو تقسیم کردیں+

باب ۳۵

۱ **لاویوں کے شہر** پِھر موآب کے کھیتوں میں یریحو کے
مُقابِل اُردن کے کِنارے پر خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کرکے
۲ فرمایا۞ بنی اِسرائیل کو حُکم کر۔ کہ وہ اپنی مِلکیّت کی میراث میں
سے لاویوں کو رہنے کے لئے شہر دیں۔ اَور شہروں کا گرد و نواح
۳ بھی اُنہیں دیں۞ تو شہر اُن کے بسنے کے لئے ہوں گے۔ اَور
شہروں کی نواحی اُن کے جانوروں اَور مواشیوں اَور اُن کے
۴ سب حیوانوں کے لئے ہوگی۞ اَور شہروں کی نواحی جو تُم لاویوں
کو دوگے۔ شہر کی دیوار سے باہر کو چاروں طرف ہزار ہزار قدم
۵ ہوگی۞ تو اُس کی پیمائش شہر سے باہر مشرق کی جانب دو ہزار
ہاتھ اَور جنُوب کی طرف کی پیمائش دو ہزار ہاتھ اَور مغرب کی
طرف کی پیمائش دو ہزار ہاتھ اَور شِمال کی طرف کی پیمائش دو
ہزار ہاتھ ہوگی اَور شہر درمیان میں ہوگا۔ یہ اُن کے لئے شہروں
۶ کی نواحی ہوگی۞ اَور جو شہر تُم لاویوں کو دوگے اُن میں سے چھ
شہر پناہ کے لئے ہوں گے۔ اُنہیں تُم الگ کرو۔ تاکہ خُونی اُن
۷ میں پناہ لیں۔ اَور اُن کے علاوہ تُم اُنہیں بیالیس شہر اَور دو۞ تو
سب شہر جو تُم لاویوں کو دوگے مع اُن کی نواحی کے اڑتالیس
۸ شہر ہوں گے۞ اَور یہ شہر جو تُم اُنہیں بنی اِسرائیل کی مِلکیّت
میں سے دوگے۔ جِن کے پاس بہُت ہیں۔ اُن سے بہُت لو
اَور جِن کے پاس تھوڑے ہیں۔ اُن سے تھوڑے لو۔ ہر ایک
اپنے شہروں میں سے اپنی میراث کے مُطابِق جو اُس نے پائی
لاویوں کو دے۞

۹ **پناہ کے شہر** اَور خُداوند نے مُوسیٰ سے کلام کرکے فرمایا۞
۱۰ بنی اِسرائیل کو حُکم کر۔ اَور اُن سے کہہ۔ کہ جب تُم اُردن سے
۱۱ گُزر کر مُلکِ کنعان میں جاؤ۞ تو اپنے لئے شہر مُقرّر کرو۔ جو
تُمہارے لئے پناہ کے شہر ہوں۔ تاکہ وہ خُونی جس نے سہو سے

۱۲ خُون کِیا وہاں پناہ لے ۝ تو یہ شہر تُمہارے لئے مقتُول کے وَلی
سے جائے پناہ ہوں گے۔اَور کوئی خُونی جب تک کہ وہ جماعت
۱۳ کے سامنے فیصلہ کے واسطے کھڑا نہ ہو۔قتل نہ کِیا جائے ۝ اَور وہ
شہر جِنہیں تُم پناہ گاہ کے لئے الگ کرو گے۔تُمہارے لئے چھ شہر
۱۴ ہوں گے ۝ اُن میں سے تین اُردن کے پار اَور تین کِنعان کے
۱۵ مُلک میں پناہ کے شہر ہوں گے ۝ بنی اِسرائیل کے لئے اَور پردیسی
کے لئے اَور مُسافِر کے لئے جو تُمہارے درمیان رہتا ہے۔ یہ
چھ شہر جائے پناہ ہوں گے تا کہ جس کِسی نے سہو سے خُون کِیا۔
وہاں پناہ لے ۝
۱۶ اگر کِسی نے لوہے کے ہتھیار سے مارا اَور وہ مَر گیا۔تو وہ
۱۷ خُونی ہے۔خُونی ضرُور مار ڈالا جائے ۝ اور اگر اُس نے ہاتھ
سے پتھّر مارا کہ جس سے کوئی مَر سکتا ہے۔اَور وہ مَر گیا۔تو وہ
۱۸ خُونی ہے۔خُونی ضرُور مار ڈالا جائے ۝ اَور اگر اُس نے لکڑی کی
کِسی چیز سے ہاتھ سے مارا جس سے کوئی مَر سکتا ہے اَور وہ
۱۹ مَر گیا۔تو وہ خُونی ہے۔خُونی ضرُور مار ڈالا جائے ۝ مقتُول کا
وَلی خُونی کو قتل کرے۔جس وقت اُسے مِلے اُسے مار ڈالے ۝
۲۰ اَور اگر وہ اُسے دُشمنی کے باعِث دھکیلے یا گھات لگا کر اُس پر
۲۱ کوئی چیز پھینکے اَور وہ مَر جائے ۝ یا عداوت کے سبب اُسے
ہاتھ سے مارے۔اَور وہ مَر جائے تو مارنے والا قتل کِیا جائے
کیونکہ وہ خُونی ہے۔مقتُول کا وَلی جس وقت قاتِل کو پائے۔
۲۲ اُسے مار ڈالے ۝ اَور اگر وہ اُسے بغیر عداوت کے ناگہانی دھکیلے
۲۳ یا بِلا قصد اُس پر کوئی چیز پھینکے ۝ یا ایسا پتھّر جس سے کوئی مَر
سکتا ہے۔ بِن دِیکھے اُس پر گرائے۔ اَور وہ مَر جائے اَور وہ
۲۴ اُس سے عداوت نہ رکھتا تھا اَور نہ اُس کی بَدی چاہتا تھا ۝ تو
جماعت اُن اِحکام کے مُطابِق قاتِل اَور مقتُول کے وَلی کے
۲۵ درمیان فیصلہ کرے ۝ اَور جماعت قاتِل کو مقتُول کے وَلی کے
ہاتھ سے چُھڑائے اَور اُسے پناہ کے شہر میں جہاں اُس نے پناہ
لی تھی۔ پِھر بھیج دے۔تو وہ وہاں رہے۔جب تک کہ سردار کاہِن
۲۶ جو مُقدّس تیل سے مَسح کِیا گیا ہے وفات نہ پائے ۝ اَور اگر قاتِل
۲۷ پناہ کے شہر کی حد سے جہاں وہ پناہ لینے گیا باہر نِکلے ۝ اَور
مقتُول کا وَلی پناہ کے شہر کی حد سے باہر اُسے پائے۔اَور مقتُول
کا وَلی قاتِل کو مار ڈالے۔تو وہ خُون کرنے کا مُجرم نہ ہوگا ۝
۲۸ کیونکہ لازِم تھا کہ وہ قاتِل اپنے پناہ کے شہر میں سردار کاہِن کی
وفات تک رہتا۔اَور سردار کاہِن کی وفات کے بعد قاتِل اپنی
۲۹ مِلکیّت کی زمین کو واپس آئے ۝ اَور تُمہارے سب مَسکِنوں میں
۳۰ پُشت در پُشت یہ قانونی فرائِض ہوں گے ۝ اگر کوئی کِسی کو مار
ڈالے۔تو گَواہوں کی گَواہی سے قاتِل مار ڈالا جائے۔ پر اگر
۳۱ ایک ہی گَواہ ہو۔تو اُس کی گَواہی سے کوئی مارا نہ جائے ۝ اَور
جس قاتِل پر قتل کا فتویٰ دِیا گیا ہے۔تُم اُس سے دِیت مت
۳۲ لو۔ وہ قتل کِیا جائے ۝ اَور تُم اُس قاتِل سے جس نے پناہ کے
شہر میں پناہ لی ہو اس غرض سے دِیت نہ لو کہ وہ سردار کاہِن کی
مَوت سے پہلے اپنی سَرزمین میں پِھر قیام کرنے کے لئے لوٹنے
۳۳ پائے ۝ تُم مُلک کو جس میں تُم ہو ناپاک نہ کرو کیونکہ خُون زمین
کو ناپاک کرتا ہے۔ اَور جو خُون اُس پر بہایا گیا ہو۔ اُس کا
کَفّارہ نہیں ہوسکتا۔ سِوائے اِس کے کہ خُون بہانے والے کا
۳۴ خُون بہایا جائے ۝ پس اُس مُلک کو جس میں تُم رہتے ہو ناپاک
نہ کرو۔اَور مَیں اُس کے بِیچ میں مُقِیم ہُوں۔کیونکہ مَیں خُداوند
بنی اِسرائیل کے درمیان مُقِیم ہُوں+

باب ۳۶

مِلکیّت قبائل

۱ اَور بنی یُوسف کے خاندانوں میں سے
بنی جِلعاد بِن ماکِیر بِن منسّی کے گھرانے کے آبائی رئیس آئے۔
اَور مُوسیٰ اَور بنی اِسرائیل کے آبائی گھرانوں کے رئیسوں کے
سامنے جو اِسرائیل کے آبائی گھرانوں کے سردار تھے کلام کر کے ۝
۲ کہا کہ خُداوند نے ہمارے آقا کو فرمایا۔کہ بنی اِسرائیل کو قُرعہ
سے مُلک مِیراث دِیا جائے۔اَور ہمارے آقا نے خُداوند سے
حُکم پایا کہ ہمارے بھائی صِلُفحاد کی مِیراث اُس کی بیٹیوں کو دی
۳ جائے ۝ اَور اگر وہ بنی اِسرائیل کے اَور قبیلہ کے آدمیوں سے
بیاہی جائیں تو ہماری آبائی مِیراث سے اُن کی مِیراث نِکل

جائے گی۔ اَور اُس قبیلہ کی مِیراث کے ساتھ جس میں اُنہوں نے بیاہ کِیا۔ شامِل ہو جائے گی تو ہماری مِیراث کا حِصّہ کم ۴ ہو جائے گا ○ اَور جب بنی اِسرائیل کے لئے جُوبلی کا سال آئے گا تو اُن کی مِیراث اُس قبیلہ کی مِیراث میں سے جس میں وہ بیاہی گئیں مِل جائے گی۔ اَور ہمارے آبائی قبیلہ کی ۵ مِیراث سے اُن کی مِیراث نِکل جائے گی ○ تب مُوسیٰ نے خُداوند کے حُکم سے بنی اِسرائیل کو جواب میں کہا کہ بنی یُوسف ۶ کے قبیلہ نے دُرست کہا ہے ○ سو خُداوند صِلُفحاد کی بیٹیوں کی بابت یُوں حُکم دِیتا ہے کہ جِسے وہ اچھّا سمجھیں اُس کے ساتھ بیاہ کریں مگر واجب ہے کہ وہ اُن کے باپ کے قبیلہ کے ۷ خاندان میں سے ہو ○ تاکہ بنی اِسرائیل کی مِیراث ایک قبیلہ سے دُوسرے قبیلہ میں نہ جائے۔ بلکہ بنی اِسرائیل میں سے ہر ۸ ایک اپنے آبائی قبیلہ کی مِیراث کو سنبھالے رہے ○ اَور ہر ایک لڑکی جو بنی اِسرائیل کے قبیلوں میں سے مِیراث پائے۔ وہ اپنے باپ کے قبیلہ کے خاندان میں سے کِسی کی بیوی بنے تاکہ بنی اِسرائیل میں سے ہر ایک اپنی آبائی مِیراث کا وارِث رہے ○ اَور ایک قبیلہ کی مِیراث دُوسرے قبیلہ کی مِیراث میں ۹ مِل نہ جائے بلکہ بنی اِسرائیل کا ہر قبیلہ اپنی مِیراث پر قائم رہے ○ تب صِلُفحاد کی بیٹیوں نے جیسا خُداوند نے مُوسیٰ کو فرمایا ۱۰ تھا، ایسا ہی کِیا ○ اَور محلّہ اَور تِرصہ اَور حُجلہ اَور مِلکہ اَور نوعہ صِلُفحاد ۱۱ کی بیٹیاں اپنے باپ کے بھائیوں کے بیٹوں کی بیویاں بنیں ○ جو بنی مَنسّی بِن یُوسف کے خاندان سے تھے۔ تو اُن کی مِیراث ۱۲ اُن کے باپ کے خاندان کے قبیلہ ہی میں رہی ○ یہ وہ اَحکام ۱۳ اَور قضائیں ہیں۔ جِن کا خُداوند نے بنی اِسرائیل کو مُوسیٰ کی زُبان سے موآب کے کھیتوں میں یریحو کے مُقابِل اُردن پر حُکم فرمایا +

تَثنِیۂ شرَع

تَثنِیۂ شرَع کی کِتاب میں شرعی قوانین کا خُلاصہ، وضاحت اَور اُن کی تجدید شامِل ہے۔ اِس میں دو عہد یعنی حورِیب کا عہد (ابواب ۴-۲۸) اَور موآب میں عہد (۲۹-۳۰) اَور خُدا کے بندہ حضرت مُوسیٰ کی طوِیل تقارِیر اَور چند اہم واقعات درج ہَیں۔ تاہم خُدا سے کامِل وفاداری مرکزی موضُوع ہے۔ کِتاب کو خُدا کے بندہ حضرت مُوسیٰ کی تقارِیر کے مُطابِق ترتیب دِیا گیا ہے۔

ابواب ۱:۱-۴:۴۳ پہلی تقرِیر	ابواب ۲۷-۳۰ چوتھی تقرِیر
ابواب ۴:۴۴-۱۱:۳۲ دُوسری تقرِیر	ابواب ۳۱-۳۴ چند واقعات
ابواب ۱۲-۲۶ تیسری تقرِیر	

باب ۱

کوہ حورِیب اَور قادِیش کے واقعات

۱ یہ وہ باتیں ہَیں۔ جو مُوسیٰ نے اُردن کے پار عرابہ میں بُحیرۂ قُلزم کے مُقابِل فاران اَور توفل اَور لابان اَور حصیرُوت اَور دی ذہب کے درمیان بنی اِسرائیل سے کہیں ○ ۲ حورِیب سے قادِیش برنیع کی طرف ۳ جبل سعِیر کے رستے گیارہ دِن کی مسافت پر ○ چالیسویں سال کے گیارھویں مہینے کی پہلی تارِیخ کو مُوسیٰ نے وہ سب باتیں بنی اِسرائیل کو بتادیں جو خُداوند نے اُسے اُن کی بابت فرمائی تھیں ○ ۴ بعد اِس کے کہ اُس نے اموریوں کے بادشاہ سیحون کو، جو حِشبون میں رہتا تھا اَور باشان کے بادشاہ عوج کو، جو عشتارات اَور ادرعی میں مُقیم تھا، قتل کیا تھا ○ ۵ اُردن کے پار موآب کی سرزمین میں مُوسیٰ نے اُس شریعت کا بیان کرنا شرُوع کیا اَور کہا ○ ۶ کہ خُداوند ہمارے خُدا نے حورِیب پر ہم سے کلام کِیا۔ اَور کہا کہ ۷ اِس پہاڑ پر تُم کافی دیر تک رہ چُکے ہو ○ پس پھِرو اَور کُوچ کرو اَور اموریوں کے پہاڑ اَور اِردگرد کے تمام علاقوں میں جاؤ۔ یعنی عرابہ۔ کوہستان۔ شفیلہ اَور نجبہ میں اَور سمُندر کے ساحِل پر۔ کِنعانیوں کے مُلک اَور لُبنان کے علاقہ میں بڑے دریا یعنی دریائے فُرات تک ○ ۸ دیکھو یہ سرزمین مَیں نے تُمہارے سامنے رکھّی ہے۔ تُم جاؤ اَور اِس سرزمین کے مالِک بنو۔ جس کی بابت مَیں نے تُمہارے باپ دادا اِبرہیم اَور اِضحاق اَور یعقُوب سے قسم کھائی۔ کہ مَیں اِسے اُنہیں اَور اُن کے بعد اُن کی نسل کو دُوں گا ○

۹ اَور اُس وقت مَیں نے تُم سے کہا کہ مَیں اکیلا تُمہارا بوجھ اُٹھا نہیں سکتا ○ ۱۰ کیونکہ خُداوند تُمہارے خُدا نے تُمہیں بڑھایا۔ اَور دیکھو آج کے دِن تُم کثرت کے لحاظ سے آسمان کے سِتاروں کی طرح ہو ○ ۱۱ خُداوند تُمہارے باپ دادا کا خُدا تُمہیں ہزار گُنا بڑھائے۔ اَور جیسے اُس نے فرمایا۔ ویسے ہی تُمہیں برکت دے ○ ۱۲ تو مَیں اکیلا تُمہارے بوجھوں اَور تُمہاری تکلِیفوں اَور تُمہارے جھگڑوں کو کیسے اُٹھاؤُں؟ ○ ۱۳ پس تُم اپنے قبیلوں میں سے دانا عقلمند اَور نامور آدمی پیش کرو۔ تا کہ مَیں اُنہیں تُمہارے حاکِم مُقرّر کرُوں ○ ۱۴ تب تُم نے مُجھے جواب میں کہا۔ کہ جو کُچھ تُو نے کہا ہے۔ اُس کا کِیا جانا اچھّا ہے ○ ۱۵ تو مَیں نے تُمہارے قبیلوں کے سرداروں میں سے عقلمند نامور آدمی چُن لئے اَور اُنہیں تُمہارے ہزاروں اَور سینکڑوں اَور پچاسوں اَور دسوں پر رئیس اَور تُمہارے قبیلوں پر عُہدہ دار بنایا ○ ۱۶ اَور اُسی وقت مَیں نے تُمہارے قاضِیوں سے خطاب کر کے کہا کہ اپنے بھائیوں کے مُقدّمے

سُنو اَور آدمی اَور اُس کے بھائی یا اجنبی کے درمیان اِنصاف
۱۷ سے فیصلہ کرو۵ فیصلہ میں کِسی آدمی کے مُنہ کا لحاظ نہ کرو۔ چھوٹے
کی اُسی طرح سُنو۔ جس طرح بڑے کی سُنتے ہو اَور کِسی سے نہ
ڈرو۔ کیونکہ عدالت خُداوند ہی کی ہے۔ اَور جو اَمر تُمہارے لئے
مُشکل ہو۔ اُسے میرے پاس لاؤ۔ تا کہ مَیں اُسے دیکھُوں۵
۱۸ اَور اُسی وقت مَیں نے وہ سب کام جو تُمہارے کرنے کے تھے،
تُمہیں بتا دِیئے۵

۱۹ تب ہم نے حوریبؔ سے کُوچ کِیا۔ اَور جیسا خُداوند
ہمارے خُدا نے ہمیں فرمایا۔ ہم نے وہ تمام عظیم اَور ہَولناک
بیابان طے کِیا۔ جِسے تُم نے اموریوں کے پہاڑ کے رستے میں
۲۰ دیکھا۔ یہاں تک کہ ہم قادیسؔ برنیع میں پُہنچے۵ اَور تب مَیں
نے تُم سے کہا۔ کہ ہم اموریوں کے اُس پہاڑ تک پُہنچے ہیں۔ جو
۲۱ خُداوند ہمارا خُدا ہمیں عطا کرنے کو ہے۵ دیکھ یہ سَرزمین
خُداوند تیرے خُدا نے تیرے سامنے رکھّی ہے پس چڑھائی
کر۔ اَور جیسا خُداوند تیرے باپ دادا کے خُدا نے تُجھ سے
۲۲ کہا۔ اُس پر قبضہ کر۔ مت ڈر اَور خوفزدہ نہ ہو۵ تب تُم سب
میرے پاس آئے اَور تُم نے کہا کہ ہم اپنے آگے آدمی بھیجیں
گے۔ جو مُلک کی بابت ہمیں خبر دیں اَور جو واپس آ کر ہمیں
بتائیں۔ کہ ہم کِس راہ سے اُس پر چڑھائی کریں اَور کون کون
۲۳ سے شہروں میں داخِل ہوں۵ تو یہ بات مُجھے اچھّی معلُوم ہوئی
اَور مَیں نے تُم میں سے بارہ آدمی چُن لئے۔ ہر قبیلہ میں سے
۲۴ ایک آدمی۵ تو وہ روانہ ہُوئے اَور پہاڑ پر چڑھ گئے اَور وادی
۲۵ عِشکولؔ میں آئے اَور اُس کا حال دریافت کِیا۵ اَور اُنہوں نے
زمین کا پھل اپنے ساتھ لِیا۔ اَور اُسے لے کر ہمارے پاس
آئے اَور ہمیں خبر دی اَور کہا کہ جو مُلک خُداوند ہمارا خُدا ہمیں
۲۶ دینے کو ہے، وہ مُلک اچھّا ہے۵ مگر تُم نے اُس پر چڑھائی کرنا
۲۷ نہ چاہا۔ اَور خُداوند اپنے خُدا کے حُکم کی مُخالِفت کی۵ اَور تُم
اپنے خیموں میں کُڑکُڑائے اَور کہنے لگے کہ خُداوند ہم سے نفرت
کرتا ہے اَور ہمیں اِس لئے مِصرؔ سے نِکال لایا۔ کہ ہمیں اموریوں
۲۸ کے ہاتھوں میں گرفتار کروائے اَور ہمیں ہلاک کرے۵ ہم
کہاں جائیں؟ جب کہ ہمارے بھائیوں نے یہ کہہ کر ہمارے
دِلوں کو پِگھلا دِیا۔ کہ وہ لوگ ہم سے زیادہ ہیں۔ اَور اُن کے قد
اُونچے ہیں۔ اُن کے شہر بڑے ہیں اَور اُن کی فصیلیں آسمان
تک اُونچی ہیں۔ اَور یہ بھی کہ ہم نے وہاں عناقیم کی اولاد
دیکھی۵ تب مَیں نے تُم سے کہا کہ اُن سے مت ڈرو اَور اُن ۲۹
سے خوف نہ کرو۵ کیونکہ خُداوند تُمہارا خُدا تُمہارے آگے آگے ۳۰
چلتا ہے۔ وہ تُمہاری طرف سے ویسے ہی جنگ کرے گا۔ جیسے
اُس نے تُمہاری آنکھوں کے سامنے مِصرؔ میں کی۵ اَور جیسا تُم ۳۱
نے بیابان میں دیکھا کہ خُداوند تُمہارے خُدا نے اُس سارے
رستے میں جو تُم چلے تُمہیں اُٹھایا۔ جیسے کوئی مَرد اپنے لڑکے کو
اُٹھاتا ہے یہاں تک کہ تُم اِس جگہ آ پُہنچے۵ لیکن اِس بات میں ۳۲
بھی تُم اپنے خُداوند خُدا پر اِیمان نہ لائے۵ جو راہ میں تُمہارے ۳۳
آگے آگے چلتا تھا۔ تا کہ تُمہارے لئے قیام گاہ تلاش کرے،
رات کو آگ میں اَور دِن کو بادل میں، تا کہ تُمہیں وہ راہ دِکھائے
جس میں تُم چلو۵ اَور خُداوند تُمہاری باتوں کی آواز سُن کر غُصّے ۳۴
ہُوا اَور اُس نے قسم کھا کر کہا۵ کہ اِس شریر پُشت کے آدمیوں ۳۵
میں سے ایک بھی اُس اچھّی سَرزمین کو ہرگز نہ دیکھے گا جس
کے عطا کرنے کے لئے مَیں نے تُمہارے باپ دادا سے قسم
کھائی۵ سِوائے کالِبؔ بِن یُفنّہ کے۔ وہ اُسے دیکھے گا۔ اَور وہ ۳۶
سَرزمین جس پر اُس نے قدم مارا مَیں اُسے اَور اُس کے بیٹوں کو
دُوں گا۔ کیونکہ اُس نے خُداوند کی اچھّی طرح سے فرمانبرداری
کی۵ اَور تُمہارے سبب سے خُداوند مُجھ پر بھی ناراض ہُوا۔ اَور ۳۷
کہا۔ کہ تُو بھی اُس میں داخِل نہ ہو گا۵ مگر یشُوعؔ بِن نُونؔ جو ۳۸
تیرے آگے کھڑا ہے۔ وہ اُس میں داخِل ہو گا۔ پس تُو اُس کی
حوصلہ افزائی کر۔ کیونکہ وہ اِسرائیلؔ میں زمین تقسیم کرے گا۵
اَور تُمہارے وہ لڑکے جن کی بابت تُم نے کہا کہ وہ پکڑے جائیں ۳۹
گے۔ اَور تُمہارے وہ بچّے جنہیں اُس روز نیکی اَور بَدی کی تمیز نہ
تھی وہ وہاں داخِل ہوں گے اَور مَیں وہ سَرزمین اُنہیں عطا
کرُوں گا۔ تو وہ اُس کے مالِک بنیں گے۵ لیکن تُم لَوٹ جاؤ۔ ۴۰
اَور بحیرۂ قُلزُمؔ کی راہ بیابان میں کُوچ کرو۵ تب تُم نے مُجھے ۴۱